موضح القرآن
قلمی
شاہ عبدالقادر صاحب محدث دہلوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الٰہی شکر تیری احسان کا ادا کرون کس زبان سی کہ ہماری زبان گویا کی اپنی نام کرا اور
دل کو روشنی دی اپنی کلام کرا اور امت مین کیا اپنی رسول مقبول کی جو اشرف انبیا اور
نبی الرحمت جسکی شفاعت سی امیدوار ہین کہ پاوین دو جہان کی نعمت الٰہی اوس نبی امت
پرور کو اپنی رحمت کامل سی درجات اعلی نصیب کر جو حد نہ ہو کسی مخلوق کی او اپنی عنایت
اوس پر ہمیشہ افزون رکہہ دنیا و اخرت مین اور اوسکی آل اطہار پر اور اصحاب کبار پر [illegible]
امت کی علماء مقتدا پر اور اولیاء باصفا پر اور غربا و ضعفا پر سب پر آمین یا الٰہ العالمین
بعد ازین سنا چاہیی کہ مسلمان کو لازم ہی کہ اپنی رب کو پہچانی اور اوسکی صفات جانی
اور اوسکی حکم معلوم کری اور مرضی و نامرضی تحقیق کری کہ بغیر اسکی بندگی نہین او جو بندگی
نہ لاوی وہ بندہ نہین اور اللہ سبحانہ کی پہچان آدمی بتانی سی آدمی بدا [illegible] ادا
سب چیز سیکہتا ہی بتانی سی اور بتانی والی ہر چند تقریر کرین اوس برابر [illegible] اللہ تعالی [illegible] ہی
نی آپ بتایا اوسکی کلام مین جو ہدایت ہی دوسری مین نہین پر کلام [illegible] وسکا عربی زبان
اور ہندوستانی کو اوسکا ادراک محال اسواسطی اس بندہ عاجز عبد القادر کو خیال آیا کہ جس طرح

ہماری والد بزرگوار حضرت شیخ ولی اللہ بن عبد الرحیم محدث دہلوی ترجمہ فارسی کر گئی ہین سہل
اسان اب ہندی زبان مین قران شریف کو ترجمہ کری الحمد للہ کہ سنہ ۱۲۰۵ بارہ سو پانچ مین میسر ہوا
اب کئی باتین معلوم رکہیی اول یہ کہ اس جگہہ ترجمہ لفظ بلفظ ضرور نہین کیون کہ ترکیب ہندی
ترکیب عربی سی بہت بعید ہی اگر بعینہ وہ ترکیب رہی تو معنی مفہوم نہ ہون دوسری یہ
کہ اسمین زبان ریختہ نہین بولی بلکہ ہندی متعارف تا عوام کو بی تکلف دریافت ہو تیسری
یہ کہ ہر چند ہندوستانیون کو معنی قران اس سے اسان ہوی لیکن ابہی استاد سی سند
کرنا لازم ہی اول معنی قران بغیر سند معتبر نہین دوسری ربط کلام ماقبل و مابعد سے
پہچاننا اور قطع کلام سی بجہنا بغیر استاد نہین اتا چنانچہ قران زبان عربی ہی اور
عرب بے محتاج استاد تہی چوتہی یہ کہ اول فقط ترجمہ قران ہوا تہا بعد اسکی لوگون نے
خواہش کی تو بعضی فواید زائدی متعلق تفسیر داخل کیی اور اس فائدہ کی امتیاز کو

... نشان رکہا اگر کوئی مختصر چاہی صرف ترجمہ لکہی اگر مفصل
... فوائدبی داخل کری باقی قواعد خط ہندی کہنی مین طول
... ستاد سی معلوم ہون کی البتہ ہندی مین بعضے
... سمی ہین نہین
اس سبب سی ...
انگتا ہی دو جز دیکہی تو تمام ہو ...
اور اس کتاب کا نام موضح
قران ہی اور یہی اسکی

صفت ہی اور یہی اسکی تاریخ ہی الہی دستگیری و مولائی تیری عنایت ہی اور تو ہی

سورة الفاتحة بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مكية وهي سبع ايات

شروع اللہ کی نام سی جو مہربان ہی رحم والا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ سب تعریف اللہ کو ہی جو صاحب ساری جہان کا الرَّحْمٰنِ
الرَّحِيْمِ ۝ بہت مہربان نہایت رحم والا مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ مالک انصاف کی دنکا
اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ تجھی کو ہم بندگی کرین اور تجھی سی مدد
چاہین اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ چلا ہمکو راہ سیدہی صِرَاطَ الَّذِيْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ راہ اونکی جن پر تو نی فضل کیا غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ
وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ نہ جن پر غضب ہوا اور نہ بہکنی والی
بندون کی زبان سی فرمائی اسطرح کہا کرین سورة البقرة مدنية

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓ ۝ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ
کچھہ شک نہین راہ بتاتی ہی ڈر والون کو اَلَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ
وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ جو یقین
کرتی ہین بن دیکہا اور درست کرتی ہین نماز اور ہمارا دیا کچھہ خرچ کرتی ہین وَالَّذِيْنَ

يُؤْمِنُونَ بِمَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ وَمَا أُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَبِالْآخِرَةِ هُمْ
يُوقِنُونَ ۔ اور جو یقین کرتی ہین جو کچھ اترا تجھ پر اور جو اترا تجھ سی پہلی اور آخرت کو وہ
یقین جانتی ہین أُولَٰئِكَ عَلَىٰ هُدًى مِنْ رَبِّهِمْ وَأُولَٰئِكَ هُمُ
الْمُفْلِحُونَ ۔ اونہون نی پائی ہی راہ اپنی رب کی اور وہی مراد کو پہنچی إِنَّ الَّذِينَ
كَفَرُوا سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ أَأَنْذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ
لَا يُؤْمِنُونَ ۔ وہ جو منکر ہوی برابر ہی اونکو تو ڈراوی یا نہ ڈراوی وہ
نہ مانین کی خَتَمَ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ وَعَلَىٰ سَمْعِهِمْ وَعَلَىٰ أَبْصَارِهِمْ
[illegible] عَظِيمٌ ۔ مہر کردی اللہ نی اونکی دل پر اور اونکی
[illegible] پردہ اور اونکو بڑی مار ہی وَمِنَ النَّاسِ مَنْ
يَقُولُ آمَنَّا بِاللَّهِ وَبِالْيَوْمِ الْآخِرِ وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِينَ ۔ اور
ایک لوگ وہ ہین جو کہتی ہین ہم یقین لای اللہ پر اور پچھلی دن پر اور اونکو یقین نہین
يُخَادِعُونَ اللَّهَ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَمَا يَخْدَعُونَ إِلَّا أَنْفُسَهُمْ
[illegible] سی اور ایمان والون سی اور [illegible]
کسی کو دغا نہین [illegible] فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ فَزَادَ
هُمُ اللَّهُ مَرَضًا وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ بِمَا كَانُوا يَكْذِبُونَ ۔ اونکی
دل مین آزار ہی پہر زیادہ دیا اللہ نی اونکو آزار اور اونکو دکھ کی مار ہی اس پر کہ جھوٹھ
کہتی تہی ایک آزار یہ تہا کہ جس دین کو دل نہ چاہتا تہا وہ ناچار قبول کرنا پڑا
اور دوسرا آزار اللہ نی زیادہ دیا کہ حکم کیا جہاد کا جن کی خیرخواہ تہی اون سی لڑنا پڑا
وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ قَالُوا إِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُونَ

اور جب کہیے اونکو فساد نہ ڈالو ملک مین کہین ہمارا کام تو سنوارنا ہی اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ
الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ۔ سن رکھو وہی ہین بگاڑنی والی پر نہین سمجھتے
وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ
اٰمَنَ السُّفَهَآءُ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ
اور جب کہیے اونکو ایمان مین آؤ جسطرح ایمان مین آئی سب لوگ کہین کیا ہم اوسطرح
مسلمان ہوں جیسی مسلمان ہوئے بیوقوف سنتا ہی وہی ہین بیوقوف پر نہین جانتی
وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ
قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ۔ اور جب ملتی ہین
مسلمانوں سی کہین ہم مسلمان ہوئی اور جب اکیلی جاوین اپنی شیطانوں پاس کہین
ہم ساتھ ہین تمھاری ہم تو ہنسی کرتی ہین اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ
فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۔ اللہ ہنسی کرتا ہی اونسی اور بڑھاتا ہی اونکو اونکی شرارت
مین بہکی ہوئی اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى فَمَا رَبِحَتْ
تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ۔ وہی ہین جنہوں نے خریدی راہ کے
بدلی گمراہی سو نفع نہ لائی اونکی سوداگری اور نہ پائی راہ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي
اسْتَوْقَدَ نَارًا فَلَمَّآ اَضَآءَتْ مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ
وَتَرَكَهُمْ فِيْ ظُلُمٰتٍ لَّا يُبْصِرُوْنَ ۔ اونکی مثال جیسی ایک شخص نی
سلگائی آگ پھر جب روشن کیا اوسکی گرد کو لی گیا اللہ اونکی روشنی اور چھوڑا اونکو
اندھیروں مین نظر نہین آتا صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ۔ بہری
ہین گونگی اندھی سو وہ نہین پھرنی کی ف یعنی اللہ نی نبی سی دین اسلام روشن کیا

اور خلق نی اوسمین راہ پائی اور منافق اوسوقت اندہی ہو گئی اگنکے روشنی نہو تو مشعل

کیا کام آوی کا شکی نرا اندہا ہو تو کسی کو پکاری یا کسی کی بات سُنی بہرا بہی ہو اور گونگا

بہی ہو وہ کیون کر راہ پر آوی منافقون کو نہ عقل کی انکہہ ہی کہ اپ سی پہچانین نہ مرشد کی

طرف رجوع ہی کہ وہ ہاتہہ پکڑی نہ حق کی بات کو کان رکہتی ہین ایسی شخص سی توقع نہین

پہرنیکی اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ فِيهِ ظُلُمَاتٌ وَّرَعْدٌ وَّبَرْقٌ

يَجْعَلُونَ أَصَابِعَهُمْ فِي آذَانِهِم مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ

وَاللَّهُ مُحِيطٌ بِالْكَافِرِينَ ۔ یا جیسی مینہ پڑتا اسمان سی اوسمین ہین

اندہیری اور گرج اور بجلی ڈالتی ہین اونگلیان اپنی کانون مین مارے کڑک کی ڈر سے

موت کی اور اللہ گہیر رہا ہی منکرون کو يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ أَبْصَارَهُمْ

كُلَّمَا أَضَاءَ لَهُم مَّشَوْا فِيهِ وَإِذَا أَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوا وَلَوْ شَاءَ

[illegible] وَأَبْصَارِهِمْ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ

[illegible] چلتی ہین اوسمین

[illegible]

اور جب اندہیرا پڑا اہڑی [illegible] ہر چیز

پر قادر ہی ف یعنی دین اسلام مین اخر سب [illegible] ہی

منہ آخر اوسی سی آبادی ہی اور اوا [illegible] ہی اور بجلی ہی جو لوگ منافق ہین وہ

دل کی سختی سی در جاتی ہین اور اونکو آفت سامنہی اتی ہو اور جیسی بجلی مین کبہی

اُجالا ہی اور کبہی اندہیرا اسی طرح منافق کی دل مین کبہی اقرار ہی اور کبہی انکار

ف اللہ صاحب نے سورہ کی یہان تک تین لوگون کا احوال فرمایا اول مومن دوسرے

کافر جن کی دل پر مہر ہی یعنی قسمت مین ایمان نہین تیسری منافق جو دیکہنی مین مسلمان ہین

اور دل اونکا ایک طرف نہین يَا أَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوا رَبَّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُمْ
وَالَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ۔ لوگون بندگی کرو اپنے
رب کی جسنے بنایا تمکو اور تمسی اگلون کو شاید تم پرہیزگاری پکڑو الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ
الْأَرْضَ فِرَاشًا وَالسَّمَاءَ بِنَاءً وَأَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجَ
بِهِ مِنَ الثَّمَرَاتِ رِزْقًا لَكُمْ فَلَا تَجْعَلُوا لِلَّهِ أَنْدَادًا وَ
أَنْتُمْ تَعْلَمُونَ ۔ جسنی بنا دیا تمکو زمین بچھونا اور آسمان عمارت اور اُتارا
آسمان سی پانی پہر نکالی اوس سی میوی کہانا تمہارا سو نہ ٹہراؤ اللہ کی برابر کوئی
اور تم جانتی ہو وَإِنْ كُنْتُمْ فِي رَيْبٍ مِمَّا نَزَّلْنَا عَلَىٰ عَبْدِنَا فَأْتُوا
بِسُورَةٍ مِنْ مِثْلِهِ وَادْعُوا شُهَدَاءَكُمْ مِنْ دُونِ اللَّهِ
إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ۔ اور اگر تم ہو شک مین اس کلام سی جو اُتارا
ہمنی اپنی بندی پر تو لیاؤ ایک سورہ اس قسم کی اور بلاؤ جنکو حاضر کرتی ہو اللہ کے
سوای اگر تم سچی ہو فَإِنْ لَمْ تَفْعَلُوا وَلَنْ تَفْعَلُوا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِي
وَقُودُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ أُعِدَّتْ لِلْكَافِرِينَ ۔ پہر اگر نہ کرو
اور [illegible] کرو گی تو بچو آگ سی جسکی چھپٹیان ہین آدمی اور پتہر طیار ہی منکرون کے واسطے
وَبَشِّرِ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ أَنَّ لَهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي
مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ كُلَّمَا رُزِقُوا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِزْقًا
قَالُوا هَٰذَا الَّذِي رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ وَأُتُوا بِهِ مُتَشَابِهًا وَلَهُمْ
فِيهَا أَزْوَاجٌ مُطَهَّرَةٌ وَهُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۔ اور خوشی سنا
اونکو جو یقین لائی اور کام نیک کی کہ اونکو ہین باغ بہتی نیچی اونکی ندیان جس بار ملی

ادنکو وہان کا کوی میوا کہانی کو کہین یہ وہی ہی جو ملا تہا ہمکو اگی اور اون پاین وہ آوی کا ایک طرح

کا. اور اونکو ہین وہان عورتین ستہری اور اونکو وہان ہمیشہ رہنا ف یعنی جنت کی ہر میوہ کا

مزہ جدا ہی اگرچہ صورت ملتی ہو صورت دیکہہ کر جانین کی کہ وہی قسم ہی جو کہا چکی ہین

اور چکہین کی تو مزہ اور پاوین کے اِنَّ اللّٰهَ لَا یَسْتَحْیٖۤ اَنْ یَّضْرِبَ مَثَلًا

مَّا بَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا فَاَمَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فَیَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ

مِنْ رَّبِّهِمْ وَاَمَّا الَّذِیْنَ كَفَرُوْا فَیَقُوْلُوْنَ مَاذَاۤ اَرَادَ اللّٰهُ

بِهٰذَا مَثَلًا یُضِلُّ بِهٖ كَثِیْرًا وَّیَهْدِیْ بِهٖ كَثِیْرًا

وَمَا یُضِلُّ بِهٖۤ اِلَّا الْفٰسِقِیْنَ ؛ اللہ کچہہ شرماتا نہین کہ بیان کری

کوی مثال ایک مچہر یا اس سے اوپر پہر جو یقین رکہتی ہین سو جانتی ہین کہ وہ ٹہیک

ہی اونکی رب کا کہا اور جو منکر ہین سو کہتی ہین کیا غرض تہی اللہ کو اس مثال سے

گمراہ کرتا ہی اس سے بہتیری اور راہ پر لاتا ہی اس سی بہتیری اور گمراہ کرتا ہی اونہی کو

جو بیحکم ہین الَّذِیْنَ یَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِیْثَاقِهٖ وَ

یَقْطَعُوْنَ مَاۤ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖۤ اَنْ یُّوْصَلَ وَیُفْسِدُوْنَ فِی الْاَرْضِ

اُو[illegible]نَ • جو توڑتی ہین قرار اللہ کا مضبوط کیی پیچہے [illegible]

اور توڑتی ہین جو چیز [illegible] جوڑنی اور فساد کرتی ہین ملک مین اوہی کو آیا

نقصان ف قران شریف مین کہین مثال فرمائی ہی مکڑی کی کہین مکہی کی اسپر

کافر عیب پکڑتی کہ اللہ کی شان نہین ان چیزون کا ذکر کرنا یہ کلام اوسکا ہوتا تو ایسی

مذکور نہ ہوتی اوسپر یہ دو آیتین فرمائی كَیْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَ

كُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْیَاكُمْ ثُمَّ یُمِیْتُكُمْ ثُمَّ یُحْیِیْكُمْ ثُمَّ اِلَیْهِ

تُرْجَعُوْنَ ۔ تم کس طرح منکر ہو اللہ سی اور تہی تم مردی پہر اوسنی تمکو جلایا پہر
تمکو مارتا ہی پہر جلاوی گا پہر اوسی پاس الٹی جاوگی هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ لَكُمْ مَا
فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا ثُمَّ اسْتَوٰٓی اِلَی السَّمَآءِ فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ
وَهُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ۔ وہی ہی جسنی بنایا تمہاری واسطی جو کچہہ زمین مین ہے
ہی سب پہر چڑہ گیا اسمان کو تو ٹہیک کیا اونکو سات آسمان اور وہ ہر چیز سی واقف
وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً قَالُوْا
اَتَجْعَلُ فِیْهَا مَنْ یُّفْسِدُ فِیْهَا وَیَسْفِكُ الدِّمَآءَ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ
بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ قَالَ اِنِّیْٓ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ
اور جب کہا تیری رب نی فرشتون کو مجکو بنانا ہی زمین مین ایک نائب بولی کیا تو
رکہیگا اوسمین جو شخص فساد کری وہان اور کری خون اور ہم پڑہتی ہین تیری خوبیان
اور یاد کرتی تیری پاک ذات کو کہا مجکو معلوم ہی جو تم نہین جانتی وَعَلَّمَ اٰدَمَ
الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَی الْمَلٰٓئِكَةِ فَقَالَ اَنْۢبِـُٔوْنِیْ
بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ۔ اور سکہای آدم کو نام
سارے پہر وہ دکہائی فرشتون کو کہا بتاو مجکو نام انکی اگر تم ہو سچی قَالُوْا
سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ
الْحَكِیْمُ ۔ بولی تو سب سے نرالا ہمکو معلوم نہین مگر جتنا تونی سکہایا تو ہی ہی اصل دانا
پختہ کار قَالَ یٰٓاٰدَمُ اَنْۢبِئْهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ فَلَمَّآ اَنْۢبَاَهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ
قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ اِنِّیْٓ اَعْلَمُ غَیْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاَعْلَمُ
مَا تُبْدُوْنَ وَمَا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ۔ کہا اے آدم بتا دی انکو نام اونکی

پہر جب اوسنی بتا دیئی نام اونکی کہا مین نی نہ کہا تہا تمکو مجکو معلوم ہین پردی آسمان اور
زمین کی اور معلوم ہی جو تم ظاہر کرو اور جو چہپاتی ہو وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰۤئِكَةِ اسْجُدُوْا
لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْۤا اِلَّاۤ اِبْلِيْسَ اَبٰى وَاسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ
الْكٰفِرِيْنَ ۝ اور جب ہمنی کہا فرشتون کو سجدہ کرو آدم کو تو سجدہ
کرڑی مگر ابلیس نی قبول نہ رکہا اور تکبر کیا اور وہ تہا منکرو نمین کا وَقُلْنَا
يٰۤاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ وَكُلَا مِنْهَا
رَغَدًا حَيْثُ شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا
مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ اور کہا ہمنی ای آدم بس تو اور تیری عورت جنت مین اور
کہاؤ اوسمین محظوظ ہو کر جس جگہ چاہو اور نزدیک نہ جاو اس درخت کی پہر تم بی
انصاف ہو فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا فَاَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيْهِ
وَقُلْنَا اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ وَلَكُمْ فِى الْاَرْضِ
مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ۝ پہر ڈگایا اونکو شیطان نی اس سے
پہر نکالا اونکو وہان سے جس آرام مین تہی اور کہا ہمنی تم سب اترو تم ایک دوسرے
کی دشمن ہو اور تمکو زمین مین ٹہرنا ہی اور کام چلانا ایک وقت تک فَتَلَقّٰۤى اٰدَمُ
مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝
پہر سیکہہ لین آدم نی اپنی رب سی کئی باتین پہر متوجہ ہوا اوس پر پر حق وہی ہے
معاف کرنی والا مہربان ف یعنی آدم کی دلمین اللہ نی کئی لفظ ڈال دیئی وہ صحیح
پکار اتو بخشا گیا وہ سورہ اعراف مین ہین قُلْنَا اهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِيْعًا فَاِمَّا
يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّىْ هُدًى فَمَنْ تَبِعَ هُدَاىَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا

هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۔ ہمنی کہا تم اترو یہان سی ساری پہر کبہی پہنچی تمکو میری طرف سی راہ کی خبر تو جو کوئی
چلا میری بتای پر نہ ڈر ہو گا اونکو نہ اونکو غم وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ
اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۔ اور جو منکر ہوی اور جہٹلائین
ہماری نشانیان وہ ہین دوزخ کی لوک وہ اوسی مین رہ پڑی يٰبَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ
اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَوْفُوْا بِعَهْدِيْٓ اُوْفِ
بِعَهْدِكُمْ وَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ ۔ ای بنی اسرائیل یاد کرو احسان میرا
جو مین نی کیا تم پر اور پورا کرو قرار میرا مین پورا کرون قرار تمہارا اور میراہی ڈر رکہو ف
بنی اسرائیل کہتی ہین اولاد حضرت یعقوب کو اونہی مین حضرت موسی پیدا ہوی اور
توراۃ اُتری اور فرعون سی خلاص کر کر ملک شام مین بسایا اونسی اللہ تعالی نی قرار
کیا تہا کہ حکم توراۃ پر قائم رہوگی اور جو نبی ہین بہیجون اوسکی مددکار رہوگی تو ملک شام
تمکو رہیگا پہر وہ گمراہ ہوی یعنی بدنیت ہوی رشوت لیتی اور مسئلہ غلط بتاتی اور
خوشامدکی واسطی حق بات چہپاتی اور اپنی ریاست چاہتی پیغمبر کی اطاعت نہ کرتی اور
پیغمبر کی صفت جو توراۃ مین لکہی تہی بدل ڈالی اللہ تعالی اونکو یاد دلاتا ہی احسان اپنی
اور اونکی نافرمانی وَاٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ وَلَا تَكُوْنُوْٓا
اَوَّلَ كَافِرٍۭ بِهٖ وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا وَاِيَّايَ فَاتَّقُوْنِ
اور مانو جو کچہ مین نی اوتارا سچ بتاتا تمہاری پاس والی کو اور مت ہو تم پہلی منکر اوسکی
اور نہ لو میری آیتون پر مول تہوڑا اور مجہی سی بچتی رہو ف توراۃ مین نشان
بتایا تہا کہ جو کوئی نبی اوٹہی اگر توراۃ کو سچا کہی تو جانو وہ سچا ہی نہین تو جہوٹہا ہے
او آیتون پر تہوڑا مول یہ کہ دنیا کی محبت سی دین ہت چہوڑو وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ

بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ اور مت ملاؤ صحیح مین غلط
اور یہ کہ چھپاؤ سچ کو جان کر وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا
مَعَ الرّٰكِعِیْنَ ۝ اور کھڑی کرو نماز اور دیا کرو زکوۃ اور جھکو ساتھ جھکنی والونکی
اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ
اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ کیا حکم کرتی ہو لوگون کو نیک کام کا اور بھولتی ہو آپ کو اور
تم پڑھتی ہو کتاب پھر کیا نہین بوجھتی وَاسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ وَاِنَّهَا
لَكَبِیْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخٰشِعِیْنَ ۝ اور قوۃ پکڑو محنت سہارنی سی اور نماز سے
اور البتہ وہ بھاری ہی مگر اونہی پر جنکے دل پگھلی ہین الَّذِیْنَ یَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ
مُلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ اِلَیْهِ رٰجِعُوْنَ ۝ جن کو خیال ہے کہ اونکو ملنا
اپنی رب سی اور اونکو اوسکی طرف الٹی جانا ف قوۃ پکڑو محنت سہارنی سی اور
نماز سی یعنی اسکے عادت کرو تو سب کام دین کی آسان پڑین یٰبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ
اذْكُرُوْا نِعْمَتِیَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتُ عَلَیْكُمْ وَاَنِّیْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِیْنَ ۝
ای بنی اسرائیل یاد کرو احسان میرا جو مین نی تم پر کیا [illegible] جو مین نی تمکو بڑا کیا جہان
کی لوگون سی وَاتَّقُوْا یَوْمًا لَّا تَجْزِیْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَیْئًا
وَّلَا یُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا یُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا هُمْ
یُنْصَرُوْنَ ۝ اور بچو اوس دن سی کہ کام نہ آوی کوئی شخص کسی کی ایک ذرہ
اور قبول نہ ہو اوسکی طرف سی سفارش اور نہ لین اوسکی بدلی مین کچھ اور نہ اونکو
مدد پہنچی ف بنی اسرائیل کہتی کہ ہم کیسی ہی گناہ کرین پکڑی نہ جاوین کی ہماری
باپ دادی پیغمبر ہمکو چھڑا لینگے وَاِذْ نَجَّیْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ یَسُوْمُوْنَكُمْ

ع ربع ٦

سُوْءَ الْعَذَابِ يُذَبِّحُوْنَ اَبْنَاءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَاءَكُمْ وَ
فِيْ ذٰلِكُمْ بَلَاءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ۝ اور جب چھڑایا ہمنی تم کو
فرعون کی لوگونسی دیتی تمکو بڑی تکلیف ذبح کرتی تمہاری بیٹی اور جیتی رکہتی تمہاری
عورتین اور اسمین مدد ہوئی تمہاری رب کی بڑی وَاِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ
فَاَنْجَيْنٰكُمْ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ۝ اور جب
ہمنی چیرا تمہاری بیٹھنی کی ساتھہ دریا پہر بچادیا تمکو اور ڈوبایا فرعون کی لوگون کو
اور تم دیکھتی تہی وَاِذْ وٰعَدْنَا مُوْسٰٓى اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ
الْعِجْلَ مِنْ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ۝ اور جب ہمنی وعدہ کیا موسی سے
چالیس رات کا پہر تمنی بنالیا بچھڑا اوسکی پیچھی اور تم بی انصاف ہو ف اس کا قصہ
سورہ اعراف مین اور سورہ طہ مین بیان ہی ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ مِّنْ بَعْدِ
ذٰلِكَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ پہر معاف کیا ہمنی تمکو اس پر بھی شاید تم احسان مانو
وَاِذْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَالْفُرْقَانَ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝
اور جب دی ہمنی موسی کو کتاب اور چکوتی شاید تم راہ پاو ف چکوتی وہ حکم جن سے
معاملتین فیصل ہون اور روا نا روا معلوم ہو وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ
اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوْبُوْٓا اِلٰى بَارِئِكُمْ
فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِئِكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ
اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝ اور جب کہا موسی نی اپنی قوم کو ای قوم تمنی نقصان
کیا اپنا یہ بچھڑا بنا لیکر اب توبہ کرو اپنی پیدا کرنی والی کی طرف اور مار ڈالو اپنی جان یہ
بہتر ہی تمکو اپنی خالق پاس پہر متوجہ ہوا تم پر برحق وہی ہی معاف کرنی والا مہربان

وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً
فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ۝ اور جب تمنی کہا ای موسی
ہم یقین نہ کرینگی تیرا جب تک نہ دیکہیں اللہ کو سامہنی پہر لیا تمکو بجلی نی اور تم دیکہتی
تہی ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝
پہر اوٹہا کہڑا کیا ہمنی تمکو مرگئی پیچہی شاید تم احسان مانو وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ
الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ۝ كُلُوْا مِنْ
طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْا اَنْفُسَهُمْ
يَظْلِمُوْنَ ۝ اور سایہ کیا ہمنی تم پر ابر کا اور اوتارا تم پر من اور سلوی کہاؤ
ستہری چیزین جو دین ہمنی تمکو اور ہمارا کچہہ نقصان نہ کیا پر اپنا ہی نقصان کرتی رہی
ف جب فرعون غرق ہوچکا اور بنی اسرائیل خلاص ہوکر جتنی جنگل مین انکی خیمین
پہٹ گئی تو ساری دن ابر رہتا دہوپ کا بچاو اور اناج نہ پہنچا تو من اور سلوی
اوترا کہانی کو من ایک چیز تہی میٹہی دہنیی کی سی دانی رات کو اوس مین برستی
لشکر کی گرد ڈہیر ہو رہتی صبح کو ہر ادمی اپنی قوت کی برابر چن لاتا اور سلوی ایک
جانور کا نام ہی شام کو لشکر کی گرد ہزاروں جانور جمع ہوتی اندہیرا پڑی پکڑ لاتی
کباب کر کر کہاتی مدتوں تک یہی کہانا کہی وَاِذْ قُلْنَا ادْخُلُوْا هٰذِهِ
الْقَرْيَةَ فَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا وَّادْخُلُوا
الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُوْلُوْا حِطَّةٌ نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطٰيٰكُمْ وَسَنَزِيْدُ
الْمُحْسِنِيْنَ ۝ اور جب کہا ہمنی داخل ہو اس شہر مین اور کہاتی پہرو اوس مین جہان چاہو
محفوظ ہوکر اور داخل ہو دروازی مین سجدہ کرکر اور کہو گناہ اتری تو بخشین ہم تمکو تقصیرین

تمہاری اور زیادہ بہی دینگی نیکی والون کو ف اوس جنگل مین پہنچی تہی اپنی تقصیر سے

کہ سورہ مائدہ مین بیان ہی پہر ایک کہانی سی تہک گئی تب ایک شہر مین پہنچایا اور

حکم کہ دروازی مین سجدہ کر کر جاو اور حطۃ کہو یعنی گناہ اترے فَبَدَّلَ الَّذِينَ

ظَلَمُوا قَوْلًا غَيْرَ الَّذِي قِيلَ لَهُمْ فَأَنزَلْنَا عَلَى الَّذِينَ ظَلَمُوا

رِجْزًا مِّنَ السَّمَاءِ بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ • پہر بدل لی بی انصافون نی اور بات

سوای اوسکی جو کہ دی تہی پہر اتارا ہمنی بی انصافون پر عذاب آسمان سی اونکی حکم بد

ف یعنی ٹہٹہی سی حطۃ کی بدلی کہنی لگی حنطۃ یعنی گیہون اور سجدی کی بدلی لگی سرین

پر پہسلنی پہر شہر مین جاکر اون پر طاعون پڑی یعنی وبا تہوڑی کی دیر مین قریب

ستر ہزار آدمی مری وَإِذِ اسْتَسْقَىٰ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ فَقُلْنَا اضْرِب

بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ فَانفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا قَدْ عَلِمَ كُلُّ

أُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ كُلُوا وَاشْرَبُوا مِن رِّزْقِ اللَّهِ وَلَا تَعْثَوْا

فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ • اور جب پانی مانگا موسی نی اپنی قوم کی واسطے

تو کہا ہمنی مار اپنی عصا سے پتہر کو پہر بہ نکلی اوس سے بارہ چشمے پہچان لیا ہر قوم نی اپنا

اپنا گہاٹ کہاؤ اور پیؤ روزی اللہ کی اور نہ پہرو ملک مین فساد مچاتی ف اوسی

جنگل مین پانی نہ ملا تو ایک پتہر سی بارہ چشمی نکلی بارہ قوم تہی کسی مین لوگ زیادہ کسی

مین کم ہر قوم کی موافق ایک چشمہ تہا اس سے پہچان لیا جب لشکر کوچ کرتا تو وہ

پتہر ساتہ اوٹہا لیتی جب مقام ہوتا تو رکہ دیتی وَإِذْ قُلْتُمْ يَا مُوسَىٰ لَن نَّصْبِرَ

عَلَىٰ طَعَامٍ وَاحِدٍ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنبِتُ الْأَرْضُ

مِن بَقْلِهَا وَقِثَّائِهَا وَفُومِهَا وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا

ع

قَالَ أَتَسْتَبْدِلُونَ الَّذِي هُوَ أَدْنَىٰ بِالَّذِي هُوَ خَيْرٌ اهْبِطُوا
مِصْرًا فَإِنَّ لَكُم مَّا سَأَلْتُمْ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَ
الْمَسْكَنَةُ وَبَاءُوا بِغَضَبٍ مِّنَ اللَّهِ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ كَانُوا
يَكْفُرُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ وَيَقْتُلُونَ النَّبِيِّينَ بِغَيْرِ
الْحَقِّ ذَٰلِكَ بِمَا عَصَوا وَّكَانُوا يَعْتَدُونَ

ع ۸

اور جب کہا تمنے ای موسی ہم نہ ٹھہرینگی ایک کھانی پر سو پکار ہمارے واسطے اپنی رب کو
کہ نکال دی ہمکو جو اگتا ہی زمین سی زمین کا ساگ اور ککڑی اور گیہون اور مسور اور
پیاز بولا کیا تم لیا چاہتی ہو ایک چیز جو ادنی ہی بدلی ایک چیز کی جو بہتر ہی اترو
کسی شہر مین تو تمکو ملی جو مانگتی ہو اور ڈالی اون پر ذلت اور محتاجی اور کما لائی
غصہ اللہ کا یہ اس پر کہ وہ تہی نہ مانتی حکم اللہ کی اور خون کرتی نبیون کا ناحق یہ
اس سے کہ بی حکم تہی اور حد پر نہ رہتی تہی إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ
هَادُوا وَالنَّصَارَىٰ وَالصَّابِئِينَ مَنْ آمَنَ بِاللَّهِ
وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهُمْ أَجْرُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ
وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ یون ہے
کہ جو لوگ مسلمان ہوی اور جو لوگ یہودی ہوی اور نصاری اور صابئین جو کوئی
یقین لایا اللہ پر اور پچھلی دن پر اور کام کیا نیک تو انکو ہی انکی مزدوری
اپنی رب کے پاس اور نہ انکو ڈر ہی نہ وہ غم کہاوین ف یعنی کسی فرقی پر موقوف
نہین یقین لاناٹہی اور عمل نیک اپنی اپنی وقت جسنی یہ کیا ثواب پایا
اسواسطی فرمایا کہ بنی اسرائیل اس پر مغرور تہی کہ ہم پیغمبرون کی اولاد ہین ہم

ہر طرح خدا کی ہان بہتر ہین یہودی کہتی ہین حضرت موسی کی امت کو نصاری حضرت
عیسی کی امت صابئین یے ایک فرقہ ہین حضرت ابراہیم کو مانتی ہین وَاِذْ اَخَذْنَا
مِیْثَاقَکُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَکُمُ الطُّوْرَ خُذُوْا مَآ اٰتَیْنٰکُمْ
بِقُوَّةٍ وَّاذْکُرُوْا مَا فِیْهِ لَعَلَّکُمْ تَتَّقُوْنَ ۔ اور جب لیا ہمنی قرار تمسی اور
اونچا کیا تم پر پہاڑ پکڑو جو ہمنی دیا زور سی اور یاد کرتی رہو جو اوسمین ہی شاید تمکو ڈر ہو
ف جب توراة اُتری تو کہنی لگی ہمسی اتنی حکم نہ ہونگی تب پہاڑ اوپر آیا کہ گر پڑی
تب ڈر کر قبول کیا ثُمَّ تَوَلَّیْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِکَ فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَیْکُمْ
وَرَحْمَتُهٗ لَکُنْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِیْنَ ۔ پہر تم پہر گئی اسکی بعد سو اگر نہ ہوتا فضل اللہ کا
تم پر اور اوسکی مہر تو تم خراب ہوتی وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِیْنَ اعْتَدَوْا
مِنْکُمْ فِی السَّبْتِ فَقُلْنَا لَهُمْ کُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِئِیْنَ ۔ اور جان چکی
ہو جنہون نی تم مین زیادتی کی ہفتی کی دن مین تو ہمنی کہا کہ ہو جاو بندر پہٹکاری
فَجَعَلْنٰهَا نَکَالًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْهَا وَمَا خَلْفَهَا وَمَوْعِظَةً
لِّلْمُتَّقِیْنَ ۔ پہر ہمنی وہ دہشت رکہی اوس شہر کی روبرو والون کو اور پیچہی والونکو
اور نصیحت رکہی ڈر والون کو ف یہہ قصہ سورہ اعراف مین ہے وَاِذْ قَالَ مُوْسٰی
لِقَوْمِهٖٓ اِنَّ اللّٰهَ یَاْمُرُکُمْ اَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَةً قَالُوْٓا اَتَتَّخِذُنَا
هُزُوًا قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَکُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِیْنَ
اور جب کہا موسی نی اپنی قوم کو اللہ فرماتا ہی تمکو کہ ذبح کرو ایک گاے بولی کیا تو ہمکو
پکڑتا ہی ٹہٹہی مین کہا پناہ اللہ کی اس سے کہ مین ہون نادانون مین قَالُوا ادْعُ
لَنَا رَبَّکَ یُبَیِّنْ لَّنَا مَا هِیَ قَالَ اِنَّهٗ یَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا فَارِضٌ

وَلَا بِكْرٌ عَوَانٌ بَيْنَ ذَالِكَ فَافْعَلُوا مَا تُؤْمَرُونَ • بولی پکار ہمارے واسطے
اپنے رب کو کہ بیان کردے ہمکو وہ کیسی ہے کہا وہ فرماتا ہے کہ وہ ایک گائے ہے نہ بوڑھی
نہ بن بیائی میانہ ہے ان کے بیچ اب کرو جو تمکو حکم ہے قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ
لَنَا مَا لَوْنُهَا قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَاءُ فَاقِعٌ لَوْنُهَا
تَسُرُّ النَّاظِرِينَ • بولے پکار ہمارے واسطے اپنے رب کو بیان کردے ہمکو کیا ہے
رنگ اوسکا کہا وہ فرماتا ہے وہ ایک گائے ہے زرد ڈہڈہا رنگ اوس کا خوش آتی دیکہنے
والوں کو قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَنَا مَا هِيَ إِنَّ الْبَقَرَ تَشَابَهَ
عَلَيْنَا وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللَّهُ لَمُهْتَدُونَ • بولے پکار ہمارے واسطے اپنے
رب کو بیان کردے ہمکو کس قسم میں ہے وہ گایوں میں شبہہ پڑا ہے ہمکو اور ہم اللہ نے
چاہا تو راہ پالینگے قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ لَا ذَلُولٌ تُثِيرُ الْأَرْضَ
وَلَا تَسْقِي الْحَرْثَ مُسَلَّمَةٌ لَا شِيَةَ فِيهَا قَالُوا الْآنَ
جِئْتَ بِالْحَقِّ فَذَبَحُوهَا وَمَا كَادُوا يَفْعَلُونَ • کہا وہ فرماتا ہے

ع ۹

وہ ایک گائے ہے محنت والی نہیں کہ باہتی ہو زمین کو یا پانی دیتی کہیت کو بدن سے
پوری ہے داغ کچھ نہیں اوسمیں بولے اب لایا تو ٹہیک بات پہر اوسکو ذبح کیا اور لگتے
نہ تھے کہ کریں کہ وَإِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادَّارَأْتُمْ فِيهَا وَاللَّهُ مُخْرِجٌ
مَا كُنْتُمْ تَكْتُمُونَ • اور جب تمنے مار ڈالا تہا ایک شخص پہر لگے
ایک دوسرے پر دہرنے اور اللہ کو نکالنا جو تم چہپاتے تہے فَقُلْنَا اضْرِبُوهُ
بِبَعْضِهَا كَذَالِكَ يُحْيِي اللَّهُ الْمَوْتَى وَيُرِيكُمْ آيَاتِهِ
لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ • پہر ہمنے کہا مارو اوس مردے کو اس گائے کا ایک ٹکڑا

اسیطرح جلاویگا اللہ مردی اور دکہاتا ہی تمکو اپنی نمونی شاید تم بوجہو ف بنی اسرائیل
مین ایک شخص مارا گیا تہا اوسکا قاتل معلوم نہ تہا اوسکی وارث ہر کسی پر دعوی کرتے
اللہ تعالی نی اسطرح اوس مردی کو جلایا اوس نی بتایا کہ ان وارثون ہی نی مارا تہا
ثُمَّ قَسَتْ قُلُوبُكُمْ مِنْ بَعْدِ ذَٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ أَوْ أَشَدُّ
قَسْوَةً وَإِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْأَنْهَارُ وَإِنَّ
مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَاءُ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ
خَشْيَةِ اللَّهِ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ • پہر تمہاری دل سخت
ہوگئی اس سبب کے بعد سو وہ ہین جیسی پتہر یا اون سی بہی سخت اور پتہرون مین تو وہ بہی
ہین جن سی پہوٹتی ہین نہرین اور اونمین تو وہ بہی ہین جو پہٹتی ہین اور نکلتا ہی
اون سی پانی اور اونمین تو وہ بہی ہین جو گر پڑتی ہین اللہ کی ڈر سی اور اللہ بیخبر نہین
تمہاری کام سی أَفَتَطْمَعُونَ أَنْ يُؤْمِنُوا لَكُمْ وَقَدْ كَانَ فَرِيقٌ
مِنْهُمْ يَسْمَعُونَ كَلَامَ اللَّهِ ثُمَّ يُحَرِّفُونَهُ مِنْ بَعْدِ مَا عَقَلُوهُ
وَهُمْ يَعْلَمُونَ • اب کیا تم مسلمان توقع رکہتی ہو کہ وہ مانین کی تمہاری بات
اور ایک لوک تہی اونمین کہ سنتے کلام اللہ کا پہر اوسکو بدل ڈالتی بوجہ لی کر اور اونکو
معلوم ہے وَإِذَا لَقُوا الَّذِينَ آمَنُوا قَالُوا آمَنَّا وَإِذَا خَلَا بَعْضُهُمْ
إِلَىٰ بَعْضٍ قَالُوا أَتُحَدِّثُونَهُمْ بِمَا فَتَحَ اللَّهُ عَلَيْكُمْ لِيُحَاجُّوكُمْ
بِهِ عِنْدَ رَبِّكُمْ أَفَلَا تَعْقِلُونَ • اور جب ملتی ہین مسلمانون سی کہتی ہین
ہم مسلمان ہوئے اور جب اکیلی ہوتی ہین ایک دوسرے کی پاس کہتے ہین تم کیون کہدیتے
ہو اون سے جو کہولا ہی اللہ نی تم پر کہ جہوٹہلا دین تمکو اوس سی تمہارے رب کی آگی کیا تم کو

عقل نہین ف وہ جو اونمین منافق تہی خوشامد کی واسطی اپنی کتاب مین سی پیغمبر آخر الزمان کے
باتین مسلمانون پاس بیان کرتی اور وہ جو مخالف تہی اون کو اس پر الزام دیتی کہ اپنی علم مین سے
اونکی ہاتہہ سند کیون دیتی ہو اَوَلَا يَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا
يُعْلِنُوْنَ ۔ کیا اتنا بہی نہین جانتی کہ اللہ کو معلوم ہی جو چہپاتی ہین اور جو کہولتی ہین
وَمِنْهُمْ اُمِّيُّوْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ اِلَّا اَمَانِيَّ وَاِنْ هُمْ
اِلَّا يَظُنُّوْنَ ۔ اور ایک اونمین ان پڑہ ہین خبر نہین رکہتی کتاب کی مگر باندہ لی اپنی
آرزوئین اور اون پاس نہین مگر اپنی خیال فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ يَكْتُبُوْنَ الْكِتٰبَ
بِاَيْدِيْهِمْ ثُمَّ يَقُوْلُوْنَ هٰذَا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ لِيَشْتَرُوْا بِهٖ ثَمَنًا
قَلِيْلًا ۔ فَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا كَتَبَتْ اَيْدِيْهِمْ وَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا
يَكْسِبُوْنَ ۔ سو خرابی ہی اون کو جو لکہتی ہین کتاب اپنی ہاتہہ سی پہر
کہتی ہین یہ اللہ کی پاس سے ہی کہ لیوین اوس پر مول تہوڑا سو خرابی ہی اون کو اپنی
ہاتہہ کی لکہی سی اور خرابی ہی اونکو اپنی کمائی سی ف یہ وہ لوگ ہین جو عوام کو اونکی
خوشی موافق باتین جوڑ کر لکہہ دیتی ہین اور نسبت کرتی ہین طرف خدا کی یا رسول کے
وَقَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّا اَيَّامًا مَّعْدُوْدَةً ۔ قُلْ اَتَّخَذْتُمْ
عِنْدَ اللّٰهِ عَهْدًا فَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ عَهْدَهٗ اَمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ
مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۔ اور کہتی ہین ہم کو آگ نہ لگی کی مگر کئی دن گنتی کی تو کہہ کیا لی چکی
ہو اللہ کی ہان سی قرار تو البتہ خلاف نہ کری کا اللہ اپنا قرار یا جوڑتی ہو اللہ پر جو معلوم نہین
رکہتی بَلٰى مَنْ كَسَبَ سَيِّئَةً وَّاَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْٓئَتُهٗ فَاُو
لٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۔ کیون نہین جسنی کمایا گناہ اور گہیر لیا اوسکو

نصف

اوسکی گناہ نی سو وہی ہین لوک دوزخ کی وہ اوس ہین رہ پڑی وَالَّذِينَ آمَنُوا

وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ

اور جو یقین لائی اور عمل نیک کئی وہ لوک ہین جنت کی وہ اوسی ہین رہ پڑی ف کہیر لیا گناہ نی یعنی گناہ کرتا ہی اور شرمندہ نہین ہوتا

وَإِذْ أَخَذْنَا مِيثَاقَ بَنِي إِسْرَائِيلَ لَا تَعْبُدُونَ إِلَّا اللَّهَ وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَانًا وَذِي الْقُرْبَىٰ وَالْيَتَامَىٰ وَالْمَسَاكِينِ وَقُولُوا لِلنَّاسِ حُسْنًا وَأَقِيمُوا الصَّلَوٰةَ وَآتُوا الزَّكَوٰةَ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ إِلَّا قَلِيلًا مِّنكُمْ وَأَنتُم مُّعْرِضُونَ

اور جب ہمنی لیا قرار بنی اسرائیل کا بندگی نہ کریو مگر اللہ کی اور ماں باپ سی سلوک نیک اور قرابت والی سی اور یتیمون سی اور محتاجون سی اور کہیو لوکون کو نیک بات اور کہڑی کیجیو نماز اور دیتی رہیو زکوۃ پہر تم پہر گئی مگر تہوڑی تم مین اور تم کو دہیان نہین ۔

وَإِذْ أَخَذْنَا مِيثَاقَكُمْ لَا تَسْفِكُونَ دِمَاءَكُمْ وَلَا تُخْرِجُونَ أَنفُسَكُم مِّن دِيَارِكُمْ ثُمَّ أَقْرَرْتُمْ وَأَنتُمْ تَشْهَدُونَ

اور جب لیا ہمنی قرار تمہارا نہ کرو گی خون آپسمین اور نہ نکال دو گی اپنون کو اپنی وطن سی پہر تمنی اقرار کیا اور تم مانتی ہو

ثُمَّ أَنتُمْ هَٰؤُلَاءِ تَقْتُلُونَ أَنفُسَكُمْ وَتُخْرِجُونَ فَرِيقًا مِّنكُم مِّن دِيَارِهِمْ تَظَاهَرُونَ عَلَيْهِم بِالْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَإِن يَأْتُوكُمْ أُسَارَىٰ تُفَادُوهُمْ وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ إِخْرَاجُهُمْ أَفَتُؤْمِنُونَ بِبَعْضِ الْكِتَابِ وَتَكْفُرُونَ بِبَعْضٍ فَمَا جَزَاءُ مَن يَفْعَلُ ذَٰلِكَ مِنكُمْ إِلَّا خِزْيٌ فِي الْحَيَوٰةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ يُرَدُّونَ إِلَىٰ أَشَدِّ الْعَذَابِ

وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ • پہر تم ویسی ہی خون کرتی ہو آپس مین
اور نکال دیتی ہو اپنی ایک فرقی کو اونکی وطن سی چڑہائی کرتی ہو اون پر گناہ سی اور
ظلم سی اور اگر وہی آوین تم پاس کسی کی قید مین پڑی تو اونکی چہڑوائی دیتی ہو اور وہ
حرام ہی تم پر اونکا نکال دینا پہر کیا مانتی ہو تہوڑی کتاب او منکر ہوتی ہو تہوڑی سی
پہر کچہہ سزا نہین اوسکی جو کوئی تم مین یہ کام کرتا ہی مگر رسوائی دنیا کی زندگی مین
اور قیامت کی دن پہنچائی جاوین سخت سی سخت عذاب مین اور اللہ بیخبر نہین
تمہاری کام سی ف یعنی اپنی قوم غیر کی ہاتہ پہنسی تو چہڑانی کو موجود ہو اور آپ
اونکی ستانی مین قصور نہین کرتی اگر خدا کی حکم پر چلتی ہو تو دونو جگہ چلو اُولٰٓئِكَ
الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ
الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ • وہی ہین جنہون نی خرید کی دنیا کی زندگی
ع 11
آخرت دیکر سو نہ ہلکا ہوگا اون پر عذاب اور نہ اونکو مدد پہنچی گی وَلَقَدْ اٰتَيْنَا
مُوْسَى الْكِتٰبَ وَقَفَّيْنَا مِنْ بَعْدِهٖ بِالرُّسُلِ وَاٰتَيْنَا عِيْسَى
ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ اَفَكُلَّمَا
جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُكُمُ اسْتَكْبَرْتُمْ
فَفَرِيْقًا كَذَّبْتُمْ وَفَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ • اور ہمنی دی ہی موسی کو
کتاب اور پی در پی بہیجی اوسکی پیچہی رسول اور دیی عیسی مریم کی بیٹی کو معجزی صریح
اور قوت دی اوسکو روح پاک سی پہر بہلا جب تم پاس لایا کوئی رسول جو نہ چاہا
تمہاری جی نی تو تم تکبر کرنی لگی پہر ایک جماعت کو جہوٹہلایا اور ایک جماعت کو مار ڈالتی
ف روح القدس کہتی ہین جبرئیل کو ہر وقت اونکی ساتہ تہی وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا

غُلْفٌ بَلْ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَقَلِيْلًا مَّا يُؤْمِنُوْنَ ۝ اور کہتی ہین
ہماری دل پر غلاف ہی یون نہین پر لعنت کی ہی اللہ نی اونکو اونکی انکار سی سو کم یقین
لاتی ہین ف یہود اپنی تعریف مین کہتی کہ ہماری دل پر غلاف ہی یعنی سوای اپنی دین
کسی کی بات ہم کو اثر نہین کرتی اللہ تعالی نی فرمایا کہ حق بات اثر نہ کری یہ نشان ہی لعنت کا
وَلَمَّا جَآءَهُمْ كِتٰبٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ وَ
كَانُوْا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَلَمَّا جَآءَهُمْ
مَّا عَرَفُوْا كَفَرُوْا بِهٖ فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۝ اور
جب اونکو پہنچی کتاب اللہ کی طرف سی سچا بتاتی اون پاس والی کو اور پہلی سی فتح مانگتی تہی
کافرون پر پہر جب پہنچا اونکو جو پہچان رکہا تہا اوس سی منکر ہوی سو لعنت ہی اللہ کی
منکرون پر ف جب غنیم کافرون کا دیکہتی تو دعا مانگتی کہ نبی آخر زمان شتاب پیدا ہو
جب پیدا ہوا اثر آپ ہی منکر ہوی بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ اَنْ
يَّكْفُرُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بَغْيًا اَنْ يُّنَزِّلَ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ عَلٰى
مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ فَبَآءُوْ بِغَضَبٍ عَلٰى غَضَبٍ
وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝ بری مول خرید کیا اپنی جان کو کہ منکر
ہوی اللہ کی اتاری کلام سی اس ضد پر کہ اتاری اللہ اپنی فضل سی جس پر چاہی اپنی بندون مین
سو کما لای غصی پر غصہ اور منکرون کو عذاب ہی ذلت کا وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ
اٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا نُؤْمِنُ بِمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَ
يَكْفُرُوْنَ بِمَا وَرَآءَهٗ وَهُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ قُلْ
فَلِمَ تَقْتُلُوْنَ اَنْۢبِيَآءَ اللّٰهِ مِنْ قَبْلُ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝

اور جب کہیئی انکو مانو اللہ کا اتارا کہیں ہم مانتی ہیں جو اترا ہم پر اور وہ نہیں مانتی جو پیچھی آیا اوس سے

اور وہ اصل تحقیق ہی سچ بتاتا اون پاس والی کو کہ پہر کیون مارتی رہی ہو نبی اللہ کے

پہلی سی اگر تم ایمان رکہتی تہی وَلَقَدْ جَاءَكُمْ مُوسٰى بِالْبَيِّنَاتِ ثُمَّ

اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْ بَعْدِهٖ وَأَنْتُمْ ظَالِمُونَ ۝ اور آچکا تم پاس موسے

صریح معجزی لیکر پہر تمنی بنا لیا بچہڑا اوسکی پیچھی اور تم ظالم ہو وَإِذْ أَخَذْنَا

مِيثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّورَ خُذُوا مَا آتَيْنَاكُمْ

بِقُوَّةٍ وَاسْمَعُوا قَالُوا سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا وَأُشْرِبُوا فِي

قُلُوبِهِمُ الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ قُلْ بِئْسَمَا يَأْمُرُكُمْ بِهٖ إِيمَانُكُمْ

إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ۝ اور جب ہمنی لیا قرار تمہارا اور اونچا کیا تم پر پہاڑ

پکڑو جو ہمنی تمکو دیا زور سی اور سنو بولی سنا ہمنی اور نہ مانا اور رچ رہا اونکی دلون مین

وہ بچہڑا مارے کفر کی تو کہ برا کچہہ سکہاتا ہی تمکو ایمان تمہارا اگر تم ایمان والی ہو ف یعنی ظاہر

مین کہا کہ ہمنی مانا اور جہپی کہا کہ نہ مانا قُلْ إِنْ كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْآخِرَةُ عِنْدَ اللّٰهِ

خَالِصَةً مِنْ دُونِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ إِنْ كُنْتُمْ

صَادِقِينَ ۝ تو کہ اگر تمکو ملتا ہی گہر آخرت کا اللہ کی ہان الگ سوای اور لوگون کے

تو تم مرنی کی آرزو کرو اگر سچ کہتی ہو ف کہتی تہی کہ جنت مین ہمارے سوائے کوئی نہ جاویگا

اور ہمکو عذاب نہ ہوگا اللہ تعالیٰ نی فرمایا اگر یقین بہشتی ہو تو مرنی سی کیون ڈرتے ہو

وَلَنْ يَتَمَنَّوْهُ أَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ وَاللّٰهُ عَلِيمٌ بِالظَّالِمِينَ ۝

اور یہ آرزو کبہی نکرین کی جس واسطے آگی بہیج چکی ہین ہاتھ اونکی اور اللہ خوب جانتا ہی

گنہ گارون کو وَلَتَجِدَنَّهُمْ أَحْرَصَ النَّاسِ عَلٰى حَيٰوةٍ وَمِنَ

الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا يَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ اَلْفَ سَنَةٍ وَمَا
هُوَ بِمُزَحْزِحِهٖ مِنَ الْعَذَابِ اَنْ يُّعَمَّرَ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ بِمَا
يَعْمَلُوْنَ ۔ اور تو دیکھی اونکو سب لوگون سی زیادہ حرص جینی کی اور شریک
پکڑنی والون سی ایک ایک چاہتا ہی کہ عمر پاوی ہزار برس اور کچھ اوسکو
سرکانہ دیگا عذاب سی اتنا جینا اور اللہ دیکھتا ہی جو کرتی ہین قُلْ مَنْ كَانَ
عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ بِاِذْنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا
لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۔ تو کہہ
جو کوئی ہو گا دشمن جبریل کا سو اوس نی تو اتارا ہی یہ کلام تیری دل پر اللہ کی حکم سے
سچ بتاتا اوس کلام کو جو آگی ہی اور راہ دکھاتا اور خوشی سناتا ایمان والون کو
مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّلّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَرُسُلِهٖ وَجِبْرِيْلَ
وَمِيْكٰىلَ فَاِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِّلْكٰفِرِيْنَ ۔ جو کوئی ہو گا دشمن اللہ
کا اور اوسکی فرشتون کا اور رسولون کا اور جبریل اور میکائیل کا تو اللہ دشمن ہے
اون کافرون کا ف یہودنی کہا کہ یہ کلام لاتا ہی جبرئیل اور وہ ہمارا دشمن ہے کئی بار ہمارے
دشمنون کو ہم پر غالب کر گیا کوئی اور فرشتہ لاتا تو ہم مانتی اس پر اللہ تعالی نی فرمایا
کہ فرشتی جو کرتی ہین بی حکم نہین کرتی جو اونکا دشمن ہوا بی شک اللہ اوسکا دشمن ہے
وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ وَمَا يَكْفُرُ بِهَآ اِلَّا
الْفٰسِقُوْنَ ۔ اور ہمنی اتارین تیری طرف آیتین واضح اور منکر نہ ہون گے
ان سی مگر وہی جو بی حکم ہین اَوَكُلَّمَا عٰهَدُوْا عَهْدًا نَّبَذَهٗ
فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۔ گیا اور جس بار

ع ۱۲

باندہین کی ایک قرار پھینک دین گی اوسکو ایک جماعت اونمین بلکہ وہ اکثر یقین
نہین رکہتی وَلَمَّا جَآءَهُمْ رَسُولٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ
لِّمَا مَعَهُمْ نَبَذَ فَرِيْقٌ مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتَابَ كِتَابَ
اللّٰهِ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ كَاَنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۔ اور جب پہنچا
اونکو رسول اللہ کی طرف سی سچ بتاتا اون پاس والی کو پہینک دی ایک جماعت
نی کتاب ملنی والون مین کتاب اللہ کی اپنی پیٹ کی پیچہی گویا اونکو خبر نہین
وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيَاطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمَانَ وَمَا
كَفَرَ سُلَيْمَانُ وَلٰكِنَّ الشَّيَاطِيْنَ كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ
النَّاسَ السِّحْرَ وَمَا اُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ
هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ وَمَا يُعَلِّمَانِ مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَا
اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا
مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ وَمَا هُمْ بِضَآرِّيْنَ بِهٖ
مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ وَيَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا
يَنْفَعُهُمْ وَلَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ
مِنْ خَلَاقٍ وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖ اَنْفُسَهُمْ لَوْ كَانُوْا
يَعْلَمُوْنَ ۔ اور پیچہی لگی ہین اوس علم کی جو پڑہتی شیطان سلطنت
مین سلیمان کی اور کفر نہین کیا سلیمان نی لیکن شیطانون نی کفر کیا لوگون کو
سکہاتی سحر اور اوس علم کی جو اترا دو فرشتون پر بابل مین ہاروت اور
ماروت پر اور وہ نہ سکہاتی کسی کو جبتک نہ کہتی کہ ہم تو ہین آزمانی کو سو تو

مت کافر ہو پہر اون سی سیکہتی جس چیز سی جدائی ڈالتی ہین مرد مین اور اوسکی عورت مین اور وہ اس سے بگاڑ نہین سکتی کسی کا بغیر اذن اللہ کی اور سیکہتی ہین جس چیز سی ان کو نقصان ہی اور نفع نہین اور جان چکی ہین کہ جو کوی اس کا خریدار ہوا اوسکو آخرت مین نہین کچہہ حصہ اور بہت بری چیز ہی جس پر بیچا اپنی جان کو اگر انکو سمجہہ ہوتی وَلَوْ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَمَثُوْبَةٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ خَيْرٌ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝ اور اگر وہ یقین لاتی اور پرہیز رکہتی تو بدلا تہا اللہ کی ہان سی بہتر اگر اون کو سمجہہ ہوتی

ف یعنی یہود نی اپنی دین اور کتاب کا علم چہوڑ دیا اور لگی تلاش مین اعمال سحر کے اور سحر لوگون مین دو طرف سی آیا ہی ایک حضرت سلیمان کی عہد مین آدمی اور شیطان ملی رہتی تہی اون شیطانون سی سیکہا وہ یہود اسکو نسبت کرتی حضرت سلیمان کے طرف کہ ہمکو اونہی سی پہنچا ہی اور اونکو حکم جن و انس پر اسی کے زور سی تہا سو اللہ تعالی نی بیان کر دیا کہ یہ کام کفر ہی سلیمان کا کام نہین اوسکی عہد مین شیطانون نی سکہایا ہے اور دوسرے ہاروت و ماروت کے طرف سی وہ شہر بابل مین دو فرشتی تہی بصورت آدمی رہتی تہی اونکو علم سحر معلوم تہا جو کوی طالب اسکا جاتا اول کہ دیتی کہ اسمین ایمان جاتا رہتی کا پہر اگر وہ چاہتا تو سکہا دیتی اللہ تعالے کو آزمایش منظور تہی سو اللہ تعالی نے فرمایا کہ ایسی علمون سی آخرت کا کچہہ فائدہ نہین بلکہ نقصان ہی اور دنیا مین بی ضرر پاتی ہین اور بغیر حکم خدا کچہہ کر نہین سکتی اور علم دین و کتاب سیکہتی تو اللہ کی ہان ثواب پاتے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوْا وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ ای ایمان والون تم نہ کہو راعنا اور کہو انظرنا اور سنتی رہو اور منکرون کو دکہہ کی مار ہی ف یہود پیغمبر کے

مجلس مین بیٹھتی اور حضرت کلام فرماتی بعضی بات جو نہ سنی ہوتی چاہتی کہ پہر تحقیق کرین
تو کہتی راعنا یعنی ہماری طرف بہی متوجہ ہو اون سی مسلمان بہی سیکہہ کر کسی وقت یہ
لفظ کہتی اللہ تعالی نی منع فرمایا کہ یہ لفظ نہ کہو اگر کہنا ہو تو انظرنا کہو اوسکی بہی یہی معنی
ہی ہین اور آگی سی سنتی رہو کہ پوچہنا ہی نہ پڑی یہود کو اِس لفظ کہنی مین دغا تہی
اوسکو زبان دبا کر کہتی تو راعینا ہوجاتا یعنی ہمارا چرواہا اور اونکی زبان مین راعنا
احمق کو بہی کہتی تہی مَا يَوَدُّ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ
وَلَا الْمُشْرِكِينَ أَنْ يُنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِنْ خَيْرٍ مِنْ رَبِّكُمْ وَاللَّهُ
يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهِ مَنْ يَشَاءُ وَاللَّهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ ١٠٢
دل نہین چاہتا اون لوگون کا جو منکر ہین کتاب والون مین اور شرک والوین
یہ کہ اوتری تم پر کچہہ نیک بات تمہاری رب سی اور اللہ خاص کرتا ہی اپنی مہر سی جسکو
چاہی اور اللہ بڑا فضل رکہتا ہی مَا نَنْسَخْ مِنْ آيَةٍ أَوْ نُنْسِهَا نَأْتِ
بِخَيْرٍ مِنْهَا أَوْ مِثْلِهَا أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللَّهَ عَلَى كُلِّ
شَيْءٍ قَدِيرٌ جو موقوف کرتی ہین ہم کوئی آیت یا بہلا دیتی ہین تو پہنچاتی
ہین اوس سی بہتر یا اوس کی برابر کیا تجکو معلوم نہین کہ اللہ ہر چیز پر قادر ہی ف
یہ بہی یہود کا طعن تہا کہ تمہاری کتاب مین بعضی آیت نسخ ہوتی ہی اگر اللہ کی طرف
سی ہی تو پہر کیا عیب دیکہا کہ موقوف کی اللہ تعالی نی فرمایا کہ عیب نہ پہلی مین تہا
نہ پچہلی مین پر حکم ہر وقت جو چاہی سو حکم کری أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللَّهَ لَهُ
مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا لَكُمْ مِنْ دُونِ اللَّهِ مِنْ
وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ کیا تجکو معلوم نہین کہ اللہ ہی کو سلطنت ہی آسمان اور زمین کی

اور تمکو نہین اللہ کی سوای کوی حمایتی اور مددوالا اَمْ تُرِیْدُوْنَ اَنْ تَسْئَلُوْا
رَسُوْلَکُمْ کَمَا سُئِلَ مُوْسٰی مِنْ قَبْلُ وَمَنْ یَّتَبَدَّلِ
الْکُفْرَ بِالْاِیْمَانِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِیْلِ۔ کیا تم مسلمان
بی چاہتی ہو کہ سوال شروع کرو اپنی رسول سی جیسی سوال ہو چکی ہین موسی سے
پہلی اور جو کوی انکار لیوی بدلی یقین کی وہ بہولا ہے راہ سی ف یعنی یہود
کی بہکای سی تم اپنی نبی پاس شبہی نہ لاو جیسی وہ اپنی نبی پاس لاتی تہی شبہے
نکالنی کو یا یقین چہوڑ کر انکار پکڑتا ہی وَدَّ کَثِیْرٌ مِّنْ اَهْلِ الْکِتٰبِ
لَوْ یَرُدُّوْنَکُمْ مِّنْ بَعْدِ اِیْمَانِکُمْ کُفَّارًا حَسَدًا
مِّنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ مِّنْ بَعْدِ مَا تَبَیَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ
فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا حَتّٰی یَاْتِیَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ اِنَّ اللّٰهَ
عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ دل چاہتا ہی بہت کتاب والون کا کسیطرح
تمکو پہیر کر مسلمان ہوئے پیچہی کافر کر دین حسد کر کر اپنی اندر سی بعد اسکے
کہ کہل چکا اون پر حق سو تم درگذر کرو اور خیال مین نہ لاو جب تک بہیجی اللہ
اپنا حکم اللہ ہر چیز پر قادر ہی ف آخر حکم بہیجا کہ یہود کو مدینی کی نزدیک سی
نکال دیا وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّکٰوةَ وَمَا تُقَدِّمُوْا
لِاَنْفُسِکُمْ مِّنْ خَیْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ
بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ۔ اور کہڑی رکہو نماز اور دیتی رہو زکوۃ اور جو آگی بہیجو گی
اپنی واسطی بہلائی وہ پاؤ گی اللہ کی پاس اللہ تمہاری کام دیکہتا ہی وَقَالُوْا لَنْ
یَّدْخُلَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ کَانَ هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰی تِلْكَ

ع ۱۴

أَمَانِيُّهُمْ قُلْ هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ۝
اور کہتی ہین ہرگز نہ جاویگا جنت مین مگر جو ہونگی یہود یا نصاریٰ یہ آرزوئین باندہ لے
ہین اونہون نی کہ لیاؤ سند اپنی اگر تم سچی ہو بَلَىٰ مَنْ أَسْلَمَ وَجْهَهُ
لِلَّهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَلَهُ أَجْرُهُ عِنْدَ رَبِّهِ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ
وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝ کیون نہین جس نے تابع کیا مونہ اپنا اللہ کو اور
وہ نیکی پر ہی اوسی کو ہی مزدوری اوسکی اپنی رب کے پاس اور نہ ڈر ہی اون پر اور
نہ اونکو غم وَقَالَتِ الْيَهُودُ لَيْسَتِ النَّصَارَىٰ عَلَىٰ شَيْءٍ
وَقَالَتِ النَّصَارَىٰ لَيْسَتِ الْيَهُودُ عَلَىٰ شَيْءٍ وَهُمْ
يَتْلُونَ الْكِتَابَ كَذَٰلِكَ قَالَ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ
مِثْلَ قَوْلِهِمْ فَاللَّهُ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا
كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ۝ اور یہود نی کہا نصاریٰ نہین کچھ راہ
پر اور نصاریٰ نی کہا یہود نہین کچھ راہ پر اور وہ سب پڑہتی ہین کتاب اسطرح
کہی اون لوگون نی جن پاس علم نہین انہی کی سی بات اب اللہ حکم کریگا اونمین دِن
قیامت کی جس بات مین جھگڑتی تہی ف جن پاس علم نہین وہ عرب کی لوگ کہ اگی
حضرت ابراہیم کا دین رکہتی تہی پہر آخر بہاک کر بت پوجنی لگی ایسی شخص کو مشرک
کہتی وہ اپنی ہی راہ حق بتاتی تہی وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ مَنَعَ مَسَاجِدَ
اللَّهِ أَنْ يُذْكَرَ فِيهَا اسْمُهُ وَسَعَىٰ فِي خَرَابِهَا أُولَٰئِكَ
مَا كَانَ لَهُمْ أَنْ يَدْخُلُوهَا إِلَّا خَائِفِينَ ۝ اور
اوس سے ظالم کون جس نی منع کیا اللہ کی مسجدونمین کہ پڑہی وہان نام اوسکا اور دوڑا

اونکی اُجاڑنی کو ایسون کو نہین پہنچتا کہ پیٹھین اونمین مگر ڈرتی ہوئی لَهُمْ
فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَلَهُمْ فِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ
اونکو دنیا مین ذلت ہی اور اونکو آخرت مین بڑی مار ہی ف نصاری آپ کو منصف
جانتی تہی اور یہود کو ظالم کہ اونہون نی حضرت عیسی سی دشمنی کی اور ہمنی اونکو مانا اللہ تعالی
فرماتا ہی کہ جب نصاری نی غلبہ پایا تو مسجد بیت المقدس کو ویران کیا اور یہود کی مسجدین
اُجاڑین یہود کی ضد سی یہ کیا انصاف ہی کہ آدمیون کی ضد سی اللہ کی مسجدین ویران
کرین اور فرماتا ہی کہ یہ بی لایق نہین کہ اوس ملک مین حاکم رہین آخر اللہ تعالی نی وہ
ملک شام مسلمانون کی ہاتہ لگایا وَلِلَّهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ فَأَيْنَمَا
تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجْهُ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ وَاسِعٌ عَلِيمٌ اور اللہ کی
ہی مشرق اور مغرب سو جس طرف تم مونہ کرو وہان ہی متوجہ ہی اللہ برحق اللہ گنجایش
والا ہی سب خبر رکہتا ف یہ بی یہود اور نصاری کا جہگڑا تہا کہ ہر کوئی اپنی قبلے کو
بہتر بتاتا اللہ تعالی نی فرمایا کہ اللہ مخصوص ایک طرف نہین اوسکی حکم سی جسطرف مونہ کرو
وہ متوجہ ہی وَقَالُوا اتَّخَذَ اللَّهُ وَلَدًا سُبْحَانَهُ بَلْ لَهُ مَا
فِي السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ كُلٌّ لَهُ قَانِتُونَ اور کہتی ہین
اللہ رکہتا ہی اولاد وہ سب سی نرالا بلکہ اوسکا مال ہی جو کچھ ہی آسمان زمین مین سب اوسی کی
آگی ادب سی ہین بَدِيعُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَإِذَا قَضَى
أَمْرًا فَإِنَّمَا يَقُولُ لَهُ كُنْ فَيَكُونُ نیا نکالنی والا
آسمان و زمین کا اور جب حکم کرتا ہی ایک کام کو تو یہی کہتا ہی اوسکو کہ ہو وہ ہوتا ہی
وَقَالَ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللَّهُ

أَوْ تَأْتِينَا آيَةٌ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِثْلَ قَوْلِهِمْ تَشَابَهَتْ قُلُوبُهُمْ قَدْ بَيَّنَّا الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يُوقِنُونَ ۝ اور کہنی لگی جن کو علم نہین کیون نہین بات کرتا ہمسی اللہ یا ہمکو آوی کوی ایت اسیطرح کہہ چکی ہین انسی اگلی انہی کی سی بات ایک سی ہین دل بہی اونکی ہمنی بیان کردین نشانیان واسطی اون لوگون کی جنکو یقین ہی ف یعنی اگلی امت جو یہود تہی وہ بہی اپنی نبی سی یہی کہتی تہی جو آپ کی لوگ کہنی لگی إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ بِالْحَقِّ بَشِيرًا وَنَذِيرًا وَلَا تُسْئَلُ عَنْ أَصْحَابِ الْجَحِيمِ ۝ ہمنی تجکو بہیجا ہی ٹہیک بات لیکر خوشی اور ڈر سنانی کو اور تجہسی پوچہ نہین دوزخ والون کی ف یعنی تجہپر الزام نہین کہ اونکو مسلمان کیون نہ کیا وَلَنْ تَرْضٰى عَنْكَ الْيَهُودُ وَلَا النَّصَارٰى حَتّٰى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ قُلْ إِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ أَهْوَاءَهُمْ بَعْدَ الَّذِي جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ اور ہرگز راضی نہون گی تجسی یہود نہ نصاری جب تک تابع نہو تو اونکی دین کا تو کہہ جو راہ اللہ دکہاوی وہی راہ ہی اور کبہی تو چلا اونکی پسند پر بعد اس علم کے جو تجکو پہنچا تو تیرا کوی نہین اللہ کی ہاتہہ سی حمایت کرنی والا نہ مددگار اَلَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَتْلُونَهُ حَقَّ تِلَاوَتِهِ أُولٰئِكَ يُؤْمِنُونَ بِهِ وَمَنْ يَكْفُرْ بِهِ فَأُولٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ ۝ جنکو ہمنی دی ہی کتاب وہ اوسکو پڑہتی ہین جو حق ہی پڑہنی کا وہ اس پر یقین لاتی ہین اور جو کوی

ع ۱۵

منکر ہوکا اس سے سو اونہی کو نقصان ہے ف یعنی یہود مین کم لوگ بانصاف بہی تہے کہ اپنی کتاب کو پڑہتی تہی سمجہ کر وہ اس قرآن پر ایمان لائی ایک اونمین عالم تہی عبد اللہ بن سلام اونکی ساتہہ کئی اور بہی مسلمان ہوے

یَا بَنِیٓ اِسْرَآئِیلَ اذْکُرُوا نِعْمَتِیَ الَّتِیٓ اَنْعَمْتُ عَلَیْکُمْ وَاَنِّی فَضَّلْتُکُمْ عَلَی الْعَالَمِیْنَ •

ای بنی اسرائیل یاد کرو احسان میرا جو مین نی تم پر کیا اور یہ کہ بڑا کیا تمکو ساری جہان پر

وَاتَّقُوا یَوْمًا لَّا تَجْزِیْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَیْئًا وَّلَا یُقْبَلُ مِنْہَا عَدْلٌ وَّلَا تَنْفَعُہَا شَفَاعَۃٌ وَّلَا ہُمْ یُنْصَرُوْنَ •

اور بچو اوس دن سی کہ نہ کام آوی کوی شخص کسی شخص کی ایک ذرہ اور نہ قبول ہو اوسکی طرف سی بدلا اور نہ کام آوی اوسکو سفارش اور نہ اونکو مدد پہنچے

وَاِذِ ابْتَلٰیٓ اِبْرٰہٖمَ رَبُّہٗ بِکَلِمٰتٍ فَاَتَمَّہُنَّ قَالَ اِنِّیْ جَاعِلُکَ لِلنَّاسِ اِمَامًا قَالَ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ قَالَ لَا یَنَالُ عَہْدِی الظّٰلِمِیْنَ •

اور جب آزمایا ابراہیم کو اوسکی رب نی کئی باتون مین پہر اوسنی وہ پوری کین فرمایا مین تجکو کرون گا سب لوگون کا پیشوا بولا اور میری اولاد مین بہی کہا نہین پہنچتا میرا اقرار بی انصافون کو ف بنی اسرائیل بہت مغرور اس پر تہی کہ ہم اولاد ابراہیم ہین اور اللہ تعالی نی ابراہیم کو وعدہ دیا کہ نبوت اور بزرگی تیری گہر مین رہی گی اور ہم ابراہیم کی دین پر ہین اور اوسکا دین ہر کوی مانتا ہی اللہ تعالے نے اونکو سمجہاتا ہی کہ اللہ کا وعدہ ابراہیم کی اولاد کو ہی جو نیک راہ پر چلین اور اوسکی دو بیٹی تہی پیغمبر ایک مدت اسحق کی اولاد مین بزرگی رہی اب اسمعیل کے اولاد کو پہنچی اور اوسکی دعا ہے دونو کی حق مین اور فرماتا ہی کہ دین اسلام ہمیشہ ایک ہے

سب پیغمبر اور سب امتین اوسی پر گذرین وہ یہہ کہ جو حکم اللہ بہیجی پیغمبر کی ہاتہہ سو قبول کرنا اب
مسلمان ہین اوسی راہ پر اور تم اوس سے پہری ہو وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ
مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا وَاتَّخِذُوا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهِيْمَ
مُصَلًّى وَعَهِدْنَا اِلٰى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ اَنْ
طَهِّرَا بَيْتِيَ لِلطَّائِفِيْنَ وَالْعَاكِفِيْنَ وَالرُّكَّعِ
السُّجُوْدِ • اور جب ٹہرایا ہمنی یہہ گہر کعبہ اجتماع کی جگہ لوگون کی اور پناہ
اور کر رکہو جہان کہڑا ہوا ابراہیم نماز کی جگہ اور کہہ دیا ہمنی ابراہیم و اسمعیل کو
کہ پاک کر رکہو گہر میرا واسطی طواف والون کی اور اعتکاف والون کی اور رکوع اور
سجدہ والونکی وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا
اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرَاتِ مَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ
بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ قَالَ وَمَنْ كَفَرَ فَاُمَتِّعُهٗ قَلِيْلًا
ثُمَّ اَضْطَرُّهٗ اِلٰى عَذَابِ النَّارِ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ • اور
جب کہا ابراہیم نی ای رب کر اسکو شہر امن کا اور روزی دی اسکی لوگون کو
میوی جو کوی اونمین یقین لاوی اللہ پر اور پچہلی دن پر فرمایا اور جو کوی منکر ہی اوسکو
بی فائدہ دون کا تہوڑی دنون پہر اوسکو قید کر بلاؤنگا دوزخ کی عذاب مین اور
بری جگہ پہنچی وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهِيْمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ
وَاِسْمٰعِيْلُ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ
الْعَلِيْمُ • اور جب اوٹہانی لگا ابراہیم بنیادین اس گہر کی اور اسمعیل
ای رب قبول کر ہمسی توہی ہی اصل سنتا جانتا رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ

اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِیْ ذٰلِكَ اِنْ اَرَادُوْٓا اِصْلَاحًا وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِیْ عَلَیْهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ وَلِلرِّجَالِ عَلَیْهِنَّ دَرَجَةٌ وَاللّٰهُ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ اور طلاق والی عورتین انتظار کروا دین اپنی تہین تین حیض تک اور اونکو حلال نہین کہ چہپا رکہین جو پیدا کیا اللہ نی اونکی پیٹ مین اگر ایمان رکہتی ہین اللہ پر اور پچہلی دن پر اور اونکی خاوندون کو پہنچتا ہی پہیر لینا اونکا اتنی دیر مین اگر چاہین صلح کرنی اور عورتون کا بہی حق ہی جیسا اون پر حق ہی موافق دستور کی اور مردون کو اون پر درجہ ہی اور اللہ زبردست ہی تدبیر والا ف جب مرد نی عورت کو طلاق کہی ابہی اوس عورت کو اور نکاح روا نہین جب تک تین بار حیض آوی تا حمل ہووی تو معلوم ہوجاوی کسی کا بیٹا کسی کو نہ لگ جاوی اسی واسطے عورت پر فرض ہی کہ اوسوقت حمل ہو تو ظاہر کر دی اس مدت کا نام ہی عدت اس عدت تک مرد چاہی تو پہر عورت کو رکہہ لی اگرچہ عورت کی خوشی نہ ہو اسی واسطی فرمایا کہ عورتون کے حق بہی مرد پر بہت ہین لیکن اس جگہ مرد ہی کو درجہ دیا اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ فَاِمْسَاكٌۢ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِیْحٌۢ بِاِحْسَانٍ وَلَا یَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَاْخُذُوْا مِمَّآ اٰتَیْتُمُوْهُنَّ شَیْئًا

ع ٢٩

طلاق ہی دو بار تک پہر رکہنا موافق دستور کی یا رخصت کرنا نیکی سی اور تمکو روا
نہین کہ لی لو کچہہ اپنا دیا ہوا عورتون کو مگر کہ وہ دونو ڈرین کہ نہ ٹہیک رکہینگے
قاعدی اللہ کی پہر اگر تم لوگ ڈرو کہ وہ نہ ٹہیک رکہینگی قاعدی اللہ کی تو نہین
گناہ دونو پر جو بدلا دیکر چہوٹی عورت یہ دستور باندہی ہین اللہ کی سو ان سے
آگی مت بڑہو اور جو کوی بڑہ چلی اللہ کی قاعدون سے سو وہی لوگ ہین گنہگار
ف یعنی عدت تک مرد چاہی تو عورت کو پہر رکہ لی یہ بات پہلی طلاق مین ہے
اور دوسرے مین بعد اسکی نہ پہر سکیگی تو موافق شرع اوسکی حق ادا کر سکی تو رکہی
کہ پہر قضیہ نہ ہو اور نہ رکہ سکی تو رخصت کری اور اس نیت سی نہ اٹکاوی کہ
عاجز ہوکر جو مین نی دیا تہا وہ پہیر جاوی یہ حیب روا ہے کہ ناچاری ہو اور کسیطرح
دونوکی خو نہ ملی اور مرد کی طرف سی ادا حق مین قصور نہ ہو اوسوقت سب لوگ
مل کر عورت سی کچہہ پہروا دیوین اور مرد کو راضی کر کر طلاق دلوا دوین اسکو خلع کہتی ہین
فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنْ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ
فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يَّتَرَاجَعَآ اِنْ
ظَنَّآ اَنْ يُّقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ
يُبَيِّنُهَا لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝ پہر اگر اوسکو طلاق دی تو اب حلال نہین
اوسکو وہ عورت اسکی بعد جب تک نکاح نکری کسی خاوند سی اوسکی سوای
پہر اگر وہ شخص اسکو [illegible] دونو کو کہ پہر مل جاوین اگر خیال
کرین کہ ٹہیک رکہین [illegible] کی قاعدی اور یہ دستور باندہی ہین اللہ کی بیان کرتا ہے
واسطی جاننی والون کی ف تیسری طلاق کی بعد پہر نہین سکتی بلکہ دونوکی

خوشی ہو تو بھی نکاح نہین بندہ سکتا جب تک بیچ مین اور خاوند کی صحبت نہ ہو چکے

وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوهُنَّ
بِمَعْرُوفٍ اَوْ سَرِّحُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ وَلَا
تُمْسِكُوهُنَّ ضِرَارًا لِتَعْتَدُوا وَمَنْ يَفْعَلْ ذٰلِكَ
فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ وَلَا تَتَّخِذُوا اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا
وَاذْكُرُوا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمَا اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ
مِنَ الْكِتٰبِ وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُمْ بِهٖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ
وَاعْلَمُوا اَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ اور جب طلاق

دی تمنی عورتون کو پہر پہنچین اپنی عدت تک تو رکھ لو اونکو دستور سے
یا رخصت کرو دستور سی اور مت بند کرو اونکی ستانی کو تا زیادتی کرو اور جو
کوئی یہ کام کری اوس نی برا کیا اپنا اور مت ٹہراو حکم اللہ کی ہنسی اور یاد
کرو احسان اللہ کا جو تم پر ہی اور وہ جو اتاری تم پر کتاب اور کام کی باتین کہ تمکو
سمجہاوے اور ڈرتے رہو اللہ سے اور جان رکھو کہ اللہ سب چیز جانتا ہی وَاِذَا طَلَّقْتُمُ

النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوهُنَّ اَنْ
يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ اِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوفِ
ذ [illegible] كَانَ مِنْكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ

اللّٰه

ی عورتونکو

سے

وندون

جب راضی ہوجاوین آپسمین موافق دستور کی یہ نصیحت ملتی ہی اوسکو جو کوئی تم مین یقین
رکہتا ہی اللہ پر اور پچہلی دن پر اسی مین سنوار زیادہ ہی تمکو اور ستہرائی اور اللہ جانتا ہے
اور تم نہین جانتی ف یہ حکم ہی عورت کی والیون کو کہ اوسکی نکاح مین اوسکی خوشی کہین
جہان وہ راضی ہو وہین کردین اگرچہ اپنی نظر مین اور جگہ بہتر معلوم ہو

وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ أَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ أَرَادَ أَنْ يُتِمَّ الرَّضَاعَةَ وَعَلَى الْمَوْلُودِ لَهُ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ إِلَّا وُسْعَهَا لَا تُضَارَّ وَالِدَةٌ بِوَلَدِهَا وَلَا مَوْلُودٌ لَهُ بِوَلَدِهِ وَعَلَى الْوَارِثِ مِثْلُ ذَٰلِكَ فَإِنْ أَرَادَا فِصَالًا عَنْ تَرَاضٍ مِنْهُمَا وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا وَإِنْ أَرَدْتُمْ أَنْ تَسْتَرْضِعُوا أَوْلَادَكُمْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِذَا سَلَّمْتُمْ مَا آتَيْتُمْ بِالْمَعْرُوفِ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ

اور لڑکی والیان دودہ پلاوین اپنی لڑکون کو دو برس پورے جو کوئی چاہی کہ پوری کری
دودہ کی مدت اور لڑکی والی پر ہی کہانا اور پہننا اون کا موافق دستور کی تکلیف نہین کسی شخص کو
مگر جو اوسکی گنجایش ہی نہ ضرر چاہی ما اپنی اولاد کا نہ لڑکی والا اپنی اولاد کا اور وارث
پر بہی ذمہ ہی یہہ اگر [illegible] کے رضا سے اور مشورہ سے تو اونکو
نہین گناہ، اور اگر تم مرد [illegible] دہ پہرانا [illegible]
کردیا جو تمنی دیا تہا موافق دستور ہو کہ دودہ پلواؤ اپنی اولاد کو تو تم پر نہین گناہ جب حوالی
[illegible] تمہاری کام

دیکھتا ہی ف یعنی اگر مرد و عورت مین طلاق ہوی اور لڑکا رہا دودہ پیتا تو ما دو برس
بندرہی اوسکی دودہ پلانی کو اور باپ اوسکا خرچ اوٹھاوی و اور اگر باپ مرگیا تو لڑکی کی
وارث اوسکا خرچ اوٹھادین اور جو دو برس سے کم مین چہڑادین اپنی خوشی سے
توبہی رواہی اور اگر باپ کسی اور سی بلوالی ماکو بندر کہی توبہی رواہی لیکن اسکی بدلی مین
ماکا کچھہ حق نہ کاٹ رکہی وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ
اَزْوَاجًا يَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّ
عَشْرًا ۚ فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ
فِيْمَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ وَاللّٰهُ
بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝ اور جو لوگ مرجاوین تم مین اور چہوڑ جاوین عورتین
وہ انتظار کرواوین اپنی تئین چار مہینی اور دس دن پہر جب پہنچ چکین اپنی عدت کو
تو تم پر گناہ نہین جو وہ اپنی حق مین کرین موافق دستور کی اور اللہ کو تمہاری کام کی خبر ہی
ف طلاق کی عدت تین حیض فرمائی اور موت کی عدت چار مہینی دس دن یہ دونو
جب ہین کہ حمل معلوم نہ ہوا اور اگر حمل معلوم ہوا تو حمل تک وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ
فِيْمَا عَرَّضْتُمْ بِهٖ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَاۗءِ اَوْ اَكْنَنْتُمْ
فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ۭ عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ
وَلٰكِنْ لَّا تُوَاعِدُوْهُنَّ سِرًّا اِلَّآ اَنْ تَقُوْلُوْا قَوْلًا
حَتّٰى
يَعْلَمُ
غَفُوْرٌ

حَلِيمٌ ۝ اور گناہ نہین تم پر جو پردہ مین کہو پیغام نکاح کا عورت کو یا چہپا رکہو اپنی دلمین
معلوم ہی اللہ کو کہ تم البتہ اون کا دہیان کروگی لیکن وعدہ نہ کر رکہو اونسی چہپ کر
مگر یہی کہ کہو ایک بات جسکا رواج ہی اور نہ باندہو گرہ نکاح کی جب تک پہنچ چکی
حکم اللہ کا اپنی مدت کو اور جان رکہو کہ اللہ کو معلوم ہی جو تمہاری دلمین ہی تو اوس سے
ڈرتی رہو اور جان رکہو کہ اللہ بخشتا ہی تحمل والا ف یعنی عورت ایک خاوند سی چہوٹی
ہی اور عدت مین ہی تب تک کسی اور کو روا نہین کہ اوس سے نکاح باندہ لیوی یا صاف
وعدہ کر رکہی مگر دلمین نیت رکہی کہ یہ فارغ ہوگی تو مین نکاح کرونگا یا اوسکو بردین
سنا رکہی تا اوس سے پہلی کوئی اور نہ کہہ بیٹہی پردہ یہ کہ ایک بات کہہ دی مروج سے
مثلا عورت کو کہی کہ تجکو ہر کوئی عزیز کر لیگا یا کہی مجکو ارادہ نکاح ہی لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ
إِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ مَا لَمْ تَمَسُّوهُنَّ أَوْ تَفْرِضُوا لَهُنَّ
فَرِيضَةً ۚ وَمَتِّعُوهُنَّ عَلَى الْمُوسِعِ قَدَرُهُ وَعَلَى الْمُقْتِرِ
قَدَرُهُ مَتَاعًا بِالْمَعْرُوفِ ۖ حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِينَ ۝
گناہ نہین تم پر اگر طلاق دو عورتون کو جب تک یہ نہین اونکو ہاتہ لگایا ہو یا مقرر کیا ہو
اون کا کچہ حق اور اونکو خرچ دو وسعت والی پر اوسکی موافق ہی اور تنگی والی پر اوسکی موافق
جو خرچ دستور ہی لازم ہی نیکی والون کو ف اگر نکاح کی وقت مہر کہنی مین نہ آیا تو بہی
نکاح درست ہی پہر بہی ٹہر ریگا پہر اگر بن ہاتہ لگائی عورت کو طلاق دی تو مہر کچہ لازم نہ آیا
لیکن کچہ خرچ دینا ضرور ہی خرچ کیا کہ ایک جوڑا پوشاک کا موافق اپنی حال کی
وَإِن طَلَّقْتُمُوهُنَّ مِن قَبْلِ أَن تَمَسُّوهُنَّ وَقَدْ
فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ إِلَّا

اَنْ يَّعْفُوْنَ اَوْ يَعْفُوَا الَّذِيْ بِيَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ وَاَنْ تَعْفُوْٓا اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ۭ وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ اور اگر طلاق دو اونکو ہاتہہ لگانی سی پہلی اور ٹہرا چکی ہو اون کا حق تو لازم ہوا آدہا جو کچہہ ٹہرایا تہا مگر یہہ کہ درگذر کرین عورتین یا درگذر کری جس کے ہاتہہ گرہ ہی نکاح کی اور تم مرد درگذر کرو تو قریب ہی پرہیزگاری سی اور نہ بہلا دو بڑائی رکہنی آپسمین بحقیق الله جو کرتی ہو سو دیکہتا ہی ف یعنی اگر مہر ٹہر چکا تہا پہر بن ہاتہہ لگائی طلاق دی تو آدہا مہر لازم ہوا مگر عورتین درگذر کرین کہ بالکل چہوڑ دیوین یا مرد درگذر کری جو مختار تہا نکاح رکہنی کا اور توڑنی کا کہ پورا مہر حوالی کری پہر فرمایا کہ مرد درگذر کری تو بہتر ہی کیون کی الله نی بڑائی دی ہی مرد کی طرف کو اور اوسکو مختار کیا نکاح رکہنی کا اور توڑنی کا تو اپنی بڑائی رکہی ف چار صورتین ہو سکتی ہین یہان دو کا حکم فرمایا ایک یہ کہ مہر نہ ٹہرا تہا اور ہاتہہ لگانی سی پہلی طلاق دی دوسرے یہ کہ مہر ٹہرا تہا اور ہاتہہ لگانی سی پہلے طلاق دی اور دو صورتین باقی رہین ایک یہ کہ مہر ٹہرا تہا اور ہاتہہ لگا کر طلاق دیے تو پورا مہر لازم ہوا یہ سورہ نساء مین مذکور ہی دوسرے یہ کہ مہر نہ ٹہرا تہا اور ہاتہہ لگا کر طلاق دی اسمین مہر مثل پورا دیا چاہیے یعنی جو اوس عورت کی قوم مین رواج ہی اور جب خلوت ہو چکی تو گویا ہاتہہ لگایا حَافِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ

وَالصّ [illegible] ...بردار رہو

نمازون [illegible] ...یے ف

بیچ والی نماز عصر ہی کہ دن اور رات کی بیچ ہے اسکا تقید [illegible] اور طلاق کے

حکمون مین نماز کا حکم فرمادیا کہ دنیا کی معاملت مین غرق ہوکر بندگی نہ بہول جاو اسی واسطے
عصر کا تقید زیادہ ہی کہ اوسوقت دنیا کا شغل اکثر ہی ف فرمایا کہ کہڑی رہو ادب سے
تو جو حرکت جس سے آدمی معلوم ہو کہ نماز مین نہین اوس سے نماز توٹتی ہی جیسے
کھانا یا پینا یا کسے بات کرنی اور سوای اسکی فَإِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا
أَوْ رُكْبَانًا فَإِذَا أَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللَّهَ كَمَا عَلَّمَ
كُمْ مَا لَمْ تَكُونُوا تَعْلَمُونَ ۝ پہر اگر تم کو ڈر ہو تو پیادے پڑہ لو
یا سوار پہر جسوقت چین پاو تو یاد کرو اللہ کو جیسا تمکو سکہایا ہی جو تم نہ جانتے تہے
ف یعنی لڑائی کا وقت ہو تو ناچاری کو سواری پربی اور پیادہ بی اشارہ سے نماز روا ہے
کہ قبلی کی طرف بی نہ ہو وَالَّذِينَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُونَ
أَزْوَاجًا وَصِيَّةً لِأَزْوَاجِهِمْ مَتَاعًا إِلَى
الْحَوْلِ غَيْرَ إِخْرَاجٍ فَإِنْ خَرَجْنَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ
فِي مَا فَعَلْنَ فِي أَنْفُسِهِنَّ مِنْ مَعْرُوفٍ
وَاللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝ اور جو لوگ تم مین مرجاوین اور چہوڑ
جاوین عورتین وصیت کردین اپنی عورتون کی واسطی خرچ دینا ایک برس نہ نکال دینا
پہر اگر وہ نکل جاوین تو گناہ نہین تم پر جو کچہہ کرین اپنی حق مین دستور کی بات اور
اللہ زبردست ہی حکمت والا ف یہ حکم جب تہا کہ مرد کی اختیار پر رکہا تہا وارثون کو
دلوانا اب جو سب کے حصے اللہ صاحب نے ٹہرا دیے عورت کا بی ٹہرا دیا اب مرد کا
دلوانا موقوف ہوا وَلِلْمُطَلَّقَاتِ مَتَاعٌ بِالْمَعْرُوفِ حَقًّا
عَلَى الْمُتَّقِينَ ۝ اور طلاق والیون کو خرچ دینا ہی موافق دستور کی لازم ہے

پرہیز والون کو ف پہلی شرح فرمایا تہا یعنی جورو اوس طلاق پر کہ مہر نہ ٹہرا ہو اور ہاتہہ نہ لگایا ہو یہان سب پر حکم فرمایا سب طلاق والیون کو جوڑا دینا بہتر ہی اور اوس پہلے کو ضرور ہی كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ۝ اسطرح بیان کرتا ہی اللہ تمہاری واسطی اپنی آیتین شاید تم بوجہ رکہو ف یہان حکم نکاح وطلاق کی تمام ہوی اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا ثُمَّ اَحْيَاهُمْ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ۝

تونی نہ دیکہی وہ لوگ جو نکلی اپنی گہرون سی اور وہ ہزار دن تہی موت کی ڈرسی پہر کہا اونکو اللہ نی مرجاو پیچہی اونکو جلا دیا اللہ تو فضل رکہتا ہی لوگون پر لیکن اکثر لوگ شکر نہین کرتی ف یہ پہلی امت مین ہوا ہے کہ کئی ہزار شخص گہر بار لیکر اپنی وطن کو چہوڑ نکلے اون کو ڈر ہوا غنیم کا اور لڑنی سی چہپایا یا ڈر ہوا وبا کا اور یقین نہ ہوا تقدیر کا پہر ایک منزل مین پہنچ کر ساری مرگئی پہر سات دن کی بعد پیغمبر کے دعا سی زندہ ہوئے کہ اگی کو توبہ کرین یہان اسی واسطی فرمایا کہ جہاد سی چہپانا عبث ہی موت نہین چہوڑتی وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ۝ اور لڑو اللہ کی راہ مین اور جان لو کہ اللہ سنتا ہی جانتا مَنْ ذَا [illegible] فَيُضَاعِفَهٗ لَهٗ اَضْعَافًا كَثِيْرَةً [illegible] يَبْسُطُ وَ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ۝ کون شخص ہی ایسا کہ [illegible] اچہا قرض کہ وہ

اوسکو دونا کردی کتی برابر اور اللہ تنگی کرتا ہی اور کشایش اور اوسی پاس الٹی جاوگی

ف اللہ کو قرض دی یعنی جہاد مین خرچ کری اسطرح فرمایا مہربانی سی اور تنگی کا اندیشہ نہ رکھی اللہ کی ہاتھ کشایش ہی

أَلَمْ تَرَ إِلَى الْمَلَإِ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ مِنْ بَعْدِ مُوسَىٰ إِذْ قَالُوا لِنَبِيٍّ لَهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا نُقَاتِلْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ قَالَ هَلْ عَسَيْتُمْ إِنْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ أَلَّا تُقَاتِلُوا قَالُوا وَمَا لَنَا أَلَّا نُقَاتِلَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَقَدْ أُخْرِجْنَا مِنْ دِيَارِنَا وَأَبْنَائِنَا فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْا إِلَّا قَلِيلًا مِنْهُمْ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِالظَّالِمِينَ

تو نی نہ دیکھی ایک جماعت بنی اسرائیل مین موسی کی بعد جب کہا اپنی نبی کو کہڑا کردے ہمکو ایک بادشاہ کہ ہم لڑائی کرین اللہ کی راہ مین وہ بولا کہ یہ بہی توقع ہی تمسی کہ اگر حکم ہو تمکو لڑائی کا تب نہ لڑو بولی ہمکو کیا ہوا کہ ہم نہ لڑین اللہ کی راہ مین اور ہم کو نکال دیا ہی ہماری گہر سی اور بیٹون سی پہر جب حکم ہوا اونکو لڑائی کا پہر گئی مگر تہوڑی اونمین اور اللہ کو معلوم ہین گنہگار

ف بعد حضرت موسی کے ایک مدت بنی اسرائیل کا کام بنا رہا پہر جب نیت بری ہوگئی اون پر غنیم مسلط ہوا جالوت بادشاہ کافر اونکی اطراف کے شہر چہین لئی اور لوٹا اور بندی پکڑ لی گیا وہان کی بہاگی لوگ شہر بیت المقدس مین جمع ہوئی حضرت شمویل پیغمبر سی چاہا کہ کوئی بادشاہ با اقبال مقرر کردو کہ بغیر سردار با اقبال ہم لڑ نہین سکتے

وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ إِنَّ اللَّهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ طَالُوتَ مَلِكًا قَالُوا أَنَّىٰ

يَكُونُ لَهُ الْمُلْكُ عَلَيْنَا وَنَحْنُ أَحَقُّ بِالْمُلْكِ مِنْهُ وَلَمْ يُؤْتَ سَعَةً مِّنَ الْمَالِ ط قَالَ إِنَّ اللَّهَ اصْطَفَاهُ عَلَيْكُمْ وَزَادَهُ بَسْطَةً فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ ط وَاللَّهُ يُؤْتِي مُلْكَهُ مَن يَشَاءُ وَاللَّهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ۝ اور کہا اونکو اونکی نبی نی الله نی کہڑا کر دیا تمکو طالوت بادشاہ بولی کہان ہوگی اسکو سلطنت ہمارے اوپر اور ہمارا حق زیادہ ہے سلطنت مین اس سے اور اوسکو ملی نہین کشایش مال کی کہا الله نی اوسکو پسند کیا تمسی اور زیادہ کشایش دی عقل مین اور بدن مین اور الله دیتا ہی اپنی سلطنت جسکو چاہے اور الله کشایش والا ہی سب جانتا ف طالوت کی قوم مین آگی سلطنت نہ تہی اور کسب کرتا تہا اون کی نظر مین حقیر لگا نبی نی فرمایا کہ سلطنت حق کسی کا نہین اور بڑی لیاقت ہی عقل اور بدن کی کشایش یہ تہی کہ الله تعالی نی اون پیغمبر کو ایک عصا بتایا کہ جسکا قد اس کے برابر ہو سلطنت اوسکو ہی اوسکی برابر قد اسیکا آیا وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ إِنَّ آيَةَ مُلْكِهِ أَن يَأْتِيَكُمُ التَّابُوتُ فِيهِ سَكِينَةٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ آلُ مُوسَىٰ وَآلُ هَارُونَ تَحْمِلُهُ الْمَلَائِكَةُ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لَّكُمْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ۝ اور کہا اون کو اونکی نبی نی نشان اوسکی سلطنت کا یہ کہ آوی تمکو صندوق جسمین دلجمعی ہی تمہارے رب کی طرف سے اور کچھ بچی چیزین جو چہوڑ گئی موسی و ہارون کی اولاد اوٹہا لاوین اوسکو فرشتی اسمین نشانی پوری ہی تمکو اگر یقین رکہتی ہو ف بنی اسرائیل مین ایک صندوق چلا آتا تہا

ع ۳۳

اوسمین تبرکات تہی حضرت موسی وہارون کے لڑائی وقت سرداروں کی آگی لی چلتی اور دشمن پر حملہ کرتی تو اوسکو آگی دہر کر پہر اللہ فتح دیتا جب یہہ بدنیت ہوگئی وہ صندوق انسی چہین گیا غنیم کی ہاتہہ لگا اب جو طالوت بادشاہ ہوا وہ صندوق خود بخود رات کی وقت اسکی گہر کی سامہنے آموجود ہوا سبب یہ کہ غنیم کی شہرمین جہان رکہا اون پر بلا پڑی پانچ شہر ویران ہوی تب ناچار اوہنون نی دو بیلون پر لادکر ہانک دیا پہر فرشتی بیلون کو ہانک کر یہان لی آئی فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوتُ بِالْجُنُودِ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ مُبْتَلِيكُمْ بِنَهَرٍ فَمَنْ شَرِبَ مِنْهُ فَلَيْسَ مِنِّي وَمَنْ لَمْ يَطْعَمْهُ فَإِنَّهُ مِنِّي إِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةً بِيَدِهِ فَشَرِبُوا مِنْهُ إِلَّا قَلِيلًا مِنْهُمْ فَلَمَّا جَاوَزَهُ هُوَ وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ قَالُوا لَا طَاقَةَ لَنَا الْيَوْمَ بِجَالُوتَ وَجُنُودِهِ قَالَ الَّذِينَ يَظُنُّونَ أَنَّهُمْ مُلَاقُوا اللّٰهِ كَمْ مِنْ فِئَةٍ قَلِيلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيرَةً بِإِذْنِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ مَعَ الصَّابِرِينَ پہر جب باہر ہوا طالوت فوجین لیکر کہا اللہ تمکو آزماتا ہی ایک نہر سی پہر جسنی پانی پیا اوسکا وہ میرا نہین اور جس نی اوسکو نہ چکہا وہ ہی میرا مگر جو کوئی بہر لی ایک چلو اپنی ہاتہہ سی پہر پی گئی اوس کا پانی مگر تہوڑی اونمین پہر جب پار ہوا وہ اور ایمان والی ساتہہ اوسکی کہنی لگی قوت نہین ہمکو آج جالوت کی اور اوسکی لشکر کی بولی جن کو خیال تہا کہ اونکو ملنا ہی اللہ سی بہت جگہ جماعت تہوڑی غالب ہوئی ہی بہت پر جماعت اللہ کی حکم سی اور اللہ ساتہہ ہی ٹہرنی والونکی ف طالوت کی ساتہہ نکلنی کو سب طیار ہوی

ہوبسی اوس نی تقید کیا کہ جو شخص جوان وبی فکر ہو وہی نکلی ایسی اسی ہزار نکلے

اوسنی چاہا کہ ان کو آزماوی ایک منزل پانی نہ سبب اوسکی ایک نہر ملی اوسنی تقید

کیا کہ ایک چلو سی زیادہ جو کوئی پیوی وہ میری ساتھ نہ آوی تین سو تیرہ آدمی رہ گئے

باقی سب موقوف ہوئی وَلَمَّا بَرَزُوا لِجَالُوتَ وَجُنُودِهِ قَالُوا

رَبَّنَا أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا

عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ ۔ اور جب سامہنی ہوی جالوت کی اور اوسکے

فوجون کے بولی ای رب ہمارے ڈال دی ہم مین جتنی مضبوطی ہی اور ٹہرا ہمارے پانو اور مدد کر

ہماری اس کافر قوم پر فَهَزَمُوهُمْ بِإِذْنِ اللَّهِ وَقَتَلَ دَاوُودُ

جَالُوتَ وَآتَاهُ اللَّهُ الْمُلْكَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَهُ مِمَّا

يَشَاءُ وَلَوْلَا دَفْعُ اللَّهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ

لَفَسَدَتِ الْأَرْضُ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ ذُو فَضْلٍ عَلَى

الْعَالَمِينَ ۔ پہر شکست دی اونکو اللہ کی حکم سی اور مارا داؤد نی جالوت کو

اور دی اوسکو اللہ نی سلطنت اور تدبیر سکہایا اسکو جو چاہا اور اگر دفع نہ کرا دی اللہ لوگونکو

ایک کو ایک سی تو خراب ہوجاوے ملک لیکن اللہ فضل رکہتا جہان کی لوگون پر ف

تین سو تیرہ آدمی مین حضرت داؤد کا باپ اور یہ اور انکی چہہ بہائی تہی ان کو راہ مین تین

پتہر ملی اور بولی کہ ہمکو اوٹہالی جالوت کو ہم مارین گے جب مقابلہ ہوا جالوت خود باہر نکلا

کہا تم سب کو مین کفایت ہون میری سامہنے آتی جاو پیغمبر نی حضرت داود کی باپ کو بلایا

کہ اپنی بیٹی مجہکو دکہا اوسنے چہہ بیٹی دکہای جو قد آور تہی حضرت داؤد کو نہ دکہایا وہ قد آور

نہ تہی اور بکریان چراتی تہی پیغمبر نی ان کو بلوایا اور پوچہا کہ تو جالوت کو ماری گا انہون نے کہا

کہ مارون کا پہر اوسکی سامنہی گئی وہ تین پہتر فلاخن مین رکہہ کر ماری اوسکا ماتہا کہلا تہا اور
تمام بدن لوہی مین غرق تہا ماتہی کو لگی اور پیچہی سی نکل گئی ف بعد اسکی طالوت نی
اپنی بیٹی تکو نکاح کر دی بعد طالوت کی یہ بادشاہ ہوی ف نادان لوگ کہتی ہین
کہ لڑائی کرنی نبیون کا کام نہین اس قصّی سی معلوم ہوا کہ جہاد ہمیشہ رہا ہی
اور اگر جہاد نہ ہو تو مفسد لوگ ملک کو ویران کرین تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ
نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ وَاِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ
یہ آیتین اللہ کی ہین ہم تجکو سناتی ہین تحقیق اور تو بیشک رسولون مین سے
تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ
مِنْهُمْ مَّنْ كَلَّمَ اللّٰهُ وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ
وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ
الْقُدُسِ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلَ الَّذِيْنَ
مِنْ بَعْدِهِمْ مِّنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ
وَلٰكِنِ اخْتَلَفُوْا فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ وَمِنْهُمْ
مَّنْ كَفَرَ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلُوْا وَ
لٰكِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ یہ سب رسول بڑائی دی ہمنی
ان مین ایک کو ایک سی کوئی ہی کہ کلام کیا اوس سی اللہ نی اور بلند کئی بعضو نکے
درجی اور دین ہمنی عیسی مریم کی بیٹی کو نشانیان صریح اور زور دیا اوسکو روح پاک
سی اور اگر چاہتا اللہ نہ لڑتی اونکی پہلی بعد اسکی کہ پہنچی اونکو صاف حکم لیکن وہ
پہٹ گئی پہر کوئی اونمین یقین لایا اور کوئی منکر ہوا اور اگر چاہتا اللہ نہ لڑتی لیکن اللہ

ع ۳۳

کرتا ہی جو چاہی یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰکُمْ
مِنْ قَبْلِ اَنْ یَّاْتِیَ یَوْمٌ لَّا بَیْعٌ فِیْهِ وَلَا خُلَّةٌ
وَّلَا شَفَاعَةٌ وَالْکٰفِرُوْنَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝
ای ایمان والون خرچ کرو کچهه ہمارا دیا ہہلی اوس دن کے انی سی جسمین نہ بکنا ہے
نہ آشنائی ہی نہ سفارش اور جو منکر ہین وہی ہین گنہگار ف یعنی عمل کا وقت ابہی ہے
اخرت مین نہ عمل بکتی ہن نہ کوئی آشنائی سی دیتا ہی نہ کوئی سفارش سی چہڑا سکتا
جب تک پکڑنی والا نہ چہوڑی اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۝
لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ
وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗ
اِلَّا بِاِذْنِهٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ
وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖ اِلَّا بِمَا شَاءَ
وَسِعَ کُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ
وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝
اللہ اوسکی سوای کسی کی بندگی نہین جیتا ہی سب کا تہامنی والا نہین پکڑتی اوسکو
اونگهہ نہ نیند اوسی کا ہی جو کچهہ ہی آسمان و زمین مین کون ایسا ہی کہ سفارش کری اوسکی
پاس مگر اوسکی اذن سی جانتا ہی جو خلق کی روبرو ہی اور جو پیٹہ پیچہی اور یہ نہین
گہیر سکتی اوسکی علم مین سی کچهہ مگر جو وہ چاہے گنجایش ہے اوسکی کرسی مین آسمان و زمین
کو اور تہکتا نہین ان کی تہامنی سی اور وہی ہی اوپر سب سے بڑا لَا اِکْرَاهَ
فِی الدِّیْنِ قَدْ تَّبَیَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَیِّ فَمَنْ یَّکْفُرْ

بِالطَّاغُوتِ وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا وَاللّٰهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ

زور نہین دین کی بات مین کہل چکی ہی صلاحیت او بیراہی اب جوکوی منکر ہو مفسدسی اور یقین لاوی اللہ پر اوسنے پکڑی کڑ مضبوط جو ٹوٹنی والی نہین اور اللہ سنتا ہی جانتا ف یعنی جہاد کرنا یہہ نہین کہ زورسی اپنا دعوی قبول کروانے ہین بلکہ جس کام کو سب نیک کہتی ہین اور کرتی نہین وہی کرواتی ہین

اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِينَ اٰمَنُوا يُخْرِجُهُمْ مِنَ الظُّلُمَاتِ اِلَى النُّورِ وَالَّذِينَ كَفَرُوا اَوْلِيَاءُهُمُ الطَّاغُوتُ يُخْرِجُونَهُمْ مِنَ النُّورِ اِلَى الظُّلُمَاتِ اُولٰئِكَ اَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ •

ع ۳۵

اللہ کام بنانی والا ہی ایمان والون کا نکالتا ہی اونکو اندہیرونسی اجالی مین اور وہ جو منکر ہین اونکی رفیق ہین شیطان نکالتی ہین اونکو اجالےسی اندہیرونمین وہ ہین دوزخ والی وہ اوسی مین رہ پڑی ف یعنی جہاد ہی کافرون کی ضد توڑنی کو اور ہدایت اللہ کرتا ہی جسکی قسمت مین رکہی ہی اونکو شبہہ آیا تو ساتہ ہی اللہ خبردار کردیا

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِي حَاجَّ اِبْرَاهِيمَ فِي رَبِّهٖ اَنْ اٰتَاهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ اِذْ قَالَ اِبْرَاهِيمُ رَبِّيَ الَّذِي يُحْيِي وَيُمِيتُ قَالَ اَنَا اُحْيِي وَاُمِيتُ قَالَ اِبْرَاهِيمُ فَاِنَّ اللّٰهَ يَاْتِي بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَاْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ فَبُهِتَ الَّذِي كَفَرَ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ • تونی نہ دیکہا وہ شخص جو جہگڑا

ابراہیم سی اوسکی رب پر واسطہ یہ کہ دی تہی اوسکو اللہ نی سلطنت جب کہا ابراہیم نے
میرا رب وہ ہے جو جلاتا ہی اور مارتا ہی بولا مین ہون جلاتا اور مارتا کہا ابراہیم نے
اللہ تو لاتا ہی سورج کو مشرق سی پہر تو لی آ اوسکو مغرب سے تب حیران رہ گیا وہ منکر
اور اللہ راہ نہین دیتا بی انصاف لوگون کو ف ایک بادشاہ تہا وہ اپنی تئین
سجدہ کرواتا تہا سلطنت کی غرور سی حضرت ابراہیم نے اوسکو سجدہ نہ کیا
اوسنی پوچہا انہون نی کہا کہ مین اپنی رب ہے کو سجدہ کرتا ہون اوسنی کہا
رب تو مین ہون انہون نی کہا مین رب حاکم کو نہین کہتا رب وہ ہے جو جلاوی اور
ماری اوسنی دو قیدی منگای جسکو جلانا پہنچتا تہا مار ڈالا جسکو مارنا پہنچتا تہا
چہوڑ دیا تب انہون نی آفتاب کے دلیل سی اوسکو لاجواب کیا اَوْ كَا
الَّذِي مَرَّ عَلٰى قَرْيَةٍ وَّهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوشِهَا
قَالَ اَنّٰى يُحْيِي هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ
مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ ط قَالَ كَمْ لَبِثْتَ قَالَ لَبِثْتُ يَوْمًا
اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ط قَالَ بَلْ لَبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانْظُرْ
اِلٰى طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ ج وَانْظُرْ
اِلٰى حِمَارِكَ وَلِنَجْعَلَكَ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَانْظُرْ
اِلَى الْعِظَامِ كَيْفَ نُنْشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوهَا
لَحْمًا ط فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗ قَالَ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ
شَيْءٍ قَدِيْرٌ یا جیسی وہ شخص کہ گذرا ایک شہر پر اور وہ گرا پڑا تہا اپنی چہتون پر
بولا کہان جلاویگا اسکو اللہ مری پیچہی پہر مار رکہا اوس شخص کو اللہ نی سو برس ہے پیچہے

پہر اوٹہا یا گیا تو کتنی دیر رہا بولا مین رہا ایک دن یا ایک دن سے کچہہ کم کہا نہین بلکہ تو رہا سو برس اب دیکہہ اپنا کہانا اور پینا سڑ نہین گیا اور دیکہہ اپنی گدہی کو اور تجکو ہم نمونہ کیا چاہین لوگون کی واسطے اور دیکہہ ہڈیان کس طرح اونکو ابہارتی ہین پہر اون پر پہناتی ہین گوشت پہر جب اوس پر ظاہر ہوا بولا مین جانتا ہون کہ اللہ ہر چیز پر قادر ہی ف یہ شخص حضرت عزیر تہی بخت نصر ایک بادشاہ کافر بنی اسرائیل پر غالب ہوا شہر بیت المقدس کو ویران کیا تمام لوگ بندی مین پکڑی گئی تب حضرت عزیر اس شہر پر گذری تعجب کیا کہ یہ شہر پہر کیون کر آباد ہوا اوسی جگہ ان کی روح قبض ہوی سو برس کی بعد زندہ ہوی ان کا کہانا اور پینا پاس دہرا تہا اوسیطرح اور سواری کا گدہا مر کر ہڈیان اوسی شکل سی دہری تہین وہ ان کی روبرو زندہ ہوا اس سو برس مین بنی اسرائیل قید سی خلاص ہوی اور شہر پہر آباد ہو رہا انہون نی زندہ ہو کر آباد ہی دیکہا

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ اَرِنِيْ كَيْفَ تُحْيِ الْمَوْتٰى قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِيْ قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَيْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰى كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ يَاْتِيْنَكَ سَعْيًا وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ

ع ٣٦

اور جب کہا ابراہیم نی ای رب دکہا مجکو کیونکر جلاویگا تو مردی فرمایا کیا تو نی یقین نہین کیا کہا کیون نہین لیکن اس واسطے کہ تسکین ہو میری دل کو فرمایا تو پکڑ چار جانور اوڑتی پہر اونکو ہلا اپنی ساتہہ پہر ڈال ہر پہاڑ پر اونکا ایک ایک ٹکڑا پہر اونکو پکار کہ پکار کہ آوین تیری پاس دوڑتی اور جان لیکہ اللہ زبردست ہی حکمت والا ہے

ف چار جانور لای ایک مور ایک مرغ ایک کوا ایک کبوتر اونکو اپنی ساتہہ ہلا کہ پہچان رکہا

پہر ذبح کیا ایک پہاڑ پر چارون کی سر رکہی ایک پر پر ایک پر دہڑ ایک پر پانو بہلی بیچ مین
کہڑی ہوکر ایک کو پکارا اوسکا سر اوٹہہ رہوا مین کہڑا ہوا پہر دہڑ ملا پہر پر لگی پہر پانو وہ
دوڑتا چلا آیا اسیطرح چارون آئی ف یہ تین قصی فرمائی اوس پر کہ اللہ آپ ہدایت
کرنی والا ہی جسکو چاہی اگر شبہہ پڑی تو ساتہہ ہی جواب بہیجی اب اگی پہر جہاد کا مذکور
ہی اور اللہ کی راہ مین مال خرچ کرنی کا مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ
اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ
سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ
وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ
مثال اونکی جو خرچ کرتی ہین اپنی مال اللہ کی راہ مین جیسی ایک دانہ اوس سی
اوگین سات بالین ہر بال مین سو سو دانی اور اللہ بڑہاتا ہی جسکی واسطی چاہی اور اللہ کشائش
والا ہی سب جانتا الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
ثُمَّ لَا يُتْبِعُوْنَ مَآ اَنْفَقُوْا مَنًّا وَّلَآ اَذًى لَّهُمْ
اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ
يَحْزَنُوْنَ ۔ جو لوگ خرچ کرتی ہین اپنی مال اللہ کی راہ مین پہر پیچہی خرچ کرکر
نہ احسان رکہتی ہین نہ ستاتی ہین اونہی کو ہی ثواب اون کا اپنی رب کی ہان
اور نہ ڈر ہی اون پر نہ وہ غم کہاوین گی قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ وَّمَغْفِرَةٌ
خَيْرٌ مِّنْ صَدَقَةٍ يَّتْبَعُهَآ اَذًى وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَلِيْمٌ
بات کہنی معقول اور درگذر کرنی بہتر اوس خیرات سی جسکی پیچہی ستانا اور اللہ
بی پرواہ ہی تحمل والا ف یعنی مانگنی والی کو نرمی سی جواب دینا اور اوسکی بدخوئی پر

در گذر کرگی نہ رہی اس سے کہ دیوی پہر اوسکو بار بار دباوی یہ سمجہی کہ مین نی تو اللہ کو دیا ہی
اوسکو کیا پرواہی مگر اپنا بہلا کرتا ہون يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا
تُبْطِلُوا صَدَقَاتِكُم بِالْمَنِّ وَالْأَذَىٰ كَالَّذِي
يُنفِقُ مَالَهُ رِئَاءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَ
الْيَوْمِ الْآخِرِ فَمَثَلُهُ كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ
تُرَابٌ فَأَصَابَهُ وَابِلٌ فَتَرَكَهُ صَلْدًا لَا
يَقْدِرُونَ عَلَىٰ شَيْءٍ مِّمَّا كَسَبُوا وَاللَّهُ لَا
يَهْدِي الْقَوْمَ الْكَافِرِينَ ای ایمان والون مت ضایع کرو
اپنی خیرات احسان رکھہ کر اور ستا کر جیسی وہ جو خرچ کرتا ہی اپنا مال لوکون کی دکہانی کو
اور یقین نہین رکہتا اللہ پر اور پچہلی دن پر سو اوسکی مثال جیسی صاف پتہر اوس پر
پڑی ہی مٹی پہر اوس پر برسا زور کا مینہہ تو اوسکو کر رکہا سخت کچہہ ہاتہہ نہین لگتے
انکو اپنی کمائی اور اللہ راہ نہین دیتا منکر لوکون کو اوپر مثال فرمائی خیرات کی
جیسی ایک دانہ بویا اور سات بالین نکلین سات سو دانی ہی یہان فرمایا کہ نیت نثر
اگر دکہاوی کی نیت سی خرچ کیا تو جیسی دانہ بویا پتہر مین جس پر تہوڑی سی مٹی نظر
آتی تہی جب مینہ پڑا وہ صاف رہ گیا اوسمین سی کیا اوگی کا وَمَثَلُ الَّذِينَ
يُنفِقُونَ أَمْوَالَهُمُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللَّهِ وَتَثْبِيتًا
مِّنْ أَنفُسِهِمْ كَمَثَلِ جَنَّةٍ بِرَبْوَةٍ أَصَابَهَا
وَابِلٌ فَآتَتْ أُكُلَهَا ضِعْفَيْنِ فَإِن لَّمْ يُصِبْهَا
وَابِلٌ فَطَلٌّ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ اور مثال اونکی جو خرچ

کرتی ہین مال اپنی اللہ کی خوشی چاہ کر اور اپنا دل ثابت کر کر جیسی ایک باغ بلندی پر اوس پر
پڑا مینہ تو لایا اپنا پہل دونا پہر اگر نہ پڑا اوس پر مینہ تو اوس پر پہوار ہی بس ہی اور اللہ تمہاری کام دیکہتا ہے
ف مینہ سی مراد بہت مال خرچ کرنا اور اوس پہوار سی مراد تہوڑا مال سو اگر نیت درست
ہی تو بہت خرچ کا بہت ثواب ہے اور تہوڑا بہی کام آتا ہی جیسی خالص زمین پر باغ جتنا
مینہ برسی اوسکو فائدہ ہی بلکہ اوس پہوار بہی کافی ہی اور نیت درست نہین تو جس قدر
زیادہ خرچ کری اور ضایع ہی کیونکہ زیادہ مال دینی مین دکہاوا بہی زیادہ ہی جیسے
پتہر پر دانہ جتنا زور کا مینہ برسی اور صفر کری کہ مٹی دہوئی جاوی أَيَوَدُّ أَحَدُكُمْ
أَنْ تَكُونَ لَهُ جَنَّةٌ مِنْ نَخِيلٍ وَأَعْنَابٍ تَجْرِي مِنْ
تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ لَهُ فِيهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرَاتِ
وَأَصَابَهُ الْكِبَرُ وَلَهُ ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَاءُ فَأَصَابَهَا
إِعْصَارٌ فِيهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ
لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُونَ •

ع ۳۷

بہلا خوش لگتا ہی تم مین کسی کو کہ ہووی اوسکا ایک باغ کہجور اور انگور کا بہتی نیچی اوسکی
ندیان اوسکو وہان حاصل سب طرح کا میوا اور اوس پر بوڑہاپا پڑا اور اوسکی
اولاد ہین ضعیف تب پڑا اوس باغ پر بگولا جسمین آگ تہی تو وہ جل گیا یون سمجہاتا ہی
اللہ تمکو آیتین شاید تم دہیان کرو ف اب مثال فرمائی احسان رکہنی والی کی جو اپنی خیرات اچہی کو
ضایع کری جیسی جوانی کی وقت باغ حاصل کیا توقع کہ بڑی عمر مین کام آوی عین کام کی وقت جل گیا
يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَنْفِقُوا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا كَسَبْتُمْ
وَمِمَّا أَخْرَجْنَا لَكُمْ مِنَ الْأَرْضِ وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيثَ

مِنْهُ تُنْفِقُونَ وَلَسْتُمْ بِآخِذِيهِ إِلَّا أَنْ تُغْمِضُوا فِيهِ
وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ غَنِيٌّ حَمِيدٌ ۔ اے ایمان والون خرچ کرو ستہری
چیزین اپنی کمائی مین سے اور جو ہمنے نکال دیا تمکو زمین سے اور نیت نہ رکھو گندی
چیز پر کہ خرچ کرو اور تم آپ وہ لوگے مگر جو آنکھین موند لو اور جان رکھو کہ اللہ بے پروا ہے
خوبیون والا ف یعنی خیرات قبول ہونے کی یہ بہی شرط ہے کہ مال حلال کمایا ہو حرام نہ ہو اور
بہتر چیز اللہ کی راہ دیوے یہ نہین کہ بری چیز خیرات مین لگا دے کہ لینے دینے مین آپ ویسی چیز قبول
نہ کرے مگر ناچار ہو کر کیونکہ اللہ بے پروا ہے محتاج نہین اور خوبیون والا ہے خوب سے خوب
پسند کرتا ہے اَلشَّيْطَانُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَأْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَاءِ
وَاللَّهُ يَعِدُكُمْ مَغْفِرَةً مِنْهُ وَفَضْلًا وَاللَّهُ وَاسِعٌ
عَلِيمٌ ۔ شیطان وعدہ دیتا ہے تمکو تنگی کا اور حکم کرتا ہے بے حیائی کا اور اللہ وعدہ
دیتا ہے اپنی بخشش کا اور فضل کا اور اللہ کشایش والا ہے سب جانتا ف یعنی جب
دل مین آوے کہ مال خیرات مین دے ڈالون تو مین مفلس رہ جاؤن اور ہمت آوے بے حیائی پر
کہ اللہ کی تاکید سن کر بہی خرچ نہ کرے تو جان لیوے کہ یہ شیطان کی طرف سے آیا اور جب خیال
آوے کہ خیرات سے گناہ بخشے جاوینگے اور اللہ کے ہان کمی نہین جاہے گا تو اور دیگا تو جان لیوے
کہ یہ اللہ کی طرف سے آیا يُؤْتِي الْحِكْمَةَ مَنْ يَشَاءُ وَمَنْ يُؤْتَ الْحِكْمَةَ
فَقَدْ أُوتِيَ خَيْرًا كَثِيرًا وَمَا يَذَّكَّرُ إِلَّا أُولُو الْأَلْبَابِ
دیتا ہے سمجھ جسکو چاہے اور جسکو سمجھ ملی بہت خوبی ملی اور وہی سمجھین جنکو عقل ہے
وَمَا أَنْفَقْتُمْ مِنْ نَفَقَةٍ أَوْ نَذَرْتُمْ مِنْ نَذْرٍ فَإِنَّ
اللَّهَ يَعْلَمُهُ وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ أَنْصَارٍ ۔ اور جو خرچ کروگے کوئی خرچ

یا قبول کرو کی کوی منت سو اللہ کو معلوم ہی اور گنہ گارون کا کوی نہین مددگار ف

یعنی منت قبول کی تو واجب ہو گئی اب ادا نہ کری تو گنہگار ہی نذر اللہ کی نذر اوسکی سوا

کسی کی نہ چاہیی مگر یہ کہی کہ اللہ کی واسطی فلانی شخص کو دونگا تو مختار ہی اِنْ

تُبْدُوا الصَّدَقَاتِ فَنِعِمَّا هِيَ وَإِنْ تُخْفُوهَا وَ

تُؤْتُوهَا الْفُقَرَاءَ فَهُوَ خَيْرٌ لَكُمْ وَيُكَفِّرُ عَنْكُمْ

مِنْ سَيِّئَاتِكُمْ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ اگر کہلی دو خیرات

تو کیا اچھی بات اور اگر چھپاو اور فقیرون کو پہنچاو تو تمکو بہتر ہی اور اتارتا ہی کچھ

گناہ تمہاری اور اللہ تمہاری کام سی واقف ہی ف اگر نیت دکھاوی کی

نہ ہو تو خیرات کہلی بی بہتر کہ اورون کو شوق آوی اور چھپی بی بہتر کہ لینی والا

نہ شرماوی لَيْسَ عَلَيْكَ هُدَاهُمْ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يَهْدِي

مَنْ يَشَاءُ وَمَا تُنْفِقُوا مِنْ خَيْرٍ فَلِأَنْفُسِكُمْ

وَمَا تُنْفِقُونَ إِلَّا ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللَّهِ وَمَا تُنْفِقُوا

مِنْ خَيْرٍ يُوَفَّ إِلَيْكُمْ وَأَنْتُمْ لَا تُظْلَمُونَ تیرا

ذمہ نہین اونکو راہ پر لانا لیکن اللہ راہ پر لاوی جسکو چاہی اور جو مال خرچ کرو گی سو اپنی

واسطی جب تک نہ خرچ کرو گی مگر اللہ کی خوشی چاہکر اور جو خرچ کرو گی مگر اللہ کی خوشی چاہکر

اور جو خرچ کرو گی خیرات پوری ملی گی تمکو اور تمہارا حق نہ رہی گا لِلْفُقَرَاءِ الَّذِينَ

أُحْصِرُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ لَا يَسْتَطِيعُونَ ضَرْبًا

فِي الْأَرْضِ يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ أَغْنِيَاءَ مِنَ التَّعَفُّفِ

تَعْرِفُهُمْ بِسِيمَاهُمْ لَا يَسْأَلُونَ النَّاسَ إِلْحَافًا

سابع ع

وَمَا تُنفِقُوا مِنْ خَيْرٍ فَإِنَّ اللَّهَ بِهِ عَلِيمٌ • دیتا ہی اون مفلسونکو
جو اٹک رہی ہین اللہ کی راہ مین چل پھر نہین سکتی ملک مین سمجھی اونکو بیخبر محظوظ اونکی
نہ مانگنی سی تو پہچانتا ہی اونکو اونکی چہری سی نہین مانگتی لوگون سی لپٹ کر اور جو خرچ
کروگی کام کی چیز وہ اللہ کو معلوم ہے ف یعنی بڑا ثواب ہی اونکا دینا جو اللہ کی کام مین اٹک
گئی ہین کما نہین سکتی اور اپنی حاجت ظاہر نہین کرتی جیسی حضرت کی اصحاب تہے
اہل صفہ گہر بار چہوڑ کر حضرت کی صحبت پکڑی تہی علم سیکہنے کو اور جہاد کرنی کو ایسی ہی
اب بہی جو کوئی حفظ قران کو یا علم دین مین مشغول ہو لوگون کو لازم ہی کہ اونکی مدد کرین
الَّذِينَ يُنفِقُونَ أَمْوَالَهُم بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا
وَعَلَانِيَةً فَلَهُمْ أَجْرُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ
عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ • جو لوگ خرچ کرتی ہین اپنی مال اللہ کی
راہ مین رات اور دن چہپی اور کہلی تو اونکو ہی مزدوری اونکی اپنی رب کے پاس اور نہ ڈر ہے
اون پر نہ وہ غم کہاوین گی ف یہان تک خیرات کا بیان تہا آگی سود کو حرام فرمایا جب
خیرات کا تقید ہو تو قرض دینا تو اونی ہی قرض پر سود کاہی کو لیا چاہیی الَّذِينَ
يَأْكُلُونَ الرِّبَا لَا يَقُومُونَ إِلَّا كَمَا يَقُومُ الَّذِي
يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطَانُ مِنَ الْمَسِّ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوا
إِنَّمَا الْبَيْعُ مِثْلُ الرِّبَا وَأَحَلَّ اللَّهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ
الرِّبَا فَمَن جَاءَهُ مَوْعِظَةٌ مِّن رَّبِّهِ فَانتَهَىٰ
فَلَهُ مَا سَلَفَ وَأَمْرُهُ إِلَى اللَّهِ وَمَنْ عَادَ
فَأُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ •

کھاتی ہین سود نہ اوٹھینگی قیامت کو مگر جسطرح اوٹھتا ہی جسکی حواس کھو دیئی جن نے لپٹ کر یہ اس واسطی کہ اونہون نی کہا سوداگری بھی تو ویسا ہی ہے جیسا سود لینا اور اللہ نی حلال کیا سوداگری اور حرام کیا سود پھر جسکو پہنچی نصیحت اپنی رب کی اور باز آیا تو اوسکا ہی جو آگی ہو چکا اور اوسکا حکم اللہ کی اختیار اور جو کوئی پھر کری وہی ہین دوزخ کی لوک وہ اوسی مین رہ پڑی ف یعنی منع سی پہلی جو لیا دنیا مین پھروانا نہین پہنچتا اور آخرت مین اللہ کا اختیار ہی تو بخشی چاہی باقی بعد منع کی جو کوئی لیوی وہ دوزخی ہی اور خدا کے حکم کی سامنے عقل کے دلیل لانی اسکی ہی سزا ہی جو فرمائی يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَيُرْبِي الصَّدَقٰتِ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ اَثِيْمٍ ۝ مٹاتا ہی اللہ سود اور بڑھاتا ہی خیرات اور اللہ نہین چاہتا کسی ناشکر گنہگار کو ف یعنی منع اتنی سی پہلے لی چکی اور اگلا چڑھا ہوا اب نہ مانگو فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا ف یعنی مالدار ہوکر محتاج کو قرض بی منت نہ دی جب تک سود نہ رکھ لی یہ نعمت کی ناشکری ہے اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ جو لوگ ایمان لائی اور عمل نیک کئی اور قایم رکھی نماز اور دی زکوۃ اونکو ہی بدلا اونکا اپنی رب کے پاس اور نہ اون پر ڈر ہی نہ وہ غم کھاوین گی يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰوٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ ای ایمان والون ڈرو اللہ سی اور چھوڑ دو جو رہ گیا سود اگر تمکو یقین ہی ف یعنی منع آنی سی پہلی لی چکی سو لی چکی اور اگلا چڑھا ہوا نہ مانگو

فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا فَأْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ
وَاِنْ تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوْسُ اَمْوَالِكُمْ لَا
تَظْلِمُوْنَ وَلَا تُظْلَمُوْنَ ۝ پھر اگر نہیں کرتی تو خبردار ہو جاؤ لڑنی کو
اللہ سی اور اوسکی رسول سی اور اگر توبہ کرتی ہو تو تمکو پہنچتی ہیں اصل مال تمہاری
نہ تم کسو پر ظلم کرو نہ کوئی تم پر ف یعنی اگلا سود لیا ہوا تمہاری اصل مال میں حساب کریں
تو تم پر ظلم ہی اور منع کی بعد اگلا چڑھا سود تم مانگو تو تمہارا ظلم ہی وَاِنْ كَانَ
ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ وَاَنْ تَصَدَّقُوْا
خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ اور اگر ایک شخص ہی تنگی والا
تو فرصت دینی چاہیی جب تک کشایش پاوی اور اگر خیرات کر دو تو تمہارا
بھلا ہے اگر تمکو سمجھ ہی ف یعنی جب دیکھا کہ سود موقوف ہوا اب لگو مفلسوں سے
تقاضا کرنی یہ نہ چاہیی بلکہ فرصت دو اور اگر توفیق ہو تو بخش دو وَاتَّقُوْا
يَوْمًا تُرْجَعُوْنَ فِيْهِ اِلَى اللّٰهِ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ
مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝ اور ڈرتی رہو اوس دن سے
جسمیں اولٹی جاؤگی اللہ کی پاس پھر پورا ملیگا ہر شخص کو جو اوسنی کمایا اور اون پر
ظلم نہ ہوگا يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا تَدَايَنْتُمْ
بِدَيْنٍ اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى فَاكْتُبُوْهُ وَلْيَكْتُبْ
بَّيْنَكُمْ كَاتِبٌۢ بِالْعَدْلِ وَلَا يَاْبَ كَاتِبٌ
اَنْ يَّكْتُبَ كَمَا عَلَّمَهُ اللّٰهُ فَلْيَكْتُبْ وَلْيُمْلِلِ
الَّذِيْ عَلَيْهِ الْحَقُّ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ وَلَا يَبْخَسْ

ع ۳۹

مِنْهُ شَيْئًا فَإِنْ كَانَ الَّذِي عَلَيْهِ الْحَقُّ سَفِيهًا
أَوْ ضَعِيفًا أَوْ لَا يَسْتَطِيعُ أَنْ يُمِلَّ هُوَ فَلْيُمْلِلْ
وَلِيُّهُ بِالْعَدْلِ وَاسْتَشْهِدُوا شَهِيدَيْنِ
مِنْ رِجَالِكُمْ فَإِنْ لَمْ يَكُونَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ
وَامْرَأَتَانِ مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَاءِ أَنْ تَضِلَّ
إِحْدَاهُمَا فَتُذَكِّرَ إِحْدَاهُمَا الْأُخْرَى وَلَا
يَأْبَ الشُّهَدَاءُ إِذَا مَا دُعُوا وَلَا تَسْأَمُوا أَنْ
تَكْتُبُوهُ صَغِيرًا أَوْ كَبِيرًا إِلَى أَجَلِهِ
ذَلِكُمْ أَقْسَطُ عِنْدَ اللَّهِ وَأَقْوَمُ لِلشَّهَادَةِ
وَأَدْنَى أَلَّا تَرْتَابُوا إِلَّا أَنْ تَكُونَ تِجَارَةً حَاضِرَةً
تُدِيرُونَهَا بَيْنَكُمْ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَلَّا
تَكْتُبُوهَا وَأَشْهِدُوا إِذَا تَبَايَعْتُمْ وَلَا يُضَارَّ
كَاتِبٌ وَلَا شَهِيدٌ وَإِنْ تَفْعَلُوا فَإِنَّهُ
فُسُوقٌ بِكُمْ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَيُعَلِّمُكُمُ اللَّهُ وَاللَّهُ
بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ● اى ايمان والون جبوقت معاملت کرو ادہار کے
کسی وعدی مقرر تک تو اوسکو لکہو اور چاہیی لکہہ دی تمہاری درمیان کوی لکہنی والا
انصاف سی اور نہ کنارہ کری لکہنی والا اس سی کہ لکہہ دیوی جیسا سکہایا اوسکو
اللہنی سو وہ لکہی اور بتاوی جسپر حق دینا ہی اور ڈری اللہ سی جو رب ہی اوسکا اور ناقص
نکری اوسمین سی کچہہ پہر اگر جس شخص پر دینا آیا بی عقل ہی یا ضعیف ہی یا آپ نہین

بتا سکتا تو بتادی اوسکا اختیار والا انصاف سی اور شاہد کرو دو شاہد اپنی مردون مین سی پہر اگر نہون دو مرد تو ایک مرد اور دو عورتین جنکو پسند رکہتی ہو شاہدون مین کہ بہول جاوی ایک عورت تو یاد دلادی اوسکو وہ دوسری اور کنارہ نہ کرین شاہد جسوقت بلائی جاوین اور کاہلی نہ کرو اوسکی لکہنی سی چہوٹا ہو یا بڑا اوسکی وعدی تک اسمین خوب انصاف ہی اللہ کی ہان اور درست رہتی ہی گواہی اور لگتا ہی کہ تمکو شبہہ نہ پڑی مگر ایسا کہ سودا ہو روبرو کا پہیر بدل کرتی ہو آپسمین تو گناہ نہین تم پر کہ نہ لکہو اوسکو اور شاہد کریو جب سودا کرو اور نقصان نہ کری لکہنی والا نہ شاہد اور اگر ایسا کرو تو یہہ گناہ کی بات ہی تمہاری اندر اور ڈرتی رہو اللہ سی اور اللہ تمکو سکہاتا ہی اور اللہ سب چیز سی واقف ہی: ف اس ایت مین دو چیز کا تقید کا فرمایا ایک تو وعدی کی معاملت کو لکہہ رکہنا کہ اسمین پہر قضیہ نہ ہو اور اپنی تہین شبہہ نہ پڑی اور شاہد کو دیکہہ کر یاد آوی دوسری شاہد کرلینا ہر معاملت پر دو مرد یا ایک مرد اور دو عورت جنکو ہر کوئی پسند رکہی اور تقید فرمایا کہ نویسندہ اور شاہد نقصان کسی کا نہ کرین جو حق واجبی ہی سو ہی ادا کرین اور لکہنی مین جو دینی والا اپنی زبان سے کہی سو لکہین یا اوسکو کوئی بزرگ کہی اور اوسکو عقل نہ ہو

وَاِنْ كُنْتُمْ عَلٰى سَفَرٍ وَّلَمْ تَجِدُوْا كَاتِبًا فَرِهٰنٌ مَّقْبُوْضَةٌ فَاِنْ اَمِنَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا فَلْيُؤَدِّ الَّذِى اؤْتُمِنَ اَمَانَتَهٗ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ وَمَنْ يَّكْتُمْهَا فَاِنَّهٗٓ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ٥ اور تم سفر مین ہو اور نہ پاو لکہنی والا تو گرو ہاتہ مین رکہنی پہر اگر اعتبار کری ایک دوسری کا تو چاہیی پورا کری جس پر اعتبار کیا اپنی اعتبار کو اور ڈرتا رہی اللہ سی جو رب ہی اوس کا اور نہ چہپاو

ع ۴

گواہی کو اور جو کوئی وہ چھپاوی تو گنہ گار ہی دل اوسکا اور اللہ تمہاری کام سی واقف ہے

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا
فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ فَيَغْفِرُ
لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ
شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۔ اللہ کا ہی جو کچھ ہی آسمان و زمین مین اور اگر تم کھولو گی
اپنی جی کی بات یا چھپاوگی حساب لیگا تم سی اللہ پھر بخشیگا جسکو چاہی اور عذاب
کریگا جسکو چاہی اور اللہ سب چیز پر قادر ہی ف یہان معلوم ہوا کہ دلکی
خیال پر بھی حساب ہوگا یہ سنکر اصحاب نی حضرت سی عرض کیا کہ یہ حکم سخت
مشکل ہے فرمایا کہ بنی اسرائیل کی طرح انکار مت کرو بلکہ قبول رکھو اور اللہ سے
مدد چاہو پھر لوگون نی کہا کہ ہم ایمان لائی اور قبول کیا اللہ کی ہان یہ بات پسند ہوئی
تب اگلی دو آیتین اترین اونمین حکم آیا کہ مقدور سی باہر چیز کی تکلیف نہین
اب جو کوئی دلمین خیال گناہ کا کری اور عمل مین نہ لاوے اوسکو گناہ نہین لکھتے اٰمَنَ
الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ كُلٌّ
اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ لَا
نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا
غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۔ مانا رسول نی جو کچھ اترا
اوسکو اوسکی رب کی طرف سی اور مسلمانون نی سب نی مانا اللہ کو اور اوسکی فرشتون کو
اور کتابون کو اور رسولون کو ہم جدا نہین کرتی کسی کو اوسکی رسولونمین اور بولی
ہمنی سنا اور قبول کیا تیری بخشش چاہیی ای رب ہمارے اور تجھی تک رجوع ہے

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا لَهَا مَا كَسَبَتْ
وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا اِنْ
نَّسِيْنَا اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا اِصْرًا كَمَا
حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا
طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا
اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ • الله تکلیف
نہین دیتا کسی شخص کو مگر جو اوسکی گنجایش ہی اوسی کو ملتا ہی جو کمیا اور اوسی پر پڑتا ہی
جو کیا ای رب ہمارے نہ پکڑ ہمکو اگر ہم بہولین یا چوکین ای رب ہمارے اور نہ رکھہ ہم پر بوجہ بہاری
جیسی رکہتا تہا ہمسی اگلون پر ای رب ہمارے اور نہ اوٹہوا ہمسی جسکی طاقت نہین ہمکو اور
درگذر کر ہمسی اور بخشش ہمکو اور رحم کر ہم پر تو ہمارا صاحب ہے تو مدد کر ہماری قوم کافرین
یہ دعا الله نے پسند فرمائی تو قبول کے حکم بی ہم پر بہاری نہین رکہی اور دل کا خیال بی نہین پکڑا
اور بہول چوک بی معاف کی

سورۃ آل عمران مدنیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
الٓمّٓ • اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ • الله اوسکی سوای کسی
کی بندگی نہین جیتا ہی سبکا تہامنی والا نَزَّلَ عَلَیْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ
مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْهِ وَاَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِیْلَ
مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ • اتاری تجہ پر کتاب
تحقیق ثابت کرتی اگلی کتاب کو اور اُتاری تہی توراۃ و انجیل اس سی پہلے لوگون کی ہدایت کو
اور اُتارا انصاف اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِاٰیٰتِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ

رکوعہا ۲

شَدِيدٌ ۗ وَاللَّهُ عَزِيزٌ ذُو انْتِقَامٍ ۝ جو لوگ منکر ہین اللہ کی آیتوں سے

اون کو سخت عذاب ہی اور اللہ زبردست ہی بدلا لینی والا إِنَّ اللَّهَ لَا يَخْفَىٰ

عَلَيْهِ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ ۝ هُوَ الَّذِي يُصَوِّرُكُمْ

فِي الْأَرْحَامِ كَيْفَ يَشَاءُ ۚ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الْعَزِيزُ

الْحَكِيمُ ۝ اللہ اوس پر چھپی نہین کوی چیز زمین مین نہ آسمان مین

وہی تمہارا نقشہ بناتا ہی ماکی پیٹ مین جسطرح چاہی کسی کی بندگی نہین اوسکی

سوا زبردست ہی حکمت والا هُوَ الَّذِي أَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ

مِنْهُ آيَاتٌ مُحْكَمَاتٌ هُنَّ أُمُّ الْكِتَابِ وَأُخَرُ

مُتَشَابِهَاتٌ ۖ فَأَمَّا الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُونَ

مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَاءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَاءَ تَأْوِيلِهِ ۗ

وَمَا يَعْلَمُ تَأْوِيلَهُ إِلَّا اللَّهُ ۗ وَالرَّاسِخُونَ فِي الْعِلْمِ

يَقُولُونَ آمَنَّا بِهِ كُلٌّ مِنْ عِنْدِ رَبِّنَا ۗ وَمَا يَذَّكَّرُ

إِلَّا أُولُو الْأَلْبَابِ ۝ وہی ہی جسنی اُتاری تجہ پر کتاب اوسمین بعضی آیتین پکّی ہین

سو جڑ ہی کتاب کی اور دوسری ہین کئی طرف ملتی سو جنکی دل پہری ہوی ہین

وہ لگتی ہین اونکی ڈہب والیون سے تلاش کرتی ہین گمراہی اور تلاش کرتی ہین اونکی

کل بٹھانی اور اوسکی کل کوی نہین جانتا سوای اللہ کی اور جو مضبوط علم والی ہین سو

کہتی ہین ہم اس پر یقین لای سب کچھ ہماری رب کی طرف سی ہی اور سمجھای وہی سمجھتی

ہین جنکو عقل ہی ف اس سورۃ مین نصاری کو سمجھانا منظور ہی کہ حضرت مریم کو خدا کی

عورت کہتی اور حضرت عیسی کو خدا کا بیٹا اور وہ بہکی تہی اس پر کہ اللہ کی مہربانی کی الفاظ

وقف منزل

اونکی حق مین سنی تہی ایسی کہ بندگی سی زیادہ مرتبہ چاہین اس واسطے اللہ صاحب فرماتی
ہین کہ ہر کلام مین اللہ نی بعضی باتین رکہی ہین جنکی معنے صاف نہین کہلتی تو جو کمراہ ہو
اونکی معنے عقل سی لگی پکڑنی اور جو مضبوط علم رکہی وہ اونکی معنے اور آیتون سی
ملا کر سمجھی جو جڑ کتاب کی ہی اوسکی موافق سمجہ پاوی تو سمجہی واگر نہ پاوی تو اللہ پر
چہوڑی کہ وہی بہتر جانی ہم کو ایمان سے کام ہی رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا
بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً
اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۔ ای رب ہمارے دل نہ پہیر جب ہمکو ہدایت دی چکا
اور دی ہمکو اپنی ہان سی مہربانی بیشک توہی سب دینی والا رَبَّنَا اِنَّكَ
جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ
الْمِيْعَادَ ۔ ای رب تو جمع کرنی والا ہی لوگون کو ایک دن جسمین شبہہ نہین
بیشک اللہ خلاف نہین کرتا وعدہ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ
اَمْوَالُهُمْ وَلَا اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْئًا وَاُولٰٓئِكَ هُمْ
وَقُوْدُ النَّارِ ۔ جو لوگ منکر ہین ہرگز کام نہ آوین کی اونکو اونکی مال نہ اولاد اللہ کے
آگی کچہہ اور وہی ہین چہپٹیان دوزخ کی كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ
وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ
بِذُنُوْبِهِمْ وَاللّٰهُ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۔ جیسی دستور فرعون
والون کا اور جو اون سی پہلی تہی جہٹلاتی ہماری آیتین پہر پکڑا اونکو اللہ نی اون کے
گناہون پر اور اللہ کی مار سخت ہی قُلْ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَتُغْلَبُوْنَ
وَتُحْشَرُوْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ۔ کہہ دے

ع ۲

منکروں کو اب تم مغلوب ہوگی اور ہانکی جاؤگی دوزخ کو اور کیا بری طیاری ہی قد کان

لکم آیۃ فی فئتین التقتا فئۃ تقاتل فی سبیل اللہ

واخری کافرۃ یرونہم مثلیہم رأی العین

واللہ یؤید بنصرہ من یشاء ان فی ذلک

لعبرۃ لاولی الابصار ۔ ابہی ہو چکا ہی تمکو ایک نمونہ دو فوجون مین

جو بہڑی تہین ایک فوج ہی کہ لڑتی ہین اللہ کی راہ مین اور دوسری منکر ہی یہ اونکو

دیکہتی ہین اپنی دو برابر صریح انکہونسی اور اللہ زور دیتا ہی اپنی مدد کا جسکو

چاہی اسی مین خبردار ہو جاوین جنکو آنکہہ ہی ف یعنی جنگ بدر مین جسکا قصہ

سورہ انفال مین ہی مسلمانون سی کافر تین برابر تہی پر اللہ دو ہی برابر دکہاتا تہا

کہ خوف نہ کہاوین پہر اللہ نی مسلمانون کو فتح دی اسسے چاہیے سب کافر عبرت

پکڑین زین للناس حب الشہوات من النساء

والبنین والقناطیر المقنطرۃ من الذہب

والفضۃ والخیل المسومۃ والانعام والحرث

ذلک متاع الحیوۃ الدنیا واللہ عندہ حسن

المآب ۔ رجہایا ہی لوکون کو مزون کی محبت پر عورتین اور بیٹی اور ڈہیر جوڑے

ہوی سونی کی اور روپی کی اور کہوڑی پلی ہوی اور مواشی اور کہیتی یہ برتنا ہی دنیا کے

زندگی مین اور اللہ جو ہے اوسی پاس ہی اچہا ٹہکانا قل اؤنبئکم بخیر

من ذلکم للذین اتقوا عند ربہم جنات تجری

من تحتہا الانہار خالدین فیہا وازواج مطہرۃ

وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ ۔ تو کہہ مین بتاؤن
تمکو اس سے بہتر پرہیزگارون کو اپنے رب کے ہان باغ ہین نیچے بہتی ندیان رہا کرینگے اونہی مین
اور عورتین ہین ستہری اور رضامندی اللہ کی اور اللہ کی نگاہ مین ہین بندی
اَلَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا
وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۔ وہ جو کہتی ہین ای رب ہماری ہم یقین لائی ہین سو
بخش ہمکو گناہ ہماری اور بچا ہمکو دوزخ کی عذاب سے اَلصّٰبِرِيْنَ
وَالصّٰدِقِيْنَ وَالْقٰنِتِيْنَ وَالْمُنْفِقِيْنَ وَالْمُسْتَغْفِرِيْنَ
بِالْاَسْحَارِ ۔ وہ محنت اوٹھانی والی اور سچی اور بندگی مین لگی رہتی اور خرچ کرتی
اور گناہ بخشواتی پچھلی رات کو شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ
وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ
الْحَكِيْمُ ۔ اللہ نی گواہی دی کہ کسی کی بندگی نہین اوسکی سوای اور فرشتون نی اور علم
والون نی وہی حاکم انصاف کا کسی کو بندگی نہین سوای اوسکی زبردست ہی حکمت والا
اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ ۗ وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِيْنَ
اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا
بَيْنَهُمْ ۗ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۔
دین جو ہی اللہ کی ہان سو یہی مسلمانی حکم برداری اور مخالف نہین ہوی کتاب والی مگر
جب اونکو معلوم ہو چکا آپس کے ضد سے اور جو کوی منکر ہو اللہ کی حکمون سے تو اللہ
شتاب لینی والا ہے حساب فَاِنْ حَآجُّوْكَ فَقُلْ اَسْلَمْتُ وَجْهِيَ
لِلّٰهِ وَمَنِ اتَّبَعَنِ ۗ وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ

نصف

وَالْاُمِّيّٖنَ ءَاَسْلَمْتُمْ فَاِنْ اَسْلَمُوْا فَقَدِ اهْتَدَوْا وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ

ع ۳

پھر جو تجھسی جھگڑین تو کہہ مین نی تابع کیا اپنا مونہ الله کی حکم پر اور جو کوئی میری ساتھہ ہی اور کہہ دی کتاب والون کو اور ان پڑھون کو کہ تم بی تابع ہوتی ہو پھر اگر تابع ہوئی تو راہ پر آئی اور اگر ہٹ رہی تو تیرا ذمہ یہی ہی پہنچا دینا اور الله کی نگاہ مین ہین بندی

ف ان پڑھ ہی کہتی تہی عرب لوگون کو کہ ان پاس پہلی پیغمبرون کا علم نہ تھا

اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَّيَقْتُلُوْنَ الَّذِيْنَ يَاْمُرُوْنَ بِالْقِسْطِ مِنَ النَّاسِ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ

جو لوگ منکر ہین الله کی آیتون سی اور مار ڈالتی ہین نبیون کو ناحق اور مار ڈالتی ہین جو کوئی کہی انصاف کو لوگون مین سی اون کو خوشخبری سنا دکھہ والی مار کی

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ

وہی ہین جنکی محنت ضایع ہوئی دنیا اور آخرت مین اور کوئی نہین اون کا مددکار

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُدْعَوْنَ اِلٰى كِتٰبِ اللّٰهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ وَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ

تو نی نہ دیکھی وہ لوگ جن کو ملا ہی کچھہ ایک حصہ کتاب کا اون کو بلاتی ہین الله کی کتاب پر کہ اون مین حکم کری پھر مٹ رہتی ہین بعضی اون مین تغافل کرکر

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ وَّغَرَّهُمْ فِيْ دِيْنِهِمْ مَّا كَانُوْا

يَفْتَرُوْنَ ۔ یہ اس واسطے کہ کہتے ہیں ہم کو ہرگز نہ لگے گی آگ مگر گنتی دن کئی کے

اور بہکے ہیں اپنے دین میں اپنی بناے باتوں پر ف یہہ ذکر یہود کا ہے کہ قصے میں اپنی

کتاب پر بے عمل نہیں کرتے اور گناہ پر دلیر ہیں اس غرہ پر کہ اونکے پہلے جہوٹھہ بنا رکھے

ہیں کہ ہم ہیں اگر کوئی بہت گنہگار ہوگا تو سات دن سے زیادہ عذاب نہ پاویگا فَكَيْفَ

اِذَا جَمَعْنٰهُمْ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ

مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۔ پہر کیا ہوگا جب ہم اونکو

جمع کرینگے ایک دن جسمین شبہہ نہین اور پورا پاوے گا ہر کوئی اپنا کیا اور اون کا

حق نرہیگا قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ

تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ

وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۔ تو کہہ

یا اللہ مالک سلطنت کے تو سلطنت دیوے جسکو چاہے اور سلطنت چہین لیوے جس سے

چاہے اور عزت دیوے جسکو چاہے اور ذلیل کرے جسکو چاہے تیرے ہاتھہ ہے سب خوبی بیشک

تو ہر چیز پر قادر ہے تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي

الَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ

تیراندازون نی فتح و غلبہ دیکھا اوس جگہ سی چاہا کہ چلی آوین شریک فتح ہوون
اور شریک غنیمت ہون بعضون نی منع کیا وہ نمانا وہان دس آدمی رہ گئی
اوس طرف سی کافرون کی فوج پچھاڑی پر آپڑی دوسری [illegible] لگی

مسلمان دوڑی تعاقب کو حضرت پیچھی سی پکارتی رہی کہ میری طرف آو اگی مت جاو اوس طرف جو غنیمت نظر آئی لوگ نہ پہری اسس لیے جگمی سی شکست پڑی

إِذْ تُصْعِدُونَ وَلَا تَلْوُونَ عَلَىٰ أَحَدٍ وَالرَّسُولُ يَدْعُوكُمْ فِي أُخْرَاكُمْ فَأَثَابَكُمْ غَمًّا بِغَمٍّ لِكَيْلَا تَحْزَنُوا عَلَىٰ مَا فَاتَكُمْ وَلَا مَا أَصَابَكُمْ وَاللَّهُ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ

جب تم چڑہی جاتی تہی اور پیچھی نہ دیکھتی تہی کسی کو اور رسول پکارتا تہا تمکو پچھاڑی مین پہر تمکو تنگ کیا بدلا تمہاری تنگ کرنی کا تو تم نہ ہا یا کرو جو ہاتہہ سی جاوی اور جو سامہنے آوی اور اللہ کو خبر ہی تمہاری کام کی

ف یعنے تمنی رسول کا دل تنگ کیا اوسکی بدلی تم پر تنگی آئی تا اُنکو یاد رکھو کہ تم پر جیسی کچھ ہاتہہ سی جاوی یا کچھ بلا سامہنے آوی

ثُمَّ أَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ بَعْدِ الْغَمِّ أَمَنَةً نُعَاسًا يَغْشَىٰ طَائِفَةً مِنْكُمْ وَطَائِفَةٌ قَدْ أَهَمَّتْهُمْ أَنْفُسُهُمْ يَظُنُّونَ بِاللَّهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ يَقُولُونَ هَلْ لَنَا مِنَ الْأَمْرِ مِنْ شَيْءٍ قُلْ إِنَّ الْأَمْرَ كُلَّهُ لِلَّهِ يُخْفُونَ فِي أَنْفُسِهِمْ مَا لَا يُبْدُونَ لَكَ يَقُولُونَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ مَا قُتِلْنَا هَاهُنَا قُلْ لَوْ كُنْتُمْ فِي بُيُوتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِينَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ إِلَىٰ مَضَاجِعِهِمْ وَلِيَبْتَلِيَ اللَّهُ مَا فِي صُدُورِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِي قُلُوبِكُمْ

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ پہر تم پر اتاری تنگی کی بعد امن کو اونگہہ کہ گہیر رہی تہی تم مین بعضون کو اور بعضون کو فکر پڑا تہا اپنی جی کا خیال کرتی تہی اللہ پر جہوٹی خیال جاہلون کی کہتی تہی کچہہ بہی کام ہی ہماری ہاتہہ تو کہہ سب کام ہی اللہ کی ہاتہہ اپنی جی مین چہپاتی ہین جو تجہسی ظاہر نہین کرتی کہتی ہین اگر کچہہ کام ہوتا ہماری ہاتہہ تو ہم ماری نہ جاتی اس جگہہ تو کہہ اگر تم ہوتی اپنی گہرون مین البتہ باہر نکلتی جن پر لکہا تہا مارا جانا اپنی پڑاو پر اور اللہ کو آزمانا تہا جو کچہہ تمہاری جی مین ہی اور نکہارنا تہا جو تمہاری دل مین ہی اور اللہ کو معلوم ہی جی کی بات ف اوس شکست مین جنکو شہید ہونا تہا ہو چکی اور جنکو ہٹنا تہا ہٹ گئی اور جو میدان مین باقی رہی اون پر اونگہہ آئی اوسکی بعد رعب و دہشت دفع ہو گیا اور اتنی دیر حضرت کو غشی رہی پہر جب ہوشیار ہوی سب حضرت پاس جمع ہو کر پہر لڑائی قائم کی اور سست ایمان والی کہنی لگی کہ کچہہ بہی کام ہماری ہاتہہ ہی ظاہر یہ معنی کہ اس شکست کی بعد کچہہ بہی ہمارا کام بنا رہیگا یا بالکل بگڑ چکا یا یہ معنی کہ اللہ نی چاہا سو کیا ہمارا کیا اختیار اور نیت مین یہ معنی تہی کہ ہماری مشورہ پر عمل نہ کیا جو اتنی لوگ مری اللہ تعالی نی دونو معنونکا جواب فرما دیا اور بتایا کہ اللہ کو اسمین حکمت منظور تہی تا صادق اور منافق معلوم ہو جاوین اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا مِنْكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ۙ اِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطٰنُ بِبَعْضِ مَا كَسَبُوْا ۚ وَلَقَدْ عَفَا اللّٰهُ عَنْهُمْ ۗ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ۝ جو لوگ تم مین ہٹ گئی جس دن بہڑین دو فوجین سو اونکو ڈگایا شیطان نی کچہہ اونکی گناہ کی شامت سی اور اونکو بخش چکا اللہ اللہ بخشنی

والاہی تحمل رکہتا ف اس سے معلوم ہوا کہ اوس جنگ مین جو لوگ ہٹ گئی ہین اون
گناہ نہین رہا یَا اَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَکُوْنُوْا کَالَّذِیْنَ
کَفَرُوْا وَقَالُوْا لِاِخْوَانِہِمْ اِذَا ضَرَبُوْا
فِی الْاَرْضِ اَوْ کَانُوْا غُزًّی لَّوْ کَانُوْا
عِنْدَنَا مَا مَاتُوْا وَمَا قُتِلُوْا لِیَجْعَلَ اللّٰہُ ذٰلِکَ
حَسْرَۃً فِیْ قُلُوْبِہِمْ وَاللّٰہُ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ
وَاللّٰہُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ای ایمان والون تم نہوا وے
طرح جو منکر ہوی اور کہتی ہین اپنی بہایون کو جب سفر کو نکلین ملک مین
یا ہون جہاد مین کہ اگر رہتی ہم پاس نہ مرتی اور نہ ماری جاتی کہ اللہ اس سے
ڈالی افسوس اونکی دلمین اور اللہ ہی جلاتا اور مارتا اور اللہ تمہاری کام دیکہتا ہی
وَلَئِنْ قُتِلْتُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَۃٌ
مِّنَ اللّٰہِ وَرَحْمَۃٌ خَیْرٌ مِّمَّا یَجْمَعُوْنَ اور اگر
مارے گئی اللہ کی راہ مین یا مر گئی تو بخشش اللہ کی اور مہربانی بہتر ہی اوس سے
جو وہ جمع کرتی ہین وَلَئِنْ مُّتُّمْ اَوْ قُتِلْتُمْ لَاِلَی اللّٰہِ
تُحْشَرُوْنَ اور اگر تم مر گئی یا ماری گئی اللہ ہی پاس اکٹہی ہوگی ف
یعنی نیک کام پر نکلی اور مر گئی یا ماری گئی تو نکلنی پر افسوس نہ کریی اسمین انکار
آتا ہی تقدیر کا اور اخرت کا فائدہ نہ دیکہنا دنیا کی جینی کو عزیز رکہنا یہ خصلت ہے
کافرون کی فَبِمَا رَحْمَۃٍ مِّنَ اللّٰہِ لِنْتَ لَہُمْ وَلَوْ کُنْتَ
فَظًّا غَلِیْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِکَ

فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْاَمْرِ فَاِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ۔ سو کچھ اللہ کی مہر ہی جو تو نرم دل ملا ان کو اور اگر تو ہوتا سخت کو اور سخت دل تو منتشر ہو جاتی تیری گرد سی سو تو انکو معاف کر اور انکی واسطی بخشش مانگ اور ان سی مشورۃ لی کام مین پہر جب ٹہرا چکا تو بہروسا کر اللہ پر اللہ چاہتا ہی توکل والون کو ف شاید حضرت کا دل مسلمانون سی خفا ہوا ہوگا اور چاہا ہوگا کہ اب سی انکی مشورہ نہ پوچہیے سو حق تعالی نی سفارش کی اور فرمایا کہ اول مشورۃ لینی بہتر ہی جب ایک بات ٹہرا چکی پہر پس و پیش نہ کریی اِنْ يَّنْصُرْكُمُ اللّٰهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ وَاِنْ يَّخْذُلْكُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْ بَعْدِهٖ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ۔ اگر اللہ تم کو مدد کریگا تو کوی تم پر غالب نہ ہوگا اور جو وہ تمکو چہوڑ دیگا پہر کون ہی کہ تمہاری مدد کریگا اوسکی بعد اور اللہ پر بہروسا چاہیی مسلمانون کو وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّغُلَّ وَمَنْ يَّغْلُلْ يَاْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ۔ اور نبی کا کام نہین کہ کچھ چہپا رکہی اور جو کوی چہپا ویگا وہ لاویگا اپنا چہپایا دن قیامت کی پہر پورا پاویگا ہر کوی اپنا کمایا اور ان پر ظلم نہ ہوگا ف اس سی مراد یا مسلمانون کی خاطر جمع کرتی ہی یہ نہ جانین کہ حضرت نی ہمکو ظاہر معاف کیا

اور دل مین خفا ہین پہر کبہی جہکی نکالین یہ کام نبیون کا نہین کہ دلمین کچہہ اور ظاہر مین
کچہہ یا مسلمانون کو سمجہاتا ہی کہ حضرت پر گمان نکرین کہ غنیمت کا مال چہپا رکہین شاید
یہہ اس واسطے فرمایا کہ وہ تیرانداز مورچا چہوڑکر دوڑی غنیمت کو کیا حضرت اونکو
حصہ نہ دیتی یا بعضی چیز چہپا رکہتی اور کہتی ہین بدر کی لڑائی مین ایک چیز غنیمت
مین سی کم ہوگئی کسی نی کہا شاید حضرت نی اپنی واسطی رکہی ہوگی اوسپر
یہ نازل ہوا اَفَمَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَ اللّٰهِ كَمَنْ بَاۗءَ بِسَخَطٍ
مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝
کیا ایک شخص جو تابع ہی اللہ کی مرضی کا برابر ہی اوسکی جو کمالایا غصہ اللہ کا اور اوسکا
ٹہکانا دوزخ اور کیا بری جگہ پہنچا هُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ
بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ۝ لوگ کئی درجی ہین اللہ کی ہان اور اللہ دیکہتا ہی
جو کرتی ہین ف یعنی نبی اور سب خلق برابر نہین طمع کی کام ادنی نبیون سی
نہین ہوتی لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَي الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ
فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِھِمْ يَتْلُوْا عَلَيْھِمْ اٰيٰتِھٖ
وَيُزَكِّيْھِمْ وَيُعَلِّمُھُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۚ
وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝
اللہ نی احسان کیا ایمان والون پر جو بہیجا اونمین رسول اونہی مین کا پڑہتا ہے
اون پر آیتین اوسکی اور سنوارتا ہی اونکو اور سکہاتا ہی اونکو کتاب اور کام کی
بات اور وہ تو پہلی سی صریح گمراہ تہی اَوَلَمَّآ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ
قَدْ اَصَبْتُمْ مِّثْلَيْهَا ۙ قُلْتُمْ اَنّٰى هٰذَا ۭ قُلْ ھُوَ

مِنْ عِنْدِ اَنْفُسِكُمْ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

کیا جبوقت تمکو پہنچی ایک تکلیف کہ تم پہنچا چکی ہو اوسکی دو برابر کہتی ہو یہ کہان سی آئی تو کہہ یہ آئی تمکو اپنی طرف سی اللہ ہر چیز پر قادر ہی ف یعنی تم بدر کی لڑای مین ستر کافرون کو مار چکی ہو اور ستر کو پکڑ لای ہتی تمہاری اس لڑای مین ستر آدمی شہید ہوی تو بددل کیون ہوتی ہو سو یہ اپنی قصور سی کہ بی حکمی سی لڑی یا قصور یہ کہ بدر کی اسیرون کو مار نہ ڈالا مال لیکر چہوڑ دیا اور حضرت نی فرمایا تہا کہ اگر انکو چہوڑتی ہو تم مین ستر آدمی شہید ہونگی لوکون نی قبول کر کر مال لیا اور اونکو چہوڑا وَمَآ اَصَابَكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيَعْلَمَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ نَافَقُوْا وَقِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا قَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوِ ادْفَعُوْا قَالُوْا لَوْ نَعْلَمُ قِتَالًا لَّا اتَّبَعْنٰكُمْ هُمْ لِلْكُفْرِ يَوْمَئِذٍ اَقْرَبُ مِنْهُمْ لِلْاِيْمَانِ يَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يَكْتُمُوْنَ ۝ اور جو کچہ تم کو سامہنے آیا جس دن بہڑین دو فوجین سو اللہ کی حکم سی اور اس واسطی کہ معلوم کری ایمان والون کو اور تا معلوم کری اونکو جو منافق تہی اور کہا اونکو کہ آو لڑو اللہ کی راہ مین یا دفع کرو دشمن بولی ہمکو معلوم ہو لڑای تو تمہارا ساتہ کرین وہ لوگ اوسدن کفر کی طرف نزدیک ہین ایمان سی کہتی ہین اپنی موہنہ سی جو نہین اونکی دلمین اور اللہ خوب جانتا ہی جو چہپاتی ہین ف یہ ہی منافقون کا کلام تہا کہ ہمکو معلوم ہو لڑای یعنی ظاہر مین کہا کہ جو لڑای دیکہین کی تو شامل ہونگی یا کہا کہ ہم لڑای کی قاعدی سی واقف نہین اور دل مین

طعن دیا کہ ہماری مشورہ نہین مانتی ان کو اتنا ہی معلوم نہین اسی لفظ سی کفر کی قریب ہو گئے

اور ایمان سی دور اَلَّذِينَ قَالُوا لِإِخْوَانِهِمْ وَقَعَدُوا لَوْ أَطَاعُونَا

مَا قُتِلُوا ۗ قُلْ فَادْرَءُوا عَنْ أَنفُسِكُمُ الْمَوْتَ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ

وہ جو کہتی ہین اپنی بہائیون کو اور آپ بیٹھہ رہی ہین اگر وہ ہماری بات مانتی تو ماری نجاتی

تو کہ اب ہٹا دیجو اپنی اوپر سی موت اگر تم سچی ہو وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ

قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَاتًا ۚ بَلْ أَحْيَاءٌ عِندَ رَبِّهِمْ

يُرْزَقُونَ ۝ اور تو نہ سمجہ جو لوگ ماری گئی اللہ کی راہ مین مردی بلکہ زندہ ہین

اپنی رب کی پاس روزی پاتی فَرِحِينَ بِمَا آتَاهُمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ

وَيَسْتَبْشِرُونَ بِالَّذِينَ لَمْ يَلْحَقُوا بِهِم مِّنْ خَلْفِهِمْ أَلَّا

خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝ خوشی کرتی ہین اوس پر جو دیا اونکو

اللہ نی اپنی فضل سی اور خوشوقت ہوتی ہین اونکی طرف سی جو ابہی نہین پہنچے

اونمین پیچہی سی اس واسطی کہ نہ ڈر ہی اون پر نہ اونکو غم يَسْتَبْشِرُونَ

بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللَّهِ وَفَضْلٍ وَأَنَّ اللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُؤْمِنِينَ ۝

خوشوقت ہوتی ہین اللہ کی نعمت اور فضل سی اور اس سی کہ اللہ ضایع نہین کرتا

مزدوری ایمان والون کی ف شہیدون کو مرنی کے بعد ایک طرح کی زندگی ہے

کہ اور مردون کو نہین کہانا پینا اور عیش و خوشی پوری ہی اور اون کو قیامت کے

بعد ہو گی اَلَّذِينَ اسْتَجَابُوا لِلَّهِ وَالرَّسُولِ مِن بَعْدِ مَا أَصَابَهُمُ

الْقَرْحُ ۚ لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا مِنْهُمْ وَاتَّقَوْا أَجْرٌ عَظِيمٌ ۝

جن لوگون نی حکم مانا اللہ کا اور رسول کا بعد اسکی کہ اون مین پڑ چکا تہا گہاؤ جو اونمین نیک ہین

ع ۱۹

اور پرہیزگار اونکو ثواب بڑا ہی ف جب جنگ احد تمام ہوی ابو سفیان کہ راتہا
کافرون کا کہ گیا کہ اگلی سال بدر پر پہر لڑای ہی اور حضرت نی قبول کر لیا جب اگلا سال
آیا حضرت نی لوگون کو حکم کیا کہ چلو لڑای کو او سوقت جنہون نی رفاقت کی اور طیار
ہوی اون کو یہہ بشارت ہی کہ شکست کی بعد پہر جرأت کی اَلَّذِيْنَ قَالَ
لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ
فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا ۖ وَّقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۝
جنکو کہا لوگون نی کہ اونہون نی جمع کیا ہی اسباب تمہاری مقابلی کو سو تم اون سی خطرہ
کرو پہر انکو زیادہ آیا ایمان اور بولی بس ہے ہمکو اللہ اور کیا خوب کارساز ہی ف
ابو سفیان نی چاہا کہ حضرت وعدی پر نہ آوین تو الزام اونہی پر رہی اور لڑای سی خوف
کہا یا ایک شخص مدینی کی طرف جاتا تہا اوسکو کچہہ دیا کہ وہان اسطرف کی ایسی
خبرین کہیو کہ وہ خوف کہا وین اور جنگ کو نہ آوین وہ شخص مدینی مین پہنچ کر کہنی لگا
کہ مکی کی لوگون نی بڑی جمعیت کی ہی تم کو لڑنا بہتر نہین ہی مسلمانون کو حق تعالی نی
استقلال دیا اور یہی کہا کہ ہمکو اللہ بس ہے آخر بدر پر گئی تین روز رہ کر تجارت کر
نفع لی کر پہر آی اگلی آیتون مین یہی ذکر ہی فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ
اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ ۙ وَّاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ
اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِيْمٍ ۝ پہر چلی آئی اللہ کی احسان سی اور
فضل سی کچہہ نہ پہنچی برای اور چلی اللہ کی رضا پر اور اللہ کا فضل بڑا ہی اِنَّمَا
ذٰلِكُمُ الشَّيْطٰنُ يُخَوِّفُ اَوْلِيَاۗءَهٗ ۠ فَلَا تَخَافُوْھُمْ
وَخَافُوْنِ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ یہ جو ہی سو شیطان ہی کہ

ڈراتا ہی اپنی دوستون سی سو تم اون سی مت ڈرو اور مجھسی ڈرو اگر ایمان رکھتی ہو ف
یعنی وہ شخص جو خبر کہتا تہا اوسکو شیطان سکہاتا ہی وَلَا يَحْزُنْكَ الَّذِينَ
يُسَارِعُونَ فِي الْكُفْرِ إِنَّهُمْ لَنْ يَضُرُّوا اللَّهَ شَيْئًا
يُرِيدُ اللَّهُ أَلَّا يَجْعَلَ لَهُمْ حَظًّا فِي الْآخِرَةِ وَلَهُمْ
عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝ اور بجکو غم آوی اون لوگون سی جو دوڑ کر لگتی ہین
کفر کرنی وہ نہ بگاڑین کی اللہ کا کچھہ اللہ چاہتا ہی کہ اونکو فائدہ نہ دی آخرت مین
اور اونکو بڑی مار ہی ف یعنی منافق لوگ کہ جہان مسلمانون کی پیچ دیکہی اور
کفر کی باتین کرنی لگی إِنَّ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الْكُفْرَ بِالْإِيمَانِ
لَنْ يَضُرُّوا اللَّهَ شَيْئًا وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ جو لوگ
جنہون نی خرید کیا کفر ایمان کی بدلی وہ نہ بگاڑین کی اللہ کا کچھہ اور اونکو دکہہ کی
مار ہی وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّمَا نُمْلِي لَهُمْ
خَيْرٌ لِأَنْفُسِهِمْ إِنَّمَا نُمْلِي لَهُمْ لِيَزْدَادُوا إِثْمًا
وَلَهُمْ عَذَابٌ مُهِينٌ ۝ اور یہ نہ سمجہین منکر کہ ہم جو فرصت دیتی
ہین اونکو کچھہ بہلا ہی اونکی حق مین ہم تو فرصت دیتی ہین اونکو تا بڑہی جاوی
گناہ مین اور اونکو ذلت کی مار ہی مَا كَانَ اللَّهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِينَ
عَلَىٰ مَا أَنْتُمْ عَلَيْهِ حَتَّىٰ يَمِيزَ الْخَبِيثَ مِنَ الطَّيِّبِ
وَمَا كَانَ اللَّهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ
يَجْتَبِي مِنْ رُسُلِهِ مَنْ يَشَاءُ فَآمِنُوا بِاللَّهِ وَرُسُلِهِ
وَإِنْ تُؤْمِنُوا وَتَتَّقُوا فَلَكُمْ أَجْرٌ عَظِيمٌ

اللہ وہ نہین کہ چہوڑ دیگا مسلمانون کو جسطرح پر تم ہو جب تک جدا نہ کری ناپاک کو پاک سے اور اللہ یون نہین کہ تمکو خبر دی غیب کی لیکن اللہ چہانٹ لیتاہی اپنی رسولونمین جسکو چاہے سو تم یقین لاؤ اللہ پر اور اوسکی رسولون پر اور اگر تم یقین پر رہو اور پرہیزگاری پر تو تمکو بڑا ثواب ہے ف یعنی حق تعالی مومن اور منافق اسیطرح کہولتاہی اور غیب سے خبر کسیکو نہین بہیجتا مگر رسولون کو

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ ؕ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝

اور نہ سمجہین جو لوگ بخل کرتی ہین ایک چیز پر کہ اللہ نی اونکو دی ہی اپنی فضل سے کہ یہ بہتر ہی اونکی حق مین بلکہ یہ برا ہی اونکی واسطی آگی طوق پڑیگا اونکو جس پر بخل کیاتہا دن قیامت کی اور اللہ وارث ہی آسمان و زمین کا اور اللہ جو کرتی ہو سو جانتاہی ف جو کوئی زکوٰۃ نہ دیگا اوسکا مال اژدہا بنکے گلے مین پڑیگا اور اسکی گلے کا چیر اور اللہ وارث ہے یعنی آخر تم مرجاوگی اور مال اوسی کا ہو رہیگا تم اپنی ہاتہ سے دو تو ثواب

ع ۲۰

پا

لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَآءُ ۘ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ

اللہ نی سنی اونکی بات جنہون نی کہا کہ اللہ فقیر ہی اور ہم مالدار اب لکہہ رکہینگے ہم اونکی بات اور جو خون کئی ہین نبیون کی ناحق اور کہینگے چکہو جلنیکی مار ف یہودی جو یہ آیت سنے کہ اقرضوا اللہ کہنی لگی اللہ ہمسے قرض مانگتا ہی تو اللہ محتاج ہے

ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ اور ہم دولتمند ہین

لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ۝ یہ بدلا اوسکا جو تمنی اپنی ہاتہون بہیجا اور اللہ

ظلم نہین کرتا بندون پر اَلَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ عَهِدَ اِلَيْنَآ

اَلَّا نُؤْمِنَ لِرَسُوْلٍ حَتّٰى يَاْتِيَنَا بِقُرْبَانٍ تَاْكُلُهُ

النَّارُ ؕ قُلْ قَدْ جَآءَكُمْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِيْ بِالْبَيِّنٰتِ

وَبِالَّذِيْ قُلْتُمْ فَلِمَ قَتَلْتُمُوْهُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝

وہ جو کہتی ہین کہ اللہ نی ہمکو کہ رکہا ہی کہ ہم یقین نہ کرین کسی رسول کو جبتک

نہ لاوی ہم پاس ایک نیاز جسکو کہا جاوی اگ تو کہہ تم مین آچکی کتنی رسول مجہسے

بہلی نشانیان لیکر اور یہ لی جو تمنی کہا پہر اونکو کیون مارا تمنی اگر تم سچی ہو

ف بعضی رسولون سے یہہ معجزہ ہوا تہا کہ کچہہ چیز اللہ کی نیاز رکہی پہر آسمان سے

اگ آئی اوسکو کہا گئی یعنی وہ قبول ہوئی اب یہود بہانہ پکڑتی تہی کہ ہمکو حکم ہے

کہ جس سے یہ معجزہ نہ دیکہین اوس پر یقین نہ لاوین اور یہ جہوٹہی بہانی تہی ہر نبی کو

معجزی ملی ہین جدا سب کو ایک ہی معجزہ کیا لازم ہی فَاِنْ كَذَّبُوْكَ

فَقَدْ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ جَآءُوْ بِالْبَيِّنٰتِ

وَالزُّبُرِ وَالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ۝ پہر اگر یہ تجکو جہوٹہلاوین تو اگلی تجہسے

جہوٹہلائی گئی بہت رسول جو لائی نشانیان اور ورق اور کتاب چمکتی كُلُّ نَفْسٍ

ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ؕ وَاِنَّمَا تُوَفَّوْنَ اُجُوْرَكُمْ يَوْمَ

الْقِيٰمَةِ ؕ فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَاُدْخِلَ الْجَنَّةَ

فَقَدْ فَازَ ؕ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ۝

هر جی کو چکهنی هی موت اور تمکو پوری بدلی ملین گی دن قیامت هی پهر جسکو سرکا دیا
اگ سی اور داخل کیا جنت مین اوس کا کام بنا اور دنیا کی زندگی تو یهی هی
دغا کی جنس لَتُبْلَوُنَّ فِي أَمْوَالِكُمْ وَأَنفُسِكُمْ وَلَتَسْمَعُنَّ
مِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ مِن قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِينَ
أَشْرَكُوا أَذًى كَثِيرًا وَإِن تَصْبِرُوا وَتَتَّقُوا
فَإِنَّ ذَٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ ۔ البته تم آزمائی جاؤ گی
مال سی اور جان سی اور البته سنو گی اگلی کتاب والون سی اور مشرکون سی
بدگوئی بهت اور اگر تم ٹهہری رهو اور پرهیزگاری کرو تو یه همت کی کام مین وَإِذْ
أَخَذَ اللَّهُ مِيثَاقَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ لَتُبَيِّنُنَّهُ
لِلنَّاسِ وَلَا تَكْتُمُونَهُ فَنَبَذُوهُ وَرَاءَ
ظُهُورِهِمْ وَاشْتَرَوْا بِهِ ثَمَنًا قَلِيلًا فَبِئْسَ
مَا يَشْتَرُونَ ۔ اور جب الله نی قرار لیا کتاب والون سی که اسکو بیان کروگی
لوگون پاس اور نه چهپاؤ گی پهر پهینک دیا وه قرار اپنی پیٹ کی پیچهی اور خرید کیا
اوسکی بدلی مول تهوڑا سو کیا بری خرید کرتی هین لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ يَفْرَحُونَ
بِمَا أَتَوا وَّيُحِبُّونَ أَن يُحْمَدُوا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوا فَلَا
تَحْسَبَنَّهُم بِمَفَازَةٍ مِّنَ الْعَذَابِ وَلَهُمْ
عَذَابٌ أَلِيمٌ ۔ تو نه سمجهیو که جو لوگ خوش هوتی هین اپنی کیی پر اور تعریف
چاهتی هین بن کیی پر سو نه جان که وه خلاص هین عذاب سی اور اونکو دکهه کی مار هی
ف وهی یهود مسئلی غلط بتاتی اور رشوتین کهاتی اور پیغمبر کی صفت چهپاتی

پہر خوش ہوتی کہ ہمکو کوئی پکڑ نہین سکتا اور امید رکہتی کہ لوگ ہماری تعریف کرین کہ خوب عالم
اور دیندار و حق پرست ہین وَلِلّٰہِ مُلْکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۔ اور اللہ کو ہی سلطنت آسمان و زمین کی
اور اللہ ہر چیز پر قادر ہی اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
وَاخْتِلَافِ اللَّیْلِ وَالنَّہَارِ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ
آسمان و زمین کا بنانا اور رات دن کا بدلتی آنا ہمین نشانیان ہین عقل والونکو
ف یعنی نبی سی معجزہ مانگنا کیا ضرور جو بات وہ کہتا ہی یعنی توحید اوسکی نشانیان
ساری عالم مین نمودار ہین اَلَّذِیْنَ یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ قِیَامًا وَّقُعُوْدًا
وَّعَلٰی جُنُوْبِہِمْ وَیَتَفَکَّرُوْنَ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ ہٰذَا بَاطِلًا سُبْحَانَکَ
فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۔ وہ جو یاد کرتی ہین اللہ کو کہڑی اور بیٹہی اور کروٹ پر
لیٹی اور دہیان کرتی ہین آسمان و زمین کی پیدائش مین اے رب ہمارے تونی یہ عبث
نہین بنایا تو پاک ہے عیب سے سو ہمکو بچا دوزخ کی عذاب سے ف عبث نہین بنایا یعنی
اس عالم کا انتہا ہی دوسری عالم مین رَبَّنَآ اِنَّکَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ
فَقَدْ اَخْزَیْتَہٗ وَمَا لِلظّٰلِمِیْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۔ اے رب ہمارے
جسکو تونی دوزخ مین ڈالا سو اوسکو رسوا کیا اور گنہ گارون کا کوئی نہین مددگار
رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِیًا یُّنَادِیْ لِلْاِیْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا
بِرَبِّکُمْ فَاٰمَنَّا رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَکَفِّرْ عَنَّا
سَیِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ۔ اے رب ہمارے ہمنی سنا

ع ۲۱

کہ ایک پکارنی والا پکارتا ہی ایمان لانی کو کہ ایمان لاو اپنی رب پر سو ہم ایمان لای
ای رب ہمارے اب بخش ہمکو گناہ ہماری اور اُتار ہماری برائیان اور موت دی ہمکو نیک
لوکون کی ساتھ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا
تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۗ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝
ای رب ہمارے اور دی ہمکو جو وعدہ دیا تونی اپنی رسولون کی ہاتھ اور رسوا نہ کر
ہمکو قیامت کی دن بتحقیق تو خلاف نہین کرتا وعدہ فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ
اَنِّىْ لَاۤ اُضِيْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى ۚ
بَعْضُكُمْ مِّنْ بَعْضٍ ۚ فَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَاُخْرِجُوْا
مِنْ دِيَارِهِمْ وَاُوْذُوْا فِىْ سَبِيْلِىْ وَقٰتَلُوْا وَقُتِلُوْا
لَاُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاُدْخِلَنَّهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِىْ
مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ ثَوَابًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ
حُسْنُ الثَّوَابِ ۝ پھر قبول کی اونکی دعا اونکی ربنی کہ مین ضایع نہین
کرتا محنت کسی محنت والی کی تم مین مرد یا عورت تم آپسمین ہین ایک ہو پھر جو
لوک وطن سی چھوٹی اور نکالی گئی اپنی گھرون سی اور ستائی گئی
مری راہ مین اور لڑی اور ماری گئی مین اُتارون کا اون سی برائیان اونکی
اور داخل کرون کا باغون مین جنکی نیچی بہتی ندیان بدلا اللہ کی ہان سی اور اللہ کی
ہان اچھا ہی بدلا لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
فِى الْبِلَادِ ۝ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ۟ ثُمَّ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۚ
وَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝ تو نہ بہک اس پر کہ آتی جاتی ہین کافر شہرون مین یہہ

فائدہ ہی تہوڑا سا پہر اونکا ٹہکانا دوزخ ہی اور کیا بری طیاری ہی لٰكِنِ الَّذِيْنَ
اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ
خٰلِدِيْنَ فِيْهَا نُزُلًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ
خَيْرٌ لِّلْاَبْرَارِ ۝ لیکن جو لوگ ڈرتی رہی اپنی رب سے اونکو باغ ہین
جنکی نیچی بہتی ندیان رہ پڑی اومین مہمانی اللہ کی ہان سی اور جو اللہ کی ہان ہی سو
بہتر ہی نیک بختون کو وَاِنَّ مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَمَنْ يُّؤْمِنُ
بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ خٰشِعِيْنَ
لِلّٰهِ ۙ لَا يَشْتَرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ اُولٰٓئِكَ
لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝
اور کتاب والون مین بعضی وہ بہی ہین جو مانتی ہین اللہ کو اور جو اترا تمہاری طرف
اور جو اترا اونکی طرف دبی ہین اللہ کی اگی نہین خرید کرتی اللہ کی ایتون پر مول
تہوڑا وہ جو ہین اونکو اونکی مزدوری ہی اونکی رب کی ہان بیشک اللہ شتاب لیتا ہی حساب
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا
وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ ای ایمان والون ثابت رہو
اور مقابلی مین مضبوطی کرو اور لگی رہو اور ڈرتی رہو اللہ سی شاید تم مراد کو پہنچو
ثابت رہو یعنی دین پر اور مقابلی مین یعنی جہاد مین اور لگی رہو یعنی کافرون کی سامہنے

سُوْرَةُ النِّسَاءِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ
مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ

ع

رکوعها ۲۴

مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيرًا وَّنِسَاءً ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِي تَسَاءَلُونَ بِهٖ وَالْأَرْحَامَ ۚ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيبًا ۝

لوکون ڈرتی رہو اپنی رب سے جن نی بنایا تمکو ایک جان سی اور اوسی سے بنایا اوسکا جوڑا اور بہکیری اون دونون سی بہت مرد اور عورتین اور ڈرتی رہو اللہ سی جسکا واسطہ دیتی ہو آپسمین اور خبردار رہو ناتون سی اللہ ہی تم پر مطلع ف یعنی ایک آدم سی حوا بنائی پہر اون سی ساری لوک اور خبردار رہو ناتون سی یعنی بدسلوکی مت کرو آپسمین وَآتُوا الْيَتَامَىٰ أَمْوَالَهُمْ ۖ وَلَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِيثَ بِالطَّيِّبِ ۖ وَلَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَهُمْ إِلَىٰ أَمْوَالِكُمْ ۚ إِنَّهُ كَانَ حُوبًا كَبِيرًا ۝ اور دی ڈالو یتیمون کو اونکی مال اور بدل نہ لو گندا ستہری سی اور نہ کہاؤ اونکی مال اپنی مالون کی ساتہہ یہ ہی بڑا وبال ف جس لڑکی کا باپ مرجاوے تو اوسکی بڑون کو تقید ہی کہ اوسکی مالمین ہاتہہ نہ ڈالین اور بدل نہ لین اور احتیاط سی رکہین جب بالغ ہو تو حوالی کردین وَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا تُقْسِطُوا فِي الْيَتَامَىٰ فَانكِحُوا مَا طَابَ لَكُم مِّنَ النِّسَاءِ مَثْنَىٰ وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ ۖ فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا تَعْدِلُوا فَوَاحِدَةً أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ ۚ ذَٰلِكَ أَدْنَىٰ أَلَّا تَعُولُوا ۝ وَآتُوا النِّسَاءَ صَدُقَاتِهِنَّ نِحْلَةً ۚ فَإِن طِبْنَ لَكُمْ عَن شَيْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوهُ هَنِيئًا مَّرِيئًا ۝ اور اگر ڈرو کہ انصاف نہ کروگی یتیم لڑکیون کی حق مین

تو نکاح کرو جو تمکو خوش آدین عورتین دو دو تین تین چار چار پہر اگر ڈرو کہ برابر نہ رکھوگے

تو ایک ہی یا جو اپنی ہاتہ کا مال ہی اسمین لگتا ہی کہ ایک طرف نہ جہک پڑو اور دی ڈالو

عورتون کو اونکی مہر خوشی سی پہر اگر وہ اوسمین سے کچہہ چہوڑ دین تمکو دل کی خوشی سے

تو وہ کہاو رچتا پچتا ف یعنی اگر جانو کہ یتیم لڑکی کو ہم نکاح کرین کی تو اوس کا حق نہ ادا

کرین کی کیون کہ اوسکا حق مانگنی والا نہین تو اور عورتین بہت ہین کچہہ کمی نہین ایک مرد

کو دو بی تین بی چار بی روا ہین اس سے زیادہ جمع کرنی روا نہین کیون کہ اتنی مین بی انصاف

کرنا مشکل ہے زیادہ مین کب ہوسکا سو اسقدر بی جب کرو کہ جانو انصاف سی رہوگے

نہین تو ایک ہی بس ہے یا اپنی لونڈی کفایت ہی جسکو کئی عورتین ہون تو واجب ہے

کہانی پہننی مین اور دینی لینی مین برابر رکہی اور رات رہنی مین باری برابر باندہی اگر نہ کری کا

تو قیامت مین اوسکا آدہا بدن گہٹتا چلی کا اور تقید فرمایا کہ عورت کا مہر پورا خوشی سے

ادا کرو اگر وہ خوشی سی کچہہ چہوڑ دی تو روا ہی وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَاۗءَ اَمْوَالَكُمُ

الَّتِيْ جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ قِيٰمًا وَّارْزُقُوْهُمْ فِيْهَا وَاكْسُوْهُمْ

وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۔ اور مت پکڑاوو بی عقلون کو اپنی مال

جو بنایا ہی اللہ نی تمہاری گذران اور اونکو اوسمین کہلاو اور پہناو اور کہو اون سی بات معقول

ف یعنی لڑکا بی عقل ہی اوسکا مال اوسکی ہاتہ مین نہ دو اونکا خرچ اوسمین چلاو جب

بالغ ہو اور عقل پیدا کری تب مال حوالی کرو لیکن بات معقول کہو یعنی تسلی کرو کہ مال

تیرا ہی ہمارا نہین ہم تیری خیر خواہی کرتی ہین وَابْتَلُوا الْيَتٰمٰى حَتّٰٓى

اِذَا بَلَغُوا النِّكَاحَ ۚ فَاِنْ اٰنَسْتُمْ مِّنْهُمْ رُشْدًا

فَادْفَعُوْٓا اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ ۚ وَلَا تَاْكُلُوْهَآ اِسْرَافًا

وَبِدَارًا اَنْ يَّكْبَرُوْا وَمَنْ كَانَ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ

وَمَنْ كَانَ فَقِيْرًا فَلْيَاْكُلْ بِالْمَعْرُوْفِ فَاِذَا

دَفَعْتُمْ اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ فَاَشْهِدُوْا عَلَيْهِمْ

وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ۔ اور سدہاتی رہو یتیمون کو جب تک پہنچین

نکاح کی عمر کو پہر اگر دیکہو اونمین ہوشیاری تو حوالی کرو اونکی مال اور کہا نہ جاو

اونکو اوڑاکرا اور گہبراکر کہ یہ بڑی نہ ہوجاوین اور جو کوئی محظوظ ہی تو چاہیی بچتا رہے

اور جو کوئی محتاج ہی تو کہا وی موافق دستور کی پہر جب اونکو حوالی کرو اونکی مال تو شاہد

کرلو اوسپر اور اللہ بس ہے حساب سمجہنی والا ف یعنی یتیم کا مال اپنی خرچ مین نہ لاو

مگر دسکار کہنی والا محتاج ہو تو خدمت کی موافق درماہہ لیوی اور جسوقت باپ مری تو

پنچات کی روبرو یتیم کا مال لکہہ کر امانت دار کو سونپ دین جب یتیم بالغ ہو تو اوسکے

موافق حوالی کری جو خرچ ہوا وہ سمجہادی اور اسوقت بی شاہدون کو دکہا دیے

لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالْاَقْرَبُوْنَ وَ

لِلنِّسَاۤءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالْاَقْرَبُوْنَ

مِمَّا قَلَّ مِنْهُ اَوْ كَثُرَ نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ۔ مردون کو بی

حصہ ہے اوسمین جو چہوڑ مرین ماباپ اور ناتی والی اور عورتون کو بی حصہ ہے اوسمین

جو چہوڑ مرین ماباپ اور ناتی والی اوس تہوڑی مین یا بہت مین حصہ مقرر ہوا

ف کفر کی رسم مین عورت کو وارث نہ گنتی اب عورت کو بی میراث ٹہرے

وَاِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ اُولُوا الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنُ

فَارْزُقُوْهُمْ مِّنْهُ وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۔ اور جب

حاضر ہون تقسیم کے وقت ناتی والی اور یتیم اور محتاج تو اونکو کچہہ کہلا دو اوسمین اور کہو اونکو بات معقول ف یعنی جسوقت میراث تقسیم ہو اور برادری کی لوگ جمع ہون تو جس کو حصہ نہین پہنچتا اور قرابتی ہین یا یتیم یا محتاج ہین تو کچہہ کہلا کر رخصت کرو اور بات معقول کہو یعنی جواب سخت نہ دو اور اگر توقع زیادہ کرین تو عذر کرو ولیخش

الَّذِينَ لَوْ تَرَكُوا مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعَافًا خَافُوا عَلَيْهِمْ فَلْيَتَّقُوا اللَّهَ وَلْيَقُولُوا قَوْلًا سَدِيدًا ۝ اور چاہیے

ڈرین وہ لوگ کہ اگر اپنی پیچہی چہوڑین اولاد ضعیف تو اون پر خطرہ کہاوین تو چاہیے ڈرین اللہ سے اور کہین بات سیدہی ف یعنی میت کی پیچہی اوسکی اولاد کی حق مین قصور نہ کرین اپنی اوپر قیاس کرین کہ ہماری اولاد رہ جاوے پیچہی تو ہمکو اون کا کیا فکر ہو اِنَّ الَّذِينَ يَأْكُلُونَ أَمْوَالَ الْيَتَامَىٰ ظُلْمًا إِنَّمَا يَأْكُلُونَ فِي بُطُونِهِمْ نَارًا ۖ وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيرًا

جو لوگ کہاتی ہین مال یتیمون کی ناحق وہ یہی کہاتی ہین اپنی پیٹ مین آگ اور اب پیٹہین کی آگ مین يُوصِيكُمُ اللَّهُ فِي أَوْلَادِكُمْ ۖ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ ۚ فَإِنْ كُنَّ نِسَاءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ ۖ وَإِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً فَلَهَا النِّصْفُ ۚ وَلِأَبَوَيْهِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَكَ إِنْ كَانَ لَهُ وَلَدٌ ۚ فَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ وَلَدٌ وَوَرِثَهُ أَبَوَاهُ فَلِأُمِّهِ الثُّلُثُ ۚ فَإِنْ كَانَ لَهُ إِخْوَةٌ فَلِأُمِّهِ السُّدُسُ مِنْ بَعْدِ

ع ۲

وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْ بِهَاۤ اَوْ دَيْنٍؕ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ لَا تَدْرُوْنَ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ لَكُمْ نَفْعًاؕ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا

الله کہہ رکھتا ہی تمکو تمہاری اولاد مین مرد کو حصہ برابر دو عورت کی پہر اگر نری عورتین ہون دو سی اوپر تو اونکو دو تہائیان جو چہوڑ مرا اور اگر ایک ھے تو اوسکو آدہا اور میت کے ماباپ کو ہر ایک کو دونو مین چہٹا حصہ جو چہوڑ مرا اگر میت کے اولاد ھے پہر اگر اوسکو اولاد نہین اور وارث ہین اوسکی ماباپ تو اوسکی ماکو تہائی پہر اگر میت کو کئی بہائی ہین تو اوسکی ماکو چہٹا حصہ یہ بہی وصیت کے جو دلوا مرا یا قرض سے کے تمہاری باپ اور بیٹی تمکو معلوم نہین کون شتاب پہنچتی ہین تمہاری کام مین حصہ باندہا الله کا ہی الله خبردار ہی حکمت والا ف اس آیت مین دو میراثین فرمائین اولاد کے اور ماباپ کے اولاد اگر ہین مرد و عورت تو مرد کا دُہرا حصہ عورت کا اکہرا اور اگر فقط عورتین ہین تو ایک کو آدہا مال اور زیادہ ہون تو دو تہائی برابر بانٹ لیوین اور ماکا حصہ اگر میت کو اولاد ھے یا بہائی بہن ہین ایک سی زیادہ تو چہٹا حصہ و اگر دونو نہین تو تہائی اور باپ کا حصہ اگر میت کو اولاد ہی تو چہٹا حصہ و اگر اولاد نہین تو عصبہ ہوا اور میت کا مال اول اوسکی دفن و کفن کو لگا ہی جو کچہہ بچی وہ اوسکی قرض مین دیجے جو کچہہ بچی تو اوسکی وصیت مین ایک تہائی تک لگا ہی اسکی بعد میراث کی حصی ہین اور ان حصون مین عقل کا دخل نہین الله صاحب نی مقرر فرمای وہ سب سے دانا تر ھے

وَلَكُمْ نِصْفُ مَا تَرَكَ اَزْوَاجُكُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهُنَّ وَلَدٌۚ فَاِنْ كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ الرُّبُعُ

مِمَّا تَرَكْنَ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوصِينَ بِهَا
أَوْ دَيْنٍ وَلَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ
تُوصُونَ بِهَا أَوْ دَيْنٍ ۔ اور تمکو آدھا مال جو چھوڑ مرین تمہاری عورتین
اگر نہ ہوا اونکو اولاد پھر اگر اونکو اولاد ہی تو تمکو چوتھائی مال جو چھوڑا بعد وصیت کے
جو دلوا مرین یا قرض کے اور عورتون کو چوتھائی مال جو چھوڑ مرو تم اگر نہ ہو تمکو اولاد پھر اگر
تمکو اولاد ہے تو اونکو آٹھوان حصہ جو کچھ تمنے چھوڑا بعد وصیت کی جو تم دلوا مرو یا قرض کے

ف یہان تک مرد و عورت کی میراث فرمائی عورت کی مال مین مرد کو آدھا ہی اگر عورت کے اولاد نہین اور اگر اولاد ہے اُس مرد سی یا اور سی تو مرد کو چوتھائی اور اسیطرح مرد کے مال مین عورت کو چوتھائی اگر مرد کو اولاد نہین و اگر اولاد ہی تو عورت کو آٹھوان حصہ جنس مال مین نقد یا جنس سلاح یا زیور یا حویلی یا باغ باقی عورت کا مہر میراث سی جدا ہے یہ قرض مین داخل ہی

وَإِنْ كَانَ رَجُلٌ يُورَثُ كَلَالَةً أَوِ امْرَأَةٌ
وَلَهُ أَخٌ أَوْ أُخْتٌ فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا
السُّدُسُ فَإِنْ كَانُوا أَكْثَرَ مِنْ ذَٰلِكَ فَهُمْ
شُرَكَاءُ فِي الثُّلُثِ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوصَىٰ بِهَا
أَوْ دَيْنٍ غَيْرَ مُضَارٍّ وَصِيَّةً مِنَ اللَّهِ وَاللَّهُ
عَلِيمٌ حَلِيمٌ ۔ اور اگر جس مرد کی میراث ہی باپ بیٹا نہین رکھتا یا عورت
ہوی اور اوسکو ایک بھائی ہی یا بہن تو دونو مین ہر ایک کو چھٹا حصہ پھر
اگر زیادہ ہوی اُس سے تو سب شریک ہین ایک تہائی مین بعد وصیت کی جو ہو چکی
ہی یا قرض کے جب اورون کا نقصان نہ کیا ہو یہ کہہ رکھا اللہ نی اور اللہ سب جانتا ہی تحمل والا

ان لم یکن لهن ولد فان کان لهن ولد فلکم الربع مما ترکن ... ان لم یکن لکم ولد فان کان لکم ولد فلهن الثمن مما ترکتم

ف یہان میراث فرمائی بہائی بہن کے سو باپ کی اور بیٹی کی ساتہہ بہائی بہن کو کچہہ نہین

جب باپ بیٹا نہو تب بہائی بہن کو پہنچی بہائی بہن تین طرح ہین یا سگی جو ماباپ مین شریک

ہین یا سوتیلی جو باپ مین شریک ہین یا اخیافی جو ما مین شریک ہین یہ میراث ان تیسرونکی

ہی ایک کو چہٹا حصہ اور زیادہ کو تہائی ان مین مرد و عورت کو برابر اور وہ دو قسم کے

بہائی بہن مثل اولاد کی ہین جب باپ بیٹا نہ رہا ہو پہلی سگی وہ نہون تو سوتیلے

اس سورۃ کی آخر اون کی میراث ہی اور یہ فرمایا کہ وصیت پہلی ہی جب اورونکا

نقصان نہ کیا ہو نقصان کی دو طرح ہی ایک یہ کہ مال کی تہائی سی زیادہ دلوا

مرا وہ تہائی تک جاری ہی زیادہ نہین دوسرے یہ کہ جسکو میراث کا حصہ ملی گا

اوسکو اپنی طرف سی رعایت کر کر کچہہ اور دلوا مرا وہ معتبر نہین اگر سب وارث

راضی ہین تو یہہ دونو وصیتین قبول رکہین نہین تو نہ رکہین ف یہ پانچ

میراثین جو فرمائین یہ حصہ دارون کی ہین اور انکی سوای اور قسم کی وارث ہین

جنکو عصبہ کہتی ہین اونکو حصہ نہین اگر عصبہ ہو اور حصہ دار نہو تو سب مال عصبہ کیوے

اور جو دونو ہون تو حصہ دارون سی جو بچی وہ عصبہ لیوے اور جو کچہہ نہ بچی تو کچہہ نہ

وہ عصبہ اصل تو وہ ہی جو مرد ہو عورت نہو اور عورت کا واسطہ نہ رکہی انکی چار درجے

ہین اول درجی مین بیٹا اور پوتا ہی دوسرے درجی مین باپ اور دادا تیسری درجے

مین بہائی اور بہتیجا چوتہی درجی مین چچا اور چچا کا بیٹا یا پوتا ایک درجی مین اگر

کئی شخص ہون تو جو میت سی قریب ہو وہ مقدم ہی جیسی پوتی سی بیٹا بہتیجی سے

بہائی مقدم ہی پہر سوتیلی سی سگا مقدم ہی باقی اولاد مین اور بہائیون مین مرد کی

ساتہہ عورت بہی عصبہ ہی اور دن مین نہین ف اگر دونو قسم کی وارث نہ ہون

تو تیسری قسم ہین ذوالرحم یعنی ایسی قرابت والی جسمین واسطہ عورت کا ہی اور حصہ دار نہین
جیسی نواسا اور نانا اور بہانجا اور ماموخالہ پہوپہی اور انکی اولاد انکا حساب بی عصبی کا سا
حساب ہے تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ
يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ
خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ • یہ حدین
باندہی اللہ کی ہین اور جو کوئی حکم پر چلی اللہ کی اور رسول کی اوسکو داخل کری باغون مین
جنکی نیچی بہتی ندیان رہ پڑی اونمین اور وہی ہے بڑی مراد ملنی وَمَنْ
يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَتَعَدَّ حُدُوْدَهٗ يُدْخِلْهُ
نَارًا خَالِدًا فِيْهَا وَلَهٗ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ • اور جو کوئی بی حکمی
کری اللہ کی اور رسول کی اور بڑہی اوسکی حدون سی اوسکو ڈالی آگ مین
رہ پڑا اوسمین اور اوسکو ذلت کی مار ہی وَالّٰتِيْ يَاْتِيْنَ الْفَاحِشَةَ
مِنْ نِّسَآئِكُمْ فَاسْتَشْهِدُوْا عَلَيْهِنَّ اَرْبَعَةً
مِّنْكُمْ فَاِنْ شَهِدُوْا فَاَمْسِكُوْهُنَّ فِي الْبُيُوْتِ
حَتّٰى يَتَوَفّٰىهُنَّ الْمَوْتُ اَوْ يَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ
سَبِيْلًا • اور جو کوئی بدکاری کری تمہاری عورتون مین تو شاہد لاؤ اون پر
چار مرد اپنی پہر اگر وہ گواہی دیوین تو اونکو بند رکہو گہرون مین جب تک پہر لیوی
اونکو موت یا کر دی اللہ اونکی کچہہ راہ ف یہ حکم زنی کا فرمایا کہ چار مرد مسلمان شاہد چاہیین
پہر اہی حد نازل نہ فرمائی وعدہ رکہا آخر حد نازل ہوی سورہ نور مین وَالَّذٰنِ
يَاْتِيٰنِهَا مِنْكُمْ فَاٰذُوْهُمَا فَاِنْ تَابَا وَاَصْلَحَا

فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمَا اِنَّ اللّٰهَ كَانَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا۔

اور جو دو کرنی والی کرین تم مین وہی کام تو اونکو ستاو پہر اگر توبہ کرین اور سنوار پکڑین تو اون کا خیال چہوڑو اللہ توبہ قبول کرتا ہی مہربان ف اگر دو مرد فعل بد کرین اونکا حکم بی اوسوقت مجمل ایذا دینی فرمائی اور اگر توبہ کرین تو ایذا نہ دو پہر جب حد نازل ہوی تو اسکی حد جدی نفرمای اسمین علما کو اختلاف رہا کہ وہی حد ہی اسکی بی یا شمشیر سی قتل کرنا یا کچہہ اور طور سی اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللّٰهِ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوْبُوْنَ مِنْ قَرِيْبٍ فَاُولٰٓئِكَ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا۔ توبہ قبول کرنی اللہ کو ضرور سو اونکی جو برا کرتی ہین نادانی سی پہر توبہ کرتی ہین شتاب سی تو اونکو اللہ معاف کرتا ہی اور اللہ سب جانتا ہے حکمت والا وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ حَتّٰٓى اِذَا حَضَرَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ اِنِّىْ تُبْتُ الْاٰنَ وَلَا الَّذِيْنَ يَمُوْتُوْنَ وَهُمْ كُفَّارٌ اُولٰٓئِكَ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا۔ اور اونکی توبہ نہین جو کرتی جاتی ہین بری کام جب تک سامہنے آئی ایسے کسی کو موت کہنی لگا مین نی توبہ کی اب اور نہ اونکو جو مرتی ہین کفر مین اونکی واسطے ہمنی طیار رکی ہی دکہہ کی مار ف یعنی جب موت یقین ہو چکی اور آخرت نظر آنی لگی تب توبہ قبول نہین اور اس سی پہلے قبول ہے مسلمان کے توبہ اور کافر اگر گناہ سی توبہ کری وہ گناہ نہین اترتا مگر کہ مسلمان ہو کر مری يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ

تَرِثُوا النِّسَاءَ كَرْهًا وَلَا تَعْضُلُوهُنَّ لِتَذْهَبُوا
بِبَعْضِ مَا آتَيْتُمُوهُنَّ إِلَّا أَنْ يَأْتِينَ بِفَاحِشَةٍ مُبَيِّنَةٍ
وَعَاشِرُوهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ فَإِنْ كَرِهْتُمُوهُنَّ
فَعَسَىٰ أَنْ تَكْرَهُوا شَيْئًا وَيَجْعَلَ اللَّهُ فِيهِ خَيْرًا
كَثِيرًا ۔ اے ایمان والوں حلال نہیں تمکو کہ میراث میں لیلو عورتوں کو زور سے
اور نہ اونکو بند کرو کہ لیلو اون سے کچھہ اپنا دیا مگر کہ وہ کریں بیحیائی صریح اور گذران
کرو عورتوں کے ساتھہ معقول پھر اگر وہ تمکو نہ بہاویں تو شاید تمکو نہ بہاوے ایک چیز اور
اللہ رکھے اوسمیں بہت خوبی ف اس آیت میں دو حکم ہیں میت مرجاوے تو اوسکی
عورت اپنی نکاح کی مختار رہی میت کے بہائیوں کو زور آوری اپنی نکاح میں لینا
نہیں پہنچتا اور نہ اونکو روکنا پہنچے نکاح سے کہ عاجز ہوکر کچھہ جو میت نے دیا تہا
وہ پہیر جاوے مگر بے شرع بات سے روکنا البتہ چاہیے دوسرا حکم یہہ کہ عورتوں سے
گذران کرے تحمل کے ساتھہ اگر اونمیں بعضی چیز ناپسند ہو تو شاید کچھہ خوبی بہی ہو بدخو
ساتھہ بدخوئی نہ چاہیے وَإِنْ أَرَدْتُمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ
مَكَانَ زَوْجٍ وَآتَيْتُمْ إِحْدَاهُنَّ قِنْطَارًا
فَلَا تَأْخُذُوا مِنْهُ شَيْئًا أَتَأْخُذُونَهُ بُهْتَانًا
وَإِثْمًا مُبِينًا ۔ اور اگر بدلنا چاہو ایک عورت کی جگہ دوسری
عورت اور دے چکے ہو ایک کو ڈہیر مال تو پہر نہ لو اوسمیں سے کچھہ کیا لیا چاہتے
ہو ناحق اور صریح گناہ سے وَكَيْفَ تَأْخُذُونَهُ وَقَدْ أَفْضَىٰ
بَعْضُكُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ وَأَخَذْنَ مِنْكُمْ مِيثَاقًا غَلِيظًا ۔

اور کیون کر اوسکو لی سکو اور پہنچ چکی ایک دوسرے تک اور لی چکین تمسی عہد
گاڑھا ف یعنی جب مرد عورت تک پہنچا تو اوسکا تمام مہر لازم ہوا اب بغیر اوسکے
چھوڑی نہین چھوٹتا اور عہد گاڑھا یہی کہ حکم شرع سی عورت مرد کی قبضے مین
آئی والا اوسکا مالک نہین وَلَا تَنْكِحُوا مَا نَكَحَ آبَاؤُكُمْ
مِنَ النِّسَاءِ إِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ إِنَّهُ كَانَ فَاحِشَةً وَمَقْتًا
وَسَاءَ سَبِيلًا ۔ اور نکاح مین نہ لاو جن عورتون کو نکاح مین لائے
تمہاری باپ مگر جو آگی ہو چکا یہ بیحیائی ہی اور کام غضب کا اور بری راہ ہے
ف مگر جو ہو چکا یعنی کفر مین اس کا پرہیز نہ کرتی تہی سو اسلام کے بعد وہ گناہ نہ رہا
آگی سی پرہیز چاہیی حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ وَبَنَاتُكُمْ
وَأَخَوَاتُكُمْ وَعَمَّاتُكُمْ وَخَالَاتُكُمْ وَبَنَا [illegible]
الْأَخِ وَبَنَاتُ الْأُخْتِ وَأُمَّهَاتُكُمُ [illegible]
وَأَخَوَاتُكُمْ مِنَ الرَّضَاعَةِ وَأُمَّ [illegible]
وَرَبَائِبُكُمُ اللَّاتِي فِي حُجُو [illegible]
اللَّاتِي دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَإِ [illegible] خَلْتُمْ
بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ [illegible] لُ أَبْنَائِكُمُ
الَّذِينَ مِنْ أَصْ [illegible] مَعُوا بَيْنَ الْأُخْتَيْنِ
إِلَّا مَا قَدْ سَ [illegible] كَانَ غَفُورًا رَحِيمًا ۔
حرام ہوی ہین تم [illegible] ن اور بیٹیان اور بہنین اور پہوپہیان
اور خالائین او [illegible] اور بہن کی اور جن ماؤن نی تمکو دودہ دیا

اور دوده کی بہنین اور تمہاری عورتون کی مائین اور اونکی بیٹیان جو تمہاری پرورش مین

ہین جن عورتون سی تمنی صحبت کی پہر اگر تمنی صحبت نہین کی تو تم پر نہین گناہ اور

عورتین تمہاری بیٹون کی جو تمہاری پشت سی ہین اور یہ کہ اکٹھی دو بہنین کرو

مگر جو آگی ہو چکا اللہ بخشنی والا مہربان ہے **وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ النِّسَاءِ**

إِلَّا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ كِتَابَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ

ف اور نکاح بندہی عورتین مگر جنکو مالک ہو جاوین تمہاری ہاتھ حکم ہوا اللہ کا تم پر

سات ناتی حرام فرمای ایک ما اوسمین داخل ہے نانی اور دادی یعنی جو عورت اوس شخص

کی جڑ ہی دوسری بیٹی اسمین داخل ہے نواسی اور پوتی یعنی جو اوسکی شاخ ہی تیسری

بہن چوتہی بہتیجی پانچوین بہانجی یعنی جو اسکی ماباپ مین ملتی ہی چہٹی پہوپہی اور ساتوین

خالہ یعنی جو ماباپ سی اوپر ملتی ہی لیکن پہوپہی کی بیٹی حلال ہے بی واسطہ ملتی ہی اور جو واسطی سی ملی وہ

جیسی پہوپہی کی بیٹی ف اور دودہ کی دو ناتی فرمائی ما اور بہن اشارۃ ہی کہ ساتون

ناتی اسمین بی حرام ہین ف اور سسرال کی چار ناتی فرمای عورت کو مرد کی جڑ اور

شاخ اور مرد کو عورت کی جڑ اور شاخ مگر شاخ جب حرام ہے کہ نکاح کی بعد صحبت بے

ہو اور جڑ فقط نکاح سے حرام ہی ف دودہ سی بی یہ چار ناتی حرام ہوی لیکن

دودہ پینا وہ معتبر ہی کہ اوس عمر مین پیی بڑی عمر مین پینا معتبر نہین ف اس حکم

نانا سگا اور سوتیلا اور اخیافی سب برابر ہے اور دودہ مین بی سوتیلا نانا معتبر ہے

ف بعد اسکی منع فرمایا جمع کرنا دو بہنون کا اس اشارہ سی معلوم ہوا ساتون ناتون کا

جمع کرنا حرام ہی اور سسرال کی ناتون مین جمع کرنا حرام نہین ف آخر کو حرام فرمائے

نکاح بندہی عورت یعنی ایک کی نکاح مین ہی تو ہر کسی کو اوسکا نکاح حرام ہی مگر یہ

کہ اپنی ملک ہوجاوی اسکی صورت یہ کہ کافر مرد و عورت مین نکاح تہا وہ عورت
قید مین آئی جسکو پہنچی اوسکو حلال ہی ف اگر دودہ کا ناتا یا سسرال کا مرد کو اپنی
لونڈی سے ہے تو اوسکی صحبت حرام ہی اور ملک مین رہا کرتی ف اور یہ جو فرمایا
کہ عورتین تمہاری بیٹون کی جو تمہاری پشت سی ہین یعنی لے پالک کو بیٹا نہ جانو کہ
حکم مین وہ بیٹا نہین وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا
بِاَمْوَالِكُمْ مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ
بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً وَلَا جُنَاحَ
عَلَيْكُمْ فِيْمَا تَرٰضَيْتُمْ بِهٖ مِنْ بَعْدِ الْفَرِيْضَةِ
اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا اور حلال ہوین تمکو جو ان کی سوائے
ہین یون کہ طلب کرو اپنی مال کی بدلی قید مین لانی کو نہ مستی نکالنی کو پہر جو کام مین لائے
تم اون عورتون مین سے اونکو دو اونکی حق جو مقرر ہوی اور گناہ نہین تمکو اوسمین
جو ٹہرالو دونون کی رضا سے مقرر کئی پیچہی اللہ ہے خبردار حکمت والا ف یعنی جو
عورتین حرام فرمادین اونکی سوای سب حلال ہین لیکن چار شرط سی اول یہ کہ طلب کرو
یعنی زبان سے ایجاب و قبول درمیان آوی دوسرے یہ کہ مال دینا قبول کرو یعنی
مہر تیسری یہ کہ قید مین لانی کی طرح ہو مستی نکالنی کی نہ ہو یعنی ہمیشہ کو وہ عورت
اس مرد کی ہوجاوی اسکی چہوڑی بغیر نہ چہوٹی یعنی مدت کا ذکر نہ آوی کہ مہینی تک
یا برس تک اس سے متعہ حرام ٹہرا چوتہی شرط سورہ مائدہ مین فرمائی اور یہان بے
لونڈیون کی نکاح مین آگی فرمائی ھی کہ چہپی یاری نہ ہو یعنی لوگ شاہد ہون کم سے
کم دو مرد یا ایک مرد و دو عورت ف پہر فرمایا کہ جو عورت کام مین آئی اوسکا

مہر پورا دینا پڑا کام مین آئی یعنی صحبت ہوی یا خلوت ہوی اب کسی طرح مہر نہین چھوٹتا
اور جب تک کام مین نہین آئی تو اگر مرد چھوڑی تو آدہا مہر دی اور اگر عورت ایسا کام کری
کہ نکاح ٹوٹ جاوی تو سب مہر اوتر گیا ف پہر فرمایا کہ بعد مہر مقرر کرنی کی جو دونو آپنی
خوشی سی بڑہا دین یا گہٹا دین وہ بہی معتبر ہی وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ
طَوْلًا اَنْ يَّنْكِحَ الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ فَمِنْ مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ
مِّنْ فَتَيٰتِكُمُ الْمُؤْمِنٰتِ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِكُمْ بَعْضُكُمْ
مِّنْ بَعْضٍ فَانْكِحُوْهُنَّ بِاِذْنِ اَهْلِهِنَّ وَاٰتُوْهُنَّ
اُجُوْرَهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ مُحْصَنٰتٍ غَيْرَ مُسٰفِحٰتٍ
وَّلَا مُتَّخِذٰتِ اَخْدَانٍ فَاِذَآ اُحْصِنَّ فَاِنْ اَتَيْنَ
بِفَاحِشَةٍ فَعَلَيْهِنَّ نِصْفُ مَا عَلَى الْمُحْصَنٰتِ
مِنَ الْعَذَابِ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ الْعَنَتَ مِنْكُمْ
وَاَنْ تَصْبِرُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ
اور جو کوی نہ پاوی تم مین مقدور اسکی کہ نکاح مین لاوے بیبیان مسلمان تو جو ہاتہہ کا
مال ہین آپس کے تمہاری لونڈیان مسلمان اور اللہ کو بہتر معلوم ہے تمہاری مسلمانی
تم آپسمین ایک ہو سو اونکو نکاح کرو اونکی لوگون کی اذن سی اور دو اونکی مہر موافق
دستور کی قید مین آتیان نہ مستی نکالتیان اور نہ یار پکڑتیان چھپ کر پہر جب
وہ قید مین آچکین تو اگر کرین بیحیای کا کام تو اون پر ہی آدہی وہ مار جو بیبیون پر
مقرر ہی یہ اوسکی واسطی جو کوی تم مین ڈری تکلیف مین پڑنی سی اور صبر کرو تو
بہتر ہی تمہاری حق مین اور اللہ بخشنی والا مہربان ہے ف فرمایا کہ جسکو مقدور نہو

٧٥

آزاد عورت نکاح کرنی کی اور صبر مین ڈرتا ہو کہ مجھسی حرام ہو جاوے تو روا ہی کہ کسی کے
لونڈی نکاح کرلی مالک کی اذن سی اور جھپی یاری سی منع فرمایا تو نکاح مین شاہد
لازم ہوی اور جسکی نکاح مین ایک عورت آزاد ہی اوسکو کسی کی لونڈی سی نکاح حلال نہین
اور اون پر جو آدہی مار فرمائی یعنی آزاد مرد یا عورت اگر نکاح کی فائدہ لی جسکی پھر زنی کری
تو سنگسار ہووے اور بغیر نکاح کی زنی کری تو سو کوڑی مارہی سو فرمایا کہ لونڈی کو نکاح
کئی پر لی زنی کی حد پچاس کوڑی ہین زیادہ نہین یہی حکم ہی غلام کا يُرِيْدُ اللّٰهُ
لِيُبَيِّنَ لَكُمْ وَيَهْدِيَكُمْ سُنَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ
وَيَتُوْبَ عَلَيْكُمْ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ • الله چاہتا ہی کہ تمہارے
واسطی بیان کری اور چلاوی تمکو اگلون کی راہ اور تمکو معاف کری اور الله جانتا ہے
حکمت والا وَاللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْكُمْ وَيُرِيْدُ الَّذِيْنَ
يَتَّبِعُوْنَ الشَّهَوٰتِ اَنْ تَمِيْلُوْا مَيْلًا عَظِيْمًا •
اور الله چاہتا ہی کہ تم پر متوجہ ہو اور جو لوگ لگی ہین اپنی مزون کی پیچھی وہ چاہتے
ہین کہ تم مڑ جاو راہ سی بہت دور ف یعنی بری صحبت جو آدمی کا دل دوڑاوے
بری کام پر اور شرع پر مقید نہ رہنی دی يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ
عَنْكُمْ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا • الله چاہتا ہی کہ تمسی
بوجہ ہلکا کری اور انسان بنا ہی کمزور ف یعنی شرع مین کسی چیز کی تنگی نہین
کہ کوئی حلال چھوڑی اور حرام کو دوڑی يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
لَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ
تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِّنْكُمْ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ

إِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيمًا ۝ ای ایمان والون نہ کہا وہال ایک دوسری کے آپسمین ناحق مگر یہ کہ سودا ہو آپس کے خوشی سی اور نہ خون کرو آپسمین اللہ کو تم پر رحم ہی وَمَن يَفْعَلْ ذٰلِكَ عُدْوَانًا وَظُلْمًا فَسَوْفَ نُصْلِيهِ نَارًا ۚ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيرًا ۝ اور جو کوئی یہ کام کری تعدّی سی اور ظلم سی تو ہم اوسکو ڈالین کی آگ مین اور یہ اللہ پر آسان ہے

ف یعنی مغرور نہ ہو کہ ہم مسلمان دوزخ مین کیون جاوین کے اللہ پر یہ ہی آسان ہے

إِن تَجْتَنِبُوا كَبَائِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَنُدْخِلْكُم مُّدْخَلًا كَرِيمًا ۝ اگر تم بچتی رہو گے بڑی چیزون سی جو تمکو منع ہوئین تو ہم اُتار دین کی تمسی تقصیرین تمہاری اور داخل کرین کی تمکو عزت کی مقام مین ف کبیرہ گناہ وہ ہین جن پر قرآن مین یا حدیث مین صاف وعدہ دیا دوزخ کا یا اللہ کا غصہ یا حد مقرر فرمائی اور تقصیر وہ کہ منع فرمایا اور کچھہ زیادہ نہین وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهِ بَعْضَكُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ ۚ لِّلرِّجَالِ نَصِيبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوا ۖ وَلِلنِّسَاءِ نَصِيبٌ مِّمَّا اكْتَسَبْنَ ۚ وَاسْأَلُوا اللّٰهَ مِن فَضْلِهِ ۗ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا ۝

اور ہوس مت کرو جس چیز مین بڑائی دی اللہ نی ایک کو ایک سی مردون کو حصہ ہی اپنی کمائی سی اور عورتون کو حصہ ہی اپنی کمائی سی اور مانگو اللہ سے اوسکا فضل اللہ کو ہر چیز معلوم ہے ف عورتون نی حضرت سی پوچھا کہ کیا سبب ہے حق تعالی ہر جگہ مردون پر حکم فرماتا ہی عورتون کا نام نہین لیتا اور میراث مین مرد کو حصہ

دوہرا ٹہرایا اُس پر یہ آیت اتری وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالْأَقْرَبُونَ ۚ وَالَّذِينَ عَقَدَتْ أَيْمَانُكُمْ فَآتُوهُمْ نَصِيبَهُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدًا ۞ اور ہر کسی کی ہمنی ٹہرا دیی وارث اوس مال مین جو چھوڑ جاوی ما باپ ہین اور قرابت والی اور جن سی قرار باندہا تمنی اونکو پہنچا دو اونکا حصہ اللہ کی روبرو ہی ہر چیز ف اکثر لوگ حضرت کی ساتھ اکیلی مسلمان ہوئی تھے اونکی اقربا کافر ہی تو حضرت نی دو دو مسلمانون کو آپسمین بھائی کر دیا وے ایک دوسرے کی وارث ہوتی جب اونکی اقربا مسلمان ہوئے تب یہ آیت اتری کہ میراث ہی قرابت ہی پر اور قول کی بھائیون سی زندہ کی مین سلوک ہی یا مرتی وقت کچھ وصیت کر دو الرِّجَالُ قَوَّامُونَ عَلَى النِّسَاءِ بِمَا فَضَّلَ اللَّهُ بَعْضَهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ وَبِمَا أَنْفَقُوا مِنْ أَمْوَالِهِمْ ۚ فَالصَّالِحَاتُ قَانِتَاتٌ حَافِظَاتٌ لِلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللَّهُ ۚ وَاللَّاتِي تَخَافُونَ نُشُوزَهُنَّ فَعِظُوهُنَّ وَاهْجُرُوهُنَّ فِي الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوهُنَّ ۖ فَإِنْ أَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوا عَلَيْهِنَّ سَبِيلًا ۗ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلِيًّا كَبِيرًا ۞ مرد حاکم ہین عورتون پر اس واسطے کہ بڑائی دی اللہ نی ایک کو ایک پر اور اس واسطے کہ خرچ کیی اونہون نی اپنی مال پھر جو عورتین نیکبخت ہین سو حکم بردار ہین خبرداری کرتیان ہین پیٹھ پیچھی اللہ کی خبرداری سی اور جن کی بدخوی کا ڈر ہو تمکو تو اونکو سمجہاوو اور جدا کرو سونی مین اور مارو پھر اگر

ع ٦

تمہاری حکم مین آوین تو مت تلاش کرو اون پر راہ الزام کی بیشک اللہ ہی سب سے اوپر بڑا

ف یعنی اللہ نی مرد کا درجہ اوپر بنایا تو عورت کو حکم بردار چاہیی واگر ایک عورت بدخوئی

کری تو مرد پہلی درجی سمجہاوی دوسرے درجی جدا سووے لیکن اوسی گہر مین پہر آخر

درجی ماری بی لیکن نہ ایسا کہ ضرب پہنچی پہر اگر ان تینون سی مطیع ہو جاوین تو گریدہ نہ کرے

تقصیرون پر اللہ سب پر حاکم ہی باقی ہر تقصیر کی ایک حد ہے مارنا آخر کا درجہ ہے

وَإِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوا حَكَمًا مِّنْ أَهْلِهِ وَحَكَمًا مِّنْ أَهْلِهَا إِن يُرِيدَا إِصْلَاحًا يُوَفِّقِ اللَّهُ بَيْنَهُمَا إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلِيمًا خَبِيرًا ۝ اور اگر تم لوگ ڈرو کہ وہ دونو

آپسمین ضد رکہتی ہین تو کہڑا کرو ایک منصف مرد والون مین سی اور ایک منصف

عورت والون مین سی اگر یہ دونو چاہین کی صلح تو اللہ ملاپ دیگا اونمین اللہ سب جانتا

خبر رکہتا ہی وَاعْبُدُوا اللَّهَ وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَانًا وَبِذِي الْقُرْبَىٰ وَالْيَتَامَىٰ وَالْمَسَاكِينِ وَالْجَارِ ذِي الْقُرْبَىٰ وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنبِ وَابْنِ السَّبِيلِ وَمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ مَن كَانَ مُخْتَالًا فَخُورًا ۝

اور بندگی کرو اللہ کی اور ملاو مت اوسکی ساتہہ کسی کو اور ماباپ سی نیکی اور قرابت

والی سی اور یتیمونسی اور فقیرونسی اور ہمسایہ قریب سے او ہمسایہ اجنبی اور برابر کے

رفیق سی اور راہ کی مسافر سی اور اپنی ہاتہہ کی مال سی اللہ کو خوش نہین آتا جو کوئی

ہو اتراتا بڑائی کرتا ف یعنی اول اللہ کا حق ادا کرو پہر ماباپ کا پہر ان سب کا درجہ بدرجہ

ہمسایہ قریب کا حق زیادہ ہی اور ہمسایہ اجنبی کا اوس سے ہیچہی قریب یعنی قرابتی اور برابر کا رفیق جو ایک کام مین ساتہہ شریک ہو جیسی ایک استاد کی دو شاگرد یا ایک خاوند کے دو نوکر اور فرمایا ان کی حق ادا نہ کرنی والا وہی ہے جسکی مزاج مین تکبر اور خود پسندی ہے کہ کسی کو اپنی برابر نہین سمجہتا الَّذِينَ يَبْخَلُونَ وَيَأْمُرُونَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُونَ مَا آتَاهُمُ اللَّهُ مِنْ فَضْلِهِ وَأَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِينَ عَذَابًا مُهِينًا • وہ جو بخل کرتی ہین اور سکہاتی ہین لوگون کو بخل اور چہپاتی ہین جو اونکو دیا اللہ نی اپنی فضل سی اور رکہی ہی ہمنی منکرون کو ذلت کی مار وَالَّذِينَ يُنْفِقُونَ أَمْوَالَهُمْ رِئَاءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْآخِرِ وَمَنْ يَكُنِ الشَّيْطَانُ لَهُ قَرِينًا فَسَاءَ قَرِينًا • اور وہ جو خرچ کرتی ہین اپنی مال لوگون کی دکہانی کو اور یقین نہین رکہتی اللہ پر نہ پچہلی دن پر اور جسکا ساتہی ہوا شیطان تو بہت برا ساتہی ہی ف یعنی مال دینی مین بخل کرنا جیسا اللہ کی نزدیک برا ہی ویسا ہی خلق کی دکہانی کو دینا اور قبول وہ ہی جو حقداروں کو دی جن کا اول مذکور ہوا اور خدا کی یقین سی اور آخرت کی توقع سی دی وَمَاذَا عَلَيْهِمْ لَوْ آمَنُوا بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَأَنْفَقُوا مِمَّا رَزَقَهُمُ اللَّهُ ط وَكَانَ اللَّهُ بِهِمْ عَلِيمًا • اور کیا نقصان تہا ان کا اگر یقین لاتی اللہ پر اور پچہلی دن پر اور خرچ کرتی اللہ کی دیی مین سی اور اللہ کو انکی خوب خبر ہی إِنَّ اللَّهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ وَإِنْ تَكُ حَسَنَةً يُضَاعِفْهَا وَيُؤْتِ مِنْ لَدُنْهُ أَجْرًا

عَظِيمًا • اللہ حق نہیں رکہتا کسی کا ایک ذرہ برابر اور اگر نیکی ہو تو اوسکو دونا کرے
اور دیوے اپنی پاس سے بڑا ثواب ف یعنی اللہ کی راہ مین خرچ کرنا نقصان کسیطرح نہیں ہے
آخرت کا ثواب بیشمار ہی اور دنیا مین بہی عوض پاتا ہی اس پر رسول خدا نی قسم کہی
فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ وَجِئْنَا بِكَ
عَلَى هَؤُلَاءِ شَهِيدًا • پہر کیا حال ہوگا جب بلاوین گی ہم ہر امت مین
سی احوال کہنی والا اور بلاوین گی تجکو ان لوگون پر احوال بتانی والا يَوْمَئِذٍ
يَوَدُّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَعَصَوُا الرَّسُولَ لَوْ تُسَوَّى بِهِمُ
الْأَرْضُ وَلَا يَكْتُمُونَ اللَّهَ حَدِيثًا • اوس دن آرزو کرینگے
جو لوگ منکر ہوئی تہی اور رسول کی بی حکمی کی تہی کسیطرح ملا دیجی اونکو زمین مین
اور نہ چہپا سکین گی اللہ سی ایک بات ف یعنی ہر امت اور ہر عہد کی لوگون
کا احوال اوس وقت کی پیغمبر سی اور معتبر نیک بختون سی بیان کرواوینگے
منکرون کا انکار اور اطاعت والون کی اطاعت بیان ہوگی تب منکر آرزو کرینگے
کہ ہم انسان نہ ہوتی مٹی مین ملکر خاک ہوجاتی يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا
لَا تَقْرَبُوا الصَّلَاةَ وَأَنْتُمْ سُكَارَى حَتَّى تَعْلَمُوا
مَا تَقُولُونَ وَلَا جُنُبًا إِلَّا عَابِرِي سَبِيلٍ حَتَّى
تَغْتَسِلُوا وَإِنْ كُنْتُمْ مَرْضَى أَوْ عَلَى سَفَرٍ أَوْ جَاءَ
أَحَدٌ مِنْكُمْ مِنَ الْغَائِطِ أَوْ لَامَسْتُمُ النِّسَاءَ
فَلَمْ تَجِدُوا مَاءً فَتَيَمَّمُوا صَعِيدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوا
بِوُجُوهِكُمْ وَأَيْدِيكُمْ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَفُوًّا غَفُورًا •

اے ایمان والون نزدیک نہ ہو نماز کے جب تمکو نشا ہو جب تک کہ سمجھنے لگو جو کہتے ہو
اور نہ جب جنابت مین ہو مگر راہ چلتے ہوے جب تک کہ غسل کر لو اور اگر تم مریض ہو
یا سفر مین یا آیا ہے کوے شخص تم مین جاے ضرور سے یا لگے ہو عورتون سے پھر نہ پایا
پانی تو ارادہ کرو زمین پاک کا پھر ملو اپنے مونہ کو اور ہاتھون کو اللہ ہے معاف کرنے والا بخشتا
ف اس ایت مین ذکر ہے تیمم کا پہلے جو مذکور ہوا کہ کافر اخرت مین آرزو کرینگے
کہ خاک مین مل جاوین خاک انسان کی پیدایش ہے اور اپنی پیدایش کیطرف
جانا گناہون سے بچاوے ہے اسواسطے مٹی ملنے سے بے طہارت فرمائے ف پہلے
حکم فرمایا کہ نشا مین نماز کے پاس نجاو یہ حکم جب تہا کہ نشا حرام نہ ہوا تہا لیکن نماز
سے مانع ٹھہرا تہا اور اب اگر نیند سے بے ہوش ہو یا مرض سے کہ اپنے مونہ کا
لفظ نہ سمجھے تو اوس حالت کی نماز درست نہین پھر قضا کرے ف پھر فرمایا
کہ جنابت مین نماز کے پاس نہ جاو جب تک غسل کرو مگر راہ چلتے یعنی سفر مین کہ اوسکا
حکم اگے ہے ف پھر فرمایا کہ اگر پانی کا عذر ہو اور طہارت ضرور ہو تو زمین سے تیمم
کرو پانی کا عذر تین صورت سے بتایا اور طہارت کا ضرور ہونا دو صورت سے ایک صورت
پانی کی عذر کی یہ کہ مریض ہو پانی ضرر کرتا ہے دوسرے یہ کہ سفر درپیش ہے پانی پینے کو
رکھا ہے اگے دور تک نہ ملیگا تیسری یہ کہ پانی موجود ہی نہین اس تیسری کے ساتھہ دو صورتین
طہارت کی ضرورت کی فرمائین ایک یہ کہ شخص جاے ضرور سے آیا وضو کی حاجت ہے دوسرے
یہ کہ عورت سے لگا غسل کے حاجت ہے ف اب تیمم کی طریق یہ کہ زمین پاک پر دونو
ہاتھہ مارے پھر ہاتھون کو مل لیا کہنی تک اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا
نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يَشْتَرُوْنَ الضَّلٰلَةَ

وَيُرِيدُونَ أَن تَضِلُّوا السَّبِيلَ وَاللهُ أَعْلَمُ بِأَعْدَائِكُمْ
وَكَفَىٰ بِاللهِ وَلِيًّا وَكَفَىٰ بِاللهِ نَصِيرًا • تو نی دیکھی
جن کو ملا ہی کچھہ ایک حصہ کتاب سی خرید کرتی ہین گمراہی اور چاہتی ہین کہ تم بی بہکو راہ
اور الله خوب جانتا ہی تمہاری دشمنون کو اور الله بس ہے حمایتی اور الله بس ہے مددگار
ف یہود کو فرمایا ہی کہ کچھہ حصہ ملا ہے کتاب کا یعنی لفظ پڑھنی ملی ہین اور سمجھنا اور عمل
کرنا نہین ملا مِنَ الَّذِينَ هَادُوا يُحَرِّفُونَ الْكَلِمَ عَن مَّوَاضِعِهِ
وَيَقُولُونَ سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا وَاسْمَعْ غَيْرَ مُسْمَعٍ وَرَاعِنَا
لَيًّا بِأَلْسِنَتِهِمْ وَطَعْنًا فِي الدِّينِ وَلَوْ أَنَّهُمْ قَالُوا
سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا وَاسْمَعْ وَانظُرْنَا لَكَانَ خَيْرًا
لَّهُمْ وَأَقْوَمَ وَلَٰكِن لَّعَنَهُمُ اللهُ بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُونَ
إِلَّا قَلِيلًا • وہ جو یہودی ہین بی ڈہب کرتی ہین بات کو اوسکی ٹہکانی سے
اور کہتی ہین ہمنی سنا اور نہ مانا اور سن نہ سنایا جائیو اور راعنا موڑ دی کر اپنی زبان کو
اور عیب دی کر دین مین اور اگر وہ کہتی ہمنی سنا اور مانا اور سن اور ہم پر نظر کر تو
بہتر ہوتا اونکی حق مین اور درست لیکن لعنت کی اونکو الله نی اونکی کفر سی سو ایمان
نہین لاتی مگر کم ف راعنا لفظ بولتی تہی اسکا بیان سورہ بقرہ مین ہوا اور جب حضرت
حضرت بات فرماتی تو جواب مین کہتی سنا ہمنی اسکی معنی یہ ہین کہ قبول کیا لیکن
آہستہ کہتی کہ نہ مانا یعنی فقط کان سی سنا دل سی نہ سنا اور حضرت کو خطاب کرتی تو کہتی
سن نہ سنایا جائیو ظاہر مین یہ دعای نیک کہ تو ہمیشہ غالب رہی کوی تجکو بری بات نہ سنا سکی
اور دل مین نیت رکہتی کہ تو بہرا ہو جائیو ایسی شرارہ کرتی پھر دین مین عیب دیتی کہ اگر یہ شخص

بی ہوتا تو ہمارا فریب معلوم کرتا وہی اللہ صاحب نے واضح کردیا یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ
اُوْتُوا الْکِتَابَ اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَکُمْ
مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّطْمِسَ وُجُوْھًا فَنَرُدَّھَا عَلٰٓی اَدْبَارِھَآ
اَوْ نَلْعَنَھُمْ کَمَا لَعَنَّآ اَصْحٰبَ السَّبْتِ وَکَانَ اَمْرُ اللّٰہِ
مَفْعُوْلًا ۔ اے کتاب والون ایمان لاو اس پر جو ہمنے نازل کیا سچ بتاتا تمہارے
پاس والی کو بہی اس سے کہ ہم مٹا ڈالین کتنے مونہہ پہر الٹ دین اونکو پیٹ کی طرف
یا اونکو لعنت کرین جیسی لعنت کی ہفتے والون کو اور اللہ نے حکم کیا سو ہوا ف یعنے
ایمان لاو بہی اس سے کہ عذاب پاو صورت بدلی جاوے یا جانور بن جاو ہفتے والون کے
طرح اونکا بیان ہی سورہ اعراف مین اِنَّ اللّٰہَ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُّشْرَکَ
بِہٖ وَیَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِکَ لِمَنْ یَّشَآءُ وَمَنْ یُّشْرِکْ
بِاللّٰہِ فَقَدِ افْتَرٰٓی اِثْمًا عَظِیْمًا ۔ تحقیق اللہ نہین بخشتا یہ کہ
اوسکا شریک پکڑے اور بخشتا ہی اس سے نیچے جسکو چاہی اور جس نے شریک ٹہرایا
اللہ کا اوسنے بڑا طوفان باندہا اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ یُزَکُّوْنَ اَنْفُسَھُمْ
بَلِ اللّٰہُ یُزَکِّیْ مَنْ یَّشَآءُ وَلَا یُظْلَمُوْنَ فَتِیْلًا ۔
تونے نہ دیکہی وہ جو آپ کو پاکیزہ کہتے ہین بلکہ اللہ پاکیزہ کرتا ہی جسکو چاہی اور اون پر
ظلم نہ ہوگا تاگی برابر ف یہودیون کو حضرت سے مخالفت ہوی تو مکے کی مشرکون سے
متفق ہوی اور اونکی خاطر کو بتون کی تعظیم کی اور کہا کہ تمہاری راہ بہتر ہی مسلمانون سے
اور یہ سب حسد تہا کہ نبوت اور ریاست دین ہمارے سوا اور مین کیون ہو اللہ صاحب
اسی پر اونکو الزام دیتا ہی ان سب ایتون مین یہی مذکور ہی اُنْظُرْ کَیْفَ

ع

يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَكَفٰى بِهٖۤ اِثْمًا مُّبِيْنًا۟ دیکہہ کیسا باندہتی ہین الله پر جہوٹہ اور یہی کفایت ہی گناہ صریح اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ وَيَقُوْلُوْنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا هٰۤؤُلَاۤءِ اَهْدٰى مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سَبِيْلًا۟ تونی نہ دیکہی جنکو ملا ہی کچہہ حصہ کتاب کا مانتی ہین بتون کو اور شیطان کو اور کہتی ہین کافرون کو یہ زیادہ پای ہین مسلمانونسی راہ اُولٰۤئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَمَنْ يَّلْعَنِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ نَصِيْرًا۟ وہی ہین جنکو لعنت کی الله نی اور جسکو لعنت کری الله پہر تو نہ پاوی کوی اوسکا مددگار اَمْ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّنَ الْمُلْكِ فَاِذًا لَّا يُؤْتُوْنَ النَّاسَ نَقِيْرًا۟ یا ان کا کچہہ حصہ ہی سلطنت مین پہر تو یہ دین کے لوگون کو ایک تل برابر اَمْ يَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰى مَاۤ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَقَدْ اٰتَيْنَاۤ اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاٰتَيْنٰهُمْ مُّلْكًا عَظِيْمًا۟ یا حسد کرتی ہین لوگون کا اوس پر جو دیا اونکو الله نی اپنی فضل سی سو ہمنی تو دی ہی ابراہیم کی گہر مین کتاب اور علم اور اونکو دی ہی ہمنی بڑی سلطنت فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ صَدَّ عَنْهُ ۚ وَكَفٰى بِجَهَنَّمَ سَعِيْرًا۟ پہر اونمین کسی نی اوسکو مانا اور کوی اوس سی اٹک رہا اور دوزخ بس ہے جلتی آگ ف یعنی ہمیشہ سی الله نی ابراہیم کی گہر مین بزرگی دی اب بہی اوسکے گہر مین ہی پہر جو کوی قبول نہ رکہی وہی بی انصاف ہے اِنَّ الَّذِيْنَ

کَفَرُوا بِاٰیٰتِنَا سَوْفَ نُصْلِیْهِمْ نَارًا كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ بَدَّلْنٰهُمْ جُلُوْدًا غَیْرَهَا لِیَذُوْقُوا الْعَذَابَ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَزِیْزًا حَكِیْمًا • جو لوگ منکر ہوی ہماری آیتون سی اونکو ہم ڈالینگی آگ مین جس وقت پک جاوی کے کہال اونکی بدل کر دینگے اونکو اور کہال کہ چکہتے رہین عذاب اللہ ہے زبردست حکمت والا وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا اَبَدًا لَهُمْ فِیْهَا اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّنُدْخِلُهُمْ ظِلًّا ظَلِیْلًا اور جو لوگ یقین لای اور کرین نیکیان اونکو ہم داخل کرینگی باغون مین جنکی نیچی بہتی نہرین رہ پڑی وہان ہمیشہ اونکو وہان عورتین ہین ستہری اور اون کو ہم داخل کرینگی گہن کی چھانوین اِنَّ اللّٰهَ یَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰۤى اَهْلِهَا وَاِذَا حَكَمْتُمْ بَیْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا یَعِظُكُمْ بِهٖ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِیْعًا بَصِیْرًا • اللہ تمکو فرماتا ہی کہ پہنچا دو امانتین امانت والون کو اور جب چکوتی کرنی لگو لوگون مین تو چکوتی کرو انصاف سی اللہ اچہی نصیحت کرتا ہی تمکو اللہ ہے سنتا دیکہتا • یعنی امانت مین خیانت مت کرو اور چکوتی مین خاطر مت کرو خواہ رشوت کی واسطی خواہ کسی واسطی یہ عادتین یہود مین بہت تہین اسی واسطے بعضے کچی مسلمان قضیہ چکانی کو حضرت پاس نہ آتی کہ یہ کسی کے خاطر نہ رکھینگے اور یہود کے عالمون پاس جاتی کہ وہ خاطر کرینگی آگی مسلمانون کو تقید فرمایا

کہ جب تک ہر قضیہ مین اور ہر حکم مین رسول ہی کی طرف رجوع نہ رکہو اور دل سی اوسکی حکم پر راضی

نہو جب تک تمکو ایمان نہین یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِیْعُوا اللّٰهَ

وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْكُمْ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ

فِیْ شَیْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ

تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ ذٰلِكَ خَیْرٌ وَّاَحْسَنُ

تَاْوِیْلًا ۔ اَی ایمان والون حکم مانو اللہ کا اور حکم مانو رسول کا اور جو اختیار والی ہین

تم مین پہر اگر جہگڑ پڑو کسی چیز مین تو اوسکو رجوع کرو طرف اللہ کی اور رسول کی اگر یقین

رکہتی ہو اللہ پر اور پچہلی دن پر یہ خوب ہی اور بہتر تحقیق کرنا ہی ف اختیار والی بادشاہ

اور قاضی اور جو کسی کام پر مقرر ہو اوسکی حکم پر چلنا ضرور ہی جب تک وہ خلاف خدا و رسول

حکم نہ کری اگر صریح خلاف کری تو وہ حکم نہ مانیی پس اگر دو مسلمان جہگڑتی ہین ایک نی

کہا چل شرع مین رجوع کرین دوسری نی کہا مین شرع نہین سمجہتا یا مجہی شرع سے

کام نہین وہ بی شک کافر ہوا اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِیْنَ یَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ

اٰمَنُوْا بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ یُرِیْدُوْنَ

اَنْ یَّتَحَاكَمُوْٓا اِلَى الطَّاغُوْتِ وَقَدْ اُمِرُوْٓا اَنْ

یَّكْفُرُوْا بِهٖ وَیُرِیْدُ الشَّیْطٰنُ اَنْ یُّضِلَّهُمْ

ضَلٰلًا بَعِیْدًا ۔ تو نی نہ دیکہی وہ جو دعوی کرتی ہین کہ یقین لای ہین

جو اترا تیری طرف اور جو اترا تجسی پہلی چاہتی ہین کہ قضیہ لیجاوین شیطان کی طرف

اور حکم ہو چکا ہی اونکو کہ اوس سے منکر ہو جاوین اور چاہتا ہی شیطان کہ اونکو بہکا کر

دور جا ڈالی وَاِذَا قِیْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ

ع ۹

رَاَیْتَ الْمُنٰفِقِیْنَ یَصُدُّوْنَ عَنْكَ صُدُوْدًا۔

اور جو اونکو کہیی آو اللہ حکم کی طرف جو اوسنی اتارا اور رسول کی طرف تو تو دیکہی منافقون کو بند ہو رہتی ہین تیری طرف سی اٹک کر فَكَیْفَ اِذَاۤ اَصَابَتْهُمْ مُّصِیْبَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَیْدِیْهِمْ ثُمَّ جَآءُوْكَ یَحْلِفُوْنَ ۖۗ بِاللّٰهِ اِنْ اَرَدْنَاۤ اِلَّاۤ اِحْسَانًا وَّ تَوْفِیْقًا۔ پہر وہ کیا کہ جب اونکو پہنچے مصیبت اپنی ہاتہون کی کیئی سی پہچہی آوین تیری پاس قسمین کہاتی اللہ کی کہ ہمکو غرض نتہی مگر بہلای اور ملاپ ف مدینی مین ایک یہودی اور ایک منافق کہ ظاہر مین مسلمان تہا جہگڑنی لگی یہودی نی کہا کہ چل محمد پاس صلی اللہ علیہ وسلم منافق نی کہا کہ چل کعب بن اشرف پاس وہ یہود کا سردار تہا آخر حضرت پاس آئی حضرت نی یہودی کا حق ثابت کیا منافق نی باہر نکل کر کہا کہ چلو عمر پاس یہ حضرت کی حکم سی مدینی مین قضا کرتی تہی منافق نی جانا کہ حمیت اسلام کرین کی جب گئی اونکی آگی یہودی نے کہہ دیا کہ حضرت پاس ہم جا چکی ہین وہ مجکو سچا کر چکی ہین حضرت عمر نی منافق کو گردن مارا اوسکی وارث حضرت پاس دعوای خون کو آئی اور قسمین کہانی لگی کہ ہم گئی تہی اس واسطے کہ شاید صلح کروادین تب یہ آیتین نازل ہوئین اور اون کا نام فاروق فرمایا اُولٰٓىِٕكَ الَّذِیْنَ یَعْلَمُ اللّٰهُ مَا فِیْ قُلُوْبِهِمْ ۗ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَ عِظْهُمْ وَ قُلْ لَّهُمْ فِیْۤ اَنْفُسِهِمْ قَوْلًۢا بَلِیْغًا۔ یہ وہ لوگ ہین کہ اللہ جانتا ہے جو انکی دلمین ہی سو تو اون سی تغافل کر اور اونکو نصیحت کر اور اون سی کہہ اونکی حق مین بات کام کی وَ مَاۤ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِیُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَ لَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْۤا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ

فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ
تَوَّابًا رَّحِيْمًا • اور ہمنی کوئی رسول نہین بہیجا مگر اسی واسطی کہ اوسکا حکم مانین اللہ کے
فرمانی سی اور اگر ان لوگون نی جسوقت اپنا برا کیا تہا آتی تیری پاس پہر اللہ سی بخشواتی
اور رسول اونکو بخشواتا تو اللہ کو پاتی معاف کرنی والا مہربان فَلَا وَرَبِّكَ
لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا
فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا •
سو قسم ہی تیری رب کی انکو ایمان نہ ہوگا جب تک تجہی کو منصف جانین جو جہگڑا
اوٹہی آپسمین پہر نہ پاوین اپنی جی مین خفگی تیری چکوتی سی اور قبول رکہین مانکر
وَلَوْ اَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ اَنِ اقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ
اَوِ اخْرُجُوْا مِنْ دِيَارِكُمْ مَّا فَعَلُوْهُ اِلَّا قَلِيْلٌ مِّنْهُمْ
وَلَوْ اَنَّهُمْ فَعَلُوْا مَا يُوْعَظُوْنَ بِهٖ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ
وَاَشَدَّ تَثْبِيْتًا • اور اگر ہم ان پر حکم کرتی کہ ہلاک کرو اپنی جان
یا چہوڑ نکلو اپنی گہر تو کوئی نکرتی مگر تہوڑی انمین اور اگر یہی کرین جو انکو نصیحت
ہوتی ہی تو ان کی حق مین بہتر ہوتا اور زیادہ ثابت ہون دین مین ف یعنی مالک کے
حکم مین تو جان تک دریغ نکرنا چاہی اگر اللہ ویسی حکم فرماتا تو یہ منافق کر سکتی
یہ حکم تو نصیحت کی ہین انہی پر چلین تو نفاق جاتا رہی اور مؤمن ہوجاوین غنیمت
نہین سمجہتی وَاِذًا لَّاٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ لَّدُنَّآ اَجْرًا عَظِيْمًا •
اور ایسی مین ہم دین انکو اپنی پاس سی بڑا ثواب وَلَهَدَيْنٰهُمْ صِرَاطًا
مُّسْتَقِيْمًا • اور چلاوین انکو سیدہی راہ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ

فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ۔ اور جو لوگ حکم چلتے ہین اللہ کے اور رسول کے سو اونکے ساتھ ہین جنکو اللہ نے نوازا نبی اور صدیق اور شہید اور نیک بخت اور خوب ہے ان کی رفاقت

ف بنی وہ لوگ جن کو اللہ کی طرف سے وحی آوے یعنی فرشتہ ظاہر ہین پیغام کہ جاوے ف اور صدیق وہ کہ جو دیے ہین آوے ان کا جی آپ ہی اوس پر گواہی دیے اور شہید وہ جن کو پیغمبر کی حکم پر ایسا صدق آیا کہ اوس پر جان دیتے ہین ف اور نیک بخت وہ کہ جن کی طبیعت نیکی ہی پر پیدا ہوئی ہے تو جو لوگ ایسے نہین لیکن حکم بردار ہین لگے جاتے ہین اللہ انکو بھی اون کی ساتھ گنے گا ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ۚ وَكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا ۔ یہ فضل ہے اللہ کی طرف سے اور اللہ بس ہے خبر رکھنے والا ف آگے سے ذکر ہے جہاد کا يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا خُذُوْا حِذْرَكُمْ فَانْفِرُوْا ثُبَاتٍ اَوِ انْفِرُوْا جَمِيْعًا ۔ اے ایمان والو کر لو اپنی خبرداری پھر کوچ کرو جدی جدی فوج یا سب اکٹھے ف یعنی لڑائی مین اپنا بچاؤ کرنا زرہ کر یا سپر کر یا تدبیر و ہنر کہ منع نہین وَاِنَّ مِنْكُمْ لَمَنْ لَّيُبَطِّئَنَّ ۚ فَاِنْ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالَ قَدْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيَّ اِذْ لَمْ اَكُنْ مَّعَهُمْ شَهِيْدًا ۔ اور تم مین کوئی ایسا ہے کہ البتہ دیر لگاوے گا پھر اگر تمکو مصیبت پہنچے کہیگا اللہ نے مجھ پر فضل کیا کہ مین نہ ہوا اونکے ساتھ وَلَئِنْ اَصَابَكُمْ فَضْلٌ مِّنَ اللّٰهِ لَيَقُوْلَنَّ كَاَنْ لَّمْ

ع ۱۰

تَكُنْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُ مَوَدَّةٌ يَا لَيْتَنِي كُنْتُ مَعَهُمْ فَأَفُوزَ فَوْزًا عَظِيمًا • اور اگر تمکو پہنچی فضل اللہ کی طرف سے تو اسطرح کہنے لگیگا کہ گویا نہ تہی تم مین اور اوسمین کچھہ دوستے ای کاشکی مین ہوتا اونکے ساتھہ تو بڑی مراد پاتا ف یعنے ایسا شخص منافق ہی کہ خدا کی حکم پر نہین دوڑتا بلکہ نفع دنیا تکتا ہی اگر لوگون کو اوسکام مین تکلیف پہنچی تو اپنی الگ رہنی پر رجہتا ہے اور اگر لوگون کو فائدہ پہنچا تو پچتاتا ہی اور دشمنون کی طرح حسد کرتا ہی فَلْيُقَاتِلْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ الَّذِينَ يَشْرُونَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا بِالْآخِرَةِ وَمَنْ يُقَاتِلْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَيُقْتَلْ أَوْ يَغْلِبْ فَسَوْفَ نُؤْتِيهِ أَجْرًا عَظِيمًا • سو چاہیے لڑین اللہ کی راہ مین جو لوگ بیچتے ہین دنیا کی زندگی آخرة پر اور جو کوئی لڑے اللہ کی راہ مین پہر مارا جاوی یا غالب ہووے ہم دین گی اوسکو بڑا ثواب ف یعنی مسلمان چاہیی زندگی دنیا پر نظر نہ رکہین آخرت چاہین اور سمجہین کہ اللہ کے حکم مین ہر طرح نفع ہی وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا أَخْرِجْنَا مِنْ هَذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ أَهْلُهَا وَاجْعَلْ لَنَا مِنْ لَدُنْكَ وَلِيًّا وَاجْعَلْ لَنَا مِنْ لَدُنْكَ نَصِيرًا • اور تمکو کیا ہی کہ نہ لڑو اللہ کی راہ مین اور واسطی اونکی جو مغلوب ہین مرد اور عورتین اور لڑکی جو کہتی ہین ای رب ہمارے نکال ہمکو اس بستی سی کہ ظالم ہین لوگ اسکی اور دیدا کر ہمارے واسطے

اپنی پاس سے کوی حمایتی اور بہیدا کر ہماری واسطے اپنی پاس سی مددگار ف یعنی دو واسطے لڑای تمکو ضرور ہی ایک تو اللہ کا دین بلند کرنی کو دوسری مظلوم مسلمان جو کافرون کے ہاتہہ مین بی بس پڑی ہین اونکی خلاص کرنی کو شہر مکہ مین ایسی لوک بہت تہی کہ حضرت کی ساتہہ ہجرت نہ کرسکی اور اونکی اقربا اون پر ظلم کرنی لکی کہ مسلمان سی پہر کافر کرین

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ الطَّاغُوْتِ فَقَاتِلُوْٓا اَوْلِيَاۗءَ الشَّيْطٰنِ اِنَّ كَيْدَ الشَّيْطٰنِ كَانَ ضَعِيْفًا

وہ جو ایمان والی ہین سو لڑتی ہین اللہ کی راہ مین اور وہ جو منکر ہین سو لڑتی ہین مفسدون کے راہ مین سو لڑو تم شیطان کے حمایتیون سی بیشک فریب شیطان کا سست ہی

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ قِيْلَ لَھُمْ كُفُّوْٓا اَيْدِيَكُمْ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْھُمْ يَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْيَةً وَقَالُوْا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ لَوْلَآ اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا •

تو نی نہ دیکہی وہ لوک جن کو حکم ہوا تہا کہ اپنی ہاتہہ بند رکہو اور قایم کرو نماز اور دیتی رہو زکوۃ پہر جب حکم ہوا اون پر لڑای کا اوسی وقت ایک جماعت اونمین ڈرنی لکی لوکون سی جیسا ڈر ہو اللہ کا

یا اوس سے زیادہ ڈر اور کہنی لگی ای رب ہمارے کیون فرض کی ہم پر لڑای کیون نہ جینی دیا
ہمکو تہوڑی سی عمر تو کہ فائدہ دنیا کا تہوڑا ہی اور آخرت بہتر ہی پرہیزگار کو اور تمہارا حق نہ رہیگا
ایک تاگا ف یعنی جب تک مسلمان مکی مین تہی اور کافر ایذا دیتی تو اللہ انکو لڑای سی تہامتا تہا
اور صبر کا حکم فرماتا تہا اب جو حکم لڑای کا آیا تو سمجہین کہ ہماری مراد ملی لیکن بعضی کچی مسلمان
کنارہ کرتی ہین اور موت سی ڈرتی ہین اور اللہ کی برابر آدمیون سی خطرہ کرتی ہین اَیْنَمَا
تَكُونُوا يُدْرِككُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ كُنتُمْ فِي بُرُوجٍ
مُّشَيَّدَةٍ وَإِن تُصِبْهُمْ حَسَنَةٌ يَقُولُوا هَٰذِهِ
مِنْ عِندِ اللَّهِ وَإِن تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَقُولُوا هَٰذِهِ
مِنْ عِندِكَ قُلْ كُلٌّ مِّنْ عِندِ اللَّهِ فَمَالِ هَٰؤُلَاءِ
الْقَوْمِ لَا يَكَادُونَ يَفْقَهُونَ حَدِيثًا ۔ جہان تم ہوگے
تمکو موت آپکڑی گی اگرچہ تم ہو مضبوط برجون مین اور اگر پہنچی ان لوگون کو کچہ بہلای
کہین یہ اللہ کے طرف سی اور اگر انکو پہنچی کچہ برای کہین یہہ تیری طرف سی تو کہ سب اللہ کے
طرف سی ہی سو کیا حال ہے ان لوگون کا لگتی نہین کہ سمجہین ایک بات ف یہہ منافقون کا
ذکر ہی کہ اگر تدبیر جنگ درست آ دہی اور فتح و غنیمت ملی تو کہین اللہ کی طرف سے
ہوی یعنی اتفاقاً بن گئی حضرت کی تدبیر کی قائل نہ ہوتی تہی اور اگر بگڑ گئی تو الزام رکہتے
حضرت کی تدبیر پر اللہ صاحب نے فرمایا کہ سب اللہ کی طرف سے ہے یعنی پیغمبر کی تدبیر اللہ کا الہام
ہی غلط نہین اور بگڑی کو بگڑا نہ بوجہو یہہ اللہ تمکو سزا دیتا ہی تمہاری تقصیر پر اگلی آیت مین کہول کر
فرمادیا مَا أَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللَّهِ وَمَا أَصَابَكَ
مِن سَيِّئَةٍ فَمِن نَّفْسِكَ وَأَرْسَلْنَاكَ لِلنَّاسِ

رَسُولًا ۚ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا ۝ جو تجکو بہلائی پہنچی سو اللہ کے طرف سی اور جو تجکو برائی پہنچی سو تیری نفس کے طرف سی اور ہمنی تجکو بہیجا پیغام پہنچانیکو اور اللہ بس ہے سامہنی دیکہتا ف یعنی چاہیی نیکی اللہ کا فضل سمجہی اور تکلیف اپنی تقصیر سی اور رسول پر الزام نہ رکہی تقصیرون سی اللہ واقف ہے اور وہی جزا دیتا ہے

مَّن يُطِعِ الرَّسُولَ فَقَدْ أَطَاعَ اللَّهَ ۖ وَمَن تَوَلَّىٰ فَمَا أَرْسَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ حَفِيظًا ۝ جن نی حکم مانا رسول کا اوس نی مانا اللہ کا اور جو الٹا پہرا تو ہمنی تجکو نہین بہیجا اون پر نگہبان وَيَقُولُونَ طَاعَةٌ فَإِذَا بَرَزُوا مِنْ عِندِكَ بَيَّتَ طَائِفَةٌ مِّنْهُمْ غَيْرَ الَّذِي تَقُولُ ۖ وَاللَّهُ يَكْتُبُ مَا يُبَيِّتُونَ ۖ فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ ۚ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ وَكِيلًا ۝ اور کہتی ہین کہ قبول پہر جب باہر گئی تیری پاس سی مشورہ کرتی ہین بعضی اونمین رات کو سوای تیری بات کی اور اللہ لکہتا ہی جو ٹہراتی ہین سو تو تغافل کر اون سی اور بہروسا کر اللہ پر اور اللہ بس ہے کام بنانی والا أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ الْقُرْآنَ ۚ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِندِ غَيْرِ اللَّهِ لَوَجَدُوا فِيهِ اخْتِلَافًا كَثِيرًا ۝

کیا غور نہین کرتی قرآن مین اور اگر یہ ہوتا کسی اور کا سوای اللہ کی تو پاتی اسمین بہت تفاوت ف یعنی مخلوق ہر حال مین اوس حال کی موافق بولتا ہی غصی مین مہربانی کے والون طرف دہیان نہین رہتا اور مہربانی مین غصی والون کے طرف دنیا کے بیان مین آخرت یاد نہ آوی اور آخرت کی بیان مین دنیا کی یہ کلام ہی جسمین عنایت کا ذکر نہین

کا

اورعنایت مین بی پروائی کا تو اوس حال کلام سننی دوسری حال سبی مخالف نظر آدے

اور قران شریف جو خالق کا کلام هی یہان ہر چیز کی بیان مین دوسرے جانب بی نظر

ہوتی ہی غور کری سبی معلوم ہو کہ ہر چیز کا بیان ہر مقام مین ایک راہ پر ہی یہان مناففوں کا

مذکور تہا اسمین ہر بات پر الزام اوسی قدر ہی جتنا چاہیی اور جماعت مین سی اونہی پر

الزام هی جو لایق الزام ہین اسی واسطی فرمایا کہ بعضی اونمین سی یون کرتی ہین وَاِذَا

جَآءَهُمْ اَمْرٌ مِّنَ الْاَمْنِ اَوِ الْخَوْفِ اَذَاعُوْا بِهٖ وَلَوْ

رَدُّوْهُ اِلَى الرَّسُوْلِ وَاِلٰٓى اُولِى الْاَمْرِ مِنْهُمْ

لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ يَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ مِنْهُمْ وَلَوْلَا فَضْلُ

اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطٰنَ

اِلَّا قَلِيْلًا ۔ اور جب اون پاس پہنچتی ہی کوی خبر امن کی یا ڈر کی

اوسکو مشہور کرتی ہین اور اگر اوسکو پہنچاتی رسول تک اور اپنی اختیار والون تک

تو تحقیق کرتی اوسکو جو ان مین تحقیق کرنی والی ہین اوسکی اور اگر نہ ہوتا فضل اللہ کا

تم پر اور اوسکی مہر تو تم شیطان کی پیچھی جاتی مگر تہوڑی ف یعنی کہین سی کچہ خبر آوی

تو اول پہنچای سردار تک اور اوسکی نایبون تک جب وہ صحیح کر لین اور اوس پر

بنا رکہین تب آپ اوس پر عمل کریی حضرت نی ایک شخص بہیجا ایک قوم کی زکوۃ لینی کو

وہ نکلی استقبال کو اسنی سمجہا کہ نکلی ہین میری مارنی کو اولٹا پہر آیا اور شہر مدینہ

مین مشہور کیا کہ فلان قوم مرتد ہوی ہنوز حضرت تک خبر نہ پہنچی کہ شہر مین شہرہ ہوا

اسی قسم سی ہر خبر بی تحقیق اور بغیر خبر سردار کی مشہور کرنی لگتی وہ خبر آخر غلط نکلتی

ف یہ جو فرمایا کہ اگر اللہ کا فضل تم پر نہو تا تو شیطان کی پیچہی چلتی مگر تہوڑی یعنی ہر وقت

احکام تربیت کی نہ پہنچتی رہین تو تم لوگ ہدایت پر قایم رہین فَقَاتِلْ فِي
سَبِيلِ اللّٰهِ لَا تُكَلَّفُ إِلَّا نَفْسَكَ وَحَرِّضِ
الْمُؤْمِنِينَ عَسَى اللّٰهُ أَنْ يَكُفَّ بَأْسَ الَّذِينَ
كَفَرُوا وَاللّٰهُ أَشَدُّ بَأْسًا وَأَشَدُّ تَنْكِيلًا
سو تو لڑ اللہ کی راہ مین تجہ پر ذمہ نہین مگر اپنی جان سے اور تاکید کر مسلمانون کو شاید
کہ اللہ بند کرے لڑائی کافرون کی اور اللہ ہے سخت لڑائی والا اور سخت سزا دینی والا
مَنْ يَشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَكُنْ لَهُ نَصِيبٌ
مِنْهَا وَمَنْ يَشْفَعْ شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَكُنْ لَهُ
كِفْلٌ مِنْهَا وَكَانَ اللّٰهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ مُقِيتًا
جو کوئی سفارش کرے نیک بات مین تو اوسکو بہی ملی اوسمین سے ایک حصہ اور جو کوئی سفارش کری
بری بات مین اوس پر بہی ایک بوجہ ہے اوسمین سے اور اللہ ہے ہر چیز کا حصہ بانٹنی والا
ف مثلا کوئی محتاج کی سفارش کر کر دولتمند سے کچہہ دلوا دے یہ بہی شریک ہوا ثواب
خیرات مین اور جو کوئی کافر یا مفسد کو سفارش کر کر چہڑوا دے کہ پہر وہ فساد کرے یہ بہی شریک
ہوا اوس فساد مین وَإِذَا حُيِّيتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوا بِأَحْسَنَ
مِنْهَا أَوْ رُدُّوهَا إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَى كُلِّ
شَيْءٍ حَسِيبًا اور جب تمکو دعا دیوے کوئی تو تم بہی دعا دو اوس سے
بہتر یا وہی کہو اولٹ کر اللہ ہے ہر چیز کا حساب کرنی والا ف مثلا کوئی کہے السلام علیکم
تو واجب ہے اوسکا جواب اگر برابر چاہے تو وعلیکم السلام و اگر زیادہ ثواب چاہے تو ورحمۃ اللہ
بہی اور اگر اوسنی یون کہا تو آپ کہی وبرکاتہ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ

نصف

لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ وَمَنْ
اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ حَدِيْثًا ۔ اسکے سوائی کسی کی بندگی نہین تمکو جمع
کریگا قیامت کی دن اسمین شک نہین اور اللہ سی سچے کس کی بات فَمَا لَكُمْ
فِي الْمُنٰفِقِيْنَ فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ اَرْكَسَهُمْ بِمَا
كَسَبُوْا اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَهْدُوْا مَنْ
اَضَلَّ اللّٰهُ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ
سَبِيْلًا ۔ پہر تمکو کیا پڑا ہی منافقون کی واسطی دو جانب ہو رہی ہو
اور اللہ نی اونکو اولٹ دیا اونکی کامون پر کیا تم چاہو کہ راہ پر لاو جسکو بہچلایا اللہ نی
اور جسکو اللہ راہ ندی پہر تو نہ پاوی اوسکی واسطی کہین راہ ف یہان منافق فرمایا ہے
اون لوگون کو جو ظاہر مین بہی مسلمان نہ تہی لیکن حضرت کی ساتہ محبت او[illegible]
تہی اس غرض سی کہ ان کی فوج ہماری قوم پر جاوے تو ہماری جان و مال بچ رہے
جب مسلمان خبردار ہوئے کہ ان کی آمد و رفت اس غرض کو ہی دل کی محبت سی نہین
تو بعضی کہنی لگی ان سی صحبت و ملاقات ترک کریں تا ایک طرف ہو جاوین او[ر]
بعضون نی کہا ملی جاتی اسی مین شاید ایمان لاوین اللہ نی فرمایا کہ ہدایت او[ر]
گمراہی اللہ کی ہاتہ ہی اس کا فکر تمکو کیا ضرور باقی ایسون سی جو معاملت چاہی سو آگی فرمایا
وَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ كَمَا كَفَرُوْا فَتَكُوْنُوْنَ
سَوَآءً فَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ اَوْلِيَآءَ حَتّٰى
يُهَاجِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَخُذُوْهُمْ
وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَلَا تَتَّخِذُوْا

مِنْهُمْ وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا ۔ چاہتی ہین کہ تم بہی کافر ہو جیسی وہ ہوی پہر سب برابر ہو جاو سو تم اونمین کسی کو مت پکڑو رفیق جب تک وطن چہوڑ آوین اللہ کی راہ مین پہر اگر قبول نہ رکہین تو اونکو پکڑو اور مارو جہان پاو اور نہ ٹہراو اونمین کسی کو رفیق نہ مددگار ف یعنی جب تک تم مین نہ آرہین تب تک اونکو بری بہلی مین شریک نہ کرو اور لڑائی مین اونکو مت بچاو

اِلَّا الَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ اِلٰى قَوْمٍۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ اَوْ جَآءُوْكُمْ حَصِرَتْ صُدُوْرُهُمْ اَنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ اَوْ يُقَاتِلُوْا قَوْمَهُمْ ۭ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَسَلَّطَهُمْ عَلَيْكُمْ فَلَقٰتَلُوْكُمْ ۚ فَاِنِ اعْتَزَلُوْكُمْ فَلَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ وَاَلْقَوْا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ ۙ فَمَا جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ عَلَيْهِمْ سَبِيْلًا ۔

مگر جو وہ مل رہی ہین ایک قوم سی جن مین اور تم مین عہد ہی یا آئی ہین تمہاری پاس خفہ ہو گئی ہین دل اونکی تمہاری لڑنی سی بہی اور اپنی قوم کی لڑنی سی بہی اور اگر اللہ چاہتا تو اونکو تم پر زور دیتا پہر تمسی لڑتی تو اگر تمسی کنارہ پکڑین پہر نہ لڑین اور تمہاری طرف صلح لاوین تو اللہ نی نہین دی تمکو اون پر راہ ف یعنی اسس ملنی کہلنی سی تو اونکو لڑائی مین مت بچاو مگر دو صورت سی یا وہ ہم قسم ہین تمہاری صلح والون سی تو وہ بہی صلح مین داخل ہین یا لڑائی سی عاجز ہو کر تمسی آپ صلح کرین اسس پر کہ نہ اپنی قوم کی طرف ہو کر تمسی لڑین نہ تمہاری طرف ہو کر اون سی تو اگر اس عہد پر قایم ہین تو تم بہی اللہ کا احسان جانو کہ ہماری لڑائی سی بند ہوی

سَتَجِدُوْنَ

مالک هے لیکن اگر قصاص مین مارا گیا تو وہ کچھ قتل مین نہ ہوا یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ
اٰمَنُوْٓا اِذَا ضَرَبْتُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ فَتَبَیَّنُوْا وَلَا
تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰٓى اِلَیْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا
تَبْتَغُوْنَ عَرَضَ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا فَعِنْدَ اللّٰهِ
مَغَانِمُ كَثِیْرَةٌ كَذٰلِكَ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلُ
فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَیْكُمْ فَتَبَیَّنُوْا اِنَّ اللّٰهَ كَانَ
بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرًا ۝ اے ایمان والون جب سفر کرو اللہ کی راہ مین تو
تحقیق کرو اور مت کہو جو شخص تمہاری طرف سلام علیک کرے کہ تو مسلمان نہین چاہتے ہو
مال دنیا کی زندگی کا تو اللہ کی ہان بہت غنیمتین ہین تم ایسے ہی تھے پہلے پھر اللہ نے تم پر فضل کیا
سو اب تحقیق کرو اللہ تمہارے کام سے واقف ہے ف حضرت کی وقت مین مسلمانون کی
فوج پہنچی ایک بستی پر وہان ایک مسلمان تھا اپنی مواشی کنارے کر کر کھڑا ہوا اور
مسلمانون سے سلام علیک کی لوگون نے سمجھا کہ غرض کو مسلمانی جتاتا ہے اوسکو مارا اور
مواشی چھین لے اوس پر یہ ایت اتری یہ جو فرمایا کہ تم ایسے ہی تھے پہلے یعنی غرض دنیا پر
خون ناحق کرنے والے لیکن مسلمان ہو کر یہ کام نہ چاہیے یا تم ایسے ہی تھے پہلے یعنی کافرون کے
شہر مین رہتے تھے مستقل حکومت نہ رکھتے تھے لَا یَسْتَوِی الْقٰعِدُوْنَ
مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ غَیْرُ اُولِی الضَّرَرِ وَالْمُجٰهِدُوْنَ
فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فَضَّلَ اللّٰهُ
الْمُجٰهِدِیْنَ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ عَلَى الْقٰعِدِیْنَ
دَرَجَةً ۝ وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى وَفَضَّلَ اللّٰهُ

الْمُجَاهِدِينَ عَلَى الْقَاعِدِينَ أَجْرًا عَظِيمًا ۔ برابر نہین بیٹھنے والی مسلمان جنکو بدن کا نقصان نہین اور لڑنی والی اللہ کی راہ مین اپنی مال سے اور جان سے اللہ نے بڑائی دی لڑنی والون کو اپنی مال اور جان سے اون پر جو بیٹھے ہین درجے مین اور سب کو وعدہ دیا اللہ نی خوبی کا اور زیادہ کیا اللہ نی لڑنی والونکو بیٹھنے والون سے بڑی ثواب مین دَرَجَاتٍ مِّنْهُ وَمَغْفِرَةً وَرَحْمَةً وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَّحِيمًا ۔ بہت درجون مین اپنی ہان کے اور بخشش مین اور مہربانی مین اور اللہ ہی بخشنی والا مہربان ف بدن کی نقصان والی یعنی اندھے اپاہج جہاد کی حکم سے معاف ہین باقی لوگون مین لڑنی والون کو بڑی درجے ہین کہ بیٹھنے والونکو نہین اگرچہ بیٹھنے والی بی جنتی ہین اس سے معلوم ہوا کہ جہاد فرض کفایہ ہی فرض عین نہین یعنی بعضی جہاد کرتی رہین تو نہ کرنی والے معاف ہین اور جو سب موقوف کرین تو سب گنہگار ہین إِنَّ الَّذِينَ تَوَفَّاهُمُ الْمَلَائِكَةُ ظَالِمِي أَنفُسِهِمْ قَالُوا فِيمَ كُنتُمْ ۖ قَالُوا كُنَّا مُسْتَضْعَفِينَ فِي الْأَرْضِ ۚ قَالُوا أَلَمْ تَكُنْ أَرْضُ اللَّهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوا فِيهَا ۚ فَأُولَٰئِكَ مَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ ۖ وَسَاءَتْ مَصِيرًا ۔ جن لوگون کی جان کھینچتے ہین فرشتے اس حال مین کہ وہ برا کر رہی ہین اپنا کہتی ہین تم کس بات مین تھی وہ کہتی ہین ہم تھی مغلوب اس ملک مین کہتی ہین کیا نہ تھی زمین اللہ کی کشادہ کہ وطن چھوڑ جاو وہان سو ایسون کا ٹھکانا ہے دوزخ اور بہت بری جگہ پہنچی إِلَّا الْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الرِّجَالِ

وَالنِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ لَا يَسْتَطِيعُونَ حِيلَةً

وَلَا يَهْتَدُونَ سَبِيلًا • مگر جو ہین بی بس مرد اور عورتین اور

لڑکی نہ کر سکتی ہین تلاش اور نہ جانتی ہین راہ فَأُولَٰئِكَ عَسَى اللَّهُ أَنْ

يَعْفُوَ عَنْهُمْ وَكَانَ اللَّهُ عَفُوًّا غَفُورًا • سو ایسون کو امید ہے

کہ اللہ معاف کرے اور اللہ ہے معاف کرنی والا بخشتا ف یہ حال فرمایا اونکا جو کافرون

ملک مین دلسی مسلمان ہین اور ظاہر نہین ہو سکتی اونکی ظلم سسی تو اگر اپنی کمائی آپ

کرتی ہین اور سفر کی تدبیر سسی واقف ہین تو اونکا عذر قبول نہین اور ملک مین

جار ہین زمین اللہ کی کشادہ ہی اور اگر ناچار ہین پرائی بس مین تو امید ہی کہ معاف

ہون ف اس سی معلوم ہوا کہ جس ملک مین مسلمان کہلا نہ رہ سکی وہان سے

ہجرت فرض ہے وَمَنْ يُهَاجِرْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ يَجِدْ فِي

الْأَرْضِ مُرَاغَمًا كَثِيرًا وَسَعَةً ۚ وَمَنْ يَخْرُجْ

مِنْ بَيْتِهِ مُهَاجِرًا إِلَى اللَّهِ وَرَسُولِهِ ثُمَّ

يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ أَجْرُهُ عَلَى اللَّهِ ۗ

وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَحِيمًا • اور جو کوئی وطن چھوڑ کر

اللہ کی راہ مین پاوی اونکی مقابلہ مین جگہ بہت اور کشایش اور جو کوئی نکلے

اپنی گہر سسی وطن چھوڑ کر اللہ اور رسول کے طرف پھر آ پکڑے اوسکو موت سو

ٹہر چکا اوسکا ثواب اللہ پر اور اللہ بخشنی والا مہربان ہے ف یعنی روزی کا ڈر نہ چاہیے

کہ بہت جگہ روزی مل رہتی ہی کشایش سسی اور یہ خطرہ نہ چاہیے کہ شاید راہ ہی مین

جاوین کہ اسمین ثواب پورا ہی اور موت اپنی وقت سی پہلی نہین وَإِذَا ضَرَبْتُمْ

ع ۱۰

فِی الْاَرْضِ فَلَیْسَ عَلَیْکُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوۃِ اِنْ خِفْتُمْ اَنْ یَّفْتِنَکُمُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا اِنَّ الْکٰفِرِیْنَ کَانُوْا لَکُمْ عَدُوًّا مُّبِیْنًا ۔ اور جب تم سفر کرو ملک مین تو تم پر گناہ نہین کہ کچہ کم کرو نماز مین سے اگر تمکو ڈر ہو کہ ستاوین گے تمکو کافر البتہ کافر تمہارے دشمن ہین صریح ف سفر جو تین منزل کا ہو اوسمین چار رکعت فرض مین سے دو ہی پڑہی چاہیین اور کافرون کی ستانی کا ڈر اوسوقت تہا جب یہ حکم آیا اس تقریب سے معاف ہی ہر وقت کو اور پوری نہ پڑہی کہ اللہ صاحب کے بخشش سے بے پروای ہوتی ہی اور سنت کا تقید سفر مین نہین رہتا وَاِذَا کُنْتَ فِیْهِمْ فَاَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلٰوۃَ فَلْتَقُمْ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ مَّعَکَ وَلْیَاْخُذُوْا اَسْلِحَتَهُمْ فَاِذَا سَجَدُوْا فَلْیَکُوْنُوْا مِنْ وَّرَآئِکُمْ وَلْتَاْتِ طَآئِفَةٌ اُخْرٰی لَمْ یُصَلُّوْا فَلْیُصَلُّوْا مَعَکَ وَلْیَاْخُذُوْا حِذْرَهُمْ وَاَسْلِحَتَهُمْ وَدَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَوْ تَغْفُلُوْنَ عَنْ اَسْلِحَتِکُمْ وَاَمْتِعَتِکُمْ فَیَمِیْلُوْنَ عَلَیْکُمْ مَّیْلَةً وَّاحِدَةً وَلَا جُنَاحَ عَلَیْکُمْ اِنْ کَانَ بِکُمْ اَذًی مِّنْ مَّطَرٍ اَوْ کُنْتُمْ مَّرْضٰۤی اَنْ تَضَعُوْۤا اَسْلِحَتَکُمْ وَخُذُوْا حِذْرَکُمْ اِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْکٰفِرِیْنَ عَذَابًا مُّهِیْنًا ۔ اور جب تو ان مین ہو پہر ان کو نماز مین کہڑا کرے تو چاہیے ایک جماعت ان کے

کہڑی ہو تیری ساتہہ اور ساتہہ لیوین اپنی ہتہیار پہر یہ سجدہ کر چکین تو پری ہو جاوین
اور آوی دوسری جماعت جن نی نماز نہین کی وہ نماز کرین تیری ساتہہ اور پاس لیوین
اپنا بچاو اور ہتہیار کافر چاہتی ہین کسی طرح تم بیخبر ہو اپنی ہتہیارون سی اور اسباب
سی تو تم پر جہک پڑین ایک حملہ کر کر اور گناہ نہین تم پر اگر تمکو تکلیف ہو مینہ سے
یا تم بیمار ہو کہ اوتار رکہو اپنی ہتہیار اور ساتہہ لو اپنا بچاو اللہ نی رکہی ہی منکرون کی
واسطی ذلت کی مار ف یہ نماز خوف فرمائی کہ اگر وقت مقابلہ کا ہو تو فوج دو حصہ
ہو جاوی ہر جماعت آدہی نماز مین امام کی شریک ہو اور آدہی جدی رہی جب تک
دوسری جماعت دشمن کی مقابل رہی اور اسوقت نماز مین آمد و رفت معاف ہے
اور ہتہیار اور زرہ یا سپر ساتہہ رکہین اور اگر اسقدر بہی فرصت نہ ہو تو جماعت موقوف
کرین تنہا پڑہ لین پیادہ و سوار یہ اشارہ اگر یہ بہی فرصت نہ ملی تو قضا کرین

فَإِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيَامًا وَقُعُودًا وَعَلٰى جُنُوبِكُمْ فَإِذَا اطْمَأْنَنْتُمْ فَأَقِيمُوا الصَّلٰوةَ إِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ كِتَابًا مَوْقُوتًا ۝

پہر جب نماز کر چکو تو یاد کرو اللہ کو کہڑی اور بیٹہی
اور پڑی پہر جب خاطر جمع سی ہو تو درست کرو نماز یہ نماز ہی مسلمانون پر وقت
بندہا حکم ف یعنی خوف کی وقت اگر نماز مین کوتاہی ہو تو بعد نماز اور طرح اللہ کو
یاد کرو ایک نماز مین یہ قید ہی کہ وقت ہی پر چاہیی اور یاد اللہ کی ہر حال مین
درست ہی وَلَا تَهِنُوا فِي ابْتِغَاءِ الْقَوْمِ إِنْ تَكُونُوا تَأْلَمُونَ فَإِنَّهُمْ يَأْلَمُونَ كَمَا تَأْلَمُونَ وَتَرْجُونَ

مِنَ اللّٰهِ مَا لَا يَرْجُوْنَ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۔ اور مت ہارو اونکا پیچھا کرنی سی اگر تم بی آرام ہو تو وہ بی بی آرام ہین جسطرح تم ہو اور تمکو اللہ سی امید ہی جو اونکو نہین اور اللہ جانتا ہی حکمت والا

ع ۱۶

إِنَّا أَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَا أَرَاكَ اللّٰهُ وَلَا تَكُنْ لِلْخَائِنِيْنَ خَصِيْمًا ہمنی اتاری تجکو کتاب سچی کہ تو انصاف کری لوکون مین جو سوجہاوی تجکو اللہ اور تو مت ہو دغا بازونکی طرف سی جہکرنی والا وَاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَحِيْمًا ۔ اور بخشوا اللہ سی بیشک اللہ بخشنی والا مہربان ہے وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِيْنَ يَخْتَانُوْنَ أَنْفُسَهُمْ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ خَوَّانًا أَثِيْمًا ۔ اور مت جہکر اونکی طرف سی جو اپنی جی مین دغا رکہتی ہین اللہ کو خوش نہین آتا جو کوئی ہو دغا باز گنہکار يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ وَلَا يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَهُمْ إِذْ يُبَيِّتُوْنَ مَا لَا يَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطًا ۔ چہپتی ہین لوکون سی اور نہین چہپتی اللہ سے اور وہ اونکی ساتہہ ہی جب راکو شہراتی ہین جس بات سی وہ راضی نہین اور جو کرتی ہین اللہ کی قابو مین ہے

ف یہ اول و آخر کئی ایت مین ذکر ہی ایک قصہ کا حضرت کی وقت ایک انصاری کی زرہ آٹی مین دہری کم ہوی صبح کو تلاش کے تو آٹی کا خط دیکہا ایک شخص کے گہر تک اوسکا نام طعمہ بن ابیرق وہان جہاڑ لیا تو نہ پائی وہ خط اگی دیکہا ایک یہود کے گہر تک زید نام وہان پائی اوس یہودی نی کہا مجکو سپرد کی طعمہ نی لکہا مین برے

هون چور وهی هے طعمه کی قوم نی رات مشوره کی کہ هم حضرت کی پاس سب مل کر گواهی دین کے
کہ طعمه بری هی تو حضرت همارے حمایت کرینگے اور یهودی چور ٹهریگا صبح کو یهی کیا
الله تعالی نی یہ آیتین نازل فرمائین حضرت کو خبردار کر دیا فی الحقیقه چور تها یهی طعمه
هَاَنْتُمْ هٰؤُلَاۤءِ جَادَلْتُمْ عَنْهُمْ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا فَمَنْ
یُّجَادِلُ اللّٰهَ عَنْهُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ اَمْ مَّنْ یَّکُوْنُ عَلَیْهِمْ
وَکِیْلًا۔ سنتی هو تم لوگ جهگڑتی هو اونکی طرف سی دنیا کی زندگی مین
پهر کون جهگڑیگا اونکی بدلی الله سی قیامت کی دن یا کون هوگا اون کا کام
بنانی والا وَمَنْ یَّعْمَلْ سُوْۤءًا اَوْ یَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ
یَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ یَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا۔ اور جو کوی کری گناه
یا اپنا برا کری پهر الله سی بخشواوی پاوی الله کو بخشتا مهربان ف گناه فرمایا کبیره کو
اور اپنا برا فرمایا صغیره کو یہ اون لوگون کو حکم هی کہ توبہ کرین تو قبول هوی وَمَنْ
یَّکْسِبْ اِثْمًا فَاِنَّمَا یَکْسِبُهٗ عَلٰی نَفْسِهٖ ۭ وَکَانَ اللّٰهُ
عَلِیْمًا حَکِیْمًا۔ اور جو کوی کماوی گناه سو کماتا هی اپنی حق مین
اور الله سب جانتا هی حکمت والا ف یعنے قوم اپنی دل مین اب شرمنده نہ رهین
کہ همکو عیب لگا اور اکی عیب لگتی کی خطری سی اپنی کی حمایت نہ کرین جب تک تحقیق نہو
کیون کہ الله تو خبردار هی اور اوسکا حکم بی یهی هی کہ ایک کا گناه دوسری پر نهین
وَمَنْ یَّکْسِبْ خَطِیْۤـئَةً اَوْ اِثْمًا ثُمَّ یَرْمِ بِهٖ
بَرِیْۤـئًا فَقَدِ احْتَمَلَ بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِیْنًا۔ اور جو کوی کماوے
تقصیر یا گناه پهر لگاوی بیگناه کو اوسنی سر دهرا طوفان اور گناه صریح وگو

فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهٗ لَهَمَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ اَنْ يُّضِلُّوْكَ ؕ وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَضُرُّوْنَكَ مِنْ شَيْءٍ ؕ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ؕ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ۔ اور اگر نہ ہوتا تجہ پر فضل اللہ کا اور مہر تو قصد کیا ہی تہا اونمین ایک جماعت نی کہ تجکو بہکا دین اور بہکا نہ سکتے مگر آپ کو اور تیرا کچہہ نہ بگاڑتی اور اللہ نی نازل کی تجہ پر کتاب اور کام کی بات اور تجکو سکہایا جو تو نجان سکتا اور اللہ کا فضل تجہ پر بڑا ہی لَا خَيْرَ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ نَّجْوٰىهُمْ اِلَّا مَنْ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلَاحٍۢ بَيْنَ النَّاسِ ؕ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ۔ کچہہ بہلی نہین اکثر انکی مشورہ مگر جو کوی کہی خیرات یا نیک بات کو یا صلح کروانی کو لوکون مین اور جو کوہی یہ چیزین کری اللہ کی خوشی چاہ کر تو ہم اوسکو دین کی بڑا ثواب ف منافق لوک حضرت سی کان مین باتین کرتی کسی کا عیب تا لوکون مین اپنا اعتبار بڑہا وین اور مجلس مین بیٹہ کر آپسمین کانمین باتین کرتی کسی کا عیب کسی کا کلہ اسکو اللہ صاحبنی فرمایا کہ انکی مشورہ اکثر بی خیر ہے صاف بات کو حاجت نہین چہپانی کی مگر کچہہ اوسمین دغا ہی اور چہپاوی تو خیرات کو تا لینی والا شرمندہ نہو یا مسئلہ دین کی غلطی بتانی کو تا نادان خجل نہو یا دو مین صلح کروانی کو کہ غصّی والا جوش مین صلح نہین مانتا اول آپس مین کہائی

پھر اوسکو سناوی وَمَن يُشَاقِقِ الرَّسُولَ مِن بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ
لَهُ الْهُدَىٰ وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيلِ الْمُؤْمِنِينَ نُوَلِّهِ
مَا تَوَلَّىٰ وَنُصْلِهِ جَهَنَّمَ ۖ وَسَاءَتْ مَصِيرًا ۝

ع ۱۸

اور جو کوی مخالفت کری رسول سی جب کھل چکی اوس پر راہ کی بات اور چلی سب
مسلمانون کی راہ سی سوای ہم اوسکو حوالی کرین وہی طرف جو اوسنی پکڑی اور ڈالین
اوسکو دوزخ مین اور بہت بری جگہ پہنچا ف رسول نی فرمایا کہ اللہ کا ہاتھ ہی مسلمانون کے
جماعت پر جسنی جدی راہ پکڑی وہ جا پڑا دوزخ مین پس جس بات پر امت کا
اجماع ہوا وہی اللہ کی مرضی ہے اور منکر ہو سو دوزخی ہی إِنَّ اللَّهَ لَا يَغْفِرُ
أَن يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَا دُونَ ذَٰلِكَ لِمَن يَشَاءُ ۚ
وَمَن يُشْرِكْ بِاللَّهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَالًا بَعِيدًا ۝ اللہ نہین
بخشتا کہ اوسکا شریک ٹھہرایی اور اوس سے نیچی بخشتا ہی جسکو چاہی اور جسنی اللہ کا
شریک ٹھہرایا وہ دور پڑا بھول کر ف اوپر سی ذکر تھا منافقون کا جو پیغمبر کے
حکم پر راضی نہ ہوا اور جدی راہ چلی پھر آیت فرمای کہ اللہ شرک نہین بخشتا تو
شرک فرمایا حکم مین شریک کرنی کو یعنی سوای دین اسلام کی اور دین کا حکم پسند رکھے
اور اوس پر چلے پس جو دین ہی سوای اسلام کے سب شرک ہی اگرچہ بوجہی بن شرک
نہ کرتی ہون إِن يَدْعُونَ مِن دُونِهِ إِلَّا إِنَاثًا وَإِن
يَدْعُونَ إِلَّا شَيْطَانًا مَّرِيدًا ۝ اوسکی سوای پکارتی ہین سو عورتون کو
اور اوسکی سوای پکارتی ہین سو شیطان سرکش کو لَّعَنَهُ اللَّهُ ۘ وَقَالَ
لَأَتَّخِذَنَّ مِنْ عِبَادِكَ نَصِيبًا مَّفْرُوضًا ۝

جکو لعنت کی اللہ نی اور وہ بولا کہ مین البتہ لونگا تیری بندون سی حصہ ٹھہرایا ف

یعنے تیری بندی اپنی مال مین میرا حصہ ٹھہرا رکہین کی جیسی دستور ہی بتون کی نیاز نکالتی ہین

وَلَأُضِلَّنَّهُمْ وَلَأُمَنِّيَنَّهُمْ وَلَآمُرَنَّهُمْ فَلَيُبَتِّكُنَّ آذَانَ الْأَنْعَامِ وَلَآمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ يَتَّخِذِ الشَّيْطَانَ وَلِيًّا مِنْ دُونِ اللّٰهِ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُبِينًا ۝ اور انکو بہکاونکا اور انکو توقعین دونگا

اور ان کو سکہاونگا کہ چیرین جانورون کی کان اور ان کو سکہاونگا کہ بدلین

صورت بنائی اللہ کی اور جو کوئی پکڑی شیطان کو رفیق اللہ کو چہوڑکر وہ ڈوبا صریح

نقصان مین ف جانوروںکی کان چیرین یہ کافرون کا دستور تہا کہ جو بکری کا یا بکریکا

ایک بچہ بت کی نام کا کردیا تو اوسکی کان مین نشان ڈال دیتی اور صورت بدلنا یہ کہ

لڑکی کی سر مین چوٹی رکہتی بت کی نام کی مسلمانون کو ان کامون سی بچنا ضرور ہے

نہی بزرگون سی یہ معاملت نہ کری کافر بی جن سی کرتی تہی بزرگ ہی جان کرتی تہے

يَعِدُهُمْ وَيُمَنِّيهِمْ ۖ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطَانُ إِلَّا غُرُورًا ۝

اونکو وعدی دیتا ہی اور اون کو توقعین بتاتا ہی اور جو توقع دیتا ہی اونکو شیطان

سو سب دغا ہی أُولَٰئِكَ مَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ وَلَا يَجِدُونَ عَنْهَا مَحِيصًا ۝ ایسون کا ٹہکانا ہی دوزخ اور نہ پاوین گی وہان سے

بہاگنی کو جگہ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۖ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ۚ وَمَنْ أَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ قِيلًا ۝

اور جو یقین لائی اور عمل کئے نیک اونکو ہم داخل کرینگی باغون مین جنکی نیچی بہتی نہرین رہ پڑی وہان ہمیشہ کو وعدہ ہی اللہ کا سچا اور اللہ سی سچے کس کی بات لَيْسَ بِأَمَانِيِّكُمْ وَلَا أَمَانِيِّ أَهْلِ الْكِتَابِ مَنْ يَعْمَلْ سُوءًا يُجْزَ بِهِ وَلَا يَجِدْ لَهُ مِنْ دُونِ اللَّهِ وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا نہ تمہاری آرزو پر ہی نہ کتاب والون کی آرزو پر جو کوئی برا کریگا اوسکی سزا پاویگا اور نہ پاویگا اللہ کی سوای اپنا کوئی حمایتی نہ مددگار ف کتاب والونکو خیال تہا کہ ہم خاص بندی ہین جن کتا ہون پر خلق بگڑی جاوینگی ہم نہ بگڑی جاوینگی ہماری پیغمبر حمایت کرینگے اور نادان مسلمان اپنی حق مین یہی خیال رکہتی ہین سو فرمادیا کہ جو برا کریگا سزا پاویگا کوئی ہو حمایت کسی کی پیش نہین جاتی اللہ کا پکڑا وہی چہوڑی تو چہوٹی دنیا کی مصیبت مین آدمی قیاس کر لے وَمَنْ يَعْمَلْ مِنَ الصَّالِحَاتِ مِنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثَى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَأُولَئِكَ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُونَ نَقِيرًا ۝ اور جو کوئی کچہہ عمل نیک کریگا مرد ہو یا عورت اور ایمان رکہتا ہوگا سو وہ لوگ داخل ہونگی جنت مین اور اونکا حق نرہیگا تل بہر وَمَنْ أَحْسَنُ دِينًا مِمَّنْ أَسْلَمَ وَجْهَهُ لِلَّهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَاتَّبَعَ مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا ۝ اور اوس سے بہتر کس کی راہ جسنی مونہ دہرا اللہ کی حکم پر اور نیکی مین لگا ہی اور چلا دین ابراہیم پر جو ایکطرف کا تہا وَاتَّخَذَ اللَّهُ إِبْرَاهِيمَ خَلِيلًا ۝ اور اللہ نی پکڑا ابراہیم کو یار وَلِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَكَانَ اللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُحِيطًا ۝ اور اللہ کا ہی جو کچہہ آسمانون مین اور جو کچہہ

ع ١٩

زمین مین اور اللہ کی وہب مین ہی سب چیز وَيَسْتَفْتُونَكَ فِي النِّسَاءِ
قُلِ اللَّهُ يُفْتِيكُمْ فِيهِنَّ وَمَا يُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ فِي الْكِتَابِ
فِي يَتَامَى النِّسَاءِ اللَّاتِي لَا تُؤْتُونَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ
وَتَرْغَبُونَ أَنْ تَنْكِحُوهُنَّ وَالْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ
الْوِلْدَانِ وَأَنْ تَقُومُوا لِلْيَتَامَىٰ بِالْقِسْطِ ۚ وَمَا
تَفْعَلُوا مِنْ خَيْرٍ فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ بِهِ عَلِيمًا ۝

اور تجسی رخصت مانگتی ہین عورتون کی تو کہ اللہ تمکو رخصت دیتا ہی اونکی اور وہ
جو تمکو سناتی ہین کتاب مین سو حکم ہی یتیم عورتون کا جنکو تم نہین دیتی جو اونکا
مقرر ہی اور چاہتی ہو کہ اونکو نکاح مین لو اور مغلوب لڑکون کا اور یہ ہی کہ قایم رہو
یتیمون کے حق مین انصاف پر اور جو کرو کی بہلای سو وہ اللہ کو معلوم ہے ف اس سورہ
کی اول مین تقید تہا یتیم کی حق کا اور فرمایا تہا کہ لڑکی یتیم جسکا والی نہین کر چکا کا بیٹا
اگر جانی کہ مین اسکا حق ادا نہ کرونگا تو آپ اوسکو نکاح مین نہ لاوی کسی اور کو دی کہ
آپ اوسکا حمایتی رہی تو مسلمانون نی ایسی عورتون کو نکاح مین لانا موقوف کیا
پہر دیکہا کہ بعضی جگہ لڑکی کی حق مین بہتر ہی کہ اپنا والی ہی نکاح مین لاوی جو وہ اوسکے
خاطر کی کا غیر نہ کری کا تب حضرت سی رخصت مانگی اوس پر یہ آیت اتری رخصت ملے
اور فرمایا کہ وہ جو کتاب مین منع سنا تہا سو جب ہے کہ اون کا حق پورا نہ دو اور یتیم
کی حق کی تاکید تہی اور جو بہلا کیا چاہو تو رخصت ہی وَإِنِ امْرَأَةٌ خَافَتْ
مِنْ بَعْلِهَا نُشُوزًا أَوْ إِعْرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا
أَنْ يُصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا ۚ وَالصُّلْحُ خَيْرٌ ۗ وَأُحْضِرَتِ

الْاَنْفُسُ الشُّحَّ ؕ وَاِنْ تُحْسِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ

كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۝ اور اگر ایک عورت ڈرے اپنی خاوند کی لڑنی

سے یا جی پہر جانے سے تو گناہ نہیں دونو پر کہ کرلین آپس مین کچھہ صلح اور صلح خوب چیز ہے

اور جیون کی سامہنے دہری ہی حرص اور اگر تم نیکی کرو اور پرہیزگاری تو اللہ کو تمہاری

سب کام کی خبر ہی ف یعنی مرد کا دل پہرا دیکھی اور عورت اوسکی خوش کرنی کو اپنا حق

کچھہ چہوڑ دے تو روا ہے اور جیون کی سامہنے دہری ہی حرص یعنی مال کچھ نہ کسی کو خوش

لگتا ہی البتہ مرد راضی ہو جاویگا وَلَنْ تَسْتَطِيْعُوْٓا اَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ

النِّسَآءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ فَلَا تَمِيْلُوْا كُلَّ الْمَيْلِ

فَتَذَرُوْهَا كَالْمُعَلَّقَةِ ؕ وَاِنْ تُصْلِحُوْا وَتَتَّقُوْا

فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ اور تم ہرگز برابر نہ رکھہ سکو گی

عورتون کو اگرچہ اسکا شوق کرو سو نری پہر بی نہ جاو کہ ڈال رکھو ایک کو جیسے ادہر مین

لٹکتی اور اگر سنوارتی رہو اور پرہیزگاری کرو تو اللہ بخشنی والا مہربان ہے ف یعنی انسان

کی طبع مین مال کی حرص ہے اور ایک عورت پر زیادہ ڈہلنا سو چاہیے تا مقدور آپ کو

بچاتا رہی بعد اسکی اللہ بخشنی والا ہی اور ادہر مین لٹکتی یہ کہ نہ اوسکو آرام سے رکھو

نہ چہوڑ دو کہ اور کسی سے نکاح کرلی وَاِنْ يَّتَفَرَّقَا يُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا

مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ وَاسِعًا حَكِيْمًا ۝ اور اگر

دونو جدے ہو جاوین تو اللہ ہر ایک کو محفوظ کریگا اپنی کشایش سے اور اللہ

کشایش والا ہے تدبیر جانتا وَلِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى

الْاَرْضِ ؕ وَلَقَدْ وَصَّيْنَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ

مِنْ قَبْلِكُمْ وَإِيَّاكُمْ أَنِ اتَّقُوا اللّٰهَ وَإِنْ تَكْفُرُوا فَإِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَكَانَ اللّٰهُ غَنِيًّا حَمِيدًا • اور اللہ کا ہی جو کچھ ہی آسمان وزمین مین اور ہمنی کہہ رکہا ہی پہلی کتاب والون کو اور تمکو کہ ڈرتی رہو اللہ سی اور اگر منکر ہو گی تو اللہ کا ہی جو کچھ ہی آسمان وزمین مین اور اللہ بی پروا ہے سب خوبیون سراہا وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيلًا • اور اللہ کا ہی جو کچھ ہی آسمان وزمین مین اور اللہ بس ہے کام بنانی والا

ف تین بار فرمایا کہ اللہ کا ہی جو کچھ ہی آسمان وزمین مین پہلی بار کشایش کا بیان ہے دوسری بار بی پروائی کا اگر تم منکر ہو تیسری بار کارسازی کا اگر تم تقوی کرو إِنْ يَشَأْ يُذْهِبْكُمْ أَيُّهَا النَّاسُ وَيَأْتِ بِآخَرِينَ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى ذٰلِكَ قَدِيرًا • اگر چاہی تمکو دور کری لوگون اور لی آوی اور لوگ اور اللہ کو یہ قدرت ہے مَنْ كَانَ يُرِيدُ ثَوَابَ الدُّنْيَا فَعِنْدَ اللّٰهِ ثَوَابُ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيعًا بَصِيرًا • جو کوی چاہتا ہو انعام دنیا کا سو اللہ کی ہان ہی انعام دنیا کا اور آخرت کا اور اللہ ہی سنتا دیکہتا

ف یعنی سب مل کر شرع پر قایم ہو تو اللہ دنیا بی دی اور آخرت بی يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُونُوا قَوَّامِينَ بِالْقِسْطِ شُهَدَاءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰى أَنْفُسِكُمْ أَوِ الْوَالِدَيْنِ وَالْأَقْرَبِينَ إِنْ يَكُنْ غَنِيًّا أَوْ فَقِيرًا فَاللّٰهُ أَوْلٰى بِهِمَا

ع ۲۰

فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰٓى اَنْ تَعْدِلُوْا وَاِنْ تَلْوٗٓا اَوْ تُعْرِضُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا

اى ايمان والون قايم رہو انصاف پر گواہى دو اللہ كى طرف اگرچہ نقصان ہو اپنا يا ماں باپ كا يا قرابت والون كا اگر كوى محظوظ ہى يا محتاج ہى تو اللہ اونكا خيرخواہ ہى تمسى زيادہ سو تم جى كى چاہ نہ مانو اس بات مين كہ برابر سمجھو اور اگر تم زبان ملوكى يا بچا جاوكى تو اللہ تمہارى كام سى واقف ہى ف يعنى گواہى مين محظوظ كى خاطر نہ كرو اور محتاج پر ترس نہ كہاو اور قرابت نہ ديكہو حق ہو سو كہو اور اگر سچ كہا پر بى زبان سى كہ سننى كو شبہ پڑا يا تمام قصہ نہ كہا كچہ بات كام كى ركہہ لى يہ بى گناہ مين داخل ہى يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْ نَزَّلَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًاۢ بَعِيْدًا ۔ اى ايمان والون يقين لاو اللہ پر اور اوسكى رسول پر اور كتاب پر جو نازل كى ہى اپنى رسول پر اور اوس كتاب پر جو نازل كى تہى پہلى اور جو كوى يقين نہ ركہى اللہ پر اور اوسكى فرشتون پر اور كتابون پر اور رسولون پر اور پچہلى دن پر وہ دور پڑا بہول كر ف اى ايمان والون فرمايا ہى اونكو جو ظاہر مين مسلمان ہين سو اونكو تقيد ہى كہ جب تك دل سى يقين نہ لاوين ان سب چيزون كا تو خدا كى ہان مسلمان نہين اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّمْ يَكُنِ اللّٰهُ

لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيلًا ۝ جو لوگ مسلمان ہوے
پھر منکر ہوے پھر مسلمان ہوے پھر منکر ہوے پھر بڑہتے گیے انکار مین الله اونکو بخشنے والا نہین
اور نہ اونکو دیوے راہ ف یعنی ظاہر مین مسلمان رہے اور دل سے ہٹکتے رہے تو اگر آخر کو بہی یقین
نہ ہوا تو کافر کی برابر ہین اونکو بخشش نہین اور ظاہر کی مسلمانی سے وہان راہ نہ ملیگی
بَشِّرِ الْمُنَافِقِينَ بِأَنَّ لَهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ۝ خوشی سنا منافقون کو
کہ اونکو دکھہ کی مار ہے الَّذِينَ يَتَّخِذُونَ الْكَافِرِينَ أَوْلِيَاءَ
مِنْ دُونِ الْمُؤْمِنِينَ أَيَبْتَغُونَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ
فَإِنَّ الْعِزَّةَ لِلَّهِ جَمِيعًا ۝ وہ جو پکڑتے ہین کافرون کو رفیق مسلمان
چھوڑکر کیا ڈھونڈہتے ہین اونکے پاس عزت سو عزت الله کی ہے ساری وَقَدْ نَزَّلَ
عَلَيْكُمْ فِي الْكِتَابِ أَنْ إِذَا سَمِعْتُمْ آيَاتِ اللَّهِ
يُكْفَرُ بِهَا وَيُسْتَهْزَأُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوا
مَعَهُمْ حَتَّى يَخُوضُوا فِي حَدِيثٍ غَيْرِهِ إِنَّكُمْ
إِذًا مِثْلُهُمْ إِنَّ اللَّهَ جَامِعُ الْمُنَافِقِينَ
وَالْكَافِرِينَ فِي جَهَنَّمَ جَمِيعًا ۝
اور حکم اوتار چکا تم پر کتاب مین کہ جب سنو الله کی آیتون پر انکار ہوتے اور ہنسی ہوتے
تو نہ بیٹھو اونکے ساتھہ جب تک وہ بیٹھین اور بات مین اوسکے سواے نہین تو تم بہی
اونکی برابر ہوے الله اکٹھا کریگا منافقون کو اور کافرون کو دوزخ مین ایک جگہ ف جو شخص
ایک مجلس مین ایسے دین کے عیب سنے پہر اوٹھ نہین بیٹھے اگرچہ آپ نہ کہے وہی منافق ہے
الَّذِينَ يَتَرَبَّصُونَ بِكُمْ فَإِنْ كَانَ لَكُمْ فَتْحٌ

مِنَ اللّٰهِ قَالُوْٓا اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ۫ وَاِنْ كَانَ لِلْكٰفِرِيْنَ نَصِيْبٌ ۙ قَالُوْٓا اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ عَلَيْكُمْ وَنَمْنَعْكُمْ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَلَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكٰفِرِيْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ سَبِيْلًا ۝ وہ جو تکا کرتی ہین تمکو پہر اگر تمکو فتح ملی اللہ کی طرف سی کہین کیا ہم تہی تمہاری ساتہہ اور اگر ہوئی کافرونکی قسمت کہین ہمنی کہیر نہ لیا تہا تمکو اور بچایا مسلمانون سی سو اللہ حکم کریگا تم مین قیامت کے دن اور ہرگز نہ دیگا اللہ کافرون کو مسلمانون پر راہ ف اس سی معلوم ہوا کہ جو تنخص راہ حق مین ہو اور گمراہون سی ملی بناے رکہی یہ بی نفاق ہی اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ ۚ وَاِذَا قَامُوْٓا اِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰى ۙ يُرَآءُوْنَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ منافق جو ہین دغابازی کرتی ہین اللہ سی اور وہی اونکو دغا دیگا اور جب کہڑی ہون نماز کو جی ہاری دکہانی کو لوگون کی اور یاد نہ کرین اللہ کو مگر کم مُّذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ ۖ لَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ وَلَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ۝ ادہر مین لٹکتی دونو کی بیچ نہ ان کی طرف نہ اونکی طرف اور جسکو بہٹکا وی اللہ پہر تو نہ پاوی اوسکی واسطی کہین راہ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَجْعَلُوْا

ع ٢١

لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ سُلْطَانًا مُّبِيْنًا ۔ ای ایمان والون

نپکڑو کافرون کو رفیق مسلمان چھوڑکر کیا لیا چاہتی ہو اپنی اوپر اللہ کا الزام صریح

اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ فِي الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ

وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ نَصِيْرًا ۔ منافق ہین سب سی نیچی درجی مین

آگ کی اور ہرگز نہ پاوی تو اونکی واسطی کوئی مددگار اِلَّا الَّذِيْنَ

تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَاعْتَصَمُوْا بِاللّٰهِ وَاَخْلَصُوْا

دِيْنَهُمْ لِلّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَسَوْفَ

يُؤْتِ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ۔ مگر جنہون نی

توبہ کی اور سنوارا آپ کو اور مضبوط پکڑا اللہ کو اور نری حکم بردار ہوی اللہ کی

سو وہ ہین ایمان والون کی ساتھ اور آگی دیگا اللہ ایمان والونکو بڑا ثواب

مَا يَفْعَلُ اللّٰهُ بِعَذَابِكُمْ اِنْ شَكَرْتُمْ

وَاٰمَنْتُمْ وَكَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِيْمًا ۔

کیا کریگا اللہ تمکو عذاب کرکر اگر تم حق مانو اور یقین رکھو اور اللہ قدردان ہی سب جانتا

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ

اِلَّا مَنْ ظُلِمَ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا

عَلِيْمًا ۔ اللہ کو خوش نہین آتا بری بات کا پکارنا مگر جسپر ظلم

ہوا اور اللہ ہی سنتا جانتا ف یعنی کسی مین عیب دین یا دنیا معلوم کریی

تو اوسکو مشہور نہ کریی کیونکہ اللہ سنتا جانتا ہی وہ ہر کسی کی جزا دیگا

اسی کو غیبت کہتی ہین اسمین مظلوم کو روا ہی کہ ظالم کا ظلم بیان کری اسطرح

اور بی کئی مقام مین غیبت رواہی ف یہ حکم یہان شاید اس پر فرمایا کہ منافق کا نام مشہور
نہ کرہی جیسی حضرت نی مشہور نہین کیا اسمین اوسکا دل زیادہ بگڑتا ہی مبہم نصیحت کرنی
منافق آپ سمجہ لیگا اسمین شاید ہدایت پاوی اِنْ تُبْدُوْا خَيْرًا اَوْ تُخْفُوْهُ
کتاب کی لیتی اسباب اِس ادنی زندگی کا اور کہتی ہین کہ ہمکو معاف ہوگا اور اگر ویسا ہی
اسباب پھر اوی تو لی لیوین کیا ان پر عہد نہین لیا کتاب کے حق مین کہ نہ بولین الله پر
سوای سچ کے اور نہین پڑہی جو لکھا ہی اوسمین اور پچھلا گہر بہتر ہی ڈر والون کو کیا تمکو
بوجہ نہین ف یہ پچھلی لوگ رشوت لیکر مسئلی غلط لگی کہنی اور امید رکہین کہ ہم بخشی جاوین
حالانکہ پھر اوسی کام کو حاضر امید بخشنی کی ہی جب باز آوین یہ اسباب زندگی ہال
دنیا کو فرمایا وَالَّذِيْنَ يُمَسِّكُوْنَ بِالْكِتٰبِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ
اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُصْلِحِيْنَ اور جو لوگ پکڑ رہی ہین کتاب اور
قایم رکھتی ہین نماز ہم ضایع نکرین کی ثواب نیکی والون کا وَاِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ
فَوْقَهُمْ كَاَنَّهٗ ظُلَّةٌ وَّظَنُّوْا اَنَّهٗ وَاقِعٌ بِهِمْ خُذُوْا
مَا اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ
جس وقت اوٹھایا ہمنی پہاڑ انکی اوپر جیسی سایبان اور ڈری کہ وہ گری گا اون پر پکڑو
جو ہمنی دیا ہی زور سی اور یاد کرتی رہو جو اوسمین ہی شاید تمکو ڈر ہو وَاِذْ اَخَذَ

۲۲

رَبُّكَ مِنْ بَنِىْٓ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوْا بَلٰى شَهِدْنَا اَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِيْنَ • اورجبوقت نکالی تیرے رب نے آدم کی بیٹوں سے اونکی پیٹ مین سے اونکی اولاد اور اقرار کروایا ان سے اون کے جان پرکہ مین نہین ہون رب تمہارا بولی البتہ ہم قائل ہین کبھی کہو قیامت کی دن ہمکو اسکی خبر نہ تھی اَوْ تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ اَشْرَكَ اٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً مِّنْ بَعْدِهِمْ اَفَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ الْمُبْطِلُوْنَ • یا کہو کہ شریک تو نکالا ہماری باپ دادون نے پہلی اور ہم ہوی اولاد اونکی پیچھی تو ہمکو کیون ہلاک کرتا ہی ایک کام پر کہ کیا خطا والون نی ف اللہ تعالے نی حضرت آدم کی پشت سی اونکی اولاد اور ادن اونکی اولاد نکالی سب سے اقرار کروایا اپنی خدای کا پھر پشت مین داخل کیا اس سے مدعا یہ کہ خدا کی ماننی مین ہر کوی آپ کفایت ہی باپ کی تقلید نہین اگر باپ شرک کری بیٹا چاہی ایمان لاوے اگر کسی کو شبہہ ہو کہ وہ عہد تو یاد نہین رہا پھر کیا حاصل تو یون سمجھی کہ اوسکا نشان ہر کسی کی دل مین رہا ہے اور ہر زبان پر مشہور رہا کہ سب کا خالق اللہ ہی سارا جہان قائل ہی اور جو کوی منکر ہی یا شرک کرتا ہی سو اپنی عقل ناقص کی دخل سے پھر آپ سے جھوٹھا ہوتا ہی وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ • اور یون ہم کھولتی ہین باتین شاید وہ لوگ پھر آوین ف یہ قصہ یہود کو سنایا کہ وہ بھی عہد سے پھری ہین جیسی مشرک پھری ہین وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ الَّذِىْٓ اٰتَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا فَانْسَلَخَ

مِنْهَا فَاَتْبَعَهُ الشَّيْطٰنُ فَكَانَ مِنَ الْغٰوِيْنَ ۝ اور سنا او نکو احوال اوس شخص کا کہ ہمنی اوسکو دین اپنی آیتین پہر اونکو چہوڑ نکلا پہر پیچہی لگا اوسکو شیطان تو وہ ہوا گمراہون مین وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنٰهُ بِهَا وَلٰكِنَّهٗٓ اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ الْكَلْبِ اِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ اَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ ذٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝ اور ہم چاہتی تو اوسکو اوٹہا لیتی اون آیتون سی لیکن وہ گر پڑی زمین پر اور چلا اپنی چاہ پر تو اوسکا حال جیسی کُتّا اوس پر تو لادی تو ہانپی اور چہوڑ دی تو ہانپی یہ مثال ہی اون لوگون کی کہ جہوٹہلائین ہماری آیتین سو تو بیان کر احوال شاید وہ دہیان کرین ف حضرت موسی کا لشکر چلا ایک بادشاہ پر اوسکے ملک مین ایک درویش تہا صاحب تصرف بادشاہ نی اوس سے مدد چاہی اوسکو باطن سی منع ہوا پہر بادشاہ نی اوسکی عورت کو مال کی طمع دی اوسنی اوسکو راضی کر بہیجا وہان اپنی اعمال چلتی نہ دیکہی بادشاہ کو حیلہ سکہایا کہ اس لشکر مین فاحشہ عورتین بہیجین اور لوک بدکاری کرین تو اون پر ذلت پڑی حق تعالی نی حضرت موسی کی برکت سی حیلہ ہمتش نہ چلایا لیکن سکہانی والا مردود ہوا شاید دنیا مین یا آخرت مین اوسکو یہ عذاب ہوا کہ کتی کی طرح زبان لٹک پڑی حق تعالی نی یہ قصہ یہود کو سنایا کہ اگرچہ علم کامل اپنی پاس ہو کام تب آوی کہ آپ اوسکی تابع ہو اور اگر آپ تابع ہو حرص کا اور چاہی کہ علم میری کام آوی تو کچہہ نہین ہوتا

اور شاید یا پہنی کہتی کی مثال اسمین ہو کہ جب تک وہ حرص سی خالی تہا اوسکو باطن سی یہ صحیح
معلوم ہوا جب دلمین حرص بیٹہی تو باطن سی معلوم نہ ہوا یا ہوا اگر مجمل معلوم ہوا
اوسکو اپنی طبع کی موافق سمجہ لیا نقل ہین ہے کہ جب وہ چلنی لگا تو چاہا کہ پہر غیب سے
کچہہ معلوم ہو تب معلوم ہوا کہ جا جب راہ مین پہنچا تو ایک فرشتہ بلا شمشیر ننگی
ہاتہہ مین اس نے التجا کی کہ اگر حکم نہ ہو تو نہ جاون کہا جا لیکن بد دعا نہ کریو پہر بادشاہ
پاس پہنچ کر لگا بد دعا کرنی مونہ سی خود بخود دعائے نیک نکلنی لگی حضرت موسیٰ کے
لشکر کو بتنا چار وہ حیلہ سکہایا سَآءَ مَثَلًا ۨالْقَوْمُ الَّذِیْنَ
كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاَنْفُسَهُمْ كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ۔ بری کہاوت
اون لوگونکی کہ جہٹلائین ہماری ایتین اور اپنا ہی نقصان کرتی رہی مَنْ يَّهْدِ
اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِيْ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ
الْخٰسِرُوْنَ۔ جسکو اللہ راہ دے وہی پاوی راہ اور جسکو وہ بہنکا دے سو وے
ہین زیان مین وَلَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيْرًا مِّنَ الْجِنِّ
وَالْاِنْسِ لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ بِهَا وَلَهُمْ
اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا
يَسْمَعُوْنَ بِهَا اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ
اُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ۔ اور ہمنی پہیلا رکہی ہین دوزخ کی واسطے
بہت جن اور آدمی جن کو دل ہین اون سی سمجہتی نہین اور انکہین ہین انسی
دیکہتی نہین اور کان ہین اون سی سنتی نہین وہ جیسی چوپائے بلکہ اون سے
زیادہ بیراہ وہی لوگ ہین غافل ف یعنی خدا و رسول کو پہچاننا اور اون کی حکم

سکھنی ہر کسی پر فرض ہین نہ کری تو دوزخ مین جاوی وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ
الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا وَذَرُوا الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ
فِيْۤ اَسْمَآئِهٖ سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۔ اور اللہ کی ہین
سب نام خاصی سو اوسکو پکارو وہ کہکر اور چھوڑ دو انکو جو کج راہ چلتی ہین اوسکی ناموں
مین وہ بدلا پاوینگی اپنی کیی کا ف یعنی اللہ کی اپنی وصفین بتائی ہین
مناجات مین وہ کہکر پکارو کہ تم پر متوجہ ہو اور کج راہ نہ چلو کج راہ یہ کہ جو وصف
نہین بتائی وہ کہی جیسی اللہ کو بڑا کہا ہی لمبا نہین کہا یا قدیم کہا پرانا نہ کہا
اور ایک کج راہ یہ ہی کہ اون کو سحر مین چلاوی وہ اپنی کیی کا بدلا پاوینگی یعنی قرب
خدا نہ ملیگا وہ مطلب ملیگا بہلا یا برا وَمِمَّنْ خَلَقْنَاۤ اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ
بِالْحَقِّ وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ ۔ اور ہماری پیدا کیی مین ایک لوگ ہین
راہ بتاتی ہین سچی اور اوسیکی انصاف کرتی ہین ف یعنی شرع پر وَالَّذِيْنَ
كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ
لَا يَعْلَمُوْنَ ۔ اور جنہوں نی جھوٹلائین ہماری اٰیتین اونکو سہج سہج
پکڑینگی جہان سی وہ نہ جانینگی وَاُمْلِيْ لَهُمْ اِنَّ كَيْدِيْ
مَتِيْنٌ ۔ اور اونکو فرصت دونگا میرا داو پکا ہی اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا
مَا بِصَاحِبِهِمْ مِّنْ جِنَّةٍ اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۔
کیا دہیان نہین کیا انہوں نی ان کی رفیق کو کچھ جنون نہین وہ تو ڈرانی والا ہی صاف
صاف ف رفیق فرمایا پیغمبر کو کہ ہمیشہ ان کی پاس ہی اوسکی حال سی واقف ہین
اَوَلَمْ يَنْظُرُوْا فِيْ مَلَكُوْتِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ وَّاَنْ عَسٰى اَنْ يَّكُوْنَ
قَدِ اقْتَرَبَ اَجَلُهُمْ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ

کیا نگاہ نہین کی سلطنت مین آسمان وزمین کی اور جو اللہ نی بنائی ہی کوی چیز

اور یہ کہ شاید نزدیک پہنچا ہو ان کا وعدہ سو اسکی پیچھی کس بات پر یقین لاوینگے

مَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ وَيَذَرُهُمْ فِيْ
طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ • جسکو اللہ بہٹکا وی اوسکی کوی نہین راہ دینی والا

اور اونکو چہوڑ رکہتا ہی اونکی شرارت مین بہکتی يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ
السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَا قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ
رَبِّيْ لَا يُجَلِّيْهَا لِوَقْتِهَا اِلَّا هُوَ ثَقُلَتْ فِي السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ لَا تَاْتِيْكُمْ اِلَّا بَغْتَةً يَسْـَٔلُوْنَكَ
كَاَنَّكَ حَفِيٌّ عَنْهَا قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ
وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ • تجہسی پوچہتی ہیں

قیامت کس وقت ہی اوسکا ٹہراو تو کہہ اوسکی خبر تو ہی میری رب کے پاس

وہی کہول دکہاویگا اوسکو اپنی وقت بہاری بات ہی آسمان وزمین میں

تم پر آوی کی تو بیخبر آوی کی تجہسی پوچہنی لگتی ہین گویا تو اوسکا تلاشی ہی تو کہہ

اوسکی خبر ہی خاص اللہ پاس لیکن اکثر لوگ سمجہہ نہین رکہتی قُلْ لَّا اَمْلِكُ
لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَاءَ اللّٰهُ وَلَوْ كُنْتُ
اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ وَمَا
مَسَّنِيَ السُّوْءُ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ

لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ۠ تو کہہ مین مالک نہین اپنی جان کی بہلی کا نہ بری کا مگر جو اللہ
چاہی اور اگر مین جانا کرتا غیب کی بات تو بہت خوبیان لیتا اور مجکو برائی کبہی نہ پہنچتی
مین تو یہی ہون ڈر اور خوشی سنانی والا مانتی لوگون کو هُوَ الَّذِيْ
خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّجَعَلَ مِنْهَا
زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ اِلَيْهَا فَلَمَّا تَغَشّٰىهَا حَمَلَتْ
حَمْلًا خَفِيْفًا فَمَرَّتْ بِهٖ فَلَمَّآ اَثْقَلَتْ دَّعَوَا اللّٰهَ
رَبَّهُمَا لَئِنْ اٰتَيْتَنَا صَالِحًا لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ۠
وہی ہی جسنی تمکو بنایا ایک جان سی اور اوسی سی بنایا اوسکا جوڑا کہ اوس پاس
آرام پکڑی پہر جب مرد نی عورت کو ڈہانکا حمل رہا ہلکا سا حمل پہر چلتی گئی اوس سے
پہر جب بوجہل ہوئی دونو نی پکارا اللہ کو اپنی رب کو اگر تو ہمکو بخشی چنگا
بہلا تو ہم تیرا شکر کرین فَلَمَّآ اٰتٰىهُمَا صَالِحًا جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ
فِيْمَآ اٰتٰىهُمَا فَتَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ۠ پہر جب دیا اون کو
چنگا بہلا ٹہرانی لگی اوسکی شریک اوسکی بخشی چیز مین سو اللہ اوپر ہی ان کی
شریک بتانی سی ف بعضی کہتی ہین حضرت ادم و حوا پر یہ گذرا اول جو
حمل ہوا ابلیس ایک نیک مرد کی صورت مین آیا اور ڈرایا کہ تیری پیٹ مین شاید
کچہ بلا ہی جب دونو دعا کرنی لگی تب کہا کہ میری دعا سی یہ بلا بدل کر بیٹا
پیدا ہو گا اس کا نام رکہیو عبد الحارث حارث شیطان کا نام تہا وہی کیا
اس قصے مین پیغمبرون سی شرک ثابت ہوتا ہی یا یہ قصہ غلط ہی اس آیت مین
مرد و عورت کو فرمایا ہی آدم و حوا کو نہین کو اول ذکر اونکا ہو چکا یا یون کہی

کہ جو کچھ انسانون مین ہونا مقدر تھا وہ حضرت ادم مین اول ظہور پکڑ گیا اسمین وہ ہو
تقدیر تھی اولاد کی گناہ اونمین نظر آئی جیسی آئنہ مین صورت چنانچہ نفس کی خواہش
اور اللہ کی بی حکمی اور کہہ کر بہول جانا اور دی کر منکر ہونا یہ سب اولاد کے خونمین اونمین
نظر آگئین أَيُشْرِكُونَ مَا لَا يَخْلُقُ شَيْئًا وَهُمْ
يُخْلَقُونَ ۝ کیا انکو شریک بتاتی ہین جو پیدا نہ کرین ایک چیز اور آپ پیدا
ہوتی ہین وَلَا يَسْتَطِيعُونَ لَهُمْ نَصْرًا وَلَا أَنْفُسَهُمْ
يَنْصُرُونَ ۝ اور نہ کر سکتی ہین اونکو مدد نہ اپنی مدد کرین وَإِنْ
تَدْعُوهُمْ إِلَى الْهُدَى لَا يَتَّبِعُوكُمْ سَوَاءٌ
عَلَيْكُمْ أَدَعَوْتُمُوهُمْ أَمْ أَنْتُمْ صَامِتُونَ ۝
اور اگر اونکو پکارو راہ پر نہ چلین تمہاری پکار پر برابر ہی تمکو کہ اونکو پکارو یا چپکی رہو
إِنَّ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ عِبَادٌ
أَمْثَالُكُمْ فَادْعُوهُمْ فَلْيَسْتَجِيبُوا لَكُمْ
إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ۝ جنکو تم پکارتی ہو اللہ کی سوا
بندی ہین تمسی بہلا پکارو اونکو تو چاہیے قبول کرین تمہارا پکارنا اگر تم سچے ہو
أَلَهُمْ أَرْجُلٌ يَمْشُونَ بِهَا أَمْ لَهُمْ أَيْدٍ يَبْطِشُونَ
بِهَا أَمْ لَهُمْ أَعْيُنٌ يُبْصِرُونَ بِهَا أَمْ لَهُمْ آذَانٌ
يَسْمَعُونَ بِهَا قُلِ ادْعُوا شُرَكَاءَكُمْ ثُمَّ
كِيدُونِ فَلَا تُنْظِرُونِ ۝ کیا اونکو پانوہین جنسی چلتی ہین یا اونکے
ہاتھ ہین جنسی پکڑتی ہین یا اونکو آنکھین جنسی دیکھتی ہین یا اونکو کان ہین جنسی سنتی ہین

پکارو اپنی شریکون کو پہر برا کرو میری حق مین اور مجکو ڈہیل نہ دو اِنَّ وَلِـۧيَ
اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ ۖ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ ۝
میرا حمایتی اللہ ہی جن نی اُتاری کتاب اور وہ حمایت کرتا ہی نیک بندون کی وَالَّذِيْنَ
تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَكُمْ
وَلَآ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ۝ اور جن کو تم پکارتی ہو اوس کی سوای
نہین کر سکتی تمہاری مدد اور نہ اپنی جان بچا سکین وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ
اِلَى الْهُدٰى لَا يَسْمَعُوْا ۗ وَتَرٰىهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ
وَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝ اور اگر اون کو پکارو راہ کی طرف کچہہ نہ سنین
اور تو دیکہی کہ تکتی ہین تیری طرف اور کچہہ نہین دیکہتی خُذِ الْعَفْوَ
وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ ۝ خو پکڑ
معاف کرنا اور کہہ نیک کام کو اور کنارہ کر جاہلون سی وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ
مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ
سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ اور کبہی اُبہار دی تجکو شیطان کی چہیڑ تو پناہ
پکڑ اللہ کی وہی ہی سنتا جانتا ف یعنی نیک کام کو کہی اور جاہلون سی پری رہی لڑنی
لگی نہین آپ ہی جاہل بنا اور کار رحمٰن مین کار شیطان آیا اور اگر ایک وقت شیطان
غضب کروا دی تو جب یاد آوی شتاب پناہ پکڑی اللہ کی اور سنبہل جای اپنی
بل مین چلی نہ جای اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰۗىِٕفٌ
مِّنَ الشَّيْطٰنِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ ۝
جو لوگ ڈر رکہتی ہین جہان پڑ گیا اون پر شیطان کا گذر چونک گئی پہر تبہی اونکو

سوجہ الٹی وَاِخْوَانُهُمْ يَمُدُّونَهُمْ فِي الْغَيِّ ثُمَّ لَا يُقْصِرُونَ

اور جو شیطانون کی بہای ہین وہ اونکو کہینچی جاتی ہین غلطی مین پہر وہ

نہین کرتی وَاِذَا لَمْ تَاْتِهِمْ بِاٰيَةٍ قَالُوْا لَوْلَا اجْتَبَيْتَهَا

قُلْ اِنَّمَآ اَتَّبِعُ مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ مِنْ رَّبِّيْ هٰذَا بَصَآئِرُ

مِنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ

اور جب تو لی کر نہ جاوی اون پاس کوی اٰیۃ کہین کچہہ چہانٹ کیون نہ لایا تو کہ

مین چلتا ہون اوسی پر جو حکم آوی مجکو میری رب سی یہ سوجہ کی باتین ہین تمہار

طرف سی اور راہ کی اور مہر ہے اون لوگون کو جو یقین لاتی ہین وَاِذَا قُرِئَ

الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ

اور جب قران پڑہا جاوی تو اوس طرف کان رکہو اور چپ رہو شاید تم پر رحم ہو

یعنی جب کوی قران پڑہی اورون پر ادب واجب ہے کہ باتین نہ کرین دہیان

سنین شاید دلمین ہدایت پڑی لیکن پڑہنی والا باتون کی مجلس مین پڑہنی

پکار کر تو اوسکی خطا ہی وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا

وَّخِيْفَةً وَّدُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ

وَالْاٰصَالِ وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ ۔ اور یاد کر

اپنی رب کو دل مین گڑ گڑاتا اور ڈرتا اور پکار سی کم آواز بولنی مین صبح اور

شام کی وقتون اور مت رہ بیخبر اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا

يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيُسَبِّحُوْنَهٗ وَلَهٗ

يَسْجُدُوْنَ ۔ جو لوگ پاس ہین تیری رب کی بڑای نہین رکہتی اوسکی

اور یاد کرتی ہین اوسکی پاک ذات کو اور اوسی کو سجدہ دیتی ہین ف یعنی مقرب
فرشتی بہی اوسکی یاد سی غافل نہین تو انسان کو اور بہی ضرور ہی اور اوسکی
سوای کسی کو سجدہ نہ کری اس جاے پر سجدہ آتا ہی سب قران مین یہہ سجدہ ہے
سب کا ایک حکم ہی حنفی مذہب مین واجب اور شافعی مین سنت

سورة الانفال مدنية وهي خمس وسبعون آية

رکوعہا ۱۰

بسم الله الرحمن الرحيم

سورہ انفال اتری بعد جنگ بدر کی جب ہجرت کی بعد حکم ہوا جہاد کا اول جہاد تہا
قریش سی جنکی ظلم سی وطن چہوڑا اون پر چڑہ کر نہ جا سکتی مکی کی ادب سی مگر راہ
مارتی پر مسلمان دوڑی دو تین بار پہر دوسری برس قریش کا قافلہ تجارت کو گیا ملک
شام جب پہرتی لگی حضرت نی آپ اون پر قصد کیا خبر پاکر مکی والی مدد کو نکلی قافلی
کی قافلہ نکلا اور دو فوجین بہڑ گئین حق تعالی نی فتح دی ستر پر ستر کافر
ستر ماری گئی اور ستر بند مین آئی یَسْئَلُونَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ
قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَصْلِحُوْا
ذَاتَ بَيْنِكُمْ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ اِنْ كُنْتُمْ
مُؤْمِنِيْنَ ۔ تجھسی پوچھتی ہین حکم غنیمت کا تو کہ مال غنیمت اللہ کا ہی
اور رسول کا سو ڈرو اللہ سی اور صلح کرو آپسمین اور حکم مین چلو اللہ کے
اور اوسکی رسول کی اگر ایمان رکھتی ہو ف جنگ مین بعضی آگی بڑہی اور بعضی پشت پر
رہی جب غنیمت جمع ہوی بڑہنی والون نی کہا یہ حق ہمارا ہی کہ فتح ہمنی کی اور پشتی
والون نی کہا تم ہماری قوت سی لڑی حق تعالی نی دونو کو خاموش کیا کہ فتح اللہ کے

مدد سی ہی رو رکسی کا بس نہین جاتا سو ملک مال کا اللہ ہی اور نایب اوسکا رسول ہے پھر اکی بہت دو ریک
یہی بیان فرمایا کہ فتح اللہ کی مدد سی ہے اپنی قوت سی نہ سمجھو إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ
إِذَا ذُكِرَ اللَّهُ وَجِلَتْ قُلُوبُهُمْ وَإِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ
آيَاتُهُ زَادَتْهُمْ إِيمَانًا وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ •
ایمان والی وہی ہین کہ جب نام آوی اللہ کا ڈر جاوین دل اونکی اور جب پڑہیی اوسکی کلام
زیادہ ہووی اونکو ایمان اور اپنی رب پر بہروسا رکہتی ہین الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ
وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنْفِقُونَ • جو کہڑی رکہتی ہین نماز اور ہمارا دیا کچہہ خرچ
کرتی ہین أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حَقًّا لَهُمْ دَرَجَاتٌ
عِنْدَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ • وہی ہین سچی ایمان
والی اونکو درجی ہین اپنی رب پاس اور معافی اور روزی ابرو کی كَمَا أَخْرَجَكَ
رَبُّكَ مِنْ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ وَإِنَّ فَرِيقًا مِنَ الْمُؤْمِنِينَ
لَكَارِهُونَ • جیسی نکالا تجکو تیری رب نی تیری گہر سی درست کام پر اور ایک
ایمان والی ناراضی تہی ف یعنی غنیمت کا جہگڑا بہی ویسا ہی ہے جیسا نکلتی وقت عقل کی تدبیرین
لگی اور آخر صلاح وہی ہے نکلا جو رسول نی فرمایا تو ہر کام مین یہی اختیار کرو کہ حکم برداری مین
عقل کو دخل نہ دو يُجَادِلُونَكَ فِي الْحَقِّ بَعْدَ مَا تَبَيَّنَ كَأَنَّمَا
إِلَى الْمَوْتِ وَهُمْ يَنْظُرُونَ • تجہسی جہگڑتی ہین درست بات مین واضح
ہوچکی پیچہی گویا ان کو ہانکتی ہین موت کی طرف آنکہون دیکہتی وَإِذْ يَعِدُكُمُ اللَّهُ
إِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ أَنَّهَا لَكُمْ وَتَوَدُّونَ أَنَّ غَيْرَ
ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُونُ لَكُمْ وَيُرِيدُ اللَّهُ أَنْ يُحِقَّ

وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ اور جبوقت وعدہ دیتا ہی اللہ تمکو ان
دو جماعت مین سی ایک کہ تمکو ہاتھ لگی اور تم چاہتی تہی کہ جسمین کانٹا نہ لگی وہ ملی تمکو اور اللہ چاہتا
تہا کہ سچا کری سچ کو اپنی کلامون سی اور کاٹی پیچھا کافرون کا ف حضرت نبی فرمایا تہا کہ یا قافلہ
یا مدد ہماری ہاتھ لگی کا لوگ چاہنی لگی کہ قافلہ ہاتھ لگی اور بہتر ہوا یہی کہ کفر کا زور ٹوٹا لِيُحِقَّ
الْحَقَّ وَيُبْطِلَ الْبَاطِلَ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝ تا سچا کری سچ کو
اور جھوٹا کری جھوٹھہ کو اور اگرچہ نا راضی ہوون گنہکار اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ
رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ اَنِّيْ مُمِدُّكُمْ بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ
مُرْدِفِيْنَ ۝ جب تم لگی فریاد کرنی اپنی رب سے تو پہنچا تمہاری پکار کو کہ مین مدد بھیجون گا
تمہاری ہزار فرشتی جنکی پیچھی لگی آوین اور وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى
وَلِتَطْمَئِنَّ بِهٖ قُلُوْبُكُمْ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ
اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ اور یہ تو دی اللہ نی فقط خوشخبری اور تا چین پکڑین

ع ۲

دل تمہاری اور مدد نہین مگر اللہ سی اللہ زور آور ہی حکمت والا اِذْ يُغَشِّيْكُمُ
النُّعَاسَ اَمَنَةً مِّنْهُ وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً
لِّيُطَهِّرَكُمْ بِهٖ وَيُذْهِبَ عَنْكُمْ رِجْزَ الشَّيْطٰنِ وَ
لِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ ۝ جبوقت ڈال دی
اوپر اونگھہ اپنی طرف سی تسکین کو اور اتارا تم پر آسمان سی پانی کہ اوس سی تمکو پاک کری اور دور
کری تمسی شیطان کے نجاست اور محکم کر دی تمہاری دل پر اور ثابت کری تمہاری قدم ف جب
مقابل ہوی رات کو مسلمانون کو حاجت غسل ہو گئی اور پانی پینی کا بی نہ تہا اور زمین ریت کی تہی
پانو نہ ٹہرین صبح کو لڑائی در پیش یہ خبرین دیکہہ کر مسلمان ڈری کہ آثار شکست کی ہین اوسوقت

باران کامل برسا کہ غسل او پیاس کو کافی ہوا اور زمین جم گئی اور ایک اونکہ آئی اوس سی جو تھی

دل کا خوف جاتا رہا إِذْ يُوحِي رَبُّكَ إِلَى الْمَلَائِكَةِ أَنِّي مَعَكُمْ

فَثَبِّتُوا الَّذِينَ آمَنُوا سَأُلْقِي فِي قُلُوبِ الَّذِينَ

كَفَرُوا الرُّعْبَ فَاضْرِبُوا فَوْقَ الْأَعْنَاقِ وَاضْرِبُوا

مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ • جب حکم بھیجا تیری رب نے فرشتون کو کہ مین ساتھ ہون

تمہاری سو تم دل ثابت کرو مسلمانون کی مین ڈال دون کا دلمین کافرون کی دہشت

مارو اوپر گردنون کی اور مارو اونکی پور پور ف کافرون کی دل قابل نہین فرشتون کی

سو رعب ڈالا اپنی طرف لیا اور مسلمانون کی دل ثابت کرنی کو حکم فرمایا او

اوس جنگ مین فرشتی ہاتھون سی بی لڑی ہین ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ شَاقُّوا اللَّهَ

وَرَسُولَهُ وَمَنْ يُشَاقِقِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَإِنَّ اللَّهَ شَدِيدُ

الْعِقَابِ • یہہ اس واسطے کہ وہ مخالف ہوی اللہ کی اور اوسکی رسول کی اور جو کوی مخالف

ہو اللہ اور اوسکی رسول کا تو اللہ کی مار سخت ہی ذَلِكُمْ فَذُوقُوهُ وَأَنَّ

لِلْكَافِرِينَ عَذَابَ النَّارِ • یہہ تو تم چکھہ لو اور جان رکھو کہ منکرون کو

عذاب دوزخ کا يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا لَقِيتُمُ الَّذِينَ

كَفَرُوا زَحْفًا فَلَا تُوَلُّوهُمُ الْأَدْبَارَ • ای ایمان والون جب

بھڑو تم کافرون سی میدان جنگ مین تو مت دو اونکو پیٹھ ف یعنی جب مقابل

ہو تو بھاگنا اشد گناہ ہی اور جو دوڑ ہو یا غارت تو بھاگنا ہنر ہی وَمَنْ يُوَلِّهِمْ

يَوْمَئِذٍ دُبُرَهُ إِلَّا مُتَحَرِّفًا لِقِتَالٍ أَوْ مُتَحَيِّزًا إِلَى فِئَةٍ

فَقَدْ بَاءَ بِغَضَبٍ مِنَ اللَّهِ وَمَأْوَاهُ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ

الْمَصِيْرُ • اور جو کوئی اونکو پیٹ دیوے اوس دن مگر یہ کہ ہنر کرتا ہو لڑائی کا یا جا ملتا ہو فوج میں
سو وہ لی پھرا غضب اللہ کا اور اوسکا ٹھکانا دوزخ ہے اور کیا بری جگہ جا ٹھہرا فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ
وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ
اللّٰهَ رَمٰى وَلِيُبْلِيَ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْهُ بَلَآءً حَسَنًا
اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ • سو تمنے اونکو نہیں مارا لیکن اللہ نے مارا اور تو نے نہیں پھینکی
مٹھ خاک جس وقت پھینکی تھی لیکن اللہ نے پھینکی اور کیا چاہتا تھا ایمان والوں پر اپنی طرف سے
خوب احسان تحقیق اللہ ہی سنتا جانتا ف جب شدۃ جنگ ہوئی تب حضرت نے ایک مٹھی کنکریاں
لشکر کی طرف پھینکیں اللہ کی قدرت سے ہر کسی کی آنکھہ میں خاک پہنچی اوسکی بعد شکست
ہوئی یہ فرمایا کہ مسلمان سمجھیں کہ فتح ہماری قوت سے نہیں سب اللہ کی مدد سے ہے
کسی بات میں اپنا دخل نہ کریں ذٰلِكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ مُوْهِنُ كَيْدِ
الْكٰفِرِيْنَ • یہ تو ہو چکا اور جان رکھو کہ اللہ سست کریگا تدبیر کافروں کی اِنْ
تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ وَاِنْ تَنْتَهُوْا فَهُوَ خَيْرٌ
لَّكُمْ وَاِنْ تَعُوْدُوْا نَعُدْ وَلَنْ تُغْنِيَ عَنْكُمْ فِئَتُكُمْ
شَيْئًا وَّلَوْ كَثُرَتْ وَاَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ •
اگر تم چاہتے ہو فیصلہ سو پہنچا تمکو فیصلہ اور اگر باز آؤ تو تمہارا بھلا ہے اور اگر پھر کروگے تو ہم بھی
پھر کرینگے اور کام نہ آویگا تمکو تمہارا جتھا اگرچہ بہت ہوں اور جانو کہ اللہ ہے ساتھہ ایمان والوں کے
ف مکی کی سورتوں میں ہر جگہ کافروں کا کلام نقل فرمایا کہ ہر گھڑی کہتے ہیں متی ہذا الفتح
یعنی کب ہوگا یہ فیصلہ سو اب جواب فرمایا کہ یہ فیصلہ آپہنچا يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَوَلَّوْا عَنْهُ وَاَنْتُمْ

ع ۲

تَسْمَعُوْنَ • ای ایمان والون حکم پر چلو اللہ کی اور اوسکی رسول کی اور اوس سے مت پھرو
سن کر وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ
اور ویسی مت ہو جنہون نی کہا کہ ہمنی سنا اور وہ سنتی نہین ف یعنی جیسی یہود نی
حکم توراۃ زور آوری قبول کیا اور دل سی نا قبول رکہا یا جیسی منافق زبان سی حکم بردار
ہین اور دل سی نہین اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الصُّمُّ
الْبُكْمُ الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ • بدتر سب جانداروں مین
اللہ کی پاس وہی بہری گونگی ہین جو نہین بوجہتی ف یعنی جانوروں سی
بدتر ہین وہ آدمی کہ دین حق کو نہ سمجہین وَلَوْ عَلِمَ اللّٰهُ
فِيْهِمْ خَيْرًا لَّاَسْمَعَهُمْ وَلَوْ اَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوْا وَّ
هُمْ مُّعْرِضُوْنَ • اور اگر اللہ جانتا انمین کچہہ بہلای تو ان کو سناتا اور جو انکو
سناوی تو الٹی بہاگین موں پھیر کر ف یعنی اللہ نی ان کی دلمین ہدایت کی لیاقت نہین
رکہی جن مین لیاقت رکہی ہی اونہی کو ہدایت دیتا ہی اور بغیر لیاقت جو سنتی ہین سو انکار کرتی
ہین يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ
اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ وَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ يَحُوْلُ
بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ وَاَنَّهٗۤ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ • ای ایمان والون
مانو حکم اللہ کا اور رسول کا جسوقت بلاوی تمکو ایک کام پر جسمین تمہاری زندگی ہی اور جان لو کہ اللہ روک
لیتا ہی آدمی سی اوسکی دل کو اور یہ کہ اوسی پاس تم جمع ہو گی ف یعنی حکم بجالانی مین دیر نہ کرو شاید
اوسوقت دل آپ نہ رہی دل اللہ کی ہاتہہ ہی اور اللہ اول کسی کی دل کو روکتا نہین اور مہر نہین کرتا جب
بندہ کاہلی کری تو اوسکی جڑ ہی روک دیتا ہی یا ضد کری حق پرستی نہ کری تو مہر کر دیتا ہی وَاتَّقُوْا

فتنة لا تصيبن الذين ظلموا منكم خاصة
واعلموا ان الله شديد العقاب ۔ اور بچتی رہو اوس
فساد سی کہ نہ پڑیگا تم مین سی ظلمون پر چن کر اور جان لو کہ اللہ کا عذاب سخت ہے ف
یعنی حکم مین کاہلی کرنی سی ایک تو دل ہٹتا ہی دمبدم وہ کام زیادہ مشکل پڑتا ہی دوسرے
نیکون کی کاہلی سی گنہ کار بالکل چہوڑ دین کی تو رسم بد پہیلی کی اوسکا وبال سب پر پڑیگا
جیسی جنگ مین دلیر سستی کرین تو نامرد بہاگ ہی جاوین پہر شکست پڑی تو دلیر
بہی تہام سکین واذکروا اذ انتم قلیل مستضعفون
فی الارض تخافون ان یتخطفکم الناس
فاوٰکم وایدکم بنصره ورزقکم
من الطیبٰت لعلکم تشکرون ۔
اور یاد کرو جس وقت تم تہوڑی تہی مغلوب پڑی ہوی ملک مین ڈرتی تہی کہ اچک لین
تمکو لوگ پہر اوسنی تمکو جاگہ دی اور زور دیا اپنی مدد سی اور روزی دی تمکو ستہری
چیزین شاید تم حق مانو ف ستہری چیزین یعنی مال غنیمت یا ایها الذین
اٰمنوا لا تخونوا الله والرسول وتخونوا اماناتکم
وانتم تعلمون ۔ ای ایمان والون چوری نہ کرو اللہ سی اور رسول سے
یا چوری کرو آپس کی اماتون مین جان کر واعلموا انما اموالکم
واولادکم فتنة وان الله عنده اجر
عظیم ۔ اور جان لو کہ تمہاری مال اور اولاد جو ہین سو خراب کرنی والی ہین اور یہ کہ
اللہ کی پاس بڑا ثواب ہے ف چوری اللہ رسول کی یہ بہی ہے کہ چہپ کر کافرون سی ملین

ع

اپنی مال و اولاد کی بچاؤ کو جیسی مہاجرین میں اکثروں میں کی گھر مکی میں تھی اور یہہ بھی ہی کہ مال غنیمت
چھپا رکھیں سردار پاس ظاہر نہ کریں يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِن تَتَّقُوا اللَّهَ
يَجْعَل لَّكُمْ فُرْقَانًا وَيُكَفِّرْ عَنكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ
وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۗ وَاللَّهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ ۝ ای ایمان والو
اگر ڈرتی رہو گی اللہ سی تو کر دیگا تم میں فیصلہ اور اتاری گا تمسی تمہاری گناہ اور تمکو بخشی گا
اور اللہ کا فضل بڑا ہے ف شاید فتح بدر میں مسلمانوں کے دل میں آیا ہو کہ یہ فتح اتفاقی ہی حضرت
مخفی کا فروں پر احسان کریں کہ ہماری گھر بار کو نہ ستاویں سو پہلی آیت میں چوری کو منع فرمایا
اور دوسرے آیہ میں تسلی دی کہ آگی فیصلہ ہو جاویگا تمہاری گھر بار کافروں میں گرفتار نہ رہیں
وَإِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِيُثْبِتُوكَ
أَوْ يَقْتُلُوكَ أَوْ يُخْرِجُوكَ ۚ وَيَمْكُرُونَ وَيَمْكُرُ اللَّهُ ۖ
وَاللَّهُ خَيْرُ الْمَاكِرِينَ ۝ اور جب فریب بنانی لگی کافر کہ تجکو بٹھا دیں
یا مار ڈالیں یا نکال دیں اور وہ بھی فریب کرتی تھی اور اللہ بھی فریب کرتا تھا اور اللہ کا فریب
سب سے بہتر ف بٹھاویں یعنی قید کر رکھیں یہ فرمایا کہ جیسی اللہ نی پیغمبر کو بچا لیا چاہیے
تمہاری گھر بار کو بچا رکھی وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا قَالُوا قَدْ سَمِعْنَا
لَوْ نَشَاءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هَٰذَا ۙ إِنْ هَٰذَا إِلَّا أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ ۝
اور جب کوئی پڑھی اون پر ہماری آیتیں کہیں ہم سن چکی ہم چاہیں تو کہ لیں ایسا
یہ کچھہ نہیں مگر احوال ہیں پہلوں کے ف یعنی ہمیشہ یہہ کہتی تھی اب تو دیکھہ لیا کہ یہہ قصی نہ تھی وعدہ
عذاب تم پر بھی آیا جیسی پہلوں پر آیا تھا وَإِذْ قَالُوا اللَّهُمَّ إِن كَانَ
هَٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِندِكَ فَأَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً

انھذا ۲

مِنَ السَّمَاۤءِ اَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ● اور جب کہنی لگی کہ
یا اللہ اگر یہی دین حق ہی تیری پاس سی تو ہم پر برسا پتھر آسمان سی یا لا ہم پر دکھ کی مار ف
ابوجہل جب مکی سی نکلنی لگا تو یہی دعا کعبی کی سامہنی وہی پیش آئی وَمَا كَانَ اللّٰهُ
لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ ۚ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ
وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ● اور اللہ ہرگز نعذاب کرتا اونکو جب تک تو تہا
اون مین اور اللہ نہ عذاب کریگا اون کو جب تک بخشواتی رہین ف یعنی مکی مین حضرت کی قدم سی
عذاب الگ رہا تہا اب اون پر عذاب آیا اسیطرح جب تک گنہگار نادم ہی اور توبہ کرتی ہی تو پکڑا
نہین جاتا اگرچہ بڑی سی بڑا گناہ ہو حضرت نی فرمایا کہ گنہگارون کو دو چیز پناہ ہین ایک میرا وجود
دوسرا استغفار وَمَا لَهُمْ اَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ وَهُمْ
يَصُدُّوْنَ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَمَا كَانُوْۤا اَوْلِيَاۤءَهٗ ۭ
اِنْ اَوْلِيَاۤؤُهٗۤ اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ
لَا يَعْلَمُوْنَ ● اور اون مین کیا ہی کہ عذاب نکری اونکو اللہ اور وہ رد کرتی
ہین مسجد حرام سی اور اوسکی اختیار والی نہین اوسکی اختیار والی وہی جو پرہیزگار ہین لیکن
وہ اکثر خبر نہین رکہتی ف قریش آپ کو اولاد ابراہیم سمجہ کر کعبی کی مختار ٹہراتی تہی اور
مسلمانون کو آنی نہ دیتی سو فرمایا کہ اولاد ابراہیم مین جو پرہیزگار ہو اوسیکا حق ہی اور بی انصافون کا
حق نہین کہ جس سی آپ ناخوش ہوی نہ آنی دیا وَمَا كَانَ صَلَاتُهُمْ
عِنْدَ الْبَيْتِ اِلَّا مُكَاۤءً وَّتَصْدِيَةً ۭ فَذُوْقُوا
الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ● اور اونکی نماز نہ تہی
کعبی کی پاس مگر سیٹیان بجانی اور تالیان سو چکہو عذاب بدلا اپنی کفر کا اِنَّ الَّذِيْنَ

كَفَرُوا يُنفِقُونَ اَمْوَالَهُمْ لِيَصُدُّوا عَنْ
سَبِيلِ اللّٰهِ فَسَيُنفِقُونَهَا ثُمَّ تَكُونُ
عَلَيْهِمْ حَسْرَةً ثُمَّ يُغْلَبُونَ وَالَّذِينَ كَفَرُوا
اِلٰى جَهَنَّمَ يُحْشَرُونَ ۔ جو لوگ کافر ہین خرچ کرتی ہین اپنی مال کہ روکین اللہ کے
راہ سی سو ابہی اور خرچ کرینگے پہر آخر ہوگا ان پر پچہتاوا اور آخر مغلوب ہونگی اور جو کافر ہین کی دوزخ
کو ہانکی جاوینگے لِيَمِيزَ اللّٰهُ الْخَبِيثَ مِنَ الطَّيِّبِ وَيَجْعَلَ
الْخَبِيثَ بَعْضَهُ عَلٰى بَعْضٍ فَيَرْكُمَهُ جَمِيعًا
فَيَجْعَلَهُ فِي جَهَنَّمَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُونَ ۔

ع ۵

تا جدا کری اللہ ناپاک کو پاک سی اور رکہی ناپاک کو ایک پر ایک پہر اوسکو ڈہیر کری سارا
پہر ڈالی اوسکو دوزخ مین وہی لوگ ہین نقصان پانی والی ف یعنی آہستہ آہستہ اللہ اسلام کو
غالب کریگا اس بیچ مین کافر اپنا زور جان و مال کا خرچ کرلین کی تا نیک و بد جدا ہو جاوین
یعنی جن کی قسمت مین اسلام لکہا ہی وہ سب مسلمان ہو چلین اور جن کو کفر پر مرنا ہی وہی الگ ہی
دوزخ مین جاوین قُلْ لِلَّذِينَ كَفَرُوا اِنْ يَنتَهُوا يُغْفَرْ
لَهُمْ مَا قَدْ سَلَفَ وَاِنْ يَعُودُوا فَقَدْ مَضَتْ
سُنَّةُ الْاَوَّلِينَ ۔ تو کہدی کافرون کو اگر باز آوین تو معاف ہو انکو
جو ہو چکا اور اگر پہر وہی کرین گی تو پڑ چکی ہی راہ اگلون کی وَقَاتِلُوهُمْ حَتّٰى
لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ وَيَكُونَ الدِّينُ كُلُّهُ لِلّٰهِ فَاِنِ
انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ۔ اور لڑتی رہو اون سی
جب تک نہ رہی فساد اور ہو جاوی حکم سب اللہ کا پہر اگر وہ باز آوین تو اللہ اونکی کام دیکہتا ہے

الجزو العاشر

وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَوْلٰىكُمْ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ۔ اور اگر وہ نہ مانین تو جان لو کہ اللہ ہی حمایتی تمہارا کیا خوب حمایتی ہی اور کیا خوب مددگار ف لڑو جب تک فساد نہ رہی یعنی کافرون کو روز نہ رہی کہ ایمان سی روک سکین

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا يَوْمَ الْفُرْقَانِ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ اور جان رکھو کہ جو غنیمت لاو کچھ چیز سو اللہ کی واسطی اوسمین سی پانچوان حصہ اور رسول کی اور قرابت والی کی اور یتیم کی اور محتاج کی اور مسافر کی اگر تم یقین لائی ہو اللہ پر اور اوس چیز پر جو ہمنی اتاری اپنی بندی پر جس دن فیصلہ ہوا جس دن بھڑین دو فوجین اور اللہ سب چیز پر قادر ہی ف یعنی اللہ نی اپنی رسول پر فتح و نصرت اوتاری جس سی تم غالب ہوی اور اللہ قادر ہی کہ آگی اور فتحین دیوی جو مال کافرون سی لڑکر لیوین وہ غنیمت ہی اوسمین پانچوا حصہ نیاز اللہ کی ہی واسطی خرچ رسول کی کہ رسول کو خرچ ہی اپنی ذات کا اور قرابت والون کا اور حاجتمند مسلمانون کا اور بعد حضرت کی خرچ ہوتی ہین سردار کو اور جو مال صلح سی لیا وہ سارا خرچ مسلمانون کا پہر غنیمت مین چار حصی ہین سو لشکر کو تقسیم کرنا سوار کو دو حصی پیادہ کو ایک اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ الدُّنْيَا وَهُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰى وَالرَّكْبُ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَلَوْ تَوَاعَدْتُّمْ لَاخْتَلَفْتُمْ

فِي الْمِيعَادِ وَلَٰكِن لِّيَقْضِيَ اللَّهُ أَمْرًا كَانَ مَفْعُولًا
لِّيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَن بَيِّنَةٍ وَيَحْيَىٰ مَنْ حَيَّ
عَن بَيِّنَةٍ وَإِنَّ اللَّهَ لَسَمِيعٌ عَلِيمٌ • جسوقت

تم تہی ورے کی ناکی اور وہ پرے کی ناکی اور قافلہ نیچی اتر گیا تمسی اور اگر آپسمین تم وعدہ کرتے

تو نہ پہنچتے وعدی پر لیکن الله کو کر ڈالنا ایک کام جو ہو چکا تہا تا مرے جو مرتا ہی سوجہ کر اور جیوی

جیوتا ہی سوجہ کر اور الله سنتا ہی جانتا ف یعنی قریش اپنی قافلہ کی مدد کو آئی تہی اور تم قافلہ

کی غارت کو قافلہ بچ گیا اور دو فوجین ایک میدان کی دو کنارون پر آپڑین ایک کو دوسرے

کی خبر نہین یہ تدبیر الله کی تہی اگر تم قصداً جاتی تو ایسا بر وقت نہ پہنچتی اور اس فتح کی بعد

کافرون پر صدق پیغمبر کا کہل گیا جو مرا وہ بہی یقین جانکر مرا اور جیتا رہا وہ بہی حق پہچان کر تا اور

الزام پورا ہو إِذْ يُرِيكَهُمُ اللَّهُ فِي مَنَامِكَ قَلِيلًا ۖ وَلَوْ
أَرَاكَهُمْ كَثِيرًا لَّفَشِلْتُمْ وَلَتَنَازَعْتُمْ فِي الْأَمْرِ
وَلَٰكِنَّ اللَّهَ سَلَّمَ ۗ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ

جب الله نی وہ دکہائی تیری خواب مین تہوڑی اور اگر تجکو بہت دکہاتا تم لوگ نامردی

کرتی اور جہگڑا ڈالتی کام مین لیکن الله نی بچا لیا اوسکو معلوم ہی جو بات ہی دلون مین

وَإِذْ يُرِيكُمُوهُمْ إِذِ الْتَقَيْتُمْ فِي أَعْيُنِكُمْ قَلِيلًا
وَيُقَلِّلُكُمْ فِي أَعْيُنِهِمْ لِيَقْضِيَ اللَّهُ أَمْرًا كَانَ
مَفْعُولًا ۗ وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ • اور جب تمکو دکہائی وہ فوجین

وقت ملاقات کی تمہاری انکہون مین تہوڑی اور تم کو تہوڑا دکہایا اونکی انکہون مین تا کر ڈالی

الله ایک کام جو ہو چکا تہا اور الله تک پہنچ ہی ہر کام کی ف پیغمبر کو خواب مین کافر تہوڑی نظر

ع ۶

اور مسلمانون کو مقابلی کی وقت تا جرات سی لڑنی پیغمبر کا غلط نہین اور مومنین کا فر نہین والی کم تھی گروہ ہی جیتی مسلمان ہو

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا لَقِيتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوا وَاذْكُرُوا اللَّهَ كَثِيرًا لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۝

اے ایمان والو جب بھڑو کسی فوج سی تو ثابت رہو اور اللہ کو بہت یاد کرو تا شاید تم مراد پاو ف یعنی مدد اللہ کی چاہو تو اسباب ظاہر سی نہین دل کی استقامت اور یاد اللہ کی اور حکم برداری پیغمبر کی اور ایک مصلحت چاہیے

وَأَطِيعُوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَلَا تَنَازَعُوا فَتَفْشَلُوا وَتَذْهَبَ رِيحُكُمْ وَاصْبِرُوا إِنَّ اللَّهَ مَعَ الصَّابِرِينَ ۝

اور حکم مانو اللہ کا اور اوسکی رسول کا اور آپس مین نہ جھگڑو پھر نامرد ہو جاوگی اور جاتی رہی گی تمہاری باو اور ٹھہری رہو اللہ ساتھ ہی ٹھہرنی والون کی ف باو جاتی رہی گی یعنے اقبال ادبار آوی گا

وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ خَرَجُوا مِن دِيَارِهِم بَطَرًا وَرِئَاءَ النَّاسِ وَيَصُدُّونَ عَن سَبِيلِ اللَّهِ وَاللَّهُ بِمَا يَعْمَلُونَ مُحِيطٌ ۝

اور مت ہو جیسی وہ لوگ کہ نکلی اپنی گھرون سی اتراتی اور لوگو کو دکھاتی اور روکتی اللہ کی راہ سی اور اللہ کی قابو مین ہی جو کرتی ہین ف جہاد عبادت ہے عبادت پر اتراوی یا دکھانی کو کری تو قبول نہین

وَإِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ أَعْمَالَهُمْ وَقَالَ لَا غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ وَإِنِّي جَارٌ لَّكُمْ فَلَمَّا تَرَاءَتِ الْفِئَتَانِ نَكَصَ عَلَىٰ عَقِبَيْهِ وَقَالَ إِنِّي بَرِيءٌ مِّنكُمْ إِنِّي أَرَىٰ مَا لَا تَرَوْنَ إِنِّي أَخَافُ اللَّهَ وَاللَّهُ شَدِيدُ الْعِقَابِ ۝

اور جسوقت سنوارنی لگا شیطان انکی نظر مین ان کی کام اور بولا کوئی غالب نہ ہوگا تم پر آج

ع

دن اور مین رفیق ہون تمہارا پہر جب سامہنی ہوئین دو فوجین الٹا پہرا اپنی ایڑیون پر اور بو
مین تمہاری ساتہہ نہین مین دیکہتا ہون جو تم نہین دیکہتی مین ڈرتا ہون اللہ سنی اور اللہ کا عذ
سخت ہی ف جب کافر جمع ہو کر نکلی لڑای پر راہ مین ایک شخص ملا بوڑہا کہا مین بی مسلمانون کا دشمن
ہون تمہاری رفاقت کو آیا ہون او جنگ کا بڑا ماہر ہون پہر جب لڑای ہونی لگی ابو جہل
ہاتہہ چہڑا کر بہاگا وہ شخص نہ پہلی کسی نی دیکہا تہا نہ پیچہی دیکہا وہ شیطان تہا جب اوسنی جبرئیل
ومیکائیل دیکہی مسلمانون کی طرف تب بہاگا اِذْ یَقُولُ الْمُنَافِقُونَ وَالَّذِیْنَ
فِیْ قُلُوْبِہِمْ مَّرَضٌ غَرَّ ھٰٓؤُلَآءِ دِیْنُہُمْ وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ
عَلَی اللّٰہِ فَاِنَّ اللّٰہَ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ جب کہنی لگی منافق لوگ
اور جن کے دل مین آزار ہی یہ لوگ مغرور ہین اپنی دین پر اور جو کوی بہروسا کرے
اللہ پر تو اللہ زبردست ہی حکمت والا مسلمانون کی دلیری دیکہہ کر منافق اس طرح طعن
کرنی لگی تہی سو اسنی فرمایا کہ یہ غرور [illegible] ہے وَلَوْ تَرٰٓی اِذْ یَتَوَفَّی
الَّذِیْنَ کَفَرُوا الْمَلٰٓئِکَۃُ یَضْرِبُوْنَ وُجُوْہَہُمْ
وَاَدْبَارَہُمْ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِیْقِ اور کبہی
دیکہی جب موت جان لیتی ہین کافرون کی فرشتی مارتی ہین اونکی مونہہ پر اور پیچہی اور چکہو
عذاب جلنی کا ذٰلِکَ بِمَا قَدَّمَتْ اَیْدِیْکُمْ وَاَنَّ اللّٰہَ
لَیْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِیْدِ یہ بدلا ہی اوسی کا جو تمنی بہیجا اپنی ہاتہون
اور اس واسطی کہ اللہ ظلم نہین کرتا بندون پر کَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ وَالَّذِیْنَ
مِنْ قَبْلِہِمْ کَفَرُوْا بِاٰیٰتِ اللّٰہِ فَاَخَذَہُمُ اللّٰہُ
بِذُنُوْبِہِمْ اِنَّ اللّٰہَ قَوِیٌّ شَدِیْدُ الْعِقَابِ جیسی دستور

[فرع]ون والون کا اور جو اون سی پہلی تہی منکر ہوی اللہ کی باتون سی سو پکڑا اونکو اللہ نی
[ا]ونکی گناہون پر اللہ زور آور ہی سخت عذاب کرنی والا ذٰلِكَ بِأَنَّ اللّٰهَ
[لَمْ] يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً أَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوا
مَا بِأَنْفُسِهِمْ وَأَنَّ اللّٰهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ۔ یہ اسن پر کہا کہ اللہ بد[لنی]
والا نہین نعمت کو جو دی تہی ایک قوم کو جب تک وہ نہ بدلین اپنی جیو کی بات اور اللہ
سنتا ہی جانتا ف اپنی جیو کی بات بدلین یعنی اعتقاد اور نیت جب تک نہ بدلی
دلسی بخشی نعمت چہیٹی نہین جاتی كَدَأْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ وَالَّذِينَ
مِن قَبْلِهِمْ كَذَّبُوا بِاٰيَاتِ رَبِّهِمْ فَأَهْلَكْنَاهُمْ
بِذُنُوبِهِمْ وَأَغْرَقْنَا اٰلَ فِرْعَوْنَ وَكُلٌّ كَانُوا
ظَالِمِينَ ۔ جیسی دستور فرعون والون کا اور جو اون سی پہلی تہی جہوٹہاین باتین اپنی رب کی
پھر کہپا دیا ہمنی اونکو اونکی گناہون پر اور ڈوبا دیا فرعون والون کو اور ساری ظالم تھے
إِنَّ شَرَّ الدَّوَابِّ عِندَ اللّٰهِ الَّذِينَ كَفَرُوا فَهُمْ
لَا يُؤْمِنُونَ ۔ بدتر سب جاندارون مین اللہ کی ہان وہ ہین جو منکر ہوی
پھر وہ نہین مانتی الَّذِينَ عَاهَدتَّ مِنْهُمْ ثُمَّ يَنقُضُونَ
عَهْدَهُمْ فِي كُلِّ مَرَّةٍ وَهُمْ لَا يَتَّقُونَ ۔ جنسی تونی قرار
لیا ہی اونمین پہر وہ توڑتی ہین اپنا قرار ہر بار اور ڈر نہین رکہتی فَإِمَّا
تَثْقَفَنَّهُمْ فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِم مَّنْ خَلْفَهُمْ
لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُونَ ۔ سو اگر کبہی تو پاوی اونکو لڑائی مین تو ایسی سزا د[ی]
کہ دیکہ کر بہاگین اونکی پچہلی شاید وہ عبرت پکڑین وَإِمَّا تَخَافَنَّ مِن قَوْمٍ

ع

خِيَانَةً فَانْبِذْ إِلَيْهِمْ عَلَىٰ سَوَاءٍ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ

الْخَائِنِينَ • اور اگر تجکو ڈر ہو ایک قوم کی دغا کا تو پہینک دے اونکو برابر کی برابر الله

نہین آتی دغا باز ف اگر ایک قوم کافرون سے صلح کی ہو پہر اونکی طرف سے دغا ہو

اب اونکو بہی خبر مارے اور جو دغا نہین ہوی لیکن اندیشہ ہے تو خبردار کر کر جواب دیجے

برابر یعنی جو سرانجام صلح ہے کر سکتے سو آپ بہی کر سکتے ہون لڑائی کا اسمین بدقولی نہین

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا سَبَقُوا إِنَّهُمْ

لَا يُعْجِزُونَ • اور یہ نہ سمجہین منکر لوگ کہ وہ بہاگ نکلے وہ تہکا نہ سکینگے

وَأَعِدُّوا لَهُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ

وَمِنْ رِبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُونَ بِهِ عَدُوَّ اللَّهِ

عَدُوَّكُمْ وَآخَرِينَ مِنْ دُونِهِمْ لَا

تَعْلَمُونَهُمُ اللَّهُ يَعْلَمُهُمْ وَمَا تُنْفِقُوا مِنْ شَيْءٍ

فِي سَبِيلِ اللَّهِ يُوَفَّ إِلَيْكُمْ وَأَنْتُمْ

لَا تُظْلَمُونَ • اور سرانجام کرو اونکی لڑائی کو جو پیدا کر سکو زور اور گہوڑے پال

کہ اس سے دہاک پڑے الله کی دشمنون پر اور تمہارے دشمنون پر اور ایک اور لوگ

سوای اونکی جنکو تم نہین جانتے الله اونکو جانتا ہے اور جو خرچ کروگے الله کی راہ مین پورا

تمکو اور تمہارا حق نہ رہیگا ف حکم فرمایا کہ جہاد کا سرانجام کرو جو ہو سکے زور فرمایا تیر اندازی

کو اور ہتہیار کا کسب اسی مین داخل ہے اور گہوڑے پالنے مین جو خرچ ہو اوسکی خوراک بلکہ

فضلہ سب ترازو مین چڑہے گا قیامت کو فرمایا کہ یہ واسطے رعب کے ہے تا نہ جانین کہ فتح ہوگی اسباب سے

الله کی مدد اور وہ لوگ جنکو ہم نہین جانتے تہے وہ منافق ہین کہ ظاہر مسلمان ہو گئے ہین پردہ مین ہین

جَنَحُوا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ اِنَّهٗ
هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ اور اگر وہ جھکیں صلح کو تو تو بھی جھک اوسطرف
اور بھروسا کر اللہ پر بیشک وہی ہی سنتا جانتا ف یعنی اگر دلمین دغا رکہین کے
اللہ کو معلوم ہے اوسکی سزا دیگا وَاِنْ يُّرِيْدُوْٓا اَنْ يَّخْدَعُوْكَ
فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ هُوَ الَّذِيْٓ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ
وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ لَوْ اَنْفَقْتَ
مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ
وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝
اور اگر وہ چاہین تجکو دغا دین تو تجکو بس ہے اللہ اوسی نی تجکو زور دیا اپنی مدد کا اور مسلمانون کا
اور اونکی دلمین الفت ڈالی اگر تو خرچ کرتا جو ساری ملک مین ہی تمام نہ الفت دی سکتا اونکی دلمین
لیکن اللہ نی الفت ڈالی اونمین وہ زور آور ہی حکمت والا ف عرب کے قومین اگی ہمیشہ بیر رکہتی
اور ایک دوسری کی خون کی پیاسی پہر حضرت کی سبب سی سب متفق اور دوست ہو گئے
يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝
ای نبی کفایت ہی تجکو اللہ اور جتنی تیری ساتھ ہوی ہین مسلمان ف حضرت نی مدینی مین آکر
مسلمان شمار کروائی مرد قابل جنگ تہہ سو ہوی سب خوش ہوی کہ اب ہمکو کسکا ڈر ہے
بعد اوسکی یہ ایت اتری يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ
اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صٰبِرُوْنَ يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ
وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ۝ ای نبی شوق دلا مسلمانون کو لڑائی کا

ع ۹

اگر ہون تم مین بیس شخص ثابت غالب ہون دو سو پر اور اگر ہون تم مین سو شخص غالب ہون

ہزار کافرون پر اس واسطے کہ وہ لوگ سمجہہ نہین رکہتی ف یعنی یقین نہین رکہتی اللہ پر اور

ثواب پر اور جنکو یقین ہی وہ موت پر دلیر ہین اَلْاٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ

وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا فَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ صَابِرَةٌ

يَّغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ اَلْفٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفَيْنِ

بِاِذْنِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۝ اب بوجہ ہلکا کیا اللہ نی تم پر

اور جانا کہ تم مین سستی ہی سو اگر ہون تم مین سو شخص ثابت غالب ہون دو سو پر اور اگر ہون

تم مین ہزار شخص غالب ہون دو ہزار پر اللہ کی حکم سی اور اللہ ساتھ ہی ثابت رہنی والون کی ف

اول کے مسلمان یقین مین کامل تہی ان پر حکم ہوا تہا کہ اپ سی دس برابر کافرون پر جہاد کرین

پچہلی مسلمان ایک قدم کم تہی تب یہی حکم ہوا کہ دوگنون پر جہاد کرین یہی حکم اب باقی ہی لیکن

اگر دونون سی زیادہ پر حملہ کرین تو بڑا اجر ہی حضرت کی وقت تین ہزار مسلمان اسی ہزار سی

لڑی ہین مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗٓ اَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ

فِي الْاَرْضِ تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا وَاللّٰهُ يُرِيْدُ

الْاٰخِرَةَ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ کیا چاہیی نبی کو کہ اوسکی ہان قیدی آوین

جب تک نہ خون کری ملک مین تم چاہتی ہو جنس دنیا کی اور اللہ چاہتا ہی اخرت اور اللہ

زور آور ہی حکمت والا ف بدر کی لڑائی مین ستر کافر پکڑی آئی حضرت نی مشورہ پوچہا کہ ان کو کیا کرین

اکثر مسلمانون کی مرضی ہوئی کہ مال لیکر چہوڑ دین اور بعضون کی مرضی ہوئی کہ سب کو قتل کرین

حضرت عمر اور سعد بن معاذ کی یہ مشورت تہی آخر مال لیکر چہوڑ دیا یہ ایت عتاب کی اتری یعنی

نبیون کو جہاد سی مال سمیٹنا منظور نہین بلکہ کافرون کی ضد توڑنی وہ بات اسی مین ہی

قتل کرتی تہا اسکی خوف سی کفر کی ضد چہوڑین لَوۡلَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ

لَمَسَّكُمۡ فِيۡمَاۤ اَخَذۡتُمۡ عَذَابٌ عَظِيۡمٌ ۝ اگر نہ ہوتی ایک بات کہ لکہہ چکا

اللہ آگی سی تو تمکو اتر تا اس لینی مین بڑا عذاب **ف** وہ بات یہہ لکہہ چکا کہ ان قیدی لوگون مین

بہتون کی قسمت تہی مسلمان ہونا فَكُلُوۡا مِمَّا غَنِمۡتُمۡ حَلٰلًا طَيِّبًا

وَّاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ۝ سو کہاو جو غنیمت لاو حلال

ستہرا اور ڈرتی رہو اللہ سی اللہ ہی بخشنی والا مہربان **ف** یعنی ڈرتی رہو کی اور کچہہ خطا نہ

ہو جاوی کی تو بخشی گا قیدیون کا حکم سن کر مسلمان ڈری غنیمت سی بہی یہ اونکو تسلی فرمائی

کہ وہ اللہ کی عطا ہی خوشی سی کہاو لیکن غنیمت کی واسطی جہگڑا نہ کرو اب مسئلہ حنفی کی نزدیک

یہی کہ اگر کافر پکڑی آوین اونکو مال لیکر چہوڑنا روا نہین نہ مفت چہوڑنا کہ پہر کافرون مین جا ملین

مگر وا ہی غلام کر رکہنا یا چہوڑ دینا کہ رعیت ہو کر ملک اسلام مین رہین اور شافعی کی پاس

روا ہی سورہ محمد مین فرمایا اِمَّا مَنًّۢا بَعۡدُ وَاِمَّا فِدَآءً يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ قُلۡ لِّمَنۡ فِىۡۤ

اَيۡدِيۡكُمۡ مِّنَ الۡاَسۡرٰٓى ۙ اِنۡ يَّعۡلَمِ اللّٰهُ فِىۡ قُلُوۡبِكُمۡ

خَيۡرًا يُّؤۡتِكُمۡ خَيۡرًا مِّمَّاۤ اُخِذَ مِنۡكُمۡ وَيَغۡفِرۡ لَـكُمۡ ؕ

وَاللّٰهُ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ۝ ای نبی کہہ دی اونکو جو تمہاری ہاتہہ مین ہین قیدی

اگر جانیگا اللہ تمہاری دلمین کچہہ نیکی تو دیگا تمکو بہتر اس سی جو تم سی چہن گیا اور تمکو بخشی گا

اور اللہ ہی بخشنی والا مہربان وَاِنۡ يُّرِيۡدُوۡا خِيَانَتَكَ فَقَدۡ خَانُوا اللّٰهَ

مِنۡ قَبۡلُ فَاَمۡكَنَ مِنۡهُمۡ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيۡمٌ حَكِيۡمٌ ۝

اور اگر چاہین گی تجہسی دغا کرنی سو دغا کر چکی ہین پہلی اللہ سی پہر اوسنی پکڑوا دی اور اللہ

سب جانتا ہی حکمت والا **ف** پہلی دغا کر چکی ہین اللہ سی یہی کفر اور انکار اوسکی حکم کا یا فرمایا ہو

ع ١٠

بعضی ہاشمیون کو کہ ابو طالب کے زندگی مین سب عہد کر کر متفق ہوئی تہی حضرت کی مدد پر اور اب
کافرون کی ساتہہ ہو کر آئی اور یہ وعدہ تحقیق ہوا اونہین جو مسلمان ہوئے حق تعالی نی بیشمار
دولت بخشی اور جو نہ ہوی وہ خراب ہو کر تباہ ہو گئی اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا
وَهَاجَرُوْا وَجَاهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ
فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْا اُولٰٓئِكَ
بَعْضُهُمْ اَوْلِیَآءُ بَعْضٍ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ
یُهَاجِرُوْا مَا لَكُمْ مِّنْ وَّلَایَتِهِمْ مِّنْ شَیْءٍ حَتّٰی
یُهَاجِرُوْا وَاِنِ اسْتَنْصَرُوْكُمْ فِی الدِّیْنِ
فَعَلَیْكُمُ النَّصْرُ اِلَّا عَلٰی قَوْمٍ بَیْنَكُمْ وَبَیْنَهُمْ
مِّیْثَاقٌ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ پہر لوگ ایمان لای اور گہر چہوڑ
اور لڑی اپنی مال اور جان سی اللہ کی راہ مین اور جن لوگون نی جگہ دی اور مدد کی وہ
ایک دوسرے کی رفیق ہین اور جو ایمان لای اور گہر نہین چہوڑا تمکو اونکی رفاقت سی
کچہ کام نہین جب تک گہر نہ چہوڑ آوین اور اگر تمسی مدد چاہین دین مین تو تمکو لازم ہی مدد کرنی
مگر مقابلہ مین اسیون کے جن مین اور تم مین عہد ہی اور اللہ جو کرتی ہو وہ دیکہتا ہی ف حضرت کی
اصحاب دو فرقے تہی مہاجر و انصار مہاجر گہر چہوڑنی والی اور انصار جگہ دینی والی اور مدد کرنی
والی یعنی جتنی مسلمان حضرت کی ساتہہ حاضر ہین اون سب کے صلح و جنگ ایک ہی ایک کا موافق سب کا
موافق ایک کا مخالف سب کا مخالف اور جو مسلمان اپنی ملک مین ہین جہان کافرون کا زور ہی اونکی
صلح و جنگ مین یہان والے شریک نہین اگر ان کا صلحی اون سی لڑی تو یہ مدد نہ کرین و اگر اونکی صلح پر
قابو پاوین تو دغا کبہو نہ کرین و اگر اجنبی اون پر ظلم کری اور مدد چاہین تو مدد کرنی وَالَّذِیْنَ

كَفَرُوا بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ إِلَّا تَفْعَلُوهُ تَكُنْ فِتْنَةٌ فِي الْأَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِيرٌ ۝ اور جو لوگ کافر ہین وہ ایک دوسری کے رفیق ہین اگر تم یون نہ کروگی تو دہوم مچی گی ملک مین اور بڑی خرابی ہوگی ف یعنی کافر آپسمین ایک ہین تمہاری دشمنی سی جہان پاوین کی ضعیف مسلمان اوسکو ستاوین گی سو تم مسلمانون کو سنا دو کہ ہماری پاس ہو اوسکا ذمہ ہمارا ہی اور جو اپنی گہر ہی وہ جسطرح جانی سمجھ لی وَالَّذِينَ آمَنُوا وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالَّذِينَ آوَوْا وَنَصَرُوا أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حَقًّا لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ۝ اور جو لوگ ایمان لای اور گہر چہوڑ آئی اور لڑی اللہ کی راہ مین اور جن لوگون نی جگہ دی اور مدد کی وہی ہین تحقیق مسلمان اونکو بخشش ہے اور روزی عزت کی ف یعنی دنیا مین بی اور آخرت مین بی سردار کے ساتھ والی مسلمان اعلی ہین گہر بیٹہنی والون سی آخرت مین انکو بخشش ہی زیادہ اور دنیا مین روزی باعزت یعنی غنیمت اونہی حق ان کا ہی وَالَّذِينَ آمَنُوا مِنْ بَعْدُ وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا مَعَكُمْ فَأُولَٰئِكَ مِنْكُمْ وَأُولُو الْأَرْحَامِ بَعْضُهُمْ أَوْلَىٰ بِبَعْضٍ فِي كِتَابِ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۝ اور جو ایمان لائی پیچہی اور گہر چہوڑ آئی اور لڑی تمہاری ساتھ ہو کر سو وہ بہی تمہی سے ہین اور ناتی والی آپسمین حق دار زیادہ ہین ایک دوسرے کی اللہ کی حکم مین تحقیق اللہ ہر چیز سے خبردار ہی ف یعنی مہاجرین مین جتنی ملتی جاوین سب شریک ہین اور ناتی والا اگرچہ پیچہی مسلمان ہوا ہے باہجرت کر آیا پہلی ناتی والی مسلمان مہاجر کا حق دار ہی یعنی میراث وہی لیگا اگرچہ رفاقت قدیم اورون سے

سورة التوبة مدنية وهي مائة وثلثون آية

یہ سورہ براۃ حضرت نی بیان نہین فرمایا کہ جدا سورہ ہی یا اور سورہ مین کی ایتین ہین سورہ کا نشان یہا
بسم نازل ہونی اسواسطے اس پر بسم اللہ نہین اور کسی سورہ مین داخل نہین بَرَاءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ
وَرَسُولِهِ إِلَى الَّذِينَ عَاهَدْتُمْ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝
جواب ہی اللہ کی طرف سی اور اوسکی رسول سی ان مشرکون کو جن سی تمکو عہد تہا
فَسِيحُوا فِي الْأَرْضِ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَاعْلَمُوا أَنَّكُمْ
غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ وَأَنَّ اللّٰهَ مُخْزِي الْكَافِرِينَ ۝
سو پہر لو اس ملک مین چار مہینی اور جان لو کہ تم نہ تہکا سکوگی اللہ کو اور یہہ کہ اللہ رسوا کرتا
منکرون کو وَأَذَانٌ مِنَ اللّٰهِ وَرَسُولِهِ إِلَى النَّاسِ يَوْمَ
الْحَجِّ الْأَكْبَرِ أَنَّ اللّٰهَ بَرِيءٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ وَرَسُولُهُ
فَإِنْ تُبْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ لَكُمْ وَإِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوا
أَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ وَبَشِّرِ الَّذِينَ كَفَرُوا
بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ۝ اور سنا دینا ہی اللہ کی طرف سی اور اوسکی رسول سی لوگون کو دن
بڑی حج کی کہ اللہ الگ ہی مشرکون سی اور اوسکا رسول سو اگر تم توبہ کرو تو تمکو بہلا ہی اور اگر
نہ مانو تو جان لو کہ تم نہ تہکا سکوگی اللہ کو اور خوشخبری دی منکرون کو دکہہ والی مار کی ف چہہ
برس حضرت کو مکی کی لوگون سی صلح ہوی تہی اوبہی کئی فرقون سی جو انا فتحنا مین بیان ہی اور
عرب کے بہت قومون سی صلح تہی جب مکہ فتح ہوا اوس سی بعد ایک برس حکم نازل ہوا کہ
کسی مشرک سی صلح نہ رکہو اور یہ بات حج کی دن یعنی عید قربان کو سب حج کی قافلی مین پکار دو کہ
سب کو خبر پہنچی اور صلح کا جواب دی کر چار مہینی فرصت دی کہ اس مین خواہ لڑائی کا سرانجام
کرین یا وطن چہوڑ جاوین یا مسلمان ہوون إِلَّا الَّذِينَ عَاهَدْتُمْ مِنَ الْمُشْرِكِينَ

ثُمَّ لَمْ يَنْقُصُوكُمْ شَيْئًا وَلَمْ يُظَاهِرُوا عَلَيْكُمْ أَحَدًا فَأَتِمُّوا إِلَيْهِمْ عَهْدَهُمْ إِلَى مُدَّتِهِمْ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِينَ • مگر جن مشرکون سی تمکو عہد تہا پہر کچہہ قصور نہ کیا تمہاری ساتہہ اور مدد نہ کی تمہاری مقابلی مین کسی کے سو اون سی پورا پہنچا و عہد اونکا اونکی وعدی تک اللہ کو خوش آتی ہین احتیاط والی فَإِذَا انْسَلَخَ الْأَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِينَ حَيْثُ وَجَدْتُمُوهُمْ وَخُذُوهُمْ وَاحْصُرُوهُمْ وَاقْعُدُوا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ فَإِنْ تَابُوا وَأَقَامُوا الصَّلَوٰةَ وَآتَوُا الزَّكَوٰةَ فَخَلُّوا سَبِيلَهُمْ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ • پہر جب گذر جاوین مہینی پناہ کی تو مارو مشرکون کو جہان پاو اور پکڑو اور گہیرو اور بیٹہو ہر جگہ اونکی تاک پر پہر اگر وہ توبہ کرین اور کہڑی رکہین نماز اور دیا کرین زکوۃ تو چہوڑ دو اونکی راہ اللہ ہی بخشتا مہربان ف جن سی وعدہ ٹہر گیا تہا اور دغا اون سی نہ دیکہی اونکی صلح قایم رہی اور جن سی وعدہ کچہہ نہ تہا اونکو فرصت ملی چار مہینی اور حضرت نی فرمایا دل کی خبر اللہ کو ہے ظاہر مین جو مسلمان ہو وہ سب کے برابر امان مین ہی اور ظاہر مسلمانی کی حد ٹہرائی ایمان لانا کفر سی توبہ اور نماز اور زکوۃ اسی واسطے جب شخص چہوڑ دی نماز یا زکوۃ پہر اوس سے امان اوٹہہ گئی حضرت صدیق نی زکوۃ کی منکرون کو برابر کافرون کے قتل فرمایا وَإِنْ أَحَدٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ اسْتَجَارَكَ فَأَجِرْهُ حَتَّى يَسْمَعَ كَلَامَ اللَّهِ ثُمَّ أَبْلِغْهُ مَأْمَنَهُ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَا يَعْلَمُونَ • اور اگر مشرک کوئی تجہسی پناہ مانگی تو اوسکو پناہ دی جب تک وہ سن لی کلام اللہ کا پہر پہنچا دی اوسکو جہان وہ نڈر ہو یہہ اس واسطے کہ وہ لوگ علم نہین رکہتے ف یعنی اتنی امان کا

ع ۲

مضایقہ نہین کہ کچھ پوچھا سنا چاہی وہ سن لے پہر لی جہان وہ نذر ہو وہان تک پہنچا دینا بعد اسکے سب کافرون کی برابر ہی كَيْفَ يَكُونُ لِلْمُشْرِكِينَ عَهْدٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ رَسُولِهٖٓ اِلَّا الَّذِينَ عَاهَدْتُّمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ فَمَا اسْتَقَامُوا لَكُمْ فَاسْتَقِيمُوا لَهُمْ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِينَ ۔ کیونکر رہو دی مشرکون کو عہد اللہ اور اوسکی رسول پاس مگر جن سی تمنی عہد کیا مسجد الحرام پاس سو جب تک وہ تمسی سیدہی رہین تم اون سی سیدہے رہو اللہ کو خوش آتی ہین احتیاط والے

ف صلح والی تین قسم فرمای ایک جن سی مدت نہین ٹہری اونکو جواب دیا مگر جو مکی کی صلح مین شامل تہی جب تک وہ دغا نہ کرین یہ ادب ہے مکی کا اور تیسرے جن سی مدت ٹہری وہ صلح قایم رہے لیکن آخر سب شرک عرب کے ایمان لائے

اونکو دکہہ کی مار ہی ف شیطان کا زور نہین ان پر مگر مشورہ دیتا ہی بُری وہ مان لینی

اپنا گناہ ہی وَأُدْخِلَ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ
جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا
بِإِذْنِ رَبِّهِمْ تَحِيَّتُهُمْ فِيهَا سَلَامٌ ۝ اور داخل کئی جو لوگ

ایمان لائی تہی اور کام کئی تہی نیک باغون مین بہتی ہین نیچی اونکی ندیان رہا کرین اونمین اپنی رب کی

حکم سی اونکی ملاقات ہی وہان سلام ف دنیا مین سلام دعا ہی سلامتی مانگنی وہان سلام کہنا

مبارکباد ہی سلامتی پر أَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا كَلِمَةً
طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ أَصْلُهَا ثَابِتٌ وَفَرْعُهَا فِي السَّمَاءِ

تُؤْتِیٓ اُکُلَهَا کُلَّ حِیْنٍۢ بِاِذْنِ رَبِّهَا ۗ وَیَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ

لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَتَذَکَّرُوْنَ ۝ تو نے نہ دیکھا کیسی بیان کی اللہ نے ایک مثال

ایک بات ستھری جیسے ایک درخت ستھرا اوسکی جڑ مضبوط ہے اور ٹہنی آسمان مین لاتا ہے پھل

اپنا ہر وقت پر اپنے رب کے حکم سے اور بیان کرتا ہے اللہ کہاوتین لوگون کو شاید وہ سوچ کرین

وَمَثَلُ کَلِمَةٍ خَبِیْثَةٍ کَشَجَرَةٍ خَبِیْثَةِ ۨاجْتُثَّتْ

مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ۝ اور مثال گندی بات کی جیسے درخت

گندا اکھاڑ لیا اوپر سے زمین کے کچھ نہین اوسکو ٹہراو ف مسلمانون کا دعوی درست ہے جسکی دلیل

صحیح ہے اور دل مین اثر رکھتا ہے اور روز بروز چڑھتا ہے اور کافرون کا دعوی جڑ نہین رکھتا تھوڑا دھیان

کرنے سے غلط معلوم ہونے لگے اور دل مین اوس سے کچھ نور نہین یُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِیْنَ

اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَفِی الْاٰخِرَةِ ۚ

وَیُضِلُّ اللّٰهُ الظّٰلِمِیْنَ ۙ وَیَفْعَلُ اللّٰهُ مَا یَشَآءُ ۝ مضبوط کرتا ہے

اللہ ایمان والون کو مضبوط بات سے دنیا مین اور آخرت مین اور بچلا دیتا ہے اللہ بے انصافونکو

اور کرتا ہے اللہ جو چاہے ف قبر مین جو کوئی مضبوط بات کہے گا ٹھکانا نیک پاویگا اور بچلی بات کہے گا

خراب ہوگا اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ کُفْرًا وَّاَحَلُّوْا

قَوْمَهُمْ دَارَ الْبَوَارِ ۝ جَهَنَّمَ ۚ یَصْلَوْنَهَا ۗ وَبِئْسَ الْقَرَارُ ۝

تو نے نہ دیکھے جنہون نے بدلا کیا اللہ کے احسان کا ناشکری اور اوتارا اپنی قوم کو تباہی کے گھر مین جو دوزخ

ہے بیٹھین گے اوسمین اور برا ٹھکانا ہے ف ملک کے سردار مراد ہین کہ غریبون کو گمراہ کیا

وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّیُضِلُّوْا عَنْ سَبِیْلِهٖ ۗ قُلْ تَمَتَّعُوْا

فَاِنَّ مَصِیْرَکُمْ اِلَی النَّارِ ۝ اور ٹھہرائے اللہ کے مقابل کہ بہکاوے لوگون کو

ع ۵

اوسکی راہ سی تو کبرت لو پہر تمکو پہر جانا ہی طرف اُسکی قُلْ لِّعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً

مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خِلٰلٌ • کہہ میرے

بندون کو جو یقین لای ہین قایم رکہین نماز اور خرچ کرین ہماری دی روزی مین سی چہپی اور کہلی پہلی اس سے

کہ آوی وہ دن جسمین نہ سودا ہے نہ دوستی ف یعنی نیک عمل بکتی نہین اور کوئی دوستی سی رعایت نہین کرتا

اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ

مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ وَسَخَّرَ لَكُمُ

الْفُلْكَ لِتَجْرِيَ فِي الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْاَنْهٰرَ •

اللہ وہ ہی جس نی بنای آسمان و زمین اور اُتارا اسمان سی پانی پہر اوس سی نکالی روزی

تمہاری میوی اور کام مین دی تمہاری کشتی کہ چلی دریا مین اوسکی حکم سی اور کام مین دین

تمہاری نہرین وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَآئِبَيْنِ وَسَخَّرَ

لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ • اور کام مین لگای تمہاری سورج اور چاند ایک دستور پر

اور کام مین لگای تمہاری رات اور دن وَاٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ وَاِنْ

تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ

كَفَّارٌ • اور دیا تمکو ہر چیز مین سی جو تمنی مانگی اور اگر گنو احسان اللہ کی نہ پوری

کر سکو بیشک آدمی بڑا بی انصاف ہی ناشکر وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ

هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِيْ وَبَنِيَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ •

اور جس وقت کہا ابراہیم نی ای رب کر اس شہر کو امن کا اور بچا مجکو اور میری اولاد کو اس سے

کہ ہم پوجین مورتین رَبِّ اِنَّهُنَّ اَضْلَلْنَ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ

ع ٦

فَمَنْ تَبِعَنِي فَإِنَّهُ مِنِّي وَمَنْ عَصَانِي فَإِنَّكَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ۝

اى رب انہون نى بہکایا بہت لوکون کو سو جو کوى میری راہ چلا سو وہ تو میرا ہى اور جس نے میرا کہا نہ مانا سو تو بخشنى والا مہربان ہے رَبَّنَا إِنِّي أَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِي بِوَادٍ غَيْرِ ذِي زَرْعٍ عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ رَبَّنَا لِيُقِيمُوا الصَّلَوٰةَ فَاجْعَلْ أَفْئِدَةً مِنَ النَّاسِ تَهْوِي إِلَيْهِمْ وَارْزُقْهُمْ مِنَ الثَّمَرَاتِ لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُونَ ۝ اى رب مین نى بسائى ہى ایک اولاد اپنى میدان مین جہان کہیتى نہین تیری ادب والى کہر پاس اى رب ہمارے تا قایم رکہین نماز سو رکہہ بعضى لوکون کى دل جہکتى ان کى طرف اور روزى دى انکو میوون سى شاید یہ شکر کرین ف حضرت ابراہیم کا کہر کا شام مین ایک حرم سى پیدا ہوى اسمعیل اونکو ساتہہ ماکى لاکر اس جنکل مین ہٹا کر جلى کئى جہان ہیجى شہر مکہ با اللہ تعالى نى چشمہ زمزم نکالا اس سبب سى وہان بستى بڑہى اور زمین لایق نہ تہى کہیتى کى نہ میوى کى اوسکى نزدیک زمین طایف سنوار دى کہ بہتر سى بہتر میوى وہان ہو دین اور شہر مکہ مین پہنچین رَبَّنَا إِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِي وَمَا نُعْلِنُ وَمَا يَخْفَىٰ عَلَى اللَّهِ مِنْ شَيْءٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ ۝ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي وَهَبَ لِي عَلَى الْكِبَرِ إِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ إِنَّ رَبِّي لَسَمِيعُ الدُّعَاءِ ۝ اى رب ہمارى تو تو جانتا ہى جو ہم چہپاوین اور جو کہولین اور چہپا نہین اللہ پر کچہہ زمین مین نہ آسمان مین شکر ہى اللہ کو جس نے بخشا مجکو بڑے عمر مین اسمعیل اور اسحق بیشک میرا رب سنتا ہى پکار ف ہم چہپاوین اور کہولین ظاہر مین دعا کى سب اولاد کى واسطى اور دل مین دعا منظور تہى پیغمبر آخر زمان کو رَبِّ اجْعَلْنِي مُقِيمَ الصَّلَوٰةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِي رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَاءِ ۝ اى رب میرے

کر مجکو کہ قایم رکہون نماز اور بعضی میری اولاد کو ای رب اور قبول کر میری دعا رَبَّنَا اغْفِرْ لِي

وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِينَ يَوْمَ يَقُومُ الْحِسَابُ ای رب ہمارے

بخش مجکو اور میرے ماباپ کو اور سب ایمان والون کو جس دن کہڑا ہووی حساب

وَلَا تَحْسَبَنَّ اللَّهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظَّالِمُونَ إِنَّمَا

يُؤَخِّرُهُمْ لِيَوْمٍ تَشْخَصُ فِيهِ الْأَبْصَارُ اور مت خیال کر کہ اللہ

بیخبر ہی ان کامون سی جو کرتی ہین بی انصاف ان کو تو چہوڑ رکہتا ہی اوس دن پر حسمین

اوپر لگ جاوین کی انکہین مُهْطِعِينَ مُقْنِعِي رُءُوسِهِمْ

لَا يَرْتَدُّ إِلَيْهِمْ طَرْفُهُمْ وَأَفْئِدَتُهُمْ هَوَاءٌ دوڑتی ہونگی

اوپر اوٹہای اپنی سر پہرتی نہین اپنی طرف اونکی انکہہ اور دل اونکی اڑ گئی ہین ف

قیامت کی دن آسمان کی دروازی کہل کر فرشتی لگین کی اُترنی اور لوگون کو پکڑ کر عذاب

کرنی اوس ہول سی سب کے انکہین اوپر لگ جاوین کی اور نیچی دیکہتی کی فرصت نہ ہو سکے

وَأَنْذِرِ النَّاسَ يَوْمَ يَأْتِيهِمُ الْعَذَابُ فَيَقُولُ الَّذِينَ

ظَلَمُوا رَبَّنَا أَخِّرْنَا إِلَىٰ أَجَلٍ قَرِيبٍ نُجِبْ دَعْوَتَكَ

وَنَتَّبِعِ الرُّسُلَ أَوَلَمْ تَكُونُوا أَقْسَمْتُمْ مِنْ قَبْلُ

مَا لَكُمْ مِنْ زَوَالٍ اور ڈرا دی لوگون کو اوس دن سی کہ اویگا اون کو

عذاب تب کہین کی بی انصاف ای رب ہمارے فرصت دی ہمکو تہوڑی مدت کہ ہم مانین

تیرا بلانا اور ساتہہ ہوون رسولون کی تم اگی قسم نہ کہاتی تہی کہ تم کو نہین کسیطرح ٹلنا

وَسَكَنْتُمْ فِي مَسَاكِنِ الَّذِينَ ظَلَمُوا أَنْفُسَهُمْ وَتَبَيَّنَ

لَكُمْ كَيْفَ فَعَلْنَا بِهِمْ وَضَرَبْنَا لَكُمُ الْأَمْثَالَ

اور بسی تھی تم بستیون مین اونھی کی جنھون نی ظلم کیا اپنی جان پر اور کھل چکا تمکو کہ کیسا کیا ھمنی اون سے

اور بتائین ھمنی تمکو کھاوتین وَقَدْ مَكَرُوا مَكْرَهُمْ وَعِنْدَ اللّٰهِ مَكْرُهُمْ

وَإِنْ كَانَ مَكْرُهُمْ لِتَزُولَ مِنْهُ الْجِبَالُ • اور یہ بنا چکی ہین اپنا داو اور

اللہ کی آگی ہی اُنکا داو اور نہ ہوگا ان کا داو کہ ٹل جاوین اوس سی پھاڑ ف مکی کی لوگون نی

کئی تدبیرین ٹھہرائی تھین حضرت کو سب مل کر قتل کرین یا قید کرین یا آپس سے نکال دین اوسی کو فرمایا ھے

فَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ مُخْلِفَ وَعْدِهِ رُسُلَهُ إِنَّ اللّٰهَ

عَزِيزٌ ذُو انْتِقَامٍ • سو مت خیال کر کہ اللہ خلاف کریگا اپنا وعدہ اپنی رسولون سے

بیشک اللہ زبردست ھی بدلا لینی والا يَوْمَ تُبَدَّلُ الْأَرْضُ غَيْرَ الْأَرْضِ

وَالسَّمٰوَاتُ وَبَرَزُوا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ • جس دن بدلی جاوی

اس زمین سی اور زمین اور آسمان اور لوگ نکل کھڑی ہون سامھنے اللہ اکیلی زبردست کے

وَتَرَى الْمُجْرِمِينَ يَوْمَئِذٍ مُقَرَّنِينَ فِي الْأَصْفَادِ • اور

دیکھی تو گنہ کار اوس دن جوڑی ہوی زنجیرون مین سَرَابِيلُهُمْ مِنْ قَطِرَانٍ

وَتَغْشَىٰ وُجُوهَهُمُ النَّارُ • کرتی اونکی ہین گندک کی اور ڈھانکی لیتی ہی ونکے

مونہ کو آگ لِيَجْزِيَ اللّٰهُ كُلَّ نَفْسٍ مَا كَسَبَتْ إِنَّ

اللّٰهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ • تا بدلا دی اللہ ہر جی کو اوسکی کمائی کا بیشک

اللہ شتاب کرنی والا ہی حساب هٰذَا بَلَاغٌ لِلنَّاسِ وَلِيُنْذَرُوا بِهِ

وَلِيَعْلَمُوا أَنَّمَا هُوَ إِلٰهٌ وَاحِدٌ وَلِيَذَّكَّرَ أُولُو الْأَلْبَابِ •

یہ خبر کر دینی ھی لوگون کو اور تا چونک رہین اس سی اور تا جانین کہ معبود وہی ایک ہی اور تا سوچ کرین

عقل والے

ع

سورة الحجر مكية وهي تسع وتسعون آية

ركوعها
٦

بسم الله الرحمن الرحيم

الر تلك ايات الكتب وقران مبين ۝ يه آيتين
هين كتاب كى اور كهلى قران كى ربما يود الذين كفروا لو كانوا
مسلمين ۝ كبهى وقت آرزو كرين كى يه لوگ جو منكر هين كسى طرح هوتى مسلمان ذرهم
ياكلوا ويتمتعوا ويلههم الامل فسوف يعلمون ۝
چهوڑ دى اونكو كهالين اور برت لين اور اميد پر بهولى رهين كه آگى معلوم كرين گى
وما اهلكنا من قرية الا ولها كتب معلوم ۝
اور كوئى بستى همنى نهين كهپائى مگر اوسكا لكها تها مقرر ما تسبق من امة اجلها
وما يستاخرون ۝ نه شتابى كرى كوى فرقه اپنى وعدى سى اور نه دير كرى
وقالوا يايها الذى نزل عليه الذكر انك لمجنون ۝
اور لوگ كهتى هين اى شخص كه تجهپر اوترى هى نصيحت تو مقرر ديوانه هى لوما تاتينا
بالملئكة ان كنت من الصدقين ۝ كيون نهين
ليا تا همارى پاس فرشتى اگر تو سچا هى ما ننزل الملئكة الا بالحق
وما كانوا اذا منظرين ۝ هم نهين اوتارتى فرشتى مگر كام ٹهراكر اور
اوسوقت نه ملى كى اونكو ڈهيل انا نحن نزلنا الذكر وانا له
لحفظون ۝ همنى آپ اوتارى هى يه نصيحت اور هم اسكى نگهبان هين ولقد
ارسلنا من قبلك فى شيع الاولين ۝ اور هم بهيج چكى
هين رسول تجهسى پهلى كئى فرقون مين اگلى وما ياتيهم من رسول الا
كانوا به يستهزءون ۝ اور نهين آتا اون پاس كوى رسول مگر كرتى رهى هين اوس سى هنسى

كَذٰلِكَ نَسْلُكُهٗ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ۙ اسیطرح پیٹھاتی ہین ہم اسکو دلمین گنہگارون کی لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَقَدْ خَلَتْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ ۙ

یقین نہ لاوین کی اوس پر اور ہو چکی ہی رسم پہلون کی ف یعنی قران کسی کی دلمین حق تعالی ایسی طرح سناتا ہی کہ ساتہہ اوسکی انکار چلا آوی نیک راہی اور گمراہی اوسی کی اختیار سے ہے

وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ فَظَلُّوْا فِيْهِ يَعْرُجُوْنَ ۙ

اور اگر ہم کہول دین ان پر دروازہ آسمان سی اور سارے دن اوسمین چڑھتی رہین لَقَالُوْٓا اِنَّمَا سُكِّرَتْ اَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ ۧ یہی کہین کہ ہماری نگاہ ہی بندکی ہی نہین ہم لوگون پر جادو ہوا ہے وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّزَيَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِيْنَ ۙ اور ہمنی بنای ہین آسمان مین برج اور رونق

دی اوسکو دیکہتون کی آگی ف حق تعالی بندون سی وہ خطاب کرتا ہی جو یہ سمجہین ان کی عرف مین آسمان مشرق سی مغرب تک اور مغرب سی مشرق تک بارہ پہانک ہے جیسی خربوزہ وہی بارہ برج ہین اور سورج برس دن مین سب طی کرتا ہی موسم گرمی و سردی اسی سی بدلتا ہی اور گرمی سی مینہ اتا ہی اور مینہ سی دنیا بستی ہی اور رونق آسمان کی ستاری ہین

وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ۙ اور بچار کہا اوسکو ہر شیطان مردود سے اِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ مُّبِيْنٌ ۙ

مگر جو چوری سی سن گیا سو اوسکی پیچہی پڑا انگارا چمکتا ف فرشتون کی شورہ سننی کو شیطان جا لگتی ہین آسمان کی قریب اوپر سی انگاری پڑتی ہین جو کوی کچہہ سن بہاگا اگر دنیا مین ظاہر کیا ایک سچ مین سو جہوٹہہ ملا کر وہ ایک بات سچ دیکہی لوگ یقین لای سو جہوٹہہ دیکہین تغافل کیا وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا

ع ۲

رَوَاسِيَ وَاَنْبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَّوْزُوْنٍ • اور زمین کو ہمنی پھیلایا

اور ڈالی اوس پر بوجھ اور اگائی اوسمین ہر چیز اندازی کی وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا

مَعَايِشَ وَمَنْ لَّسْتُمْ لَهٗ بِرٰزِقِيْنَ • اور بنا دین تمکو اوسمین

روزیان اور جنکو تم نہین روزی دیتی ف یعنی جانورون کی روزیان وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ

اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآئِنُهٗ وَمَا نُنَزِّلُهٗۤ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ •

اور ہر چیز کی ہم پاس خزانی ہین اور اُتارتی ہین ہم ٹہری ہوی اندازی پر وَاَرْسَلْنَا الرِّيٰحَ

لَوَاقِحَ فَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَسْقَيْنٰكُمُوْهُ وَمَآ

اَنْتُمْ لَهٗ بِخٰزِنِيْنَ • اور چلا دین ہمنی باوین رس بہری پھر اُتارا ہمنی آسمان

سی پانی پھر تمکو وہ پلایا اور تم نہین رکہتی اوسکا خزانہ ف یعنی اگلی برس کی واسطی دنیا کی

غبار اور بہاپ اوپر جمع رہتی ہین جب باو چلی بادل ہو گئی پانی کی بہری وَاِنَّا لَنَحْنُ

نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَنَحْنُ الْوٰرِثُوْنَ • اور ہم ہی ہین جلاتی اور مارتی

اور ہم ہی ہین پیچھی رہتی ف یعنی ہر کوئی مرجاتا ہی اور اوسکی کمائی اللہ کی ہاتھ مین رہتی ہے

وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنْكُمْ وَلَقَدْ عَلِمْنَا

الْمُسْتَاْخِرِيْنَ • اور ہمنی جان رکہا ہی جو آگی بڑہی ہین تم مین اور جان رہی ہین

پچھاڑی والی وَاِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَحْشُرُهُمْ اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ •

اور تیرا رب وہی گہیر لاوی گا اون کو بیشک وہی ہی حکمتون والا خبردار وَلَقَدْ

خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ •

اور بنایا ہمنی آدمی کہنکہناتی سنتی گارہی سی ف مٹی پانی مین ترکی اور خمیر اوٹہایا

کہ کہن کہن بولنی لگی وہی بدن ہوا انسان کا اوسکی خاصیتین اسمین رہ گئین سختی اور بوجہ

ع ۲

اسیطرح گرم باو کی خاصیت رہی جن کی پیدایش وَالْجَآنَّ خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ
مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ ۞ اور جان کو بنایا ہمنی اس سی پہلی لُوں کی آگ سی ف یعنی
لطیف آگ ہوا ملی ہوی ابلیس بہی اوسی قسم مین ہی وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ
اِنِّيْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ۞ اور جب
کہا تیری رب نی فرشتون کو مین بناون کا ایک بشر کہنکہناتی سنی گاری سی ف بشر وہ
جو بدن رکہی کہ ہاتہ سی پکڑا جاوی اور روح رکہی ہوشیار اگلی مخلوقات یا حیوان تہی جنکو ہوش
نہین یا فرشتی جن تہی جنکا بدن نہ پکڑا جاوی فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ
مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ۞ پہر جب ٹہیک کرون اوسکو
اور پہونک دون اوسمین اپنی جان سی تو گر پڑیو اوسکی سجدی مین ف اپنی جان یعنی خاص
جسمین نمونہ ہی اللہ کی صفات کا علم اور تدبیر اور یاد حق کی اور لگاو اللہ سے فَسَجَدَ
الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ۞ اِلَّآ اِبْلِيْسَ اَبٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ
مَعَ السّٰجِدِيْنَ ۞ تب سجدہ کیا اون فرشتون نی ساری اکٹہی مگر ابلیس نے
نمانا کہ ساتہ ہو سجدہ کرنی والون کی قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا لَكَ اَلَّا تَكُوْنَ
مَعَ السّٰجِدِيْنَ ۞ فرمایا ای ابلیس کیا ہوا تجکو کہ نہ ساتہ ہوا سجدی والون کے
قَالَ لَمْ اَكُنْ لِّاَسْجُدَ لِبَشَرٍ خَلَقْتَهٗ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ
مَّسْنُوْنٍ ۞ بولا مین وہ نہین کہ سجدہ کرون ایک بشر کو کہ تو نی بنایا کہنکہناتی سنی گاری سے
قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ۞ فرمایا تو تو نکل یہان سی تجہ پر پہٹکار ہے
ف شاید یہی مراد ہو کہ انگاری پہنکی ہن اور نکالا زمین سی کہ انسان بسین وَّاِنَّ عَلَيْكَ
اللَّعْنَةَ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ۞ اور تجہ پر پہٹکار ہی انصاف کے دن تک قَالَ

رَبِّ فَأَنْظِرْنِي إِلَى يَوْمِ يُبْعَثُونَ • بولا اے رب تو مجکو ڈہیل دے اوس دن تک
کہ مردے جیویں قَالَ فَإِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِينَ إِلَى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُومِ •
فرمایا تو تجکو ڈہیل ہے اوسی ٹہرے وقت کے دن تک قَالَ رَبِّ بِمَا أَغْوَيْتَنِي
لَأُزَيِّنَنَّ لَهُمْ فِي الْأَرْضِ وَلَأُغْوِيَنَّهُمْ أَجْمَعِينَ إِلَّا
عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِينَ • بولا اے رب جیسا تو نے مجکو راہ سے
کہویا مین انکو بہارین دکہاؤن کا زمین مین اور راہ سے کہودونکا ان سب کو مگر جو تیرے چنے
بندے ہین قَالَ هَذَا صِرَاطٌ عَلَيَّ مُسْتَقِيمٌ • فرمایا یہ راہ ہے مجہ تک سیدھے
یعنی بندگی اللہ کی سیدہی راہ ہے اور اون پر شیطان قابو نہین رکہتا إِنَّ عِبَادِي
لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطَانٌ إِلَّا مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْغَاوِينَ •
جو میرے بندے ہین تجکو اون پر کچہہ زور نہین مگر جو تیری راہ چلا خراب لوگون مین وَإِنَّ
جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ أَجْمَعِينَ • اور دوزخ پر وعدہ ہے اون سب کا
لَهَا سَبْعَةُ أَبْوَابٍ لِكُلِّ بَابٍ مِنْهُمْ جُزْءٌ مَقْسُومٌ •
اوسکے سات دروازے ہین ہر دروازے کو اونمین ایک فرقہ بٹ رہا ہے ف جیسے بہشت کے
آٹہہ دروازے ہین نیک عمل والون پر بانٹے ہوے ویسے دوزخ کے سات دروازے بد عمل والون پر
بانٹے ہوے شاید بہشت کا ایک دروازہ زیادہ وہ ہے کہ بعضے لوگ نرے فضل سے جاوینگے بغیر عمل یا
عمل مین دروازے برابر ہین إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ •
جو پرہیزگار ہین باغون مین ہین اور ندیون مین ادْخُلُوهَا بِسَلَامٍ آمِنِينَ •
جاؤ اوسمین سلامتی سے خاطر جمع سے ف سلامتی سے یعنی کسی طرح کی بے آرامی نہین یا سلام
علیک سے کہ فرشتے ان سے کہین گے وَنَزَعْنَا مَا فِي صُدُورِهِمْ

ع ۴

مِنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ۝ اور نکال ڈالی ہمنی جو اونکی جیوین تہی خفگی بہای ہوکئی تختون پر بیٹہی سامہنی ف یعنی دنیامین جو کچہہ آپسمین خفگی تہی جی صاف ہوکئی اسسی معلوم ہوا کہ کبہی دو آدمیون مین خفگی رہی ہی اور دونو بہشتی ہین جیسی حضرت کی اصحاب لَا يَمَسُّهُمْ فِيْهَا نَصَبٌ وَّمَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ۝ نہ پہنچی کی اونکو وہان کچہہ تکلیف اور نہ اونکو وہان سی کوئی نکالی نَبِّئْ عِبَادِيْٓ اَنِّيْٓ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ۝ خبر سنادی میری بندون کو کہ مین ہون اصل بخشنی والا مہربان وَاَنَّ عَذَابِيْ هُوَ الْعَذَابُ الْاَلِيْمُ۝ اور یہ بی کہ میری مار وہی دکہہ کی مار ہی ف اکلا قصہ فرمایا کہ ایک بار فرشتی اُتاری ایک جا خوشخبری دیتی اور ایک پر پتہر برساتی تا معلوم ہو کہ اوسکی دونو صفتین پوری ہین بندی نہ دلیر ہون نہ آس توڑین وَنَبِّئْهُمْ عَنْ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ۝ اور احوال سنا اونکو ابراہیم کی مہمانون کا اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا قَالَ اِنَّا مِنْكُمْ وَجِلُوْنَ۝ جب چلی آئی اوسکی گہر مین اور بولی سلام وہ بولا ہمکو تمسی ڈر آتا ہی ف ظاہر کچہہ سبب نہ تہا ڈر کا پر اون کی ساتہہ جو حکم تہا عذاب کا حضرت ابراہیم کی دل پر اوسکا اثر پڑا دل کی صفائی سی یہ ہوتا ہی قَالُوْا لَا تَوْجَلْ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ۝ بولی ڈر مت ہم تجکو خوشی سناتی ہین ایک ہشیار لڑکی کی قَالَ اَبَشَّرْتُمُوْنِيْ عَلٰٓى اَنْ مَّسَّنِيَ الْكِبَرُ فَبِمَ تُبَشِّرُوْنَ۝ بولا تم خوشی سناتی ہو مجکو جب پہنچ چکا مجکو بوڑہاپا اب کاہی پر خوشی سناتی ہو ف معلوم ہوا کہ کامل بی ظاہر اسباب پر بولتی ہین قَالُوْا بَشَّرْنٰكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْقٰنِطِيْنَ۝ بولی ہمنی تجکو خوشی سنائی تحقیق سو مت ہو تو نا امیدون مین قَالَ وَمَنْ يَّقْنَطُ

مِن رَّحْمَةِ رَبِّهِ إِلَّا الضَّالُّونَ • بولا اور کون آس توڑی اپنی رب کے مہر سے
مگر جو راہ بہولی ہین ف عذاب سی نڈر ہونا اور فضل سی ناامیدی دونو کفر کی باتین ہین یعنی آگی کے
خبر اللہ کو ہی ایک بات پر دعوی کرنا یقین کر یہی کفر کی بات ہی لیکن دل کی خیال پر پکڑ نہین جب موت سے
دعوی کری تب گناہ آتا ہی قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ أَيُّهَا الْمُرْسَلُونَ • بولا پہر کیا
مہم ہی تمہاری ای اللہ کی بہیجو قَالُوا إِنَّا أُرْسِلْنَا إِلَىٰ قَوْمٍ مُّجْرِمِينَ •
بولی ہم بہیجی آئی ہین ایک قوم گنہ گار پر إِلَّا آلَ لُوطٍ إِنَّا لَمُنَجُّوهُمْ أَجْمَعِينَ •
مگر لوط کی گہر والی ہم اونکو بچالین کی سب کو إِلَّا امْرَأَتَهُ قَدَّرْنَا إِنَّهَا لَمِنَ
الْغَابِرِينَ • ایک اوسکی عورت ہمنی ٹہرالیا وہ ہی رہ جانی والون مین ف وہ عورت
دل سی منافق تہی لیکن حقتعالی بغیر تقصیر ظاہر کی عذاب نہین کرتا ایک حکم ایسا بہیجا کہ اوس سے
نہ ہوگا وہ یہ کہ مونہ پہیر کر نہ دیکہو پہر اوس گناہ پر عذاب مین پکڑا فَلَمَّا جَاءَ آلَ لُوطٍ
الْمُرْسَلُونَ • پہر جب پہنچی لوط کی گہر وہ بہیجی ہوی قَالَ إِنَّكُمْ قَوْمٌ مُّنكَرُونَ
بولا تم لوگ ہو کی اوپری قَالُوا بَلْ جِئْنَاكَ بِمَا كَانُوا فِيهِ يَمْتَرُونَ •
بولی نہین پر ہم لای ہین تجہ پاس جسمین وہ جہگڑتی تہی ف یعنی ہم اوپری آدمی نہین فرشتی
ہین قوم پر عذاب لائی ہین وَآتَيْنَاكَ بِالْحَقِّ وَإِنَّا لَصَادِقُونَ •
اور ہم لائی ہین تجہ پاس مقرر بات اور ہم سچ کہتی ہین فَأَسْرِ بِأَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ
اللَّيْلِ وَاتَّبِعْ أَدْبَارَهُمْ وَلَا يَلْتَفِتْ مِنكُمْ أَحَدٌ وَامْضُوا
حَيْثُ تُؤْمَرُونَ • سو لی نکل اپنی گہر کو رات رہی سی اور آپ چل اونکی پیچہی اور موڑ کر
نہ دیکہی تم مین کوی اور چلی جاو جہان تم کو حکم ہی وَقَضَيْنَا إِلَيْهِ ذَٰلِكَ الْأَمْرَ
أَنَّ دَابِرَ هَٰؤُلَاءِ مَقْطُوعٌ مُّصْبِحِينَ • اور چکا دیا ہمنی اوسکو وہ کام کہ

ع ٥

انکی جڑ کٹنی ہی صبح ہوتی وَجَاۗءَ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ يَسْتَبْشِرُوْنَ ۝
اور آئی شہر کی لوگ خوشیان کرتی قَالَ اِنَّ هٰٓؤُلَاۗءِ ضَيْفِيْ فَلَا
تَفْضَحُوْنِ ۝ بولا یہ لوگ میری مہمان ہین سو مجکو رسوا مت کرو وَاتَّقُوا اللّٰهَ
وَلَا تُخْزُوْنِ ۝ اور ڈرو اللہ سی اور میری آبرو مت کہوؤ قَالُوْٓا اَوَلَمْ
نَنْهَكَ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ۝ بولی ہمنی تجکو منع نہین کیا جہان کی حمایت سی
قَالَ هٰٓؤُلَاۗءِ بَنٰتِيْٓ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ۝ بولا یہ حاضر ہین میری
بیٹیان اگر تمکو کرنا ہی لَعَمْرُكَ اِنَّهُمْ لَفِيْ سَكْرَتِهِمْ
يَعْمَهُوْنَ ۝ قسم ہی تیری جان کی وہ اپنی مستی مین مدہوش ہین ف یہہ اللہ تعالی
حضرت کو فرماتا ہی قسم تیری جان کی وہ قوم لوط اپنی مستی مین اونکی بات نہین سنتی
فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُشْرِقِيْنَ ۝ پہر پکڑا اونکو چنگہاڑنی سورج نکلتی
فَجَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ
سِجِّيْلٍ ۝ پہر کر ڈالی ہمنی وہ بستی اوپر تلی اور برسای اون پر پتہر کہنکہر کی اِنَّ فِيْ
ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ ۝ اسمین البتہ نشانیان ہین اٹکل والون کو
وَاِنَّهَا لَبِسَبِيْلٍ مُّقِيْمٍ ۝ اور وہ بستی ہی سیدہی راہ پر اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ
لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ البتہ اسمین نشانی ہی یقین کرنی والون کو ف مکی سی
شام کو جاتی ہوئی وہ بستی راہ پر نظر آتی تہی وَاِنْ كَانَ اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ
لَظٰلِمِيْنَ ۝ اور تحقیق تہی بن کی رہنی والی گنہ گار فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ وَاِنَّهُمَا
لَبِاِمَامٍ مُّبِيْنٍ ۝ سو ہمنی اون سی بدلا لیا اور یہ دونو شہر راہ پر ہین نظر آتی
ف بن کی رہنی والی یعنی قوم شعیب شہر مدین مین رہتی تہی اور پاس اوس شہر کی درختونکا

ع ٦

بن تہا وہاں بی رہتی تہی وَلَقَدْ كَذَّبَ أَصْحٰبُ الْحِجْرِ الْمُرْسَلِيْنَ •

اور تحقیق جہوٹہلایا حجر والون نی رسولون کو ف حجر والی ثمود کو فرمایا ادن کی ملک کا نام حجر تہا وَ

اٰتَيْنٰهُمْ اٰيٰتِنَا فَكَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ • اور دین ہمنی اونکو اپنی

نشانیان سو رہی اونکو ٹلاتی وَكَانُوْا يَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا اٰمِنِيْنَ •

اور تہی تراشتی پہاڑون کی گہر خاطر جمع سی فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ

مُصْبِحِيْنَ • پہر پکڑا اونکو چنگہاڑنی صبح ہوتی فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ

مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ • پہر کام نہ آیا اونکو جو کماتی تہی وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ

وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاِنَّ السَّاعَةَ

لَاٰتِيَةٌ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ • اور ہمنی بنای نہین آسمان و زمین اور

جو انکی بیچ ہی بغیر تدبیر اور قیامت مقرر آنی ہی سو کنارہ پکڑ اچہی طرح کنارہ ف پہلی اتنون کا احوال

سنا کر فرمایا کہ یہ جہان خالی نہین پڑا سر بر ایک مدبر ہی ہر چیز کا تدارک کرنی والا پورا تدارک آخر کو قیامت ہے

اور کنارہ پکڑنی کو فرمایا جب حکم پہنچا چکی اور کافر ضد پر آئی تب حکم ہوا کہ جہگڑنی کا فائدہ نہین وعدی کے

راہ دیکہو اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ • تیرا رب جو ہی وہی ہی بنانے

والا خبردار وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ

الْعَظِيْمَ • اور ہمنی تجکو دین سات آیتن وظیفہ اور قران بڑی درجی کا ف یعنی یہ نعمت

بڑی دیکہہ اور کافرون کی ضد سی خفہ نہو سات آیتن وظیفہ کہا سورہ فاتحہ کو اور بڑا قران ہی اسی کو کہا

ہر سورہ قرآن ہی یہ سب سی بڑا ہی درجی مین رسول نی فرمایا جسکو اللہ نی قرآن دیا ہو پہر کسی کی اور نعمت

دیکہہ کر ہوس کری اوسنی قران کی قدر نہ جانی لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖ

اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَاخْفِضْ جَنَاحَ

ربع

لِلْمُؤْمِنِیْنَ ۝ مت پسار اپنی انکہین اون چیزون پر جو برتنی کو دین ہمنی اونکو کیئی طرح کے
لوگون کو اور نہ غم کہا اون پر اور جہکا اپنی بازو ایمان والون کی واسطی وَقُلْ اِنِّیْٓ اَنَا
النَّذِیْرُ الْمُبِیْنُ ۝ اور کہہ کہ مین وہی ہون ڈرانی والا کہول کر ف یعنی تیرا کام دل
پہیر دینا نہین یہ خدا سی ہوسکتا ہی جو کوئی ایمان نہ لاوی تو غم نہ کہا كَمَآ اَنْزَلْنَا
عَلَی الْمُقْتَسِمِیْنَ ۝ الَّذِیْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِیْنَ ۝
جیسا ہمنی بہیجا ہی ان بانٹنی کرنی والون پر جنہون نی کیا ہی قران کو بوٹیان فَوَرَبِّكَ
لَنَسْئَلَنَّهُمْ اَجْمَعِیْنَ ۝ عَمَّا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ۝ سو قسم ہی تیری رب کے
ہمکو پوچہنا ہی اون سب سی جو کام کرتی تہی ف کافر سنتی تہی سورتون کی نام تو ٹہٹہی سی آپسمین
بانٹتی کوئی کہتا مین بقرہ لون کا یا مائدہ تجکو عنکبوت دون کا فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ
وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِیْنَ ۝ سو کہول کر سنا دی جو تجکو حکم ہوا
اور دہیان نہ کر شریک والون کا اِنَّا كَفَیْنٰكَ الْمُسْتَهْزِءِیْنَ ۝
الَّذِیْنَ یَجْعَلُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَسَوْفَ یَعْلَمُوْنَ ۝
ہم بس ہین تیری طرف سی ٹہٹہی کرنی والون کو جو ٹہراتی ہین اللہ کی ساتہہ اور کسی کی بندگی سو آگی
معلوم کرین گی وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ یَضِیْقُ صَدْرُكَ بِمَا
یَقُوْلُوْنَ ۝ اور ہم جانتی ہین کہ تیرا جی رکتا ہی اونکی باتون سی فَسَبِّحْ بِحَمْدِ
رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِیْنَ ۝ سو تو یاد کر خوبیان اپنی
رب کے اور رہ سجدہ کرنی والون مین وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰی یَاْتِیَكَ الْیَقِیْنُ ۝
اور بندگی کر اپنی رب کی جب تک پہنچی تجکو یقین ف یعنی موت کہ بیشک ہی

سورة النحل مكية مائة وثمان وعشرون آية

ع

رکوعہا
۱۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَتٰۤى اَمْرُ اللّٰهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى
عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ پہنچا حکم اللہ کا سو اوسکی شتابی مت کرو وہ پاک ہی اور
اوپر ہی ان کی شریک بتاتی سی يُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ بِالرُّوْحِ مِنْ
اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖۤ اَنْ اَنْذِرُوْۤا اَنَّهٗ
لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنَا فَاتَّقُوْنِ ۝ اوتارتا ہی فرشتی بہید لیکر اپنی حکم سی جسپر
چاہی اپنی بندونمین کہ خبر پہنچا دو کہ کسی کی بندگی نہین سوای میری سو مجہسی ڈرو
خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝
بنای آسمان و زمین ٹہیک وہ اوپر ہی انکی شریک بتانی سی خَلَقَ الْاِنْسَانَ
مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ۝ بنایا آدمی ایک بوند سی پہر
تب ہی ہو گیا جہگڑتا بولتا وَالْاَنْعَامَ خَلَقَهَا ۚ لَكُمْ فِيْهَا دِفْءٌ
وَّمَنَافِعُ وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝ اور چوپای بنا دی تمکو اونمین جڑاول ہی
اور کتنی فائدی اور بعضون کو کہاتی ہو وَلَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ حِيْنَ تُرِيْحُوْنَ
وَحِيْنَ تَسْرَحُوْنَ ۝ اور تمکو اون سی رونق ہی جب شام کو پہر لاتی ہو اور جب
چراتی ہو وَتَحْمِلُ اَثْقَالَكُمْ اِلٰى بَلَدٍ لَّمْ تَكُوْنُوْا بٰلِغِيْهِ
اِلَّا بِشِقِّ الْاَنْفُسِ ؕ اِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ اور اوٹہاتی چلتی
ہین بوجہ تمہاری اون شہرون تک کہ تم نہ پہنچتی وہان مگر جان توڑکر بیشک تمہارا رب بڑا شفقت
والا مہربان ہی وَّالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ لِتَرْكَبُوْهَا وَزِيْنَةً ؕ
وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ اور گہوڑی بنای اور خچرین اور گدہی کہ ان پر

سوار ہوا ور رونق اور بناتا ہی جو تم نہین جانتی وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيلِ

وَمِنْهَا جَائِرٌ وَلَوْ شَاءَ لَهَدٰىكُمْ أَجْمَعِينَ • اور اللہ پر پہنچتی

ہی سیدہی راہ اور کوی راہ کج بہی ہی اور وہ چاہی تو راہ دی تم سب کو ف یعنی اوسکی قدرتین

دیکھہ کر صاف معلوم ہوتی ہین اوسکی خوبیان اور جسکی عقل سیدہی نہین وہ بہکتا ہے

هُوَ الَّذِيٓ أَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً لَكُمْ مِنْهُ شَرَابٌ

وَمِنْهُ شَجَرٌ فِيهِ تُسِيمُونَ • وہی ہی جسنی اوتارا آسمان سی پانی

تمہارا اوس سی پیناہی اور اوس سے درخت ہین جن مین چراتی ہو يُنْبِتُ لَكُمْ

بِهِ الزَّرْعَ وَالزَّيْتُونَ وَالنَّخِيلَ وَالْأَعْنَابَ وَمِنْ

كُلِّ الثَّمَرَاتِ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيَةً لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ •

اوگاتا ہی تمہاری واسطی اوس سی کہیتی اور زیتون اور کہجورین اور انگور اور ہر قسم کی میوی

اسمین نشانی ہی اون لوگون کو جو دہیان کرتی ہین وَسَخَّرَ لَكُمُ اللَّيْلَ

وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُومُ مُسَخَّرَاتٌ

بِأَمْرِهِ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيٰتٍ لِقَوْمٍ يَعْقِلُونَ •

اور کام لگای تمہاری رات اور دن اور سورج اور چاند اور تاری کام مین لگی ہین اوسکی حکم سی

اسمین نشانیان ہین اون لوگون کو جو بوجہ رکہتی ہین ف چار چیزون سی بندون کے

کام لگ رہی ہین صریح لیکن اور ستارون سی کچہہ ظاہر مین ان کو کام نہین اوسکو جدا فرمایا

وَمَا ذَرَأَ لَكُمْ فِي الْأَرْضِ مُخْتَلِفًا أَلْوَانُهُ إِنَّ فِي

ذٰلِكَ لَآيَةً لِقَوْمٍ يَذَّكَّرُونَ • اور جو بکہرا ہی تمہاری واسطے

زمین مین کئی رنگ کا اسمین نشانی ہی اون لوگون کو جو سوجہتی ہین ف شاید اس سی مراد جانور ہین

ع ۲

وَهُوَ الَّذِي سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَأْكُلُوا مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا وَتَسْتَخْرِجُوا

مِنْهُ حِلْيَةً تَلْبَسُونَهَا وَتَرَى الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيهِ

وَلِتَبْتَغُوا مِنْ فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ • اور

وہی ہی جسنی کام لگایا دریا کہ کہاوا اوسمین سی گوشت تازہ اور نکالو اوس سی گہنہ جو پہنتی ہو

اور دیکہی تو کشتیان بہاڑتی چلتی اوسمین اور اس واسطی کہ تلاش کرو اوسکی فضل سے

اور شاید احسان مانو ف تلاش کرو اوسکی فضل سی یعنی روزی کما و سوداگری سی دریامین

وَأَلْقَى فِي الْأَرْضِ رَوَاسِيَ أَنْ تَمِيدَ بِكُمْ وَأَنْهَارًا وَسُبُلًا

لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ • اور ڈالی زمین مین بوجہ کہ کبہی جہک پڑی تم کو

لیکر اور ندیان بنائین اور راہین شاید تم راہ پاو ف یعنی ایک ملک سی دوسری ملک جاسکو

وَعَلَامَاتٍ وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُونَ • اور بنائے

پتی اور تارے سی لوگ راہ پاتی ہین ف یعنی راہ مین پتی رکہی کہ بہول نجاوین أَفَمَنْ

يَخْلُقُ كَمَنْ لَا يَخْلُقُ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ • بہلا جو پیدا

کری برابر ہی اوسکی جو کچہہ نہ پیدا کری کیا تم سوچ نہین کرتی وَإِنْ تَعُدُّوا نِعْمَةَ

اللَّهِ لَا تُحْصُوهَا إِنَّ اللَّهَ لَغَفُورٌ رَحِيمٌ • اور اگر گنو نعمتین اللہ کے

نہ پورا کرسکو او نکو بیشک اللہ بخشنی والا مہربان ہے وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا تُسِرُّونَ

وَمَا تُعْلِنُونَ • اور اللہ جانتا ہی جو چہپاتی ہو اور جو کہولتی ہو ف شاید اس جاگہ یہ بات

اس پر فرمائی کہ بعضی شخص بات مین لاجواب ہوتی ہین پر دل مین بات نہین بیٹہتی سو خدا دل پر

نگاہ رکہتا ہی وَالَّذِينَ يَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ لَا يَخْلُقُونَ شَيْئًا

وَهُمْ يُخْلَقُونَ • اور جن کو پکارتی ہین اللہ کی سوای کچہہ پیدا نہین کرتی اور آپ

ع۳

پیدا ہوتی ہین أَمْوَاتٌ غَيْرُ أَحْيَاءٍ وَمَا يَشْعُرُونَ أَيَّانَ
يُبْعَثُونَ • مردی ہین جن مین جی نہین اور خبر نہین رکہتی کب اوٹہا[illegible]ین گے
ف شاید یہ اونکو فرمایا جو مری بزرگون کو پوجتی ہین إِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ فَالَّذِينَ
لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ قُلُوبُهُمْ مُنْكِرَةٌ وَهُمْ مُسْتَكْبِرُونَ •
معبود تمہارا معبود ہی اکیلا سو جو یقین نہین رکہتی پچہلی زندگی اونکی دل نہین مانتی اور وہ مغرور ہین
لَا جَرَمَ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ •
ٹہیک بات ہی کہ اللہ جانتا ہی جو چہپاتی ہین اور جو جتاتی ہین إِنَّهُ لَا يُحِبُّ
الْمُسْتَكْبِرِينَ • بیشک وہ نہین چاہتا غرور کرنی والون کو وَإِذَا قِيلَ
لَهُمْ مَاذَا أَنْزَلَ رَبُّكُمْ قَالُوا أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ •
اور جب کہی اونکو کیا اوتارا ہی تمہاری رب نے کہین نقلین ہین پہلون کی لِيَحْمِلُوا أَوْزَارَهُمْ
كَامِلَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَمِنْ أَوْزَارِ الَّذِينَ يُضِلُّونَهُمْ
بِغَيْرِ عِلْمٍ أَلَا سَاءَ مَا يَزِرُونَ • کہ اوٹہاوین بوجہ اپنی پوری دن قیامت کے

ع۴

اور کچہہ بوجہ اونکی جنکو بہکاتی ہین بی تحقیق سنتا ہی برا بوجہ ہی جو اوٹہاتی ہین قَدْ مَكَرَ
الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَأَتَى اللَّهُ بُنْيَانَهُمْ مِنَ الْقَوَاعِدِ فَخَرَّ
عَلَيْهِمُ السَّقْفُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَأَتَاهُمُ الْعَذَابُ
مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُونَ دغابازی کر چکی ہین ان سی اگلی پہر پہنچا اللہ اونکی چنائی پر
نیو سی پہر گر پڑی اوپر چہت اوپر سی اور آیا اون پر عذاب جہان سی خبر نہ رکہتی تہی
ف چنائی پر پہنچا نیو سی اور چہت گر پڑی یعنی اونکی فریب اور دغا اونکہار ماری ثُمَّ
يَوْمَ الْقِيَامَةِ يُخْزِيهِمْ وَيَقُولُ أَيْنَ شُرَكَائِيَ الَّذِينَ

كُنتُمْ تُشَاقُّونَ فِيهِمْ قَالَ الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ
إِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ وَالسُّوءَ عَلَى الْكَافِرِينَ ۝
پہر دن قیامت کی رسوا کریگا اونکو اور کہیگا کہاں ہین میری شریک جن پر تم ضد کرتی تہی بولین کے
جن کو خبر ملی تہی بیشک رسوائی آج کی دن اور برائی منکرون پر ہی الَّذِينَ تَتَوَفَّاهُمُ
الْمَلَائِكَةُ ظَالِمِي أَنفُسِهِمْ فَأَلْقَوُا السَّلَمَ مَا كُنَّا نَعْمَلُ
مِن سُوءٍ بَلَىٰ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۝
جنکی جان لیتی ہین فرشتی اور وہ برا کر رہی ہین اپنی حق مین تب آ گرین کی اطاعت سی
کہ ہم تو کرتی نہ تہی کچہ برائی کیون نہین اللہ خوب جانتا ہی جو تم کرتی تہی فَادْخُلُوا
أَبْوَابَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا فَلَبِئْسَ مَثْوَى
الْمُتَكَبِّرِينَ ۝ سو پیٹہو دروازون مین دوزخ کی رہا کرو اوسمین سو کیا برا ٹہکانا ہے
غرور کرنی والون کا وَقِيلَ لِلَّذِينَ اتَّقَوْا مَاذَا أَنزَلَ رَبُّكُمْ
قَالُوا خَيْرًا لِّلَّذِينَ أَحْسَنُوا فِي هَٰذِهِ الدُّنْيَا
حَسَنَةٌ وَلَدَارُ الْآخِرَةِ خَيْرٌ وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِينَ ۝
اور کہا پرہیزگارون کو کیا اوتارا تمہاری رب نی بولی نیک بات جنہون نی بہلائی کی اس دنیا مین
اونکو بہلائی ہی اور پچہلا گہر بہتر ہی اور کیا خوب گہر ہی پرہیزگارون کا جَنَّاتُ عَدْنٍ
يَدْخُلُونَهَا تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ لَهُمْ فِيهَا
مَا يَشَاءُونَ كَذَٰلِكَ يَجْزِي اللَّهُ الْمُتَّقِينَ ۝ باغ ہین
رہنی کی جن مین وہ جاوین کی بہتی اونکی نیچی نہرین اونکو وہان ہی جو چاہین اسا بدلا دیگا اللہ پرہیز
کارون کو الَّذِينَ تَتَوَفَّاهُمُ الْمَلَائِكَةُ طَيِّبِينَ يَقُولُونَ

سَلَامٌ عَلَيْكُمُ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ • جن کی جان لیتی ہین فرشتی اور وہ ستہری ہین اونکو کہتی ہین سلامتی ہی تم پر جاو بہشت مین بدلا اوسکا جو تم کرتی تہی هَلْ يَنْظُرُونَ إِلَّا أَنْ تَأْتِيَهُمُ الْمَلَائِكَةُ أَوْ يَأْتِيَ أَمْرُ رَبِّكَ • كَذَٰلِكَ فَعَلَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللَّهُ وَلَٰكِنْ كَانُوا أَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ • اب کچہہ راہ دیکہتی ہین مگر یہی کہ اون پر فرشتی یا پہنچی حکم تیری رب کا اسیطرح کیا ان سی اگلون نی اور اللہ نی ظلم نہ کیا اون پر لیکن اپنا برا کرتی رہی فَأَصَابَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا عَمِلُوا وَحَاقَ بِهِمْ مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ • پہر پڑی اون پر اونکی بری کام اور اولٹ پڑا اون پر جو ٹہٹہا کرتی تہی وَقَالَ الَّذِينَ أَشْرَكُوا لَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا عَبَدْنَا مِنْ دُونِهِ مِنْ شَيْءٍ نَحْنُ وَلَا آبَاؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ دُونِهِ مِنْ شَيْءٍ ۚ كَذَٰلِكَ فَعَلَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ فَهَلْ عَلَى الرُّسُلِ إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ • اور بولی شریک پکڑنی والی اگر چاہتا اللہ نہ پوجتی ہم اوسکی سوای کوی چیز ہم اور نہ ہماری باپ اور نہ حرام ٹہرالیتی ہم اوسکی سوای کوی چیز اسیطرح کیا ان سی اگلون نی سو رسولون پر ذمہ نہین مگر پہنچا دینا کہول کر ف یہ نادانون کی کلام ہن کہ اللہ کو یہ کام برا لگتا تو کیون کرنی دیتا آخر ہر فرقی کی نزدیک بعضی کام بری ہین پہر وہ کیون ہوتی ہین یہان جواب مجمل فرمایا کہ ہمیشہ رسول منع کرتی آی ہین اسی سی جسکی قسمت تہی ہدایت پائی جو خراب ہونا تہا خراب ہوا اللہ کو یہی منظور ہی وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِي كُلِّ أُمَّةٍ رَسُولًا

أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوتَ فَمِنْهُمْ
مَنْ هَدَى اللَّهُ وَمِنْهُمْ مَنْ حَقَّتْ عَلَيْهِ الضَّلَالَةُ
فَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانْظُرُوا كَيْفَ كَانَ
عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ ۝ اور ہمنی اوٹہائی ہین ہر امت مین رسول کہ بندگی کرو اللہ کی
اور بچو ہوڑ دنگی سی سو کسی کو راہ دی اللہ نی اور کسی پر ثابت ہوی گمراہی سو پہرو زمین مین تو دیکہو
کیسا ہوا آخر جہوٹہلانی والون کا ف ہوڑ دنگا وہ جو ناحق سرداری کا دعوی کری جبہ سند ہے
ایسی کو طاغوت کہتی ہین شیطان اور بت اور بت پرست ظالم سب ہی ہین إِنْ تَحْرِصْ
عَلَى هُدَاهُمْ فَإِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي مَنْ يُضِلُّ وَمَا لَهُمْ
مِنْ نَاصِرِينَ ۝ اگر تو للچاوی انکو راہ پر لانی کو تو اللہ راہ نہین دیتا جسکو بچلاتا ہی
اور کوی نہین ان کی مددگار وَأَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ
لَا يَبْعَثُ اللَّهُ مَنْ يَمُوتُ بَلَى وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا
وَلَكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ۝ اور قسمین کہاتی ہین اللہ کی پکی
قسمین کہ نہ اوٹہاویگا اللہ جو کوی مرجاوی کیون نہین وعدہ ہو چکا اوس پر ثابت لیکن اکثر لوگ
نہین جانتی لِيُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي يَخْتَلِفُونَ فِيهِ وَلِيَعْلَمَ
الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّهُمْ كَانُوا كَاذِبِينَ ۝ اس واسطی کہ کہول
دی اون پر جس بات مین جہگڑتی ہین اور تا معلوم کرین منکر کہ وہ جہوٹہی تہی ف یعنی
اس جہان مین بہت باتون کا شبہہ رہا اور کسی نی اللہ کو مانا کوی منکر رہا تو دوسرا جہان
ہونا لازم ہی کہ جہگڑی تحقیق ہون سچ اور جہوٹہ جدا ہوا اور مطیع اور منکر اپنا کیا پاوین إِنَّمَا
قَوْلُنَا لِشَيْءٍ إِذَا أَرَدْنَاهُ أَنْ نَقُولَ لَهُ كُنْ فَيَكُونُ ۝

ہمارا کہنا کسی چیز کو جب ہمنی اوسکو چاہا ہی ہی کہ کہین اوسکو ہو تو وہ ہو جاوی ف یعنی
مردون کو جلانا ہماری پاس مشکل نہین وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِي اللّٰهِ
مِنْ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً
وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ • اور جنہون نی گہر چہوڑا
اللہ کی واسطی بعد اسکی کہ ظلم اوٹہایا البتہ اونکو ٹہکانا دین گی ہم دنیا مین اچہا اور ثواب آخرت کا
تو بہت بڑا ہی اگر اونکو معلوم ہوتا اَلَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ
يَتَوَكَّلُوْنَ • جو ثابت رہی اور اپنی رب پر بہروسا کیا وَمَا اَرْسَلْنَا
مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْ اِلَيْهِمْ فَسْئَلُوْا اَهْلَ
الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ • اور تجہسی پہلی بہی ہمنی یہی مرد بہیجی تہی
کہ حکم بہیجتی تہی اونکی طرف سو پوچہو یاد رکہنی والون سی اگر تمکو معلوم نہین ف یاد رکہنی
والی یعنی اہل کتاب کہ اگلی احوال جانتی تہی بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ وَاَنْزَلْنَا
اِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ
يَتَفَكَّرُوْنَ • بہیجی تہی نشانیان لیکر اور ورق اور تجکو اُتاری ہمنی
یہ یاد داشت کہ تو کہول دی لوگون پاس جو اُترا اونکی طرف اور شاید وہ دہیان کرین
اَفَاَمِنَ الَّذِيْنَ مَكَرُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّخْسِفَ اللّٰهُ
بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ يَاْتِيَهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ
لَا يَشْعُرُوْنَ • سو کیا نڈر ہوی ہین جو بری داو کرتی ہین کہ دہسا دی اللہ
اونکو زمین مین یا پہنچی اونکو عذاب جہان سی خبر نہ رکہتی ہون اَوْ يَاْخُذَهُمْ
فِيْ تَقَلُّبِهِمْ فَمَا هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ • یا پکڑلی اونکو چلتی پہرتی وہ نہین

تھکانی والی اَوْ يَأْخُذَهُمْ عَلٰى تَخَوُّفٍ فَإِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوفٌ

رَّحِيمٌ • یا پکڑلی اونکو ڈرا ای کر سو تمہارا رب بڑا نرم ہی مہربان اَوَلَمْ يَرَوْا إِلٰى

مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ يَتَفَيَّؤُا ظِلٰلُهُ عَنِ الْيَمِينِ

وَالشَّمَائِلِ سُجَّدًا لِلّٰهِ وَهُمْ دَاخِرُونَ • کیا نہین دیکھتی جو

اسنی بنای ہی کوی چیز ڈہلتی ہین چہاؤین اوسکی داہنی سی اور بائوی سی سجدہ کرتی اللہ کو

اور وہ عاجزی مین ہین ف ہر چیز ٹہیک دوپہر مین کہڑی ہی اوسکا سایہ بہی کہڑا ہی جب دن

ڈہلا سایہ جہکا پہر جہکتی جہکتی شام تک زمین پر پڑ گیا جیسی نماز مین کہڑی سی رکوع رکوع

سی سجدہ اسطرح ہر چیز آپ کہڑی ہی اپنی سایہ سی نماز کرتی ہی کسی ملک مین کسی موسم مین

داہنی طرف جہکتا ہی کہین بائوی طرف وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

وَمَا فِي الْأَرْضِ مِنْ دَابَّةٍ وَالْمَلٰئِكَةُ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ

اور اللہ کو سجدہ کرتا ہی جو آسمان مین ہی اور جو زمین مین ہے کوی جانور اور فرشتی اور وہ بڑا

نہین کرتی ف پہلی کہڑی چیزون کا سجدہ بیان ہوا یہ جانورون کا اور فرشتون کا مغرورونکو

سر رکہنا زمین پر مشکل پڑتا ہی نہین جانتی کہ بندگی بڑای اسہین ہی يَخَافُونَ رَبَّهُمْ

مِنْ فَوْقِهِمْ وَيَفْعَلُونَ مَا يُؤْمَرُونَ • ڈر رکہتی ہین اپنی رب کا

اوپر سی اور کرتی ہین جو حکم پاتی ہین ف ہر بندی کی دل مین ہی کہ میری اوپر اللہ ہے آپ کو نیچی

سمجہتا ہی یہ سجدہ فرشتون کا بہی ہی اور سب کا وَقَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوا إِلٰهَيْنِ

اثْنَيْنِ إِنَّمَا هُوَ إِلٰهٌ وَاحِدٌ فَإِيَّايَ فَارْهَبُونِ •

اور کہا ہی اللہ نی نہ پکڑو معبود دو وہ معبود ایک ہی ہی سو مجہی سی ڈرو وَلَهُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

وَالْأَرْضِ وَلَهُ الدِّينُ وَاصِبًا أَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَتَّقُونَ •

ع

اور اوسی کا ہی جو کچھ آسمانون مین اور زمین مین اور اوسی کا انصاف ہی ہمیشہ سو کیا سوای اللہ کی
کسی سی خطرہ رکھتی ہو وَمَا بِكُم مِّن نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللَّهِ ثُمَّ إِذَا مَسَّكُمُ
الضُّرُّ فَإِلَيْهِ تَجْأَرُونَ • اور جو تمہاری پاس ہی کوی نعمت سو اللہ کی طرف
سی ہر جب لگتی ہی تمکو سختی تو اوسی کی طرف چلاتی ہو ثُمَّ إِذَا كَشَفَ الضُّرَّ
عَنكُمْ إِذَا فَرِيقٌ مِّنكُم بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُونَ • پہر جب کہول دی
سختی تمسی تبہی ایک فرقہ تم مین اپنی رب کی ساتھ لگتی ہین شریک بنانی لِيَكْفُرُوا
بِمَا آتَيْنَاهُمْ فَتَمَتَّعُوا فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ • تا منکر ہو جاوین
اوس چیز سی جو ہمنی دی سو برت لو آخر معلوم کرو گی وَيَجْعَلُونَ لِمَا لَا
يَعْلَمُونَ نَصِيبًا مِّمَّا رَزَقْنَاهُمْ تَاللَّهِ لَتُسْأَلُنَّ
عَمَّا كُنتُمْ تَفْتَرُونَ • اور ٹہراتی ہین ایسون کو جنکی خبر نہین رکھتی ایک حصہ
ہماری دی روزی مین سی قسم اللہ کی تم سی پوچہنا ہی جو جہوٹھ باندہتی تہی ف
یہ اونکو فرمایا جو اپنی کہیت مین مواشی مین تجارت مین اللہ کی سوای کسی کی نیاز ٹہراتی ہین
سب مال اللہ کا ہی اور کسی کا حق نہین مگر اللہ کی راہ مین دی اپنی ثواب کو پہر اپنی بدلی ثواب کسی کو
دلوا دی وَيَجْعَلُونَ لِلَّهِ الْبَنَاتِ سُبْحَانَهُ وَلَهُم مَّا
يَشْتَهُونَ • اور ٹہراتی ہین اللہ کو بیٹیان وہ اس لایق نہین اور آپ کو
جو دل چاہی ف یعنی اپنی واسطی مانگتی ہین بیٹا وَإِذَا بُشِّرَ أَحَدُهُم
بِالْأُنثَىٰ ظَلَّ وَجْهُهُ مُسْوَدًّا وَهُوَ كَظِيمٌ •
اور جب خوشخبری ملی ایسی کسی کو بیٹی کی سارے دن رہی اوسکا مونہہ سیاہ اور
جیون مین گہٹتا رہا يَتَوَارَىٰ مِنَ الْقَوْمِ مِن سُوءِ مَا بُشِّرَ بِهِ

أَيُمْسِكُهُ عَلَىٰ هُونٍ أَمْ يَدُسُّهُ فِي التُّرَابِ أَلَا سَاءَ مَا يَحْكُمُونَ •
جہپا ہہرے لوگون سی مارے برائی اوس خوشخبری کی جو سنی اوسکو رہنے دے ذلت قبول کرکر یا اوسکو اب دے مٹی مین سنتا ہے بُری چکوتی کرتی ہین
لِلَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ مَثَلُ السَّوْءِ ۖ وَلِلَّهِ الْمَثَلُ الْأَعْلَىٰ ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ •
جو نہین مانتی پچہلے دن کو اونہی پر بری کہاوت ہے اور اللہ کی کہاوت سب سے اوپر اور وہی ہے زبردست حکمت والا
وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللَّهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَابَّةٍ وَلَٰكِنْ يُؤَخِّرُهُمْ إِلَىٰ أَجَلٍ مُسَمًّى ۖ فَإِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ لَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً ۖ وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ •
اور اگر پکڑے اللہ لوگون کو اونکی بے انصافی پر نہ چہوڑے زمین پر ایک چلنے والا لیکن ڈہیل دیتا ہے اونکو ایک وعدے ٹہرے تک پہر جب پہنچا اون کا وعدہ نہ دیر کرین کی ایک گہڑی نہ جلدے
ف یعنی لوگون کو سزا دے تو نرہے بندگی اسمین جانور بہی مرین
وَيَجْعَلُونَ لِلَّهِ مَا يَكْرَهُونَ وَتَصِفُ أَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ أَنَّ لَهُمُ الْحُسْنَىٰ ۖ لَا جَرَمَ أَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَأَنَّهُمْ مُفْرَطُونَ •
اور کرتی ہین اللہ کا جو اپنا جی نہ چاہے اور بتاتی ہین اونکی زبانین جہوٹہ کہ اونکو خوبی ہے آپ ہے ثابت ہوا کہ اونکو آگ ہے اور وہ بڑہائے جاتی ہین ف یہ اونکو دیا جو ناکارہ چیز اللہ کی نام دین اور آرزو یقین کرین کہ ہمکو بہشت ملے اور وہ روز بروز دوزخ مین بڑہتی ہین
تَاللَّهِ لَقَدْ أَرْسَلْنَا إِلَىٰ أُمَمٍ مِنْ قَبْلِكَ فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ أَعْمَالَهُمْ فَهُوَ وَلِيُّهُمُ الْيَوْمَ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ •
قسم اللہ کی ہمنے رسول

بھیجی کتی فرقون مین تجسی پہلی پہر سنواری اونکی اکی شیطان نی اونکی کام سو وہی رفیق انکا ہی
آج اور انکو دکھ کی مار ہی وَمَا أَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ إِلَّا لِتُبَيِّنَ
لَهُمُ الَّذِي اخْتَلَفُوا فِيهِ وَهُدًى وَرَحْمَةً لِقَوْمٍ
يُؤْمِنُونَ • اور ہمنی اوتاری تجہ پر کتاب اسی واسطے کہ کہول سناوی انکو جسمین
جہگڑ رہی ہین اور سوجہانی کو اور مہر کو اون لوگون پر جو مانتی ہین وَاللَّهُ أَنْزَلَ مِنَ
السَّمَاءِ مَاءً فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا إِنَّ فِي
ذَلِكَ لَآيَةً لِقَوْمٍ يَسْمَعُونَ • اور اللہنی اوتارا آسمان سی پانی پہر
اوس سے جلایا زمین کو اوسکی مرنی پیچہی اسمین پتی ہین اون لوگون کو جو سنتی ہین ف
یعنی اسیطرح قران سی جاہلون کو عالم کریگا اگر دل سی سنین گی وَإِنَّ لَكُمْ فِي
الْأَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُسْقِيكُمْ مِمَّا فِي بُطُونِهِ مِنْ بَيْنِ
فَرْثٍ وَدَمٍ لَبَنًا خَالِصًا سَائِغًا لِلشَّارِبِينَ • اور تمکو
چوپایون مین بوجہ کی جگہ ہی پلاتی ہین ہم تمکو اوسکی پیٹ کی چیزومین سی گوبر اور لوہو کے
بیچ مین سی دودہ ستہرا رچتا پینی والون کو وَمِنْ ثَمَرَاتِ النَّخِيلِ وَ
الْأَعْنَابِ تَتَّخِذُونَ مِنْهُ سَكَرًا وَرِزْقًا حَسَنًا
إِنَّ فِي ذَلِكَ لَآيَةً لِقَوْمٍ يَعْقِلُونَ • اور میوون سی کہجور کے
اور انگور کی بناتی ہو اوس سے نشا اور روزی خاصی اسمین پتا ہی اون لوگون کو جو بوجہتی
ہین وَأَوْحَى رَبُّكَ إِلَى النَّحْلِ أَنِ اتَّخِذِي مِنَ الْجِبَالِ
بُيُوتًا وَمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُونَ • اور حکم بہیجا تیری رب نی
شہد کی مکہی کو کہ بنالی پہارون مین گہر اور درختون مین اور جہان چہتریان ڈالتی ہین

ف یعنی انگور کی سن چڑہانی کو ثُمَّ كُلِي مِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ فَاسْلُكِي
سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا يَخْرُجُ مِن بُطُونِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ
أَلْوَانُهُ فِيهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِّقَوْمٍ
يَتَفَكَّرُونَ • پھر کھا ہر طرح کی میوون سی پھر چل راہون مین اپنی رب کے
صاف پڑی ہی نکلتی ہی اون کی پیٹ مین سی پینی کی چیز جسکی کئی رنگ ہین اوسمین آزار
جنکی ہوتی ہین لوگون کی اسمین پتا ہی اون لوگون کو جو دہیان کرتی ہین ف تین پتی بتائے
بڑی ہین سی پہلا نکلتی کے جانور کی پیٹ مین سی دودہ اور ثانی کی انگور کہجور سی روزی پاک
اور مکہی کی پیٹ سی شہد یعنی اس قران سی جاہلون کی اولاد عالم نکلین کے حضرت کے
وقت بہی ہوا کافرون کی اولاد کامل ہوی وَاللَّهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ يَتَوَفَّاكُمْ
وَمِنكُم مَّن يُرَدُّ إِلَىٰ أَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْ لَا يَعْلَمَ
بَعْدَ عِلْمٍ شَيْئًا إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ قَدِيرٌ • اور اللہ نی تمکو
پیدا کیا پھر تمکو موت دیتا ہی اور کوی تم مین پہنچتا ہی نکمی عمر کو کہ سمجھ کی پیچہی کچھہ نہ سمجھنے
لگی اللہ سب خبر رکھتا ہی قدرت والا ف یعنی اس امت مین کامل پیدا ہوکر پھر ناقص ہونی
لگین کے وَاللَّهُ فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ فِي الرِّزْقِ
فَمَا الَّذِينَ فُضِّلُوا بِرَادِّي رِزْقِهِمْ عَلَىٰ مَا
مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيهِ سَوَاءٌ أَفَبِنِعْمَةِ
اللَّهِ يَجْحَدُونَ • اور اللہ نی بڑای دی تم مین ایک کو ایک سی روزی کی سو جنکو
بڑای دی نہین پہنچاتی اپنی روزی اونکو جو ان کی ہاتہہ کا مال ہین کہ وہ سب اوسمین برابر
رہین کیا اللہ کی فضل سی منکر ہین ف رسول نی فرمایا کہ جب کسی کا غلام اوسکا کہا نہ مانی اولاد

ری اور دہوان آب اوٹہاوی اور تھنہ مال اسکو پہنچاوی تولازم ہی کہ اوسکو ساتہ بیٹہاکر کہلاوی نہ
ہوسکی تو ایک دو نوالا ہاتہ مین رکہہ دی وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا
وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ بَنِيْنَ وَحَفَدَةً وَّرَزَقَكُمْ
مِّنَ الطَّيِّبٰتِ اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ
يَكْفُرُوْنَ • اور اللہ نی بنادین تمکو تمہاری قسم سی عورتین اور دیتی تمکو تمہاری عورتون سی
بیٹی اور پوتی اور کہانی کو دین تمکو ستہری چیزین سو کیا جہوٹہی باتین مانتی ہین اور اللہ کی فضل کو
نہین مانتی ف یعنی بتون کا احسان مانتی ہین کہ ہمارسی چنگا کیا یا بیٹا دیا یا روزی دی اور
سب جہوٹہہ وہ جو سب دینی والا اوسکی شکر گذار نہین وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ
اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَهُمْ رِزْقًا مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
شَيْئًا وَّلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ • اور پوجتی ہین اللہ کی سوای ایسون کو کہ مختار
نہین ان کی روزی کی آسمان و زمین مین سی کچہہ اور نہ مقدور رکہتی ہین ف یعنی نہ آسمان سی
مینہ برساوین نہ زمین سی ناج نکالین فَلَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ الْاَمْثَالَ اِنَّ
اللّٰهَ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ • سو مت بٹہاو اللہ پر کہاوتین اللہ جانتا ہی اور تم
نہین جانتی ف مشرک کہتی ہین کہ مالک اللہ ہی ہی پر یہ لوک اوسکی سرکار مین مختار ہین اس واسطی
انکو پوجتی سو یہ غلط مثال ہی اللہ ہر چیز آپ کرتا ہی کسی پر سپرد نہین کر رکہا اور اگر صحیح مثال چاہو
تو اسکی دو مثالین فرماین ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوْكًا لَّا يَقْدِرُ
عَلٰى شَيْءٍ وَّمَنْ رَّزَقْنٰهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ
مِنْهُ سِرًّا وَّجَهْرًا هَلْ يَسْتَوٗنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ بَلْ اَكْثَرُهُمْ
لَا يَعْلَمُوْنَ • اللہ نی بتائی ایک کہاوت ایک بندہ پرایا مال نہین مقدور رکہتا کسی چیز پر

اور ایک جسکو ہمنی روزی دی ہنبی طرف سی خاصی روزی سو وہ خرچ کرتا ہی اوسمین سی چہپی اور ہل
کہلی کہین برابر ہوتی ہین سب تعریف اللہ کو ہی پر وہ بہت لوک نہین جانتی ف یعنی اللہ مالک ہر چیز کا
جسکو چاہی سو دی اور بت مالک نہین کسی چیز کا ملکا آپ پرایا مال وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا
رَّجُلَیْنِ اَحَدُهُمَآ اَبْكَمُ لَا یَقْدِرُ عَلٰی شَیْءٍ وَّهُوَ كَلٌّ
عَلٰی مَوْلٰىهُ اَیْنَمَا یُوَجِّهْهُّ لَا یَاْتِ بِخَیْرٍ هَلْ یَسْتَوِیْ
هُوَ وَمَنْ یَّاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَهُوَ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ

ع ۱۱

اور بتاہی اللہ نی ایک مثال دو مرد ہین ایک گونگا کچھہ کام نہین کرسکتا اور وہ بوجہہ ہی اپنی صاحب
جس طرف اوسکو بہیجی کچھہ بہلا نہ کرلاوی کہین برابر ہی وہ اور ایک شخص جو حکم کرتا ہی انصاف سکا
اور ہی سیدہی راہ پر ف یعنی خدا کی دو بندی ایک بت نکما نہ ہل سکی نہ چل سکی جیسی
گونگا غلام دوسرا رسول جو اللہ کی راہ بتاوی ہزارون کو اور آپ بندگی پر قائم ہی اوسکی
تابع بہتر یا اسکی وَلِلّٰهِ غَیْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَآ اَمْرُ
السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی
كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اور اللہ پاس ہین بہید آسمان و زمین کی اور قیامت کا کام وہ یا ہی جو
جیسی لپک نگاہ کی یا اوس سی قریب اور اللہ ہر چیز پر قادر ہی وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ
مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَیْـًٔا وَّجَعَلَ لَكُمُ
السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ
اور اللہ نی تمکو نکالا ماؤن کی پیٹ سی کچھہ نہ جانتی تہی اور دیی تمکو کان اور آنکہین اور دل شاید
تم احسان مانو اَلَمْ یَرَوْا اِلَی الطَّیْرِ مُسَخَّرٰتٍ فِیْ جَوِّ السَّمَآءِ
مَا یُمْسِكُهُنَّ اِلَّا اللّٰهُ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ

يُؤْمِنُونَ • کیا نہین دیکہی اوڑتی جانور حکم کی باندہی آسمان کی ہواءین کوہی نہین

تہام رہا اونکو سوای اللہ کی اسمین پتی ہین اون لوکون کو جو یقین لاتی ہین ف یعنی

ایمان لانی ہین بعضی اٹکتی ہین معاش کی فکرسی سو فرمایا کہ ماکی پیٹ سی کوہی کچہہ نہین لاتا

اسباب کماہی کی آنکہہ کان دل اللہ ہی دیتاہی اور اوڑتی جانور ادہر مین کسکی بہروسی رہتی ہین

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِنْ بُيُوتِكُمْ سَكَنًا وَجَعَلَ لَكُمْ

مِنْ جُلُودِ الْأَنْعَامِ بُيُوتًا تَسْتَخِفُّونَهَا يَوْمَ ظَعْنِكُمْ

بولی کیا جب ہم ہو گئی ہڈیان اور چورا کیا ہمکو اوٹہانا ہی نئی بناکر أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللّٰهَ
الَّذِي خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ قَادِرٌ عَلٰى أَنْ
يَخْلُقَ مِثْلَهُمْ وَجَعَلَ لَهُمْ أَجَلًا لَا رَيْبَ فِيهِ
فَأَبَى الظَّالِمُونَ إِلَّا كُفُورًا • کیا نہین دیکہ چکی کہ جس اللہ نی

بنا سکتا ہی ایسون کو بنانا اور پہرایا ہی اونکا ایک وعدہ سو نہین رہتی بی انصاف بن ناشکری کئی قُلْ لَّوْ اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ خَزَآئِنَ رَحْمَةِ رَبِّيْٓ اِذًا لَّاَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ الْاِنْفَاقِ وَكَانَ الْاِنْسَانُ قَتُوْرًا ۔ کہ اگر تمہارے ہاتہہ مین ہوتی میری رب کی مہر کی خزانی تو مقرر موند رکہتی اس ڈرسی کہ خرچ نہ ہو جاوین اور ہی انسان دل کا تنگ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ فَسْئَلْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِذْ جَآءَهُمْ فَقَالَ لَهٗ فِرْعَوْنُ اِنِّيْ لَاَظُنُّكَ يٰمُوْسٰى مَسْحُوْرًا ۔ اور ہمنی دین موسی کو نو نشانیان صاف پہر پوچہ بنی اسرائیل سی جب آیا وہ اون کی پاس تو کہا اوسکو فرعون نی میری اٹکل مین موسی تجہ پر جادو ہوا ف شاید نو نشانیان نو معجزی ہون وہ جو فرعون کی مقابلہ مین الدنی تہی اور شاید نو حکم ہون کہ توراۃ کی سری پر لکہی جاتی تہی وہ یہی کبیرہ گناہون سی منع تہا قَالَ لَقَدْ عَلِمْتَ مَآ اَنْزَلَ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ بَصَآئِرَ وَاِنِّيْ لَاَظُنُّكَ يٰفِرْعَوْنُ مَثْبُوْرًا ۔ بولا تو جان چکا ہی کہ یہ چیزین کسی نی نہین اُتارین مگر آسمان و زمین کی مالک نی سوجہانی کو اور میری اٹکل مین فرعون تو کہپا چاہتا ہے فَاَرَادَ اَنْ يَّسْتَفِزَّهُمْ مِّنَ الْاَرْضِ فَاَغْرَقْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ جَمِيْعًا ۔ پہر چاہا کہ اونکو چین نہ دی اوس زمین مین پہر ڈوبا دیا ہمنی اوسکو اور اوسکی ساتہہ والون کو سارے وَّقُلْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ لِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اسْكُنُوا الْاَرْضَ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ جِئْنَا بِكُمْ لَفِيْفًا ۔ اور کہا ہمنی اوسکی پیچہی بنی اسرائیل کو بسو تم زمین مین پہر جب آویگا وعدہ آخرت کا لی آوین گی ہم تمکو سمیٹ کر وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ

ع ۱۲

وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۗ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝ اور سچ کے
ساتھ اوتارا ہمنے یہ قرآن اور سچ کی ساتھ اترا اور تجکو جو بھیجا ہمنے سو خوشی اور ڈر سنانا ف
سچ کی ساتھ اترا یعنی سچ مین بدلا نہین گیا وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ
عَلَى النَّاسِ عَلٰى مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا ۝ اور پڑہنی کا وظیفہ
کیا ہمنے اسکو بانٹ کر کہ پڑہی تو اسکو لوگون پر ٹہہر ٹہہر کر اور اسکو ہمنے اوتارتی اوتارا ف یعنی
کتاب سی مطلب فقط معنی سمجھنی ہین اور اسکی لفظ بی پڑہنی سی غرض ہی کہ نور و برکت اترتا ہی
اسی واسطے سورتین اور آیتین جدا جدا رکہی اور تہوڑا تہوڑا اوتارا ہر وقت پر اوسکی موافق حکم
قُلْ اٰمِنُوْا بِهٖٓ اَوْ لَا تُؤْمِنُوْا ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ
مِنْ قَبْلِهٖٓ اِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ يَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ
سُجَّدًا ۙ وَّيَقُوْلُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا
لَمَفْعُوْلًا ۝ کہ تم اسکو مانو یا نہ مانو جنکو علم ملا ہی اسکی آگی سی جب ان پاس اسکو پڑہی
گرتی ہین ٹہوڑیون پر سجدہ مین اور کہتی ہین پاک ہی ہمارا رب بیشک ہماری ربکا وعدہ
البتہ ہونا ف یعنی اگلی کلام پہچاننی والی اسکو پہچانتی ہین اور وعدہ جو تہا کہ آخر زمانی مین ایک
کلام اتری کا ٹہیک پاتی ہین وَيَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ يَبْكُوْنَ وَيَزِيْدُهُمْ
خُشُوْعًا ۝ اور گرتی ہین ٹہوڑیون پر روتی ہوی اور زیادہ ہوتی ہی انکو عاجزی ف
نماز مین سجدہ دو بار ہوتا ہی اس واسطے دو بار فرمایا پہلی بار اس کلام کی تاثیر سی تعجب آتا ہی اور
دوسری بار عاجزی قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ۭ اَيًّا مَّا
تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَاۗءُ الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ
وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ۝

کہ اللہ کر پکارو یا رحمن کر جو کہ کر پکارو گی سو اوسی کی ہین سب نام خاصی اور تو نہ پکار اپنی نماز مین نہ چپکے

پڑھ اور ڈھونڈھ لی اسکی بیچ مین راہ **ف** رحمن نام اللہ کا عرب لوگ نہ جانتی تھی اس پر

یہ فرمایا کہ نام بہتری ہین اللہ وہی ایک ہے اور پکارنی کی نماز مین بہت چلانا بی نہین اور بہت

دبی آواز بی نہین بیچ کی چال پسند ہے وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي لَمْ يَتَّخِذْ

وَلَدًا وَلَمْ يَكُنْ لَهُ شَرِيكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ

وَلِيٌّ مِنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيرًا ۞ اور کہہ سراہی اللہ کو

جسنی نہین رکھی اولاد نہ کوی اوسکا ساجھی سلطنت مین نہ کوی اوسکا مددگار ذلت کے

وقت پر اور اوسکی بڑای کر بڑا جان کر **ف** کوی مددگار نہین ذلت کی وقت یعنی اوس پر

کبھی ذلت ہی نہین کہ مددگار چاہیی بادشاہون کی ہان امیر زبر پڑجاتی ہین اس سے کہ بری وقت

اونکی رفاقت کی ہوتی ہی **سورۃ الکہف مکیۃ و ہی مائۃ و عشر آیۃ** وہان یہ مذکور ہی نہین

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَنْزَلَ عَلَىٰ عَبْدِهِ الْكِتَابَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَهُ

عِوَجًا ۞ سراہی اللہ کو جسنی اتاری اپنی بندی پر کتاب اور نہ رکھی اوسمین کچھ کجی

قَيِّمًا لِيُنْذِرَ بَأْسًا شَدِيدًا مِنْ لَدُنْهُ وَيُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِينَ

الَّذِينَ يَعْمَلُونَ الصَّالِحَاتِ أَنَّ لَهُمْ أَجْرًا حَسَنًا

مَاكِثِينَ فِيهِ أَبَدًا ۞ ٹھیک اتاری تا ڈر سنا دی ایک سخت آفت کا اوسکی

طرف سی اور خوشخبری دی یقین لانی والون کو جو کرتی ہین نیکیان کہ اونکو اچھا نیگ ہی جسمین

رہا کرین ہمیشہ وَيُنْذِرَ الَّذِينَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۞ اور

ڈر سنا دی اونکو جو کہتی ہین اللہ رکہتا ہی اولاد مَا لَهُمْ بِهِ مِنْ عِلْمٍ وَلَا

ع

رکوعہا
۱۲

لِاٰبَآئِهِمْ كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ اِنْ يَّقُوْلُوْنَ
اِلَّا كَذِبًا۔ کچھ خبر نہین اونکو اس بات کی نہ اون کی باپ دادون کو کیا بڑی بات ہو کر نکلتی
ہی اونکی مونہ سی سب جہوٹھ ہی جو کہتی ہین فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى
اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا۔ سو کہین تو
گھونٹ ڈالیگا اپنی جان اونکی پیچھی اگر وہ نمانین گی اس بات کو پچتا پچتا کر اِنَّا جَعَلْنَا
مَا عَلَى الْاَرْضِ زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ
عَمَلًا۔ ہمنی بنایا ہی جو کچھ زمین پر ہی اوسکی رونق تا جانچین لوگون کو کون اونمین اچھا
کرتا ہی کام ف یعنی اوسکی رونق پر دوڑتا ہی یا اوسکو چھوڑ کر آخرت کو پکڑتا ہی وَاِنَّا
لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا۔ اور ہمکو کرنا ہی جو کچھ اوس پر ہی
میدان چھانٹ کر ف یعنی گھاس اور درخت چھانٹ کر اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ
اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا۔
کیا تو خیال رکھتا ہی کہ غار اور کہوہ والی ہماری قدرتون مین اچنبہا تھی اِذْ اَوَى الْفِتْيَةُ
اِلَى الْكَهْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ
لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا۔ جب جا بیٹھی وہ جوان اوس کہوہ مین پھر بولی
ای رب دی ہمکو اپنی پاس سی مہر اور بنا ہماری کام کا بناو فَضَرَبْنَا عَلٰٓى
اٰذَانِهِمْ فِى الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا۔ پھر تھپک دی ہمنی اونکی
کان اوس کہوہ مین کئی برس گنتی کی ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ اَيُّ الْحِزْبَيْنِ
اَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْٓا اَمَدًا۔ پھر ہمنی اونکو اوٹھایا کہ معلوم کرین دو فرقون مین
کسنی یاد رکھی ہی جتنی مدت وہ رہی ف دو فرقی یا تاریخ لکھنی والون مین ہین کہ کوئی

ع ۲

کتنی برس لکہتی ہین کوئی کتنی یا وہی اصحاب کہف جاگ کر بعضی تجویز کرنی لگی کہ ہم ایک دن سوئے
بعضی کہنی لگی اس سے کم نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ نَبَأَهُمْ بِالْحَقِّ إِنَّهُمْ
فِتْيَةٌ آمَنُوا بِرَبِّهِمْ وَزِدْنَاهُمْ هُدًى • ہم سناوین
تجکو اونکا احوال تحقیق وہ کئی جوان ہین کہ یقین لائی اپنی رب پر اور زیادہ دی ہمنی اونکو
سوجھ ف یعنی ایمان سی زیادہ درجہ دیا اولیا کیا وَرَبَطْنَا عَلَى قُلُوبِهِمْ
إِذْ قَامُوا فَقَالُوا رَبُّنَا رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ
لَنْ نَدْعُوَ مِنْ دُونِهِ إِلَٰهًا لَقَدْ قُلْنَا إِذًا شَطَطًا •
اور گرہ دی اونکی دل پر جب کہڑی ہوئی پہر بولی ہمارا رب ہے رب آسمان و زمین کا نپکارین
ہم اوسکی سوای کسی کو ٹہاکر تو کہی ہمنی بات عقل سے دور ف ایک شہر کا بادشاہ تہا ظالم
جو اوسکی بتون کو نہ پوجہتا اوسکو عذاب سی مارتا یا بت پوجاتا یہ کئی جوان اوسکی نوکرون کی بیٹی تہے
کوئی نان وائی کا کوئی باورچی کا اسیطرح کسی نی انکی چغلی کی اوسنی روبرو بلاکر پوچہا
اوسوقت حق تعالی نی انکی دل پر گرہ دی یعنی ثابت رکہا کہ اپنی بات صاف کہ دی اوسوقت
بادشاہ نی موقوف رکہا کہ اور شہر سی پہر آؤن تو ان سی بت پوجنا قبول کرواؤن یا عذاب
کرون وہ گیا اور یہ چہپ کر نکل گئی هَٰؤُلَاءِ قَوْمُنَا اتَّخَذُوا مِنْ
دُونِهِ آلِهَةً لَوْلَا يَأْتُونَ عَلَيْهِمْ بِسُلْطَانٍ بَيِّنٍ
فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَى عَلَى اللَّهِ كَذِبًا • یہ ہماری قوم
ہی پکڑی ہین انہون نی اوسکی سوای اور پوجنی کیون نہین لاتی اونکی واسطی کوئی سند کہلی
پہر اوس سی گنہگار کون جسنی باندہا اللہ پر جہوٹہہ وَإِذِ اعْتَزَلْتُمُوهُمْ
وَمَا يَعْبُدُونَ إِلَّا اللَّهَ فَأْوُوا إِلَى الْكَهْفِ يَنْشُرْ لَكُمْ

رَبُّكُم مِّن رَّحْمَتِهِ وَيُهَيِّئْ لَكُم مِّنْ أَمْرِكُم مِّرْفَقًا۔

اور جب تمنی کنارہ پکڑا اون سی اور جنکو وہ پوجتی ہین اللہ کی سوای اب جا بیٹہو اوس کہوہ مین
پہیلادی تم پر رب تمہارا کچہہ اپنی مہر اور بنادی تمکو تمہاری کام کا آرام ف اوس شہر سی نکل کر پاس
ایک پہاڑ مین کہوہ ہی آپسمین مشورہ کر کر وہان بیٹہی نیند غالب ہوی سو گئی کسی کو معلوم نہوا
تب سی اب تک سوتی ہین ہیسح مین ایک بار اللہ نی جگا دیا تہا جس سی لوکون پر خبر کہلی پہر سو رہے

وَتَرَى الشَّمْسَ إِذَا طَلَعَت تَّزَاوَرُ عَن كَهْفِهِمْ ذَاتَ الْيَمِينِ وَإِذَا غَرَبَت تَّقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ وَهُمْ فِي فَجْوَةٍ مِّنْهُ ذَٰلِكَ مِنْ آيَاتِ اللَّهِ مَن يَهْدِ اللَّهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ وَمَن يُضْلِلْ فَلَن تَجِدَ لَهُ وَلِيًّا مُّرْشِدًا۔

اور تو دیکہی دہوپ جب نکلتی ہی بچ جاتی ہی اونکی کہوہ سی داہنی کو اور جب ڈوبتی ہی کترا
جاتی ہی اون سی بائین کو اور وہ میدان مین ہین اوسکی ہی یہ قدرتون سی اللہ کی جسکو
راہ دی اللہ وہی آوی راہ پر اور جسکو وہ بچلاوے پہر تو نہ پاوی اوسکا کوی رفیق راہ پر لانی والا ف
حق تعالی کی قدرت سی نہ اوس مکان مین اون پر دہوپ آوی نہ مینہ نہ برف اور کہلی جاکہ ہی تنک
نہ نہین

وَتَحْسَبُهُمْ أَيْقَاظًا وَهُمْ رُقُودٌ وَنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِينِ وَذَاتَ الشِّمَالِ وَكَلْبُهُم بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيدِ لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَلَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا۔ اور تو جانی وہ جاگتی ہین اور وہ سوتی
ہین اور کروٹہہ دلاتی ہین ہم اونکو داہنی اور بائین اور کتا اونکا پسار رہا ہی اپنی بانہین چوکٹ پر
اگر تو جہانک دیکہی اونکو تو پیٹ دی کر بہاکی اون سی اور بہر جاوی تجہ مین اونکی دہشت ف

کہتی ہین سوتی مین اونکی انکہین کہلی ہین اسی سی کوئی جانی جاگتی ہین اور حق تعالی نی اوس مکان مین
دہشت رکہی ہی تا لوگ تماشا نکرین کہ وہ بی ارام ہون اونکی ساتہہ ایک کتا بی لگ لیا تہا وہ
بی زندہ رہ گیا اگرچہ کتا رکہنا برا ہی لیکن لاکہہ برون مین ایک بہلا بی ہے وَكَذَٰلِكَ بَعَثْنَاهُمْ
لِيَتَسَاءَلُوا بَيْنَهُمْ قَالَ قَائِلٌ مِنْهُمْ كَمْ لَبِثْتُمْ قَالُوا لَبِثْنَا
يَوْمًا أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ قَالُوا رَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ فَابْعَثُوا
أَحَدَكُمْ بِوَرِقِكُمْ هَٰذِهِ إِلَى الْمَدِينَةِ فَلْيَنْظُرْ أَيُّهَا
أَزْكَىٰ طَعَامًا فَلْيَأْتِكُمْ بِرِزْقٍ مِنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ
وَلَا يُشْعِرَنَّ بِكُمْ أَحَدًا ۝ اور اسیطرح اونکو جگا دیا ہمنی کہ آپسمین لگے
پوچہنی ایک بولا اونمین کتنی دیر ٹہری تم بولی ہم ٹہری ایک دن یا دن سی کم بولی تمہارا
رب بہتر جانی جتنی دیر رہی ہو اب بہیجو اپنی مین سی ایک یہ روپا لیکر اپنا اس شہر کو پہر دیکہی
کونسا ستہرا کہانا سو لاوی تمکو اوسمین سی کہانا اور نرمی سی جاوی اور جتا نہ دی تمہاری خبر کسی کو
ف سیکڑون برس رہنا اونکو ایک دن معلوم ہوا مردہ اور سوتا برابر ہے إِنَّهُمْ إِنْ
يَظْهَرُوا عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوكُمْ أَوْ يُعِيدُوكُمْ فِي مِلَّتِهِمْ
وَلَنْ تُفْلِحُوا إِذًا أَبَدًا ۝ وہ لوگ اگر خبر پاوین تمہاری پتہر اوسی مارین تمکو یا اولٹا
پہیرین تمکو اپنی دین مین اور تب بہلا نہ ہو تمہارا کبہی وَكَذَٰلِكَ أَعْثَرْنَا
عَلَيْهِمْ لِيَعْلَمُوا أَنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَأَنَّ السَّاعَةَ
لَا رَيْبَ فِيهَا إِذْ يَتَنَازَعُونَ بَيْنَهُمْ أَمْرَهُمْ فَقَالُوا
ابْنُوا عَلَيْهِمْ بُنْيَانًا ۝ اور اسی طرح خبر کہول دی ہمنی اونکی تا لوگ جانین
کہ وعدہ اللہ کا ٹہیک ہی اور وہ گہڑی آنی اوسمین دہوکا نہین جب جہگڑ رہی تہی

اب یہ مین اپنی بات پر پہر کہنی لگی بناو ان پر ایک عمارت ف ایک اونمین روپا لیکر گیا شہر کو
وہان سب چیز او پری دیکہی اس مدت مین کئی قرن بدل گئی شہر کی لوک اوس روپی کا سکہ دیکہکر
حیران ہوی کہ کس بادشاہ کا نام ہی اور کس عہدکا ہی جانا کہ اس شخص نی گڑا مال پایا قدیم کا آخر
بادشاہ تک پہنچا اوسنی پوچہ کر سب احوال معلوم کیا اور اوسوقت اوس شہر مین دو مذہب کے
لوگ تہی ایک آخرت مین جینی کی قائل اور دوسری منکر جہگڑا پڑ رہا تہا بادشاہ منصف تہا چاہتا تہا
کہ ایک طرف کی کوئی سند ہاتہ لگی تو دوسرون کو سمجہا دیوی اللہ نے یہ سند بہیج دی بادشاہ آپ جاکر
غار مین سب کو دیکہہ آیا ہر ایک سی احوال سن آیا اوس شہر کے سب لوک یقین لائی آخرت پر
کہ یہ قصہ بہی دوسری بار جینی سی کم نہین رَبُّهُمْ اَعْلَمُ بِهِمْ قَالَ الَّذِيْنَ
غَلَبُوْا عَلٰٓى اَمْرِهِمْ لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِمْ مَّسْجِدًا ۰ اون کا رب
بہتر جانی اونکو بولی جن کا کام زبر تہا ہم بناوینگی ان کی مکان پر عبادت خانہ ف یعنی اصحاب
کہف کا دین و مذہب اللہ کو معلوم ہے کہ فقط توحید پر قائم تہی اور کسی نبی کی شریعت پکڑنی
نہین پائی مگر جو لوک اون کی خبر پاکر معتقد ہوی اور پاس مکان زیارت بنایا وہ نصاری تہی
اصحاب کہف سب لوگون کو رخصت کر کر پہر سو گئی سَيَقُوْلُوْنَ ثَلٰثَةٌ
رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ
كَلْبُهُمْ رَجْمًا بِالْغَيْبِ وَيَقُوْلُوْنَ سَبْعَةٌ وَّ
ثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ بِعِدَّتِهِمْ مَّا
يَعْلَمُهُمْ اِلَّا قَلِيْلٌ فَلَا تُمَارِ فِيْهِمْ اِلَّا مِرَآءً ظَاهِرًا
وَّلَا تَسْتَفْتِ فِيْهِمْ مِّنْهُمْ اَحَدًا ۰ اب یہ بہی کہین کی وہ تین ہین
چوتہا اونکا کتا اور یہ بہی کہین وہ پانچ ہین چہٹا اونکا کتا بن دیکہی نشانا پہر چلانا اور یہ

کہین کی وہ سات ہین اور اٹھوان اونکا کتا تو کہ میرا رب بہتر جانی اونکی گنتی اونکی خبر نہین
رکھتی مگر تہوڑی لوگ سو تومت جھگڑ اونکی بات مین مگر سرسری جھگڑا اور مت تحقیق کر اونکا
احوال اتون مین کسی سے ف یعنی ان باتون مین جھگڑنا کچھ حاصل نہین رکھتا ابن عباس نے
کہا کہ وہ سات ہین کہ اللہ تعالی نے دو باتون کو بن دیکھا نشان کہا اور اسکو نہین کہا
وَلَا تَقُولَنَّ لِشَيْءٍ إِنِّي فَاعِلٌ ذَٰلِكَ غَدًا إِلَّا أَنْ يَشَاءَ اللَّهُ
وَاذْكُرْ رَبَّكَ إِذَا نَسِيتَ وَقُلْ عَسَىٰ أَنْ يَهْدِيَنِ
رَبِّي لِأَقْرَبَ مِنْ هَٰذَا رَشَدًا • اور نہ کہیو کسی کام کو کہ مین یہ کرون گا
کل مگر یہ کہ اللہ چاہی اور یاد کرلی اپنی رب کو بہول جاوی اور کہ امید ہی کہ میرا رب مجکو سوجھاوی اس سے
نزدیک راہ نیکی کی ف اصحاب کہف کا قصہ تاریخ کی کتابون مین بادرات مین لکھا تہا مگر
کسی کو خبر کہا ہو سکتی کافرون نے یہود کی سکھانی سے حضرت کو پوچھا آزمانی کو حضرت نے
وعدہ کیا کہ کل بتاؤن کا اس بہروسی پر کہ جبرئیل آوین گی تو توجہ دون کا جبریل نہ آئی اٹھارہ دن تک
حضرت نہایت غمگین ہوی آخر یہہ قصہ لیکر آئی اور یہہ بہی نصیحت کہ اگلی بات پر وعدہ نہ کریے بغیر
انشاء اللہ اگر ایک وقت بہول جاوی تو پہر یاد کرکے لیوے اور فرمایا کہ امید رکہہ کہ تیرا درجہ اللہ
اس سی زیادہ کری یعنی کبہی نہ بہولی وَلَبِثُوا فِي كَهْفِهِمْ ثَلَاثَ مِائَةٍ
سِنِينَ وَازْدَادُوا تِسْعًا • اور مدت گذری اون پر اپنی کہوہ مین تین سو
برس اور اوپر سی نو قُلِ اللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوا لَهُ غَيْبُ السَّمَاوَاتِ
وَالْأَرْضِ أَبْصِرْ بِهِ وَأَسْمِعْ مَا لَهُمْ مِنْ دُونِهِ مِنْ وَلِيٍّ
وَلَا يُشْرِكُ فِي حُكْمِهِ أَحَدًا • تو کہ اللہ خوب جانتا ہی جتنی مدت وہ رہے
اوسی پاس ہین چہپی بہید آسمان و زمین کی عجب دیکھتا سنتا ہی کوئی نہین بندون پر اوسکے

سوای مختار اور نہین شریک کرتا اپنی حکم مین کسی کو ف جتنی مدت سو کر وہ جاگی ہی تہی تاریخ والی کسی طرح بتاتی تہی سب سی ٹہیک وہی جو الله بتاوی یہان تک قصے ہو چکا وَاتْلُ مَآ أُوْحِيَ إِلَيْكَ مِنْ كِتَابِ رَبِّكَ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِهِ وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُونِهِ مُلْتَحَدًا ۰ اور پڑہ جو وحی ہوی تجکو تیری رب سے اوسکی کتاب کوئی بدلنی والا نہین اوسکی باتین اور کہین نہ پاوی گا تو اوسکی سوای چہپنی کو جگہ وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِينَ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيدُونَ وَجْهَهُ وَلَا تَعْدُ عَيْنَاكَ عَنْهُمْ تُرِيدُ زِينَةَ الْحَيَوٰةِ الدُّنْيَا وَلَا تُطِعْ مَنْ أَغْفَلْنَا قَلْبَهُ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰهُ وَكَانَ أَمْرُهُ فُرُطًا ۰ اور تہام رکہہ آپ کو اونکی ساتہہ جو پکارتی ہین اپنی رب کو صبح اور شام طالب ہین اوسکی مونہ کی اور نہ دوڑین تیری آنکہین اونکو چہوڑ کر تلاش مین رونق دنیا کی زندگی کی اور نہ کہا مان اوسکا جسکا دل غافل کیا ہمنی اپنی یاد سی اور پیچہی لگا ہی اپنی چاو کی اور اوسکا کام ہی حد پر نہ رہنا ف ایک کافر حضرت کو سمجہانی لگا کہ اپنی پاس زدالون کو نہ بیٹہنے دو کہ سردار تم پاس بیٹہین زدالکہا غریب مسلمانون کو اور سردار دولتمند کافرونکو اوسی پر یہ آیت آئی وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَبِّكُمْ فَمَنْ شَاءَ فَلْيُؤْمِنْ وَمَنْ شَاءَ فَلْيَكْفُرْ إِنَّآ أَعْتَدْنَا لِلظَّالِمِينَ نَارًا أَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا وَإِنْ يَسْتَغِيثُوا يُغَاثُوا بِمَاءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِي الْوُجُوهَ بِئْسَ الشَّرَابُ وَسَاءَتْ مُرْتَفَقًا ۰ اور کہہ سچی بات ہی تمہاری رب کے طرف سی پہر جو کوئی چاہی مانی اور جو کوئی چاہی نہ مانی

ہمنی رکہی ہی گنہگاروں کی واسطی آگ جو گہیر رہی ہین اونکو اوسکی قناتین اور اگر فریاد کرین کی تو ملی کا پانی جیسے پیپ بہون ڈالی مونہ کو کیا برا پینا ہی اور کیا برا آرام اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا۝ بیشک جو لوگ یقین لائی اور کین نیکیان ہم نہین کہوتی نیگ اوسکا جن نی بہلا کیا کام اُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّيَلْبَسُوْنَ ثِيَابًا خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ نِعْمَ الثَّوَابُ وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا۝ ایسون کو باغ ہین بسنی کی بہتی ہین اونکی نیچی نہرین بہناتی ہین اونکو وہان کہنہ کنگن سونی کی اور پہنتی ہین کپڑی سبز پتلی اور گاڑھے ریشم کی لگی بیٹھی ہین اونمین تختون پر کیا خوب بدلاھے اور کیا خوب آرام ف حضرت نی فرمایا سونا اور ریشمی کپڑا مردون کو ملتا ہی بہشت مین جو کوی یہان پہنی یہ چیزین وہان نہ پہنے

وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِاَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ مِنْ اَعْنَابٍ وَّحَفَفْنٰهُمَا بِنَخْلٍ وَّجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعًا۝ اور بتا اونکو کہاوت دو مردون کی بنادئی ہمنی ایک کو دو باغ انگور کی اور گرد اونکی کہجورین اور رکہی دونوکی بیچ مین کہیتی ف پہلی وقت مین ایک شخص مالدار مر گیا دو بیٹی رہی برابر مال بانٹ لیا ایک نی زمین خریدکی دو طرف میوی کی باغ لگائی بیچ مین کہیتی اور ندی کاٹ لا کر اوسمین ڈالی کہ مینہ نہ ہو توبی نقصان نہ آوی اور عمدہ جگہ بیاہ کیا اولاد ہوی اور نوکر رکہی تدبیر دنیا درست کر کر آسودہ گذران کرنی لگا دوسری نی سب مال اللہ کی راہ خرچ کیا آپ قناعت سی بیٹھ رہا كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ

اٰتت اکلها ولم تظلم منه شیئا وفجرنا خلٰلهما نهرا
دو باغ لاتی اپنا میوہ اور نہ کہتاتی اوسمین سی کچہہ اور بہائی ہمنی اون دونو کی بیچ نہر وکان
له ثمر فقال لصاحبه وهو یحاوره انا اکثر منك
مالا واعز نفرا ۔ اور اوسکو پہل ملا پہر بولا اپنی دوسری سے جب باتین کرنی لگا اوس سی
مجہہ پاس زیادہ ہی مال اور آبرو کی لوگ ف مال تو اللہ کی نعمت ہی پر اترانی سی اور کفر بکنی
سی آفت آئی ودخل جنته وهو ظالم لنفسه قال ما اظن
ان تبید هٰذه ابدا ۔ اور گیا اپنی باغ مین اور وہ برا کر رہا تہا اپنی جان کا بولا مجکو نہین
آتا خیال مین کہ خراب ہوئی یہ باغ کبہی وما اظن الساعة قائمة ولئن
رددت الی ربی لاجدن خیرا منها منقلبا ۔
اور مجکو خیال مین نہین آتا کہ قیامت ہونی ہی اور اگر کبہی پہنچایا مجکو میری رب کے پاس پاؤن کا بہتر
اس سی اوس طرف پہنچ کر ف مگر لوگ جانتی ہین کہ جیسی دنیا مین عیش کرتی ہین ساتہہ
گناہون کی وہی بات ہو گی آخرت مین سو ہرگز ہونا نہین قال له صاحبه وهو
یحاوره اکفرت بالذی خلقك من تراب ثم
من نطفة ثم سوٰىك رجلا ۔ کہا اوسکو دوسری نی جب بات کرنی لگا
کیا تو منکر ہو گیا اوس شخص سی جسنی بنایا تجکو مٹی سی پہر بوند سی پہر پورا کر دیا تجکو مرد
لٰکنا هو الله ربی ولا اشرك بربی احدا ۔ پہر مین تو کہون
وہی اللہ رب میرا اور نہ مانون ساجہی اپنی رب کا کسی کو ولولا اذ دخلت جنتك
قلت ما شاء الله لا قوة الا بالله ان ترن انا اقل
منك مالا وولدا فعسٰی ربی یؤتین خیرا من جنتك
ان

وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا مِّنَ السَّمَاءِ فَتُصْبِحَ صَعِيدًا زَلَقًا• اور کیون نہ جب تو آیا تہا اپنی باغ مین کہا ہوتا جو چاہا اللہ کا کچہہ زور نہین مگر دیا اللہ کا اگر تو دیکہتا ہی مجکو کہ مین کم ہون تجسی مال اور اولاد مین تو امید ہی کہ میرا رب دیوی مجکو تیری باغ سی بہتر اور بہیجدی اوس پر ایک بہبہوکا آسمان سی پہر صبح کو رہ جاوی میدان پیٹ

اَوْ يُصْبِحَ مَاؤُهَا غَوْرًا فَلَنْ تَسْتَطِيعَ لَهُ طَلَبًا• یا صبح کو ہو رہی اوسکا پانی خشک پہر نہ سکی تو کہ اوسکو ڈہونڈہ لادی ف رسول نی فرمایا کہ جب آدمی کو اپنی گہربار مین آسودہ کی نظر آوی تو یہی لفظ کہی ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ کہ ٹوک نہ لگی وَأُحِيطَ بِثَمَرِهِ فَأَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلَىٰ مَا أَنْفَقَ فِيهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلَىٰ عُرُوشِهَا وَيَقُولُ يَا لَيْتَنِي لَمْ أُشْرِكْ بِرَبِّي أَحَدًا• اور سمیٹ لیا اوسکا سارا پہل پہر صبح کو رہ گیا ہاتہہ نچاتا اوس مال پر جو اوسمین لگایا اور وہ ڈہہا پڑا تہا اپنی چہتریون پر اور کہنی لگا کیا خوب تہا اگر مین ساجہی نہ بتاتا اپنی رب کا کسی کو ف آخر اوسکی باغ پر وہی ہوا جو اوس نیک کی زبان سی نکلا رات کو آگ لگ گئی آسمان سے سب جل کر ڈہیر ہو گیا مال خرچ کیا بونجی بڑہائی کو وہ اصل بی کہو بیٹہا وَلَمْ تَكُنْ لَهُ فِئَةٌ يَنْصُرُونَهُ مِنْ دُونِ اللَّهِ وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا• اور نہ ہوی اوسکی جماعت کہ مدد کرین اوسکو اللہ کی سوای اور نہ ہوا وہ کہ بدلا لی سکی هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلَّهِ الْحَقِّ هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَخَيْرٌ عُقْبًا• وہان اختیار ہی اللہ سچی کا اوسی کا انعام بہتر ہی اور اوسی کا دیا بدلا

وَاضْرِبْ لَهُمْ مَثَلَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا كَمَاءٍ أَنْزَلْنَاهُ مِنَ السَّمَاءِ

فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيَاحُ
وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا۝ اور بتا اونکو کہاوت دنیا کی زندگی
جیسی پانی اتارا ہمنی اسمان سی پہر پہر کر نکلا اوس سی زمین کا سبزہ پہر کل کو ہو رہا چورا اوڑاوین
اوڑتا اور اللہ کو ہی ہر چیز پر قدرت ف یعنی جب چاہی پہر جلاوی اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ
زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ
رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ اَمَلًا۝ مال اور بیٹی رونق ہین دنیا کی جیتی اور رہنی والی
نیکیون پر بہتر ہی تیری رب کی ہان بدلا اور بہتر ہی توقع ف رہنی والی نیکیان یہ کہ علم سکہا جاوی
جو جاری رہی یا نیک رسم چلا جاوی یا مسجد کوا سرای باغ کہیت وقف کر جاوی یا اولاد کو
تربیت کر کر صالح چہوڑ جاوی وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى الْاَرْضَ بَارِزَةً
وَّحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا۝ اور جسدن ہم چلاوین پہاڑ اور
تو دیکہی زمین کہل گئی اور گہیر بلاوین اونکو پہر نہ چہوڑین اونمین ایک کو وَعُرِضُوْا عَلٰى رَبِّكَ
صَفًّا لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍۭ بَلْ زَعَمْتُمْ
اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ مَّوْعِدًا۝ اور سامہنی لای تیری رب کی قطار کر کر ا پہنچی
تم ہمارے پاس جیسا ہمنی بنایا تہا تمکو پہلی بار نہین تم بتاتی تہی کہ نہ ٹہرادین گی ہم تمہارا کوئی وعدہ ف
یہ اللہ تعالی اونکی تنبیہ کو فرماوی گا اور جیسا بنایا تہا پہلی بار یہ بہی ہی کہ بدن مین کچہہ زخم و نقصان
نہ رہی گا ختنہ بہی نہ رہیگا وَوُضِعَ الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ
مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ
صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّا اَحْصٰهَا وَوَجَدُوْا
مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا۝ اور رکہا جاویگا کاغذ

پہر تو دیکہی گناہ کار ڈرتی ہین اوسکی ہیچ لکہی سی اور کہتی ہین ای خرابی کیا ہی یہ لکہا نہ چہوڑی چہوتی بات

نہ بڑی بات جو اوسمین نہین گہیرلے اور پاوین گی جو کیا ہی ساہہنی اور تیرا رب ظلم نہ کریگا کسی پر

ف رب جو کری سو ظلم نہین سب اوسی کا مال ہی پر ظاہر مین جو ظلم نظر اوی وہ بہی نہین کرتا بیگناہ

دوزخ مین نہین ڈالتا اور نیکی ضایع نہین کرتا اور جو کوی کہی گناہ مین ہمارا کیا اختیار سو بات نہین

اپنی دل سی پوچہلی جب گناہ پر دوڑتا ہی اپنی قصد سی دوڑتا ہی اور جو کوی کہی قصد بہی اوسی نے

دیا سو قصد دونو طرف لگ سکتا ہی اور جو کہی اوسی نی ایک طرف لگا دیا سو بندگی دریافت سے

باہر ہی بندی سی معاملت ہی اوسکی سمجہ پر بندہ بہی پکڑیگا اوسی کو جو اس سی بدی کرتی کہی کا

کہ اس کا کیا قصور اللہ نی کروایا وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ

فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ

عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ وَذُرِّيَّتَهٗٓ اَوْلِيَآءَ مِنْ

دُوْنِيْ وَهُمْ لَكُمْ عَدُوٌّ بِئْسَ لِلظّٰلِمِيْنَ بَدَلًا ۝ اور جب کہا

ہمنی فرشتون کو سجدہ کرو آدم کو تو سجدہ کر پڑی مگر ابلیس تہا جن کی قسم سی سو نکل بہاگا اپنی رب کے

حکم سی سو اب تم ٹہراتی ہو اوسکو اور اوسکی اولاد کو رفیق میری سوای اور وہ تمہاری دشمن ہین برا

ہاتہ لگا بی انصافون کو بدلا ف یعنی اللہ کی بدلی شیطان پکڑا اوسکی اولاد وہی ہین جنسی بت

پوجی جاتی ہین مَآ اَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

وَلَا خَلْقَ اَنْفُسِهِمْ وَمَا كُنْتُ مُتَّخِذَ الْمُضِلِّيْنَ

عَضُدًا ۝ دکہا نہین لیا مین نی اونکو بنانا آسمان و زمین کا اور نہ بنانا آپ اونکا اور مین وہ نہین

کہ پکڑون بہکانی والونکو بازو وَيَوْمَ يَقُوْلُ نَادُوْا شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ

زَعَمْتُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ

مَّوْبِقًا ۝ اور جس دن فرماویگا پکارو میری شریکون کو جو تم بتاتی تہی پہر پکارین گی پہر وہ جواب
نہ دین گی اور کر دین گی ہم اونکی انکی بیچ مرنی کا اسباب ف یعنی خندق آگ سی بہری وَرَاَی
الْمُجْرِمُوْنَ النَّارَ فَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مُّوَاقِعُوْهَا وَلَمْ يَجِدُوْا عَنْهَا
مَصْرِفًا ۝ اور دیکہین گی گنہگار آگ کو پہر اٹکلین گی کہ اونکو پڑنا ہی اوسمین اور نہ پاوین گے
اوس سی راہ بدلنی وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِیْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِلنَّاسِ مِنْ كُلِّ
مَثَلٍ وَكَانَ الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ شَیْءٍ جَدَلًا ۝ اور پہیر پہیر سمجہائی ہمنی اس قرآن
مین لوگونکو ہر ایک کہاوت اور ہی انسان سب چیز سی زیادہ جہگڑنی کو وَمَا مَنَعَ النَّاسَ
اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰی وَيَسْتَغْفِرُوْا رَبَّهُمْ
اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ اَوْ يَاْتِيَهُمُ الْعَذَابُ قُبُلًا ۝
اور لوگونکو اٹکاو جو رہا اس سی کہ یقین لاوین جب پہنچی اونکو راہ کی سوجہ اور گناہ بخشواوین اپنی رب سی
سو یہی کہ پہنچی ان پر رسم پہلون کی یا آکہڑا ہووی ان پر عذاب سامہنی ف یعنی کچہہ اور انتظار
نہین رہا مگر یہی کہ پہلون کی طرح ہلاک ہووین یا قیامت کا عذاب آنکہون سی دیکہین
وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ
وَيُجَادِلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ
وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِیْ وَمَآ اُنْذِرُوْا هُزُوًا ۝ اور ہم جو رسول بہیجتی ہین
سو خوشی اور ڈر سنانیکو اور جہگڑتی لاتی ہین منکر جہوٹہی جہگڑی کہ ڈگادین اوس سی
سچی بات اور ٹہرایا ہی میری کلام کو اور جو ڈر سنائی ٹہٹہا وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ
ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ فَاَعْرَضَ عَنْهَا وَنَسِیَ مَا قَدَّمَتْ
يَدٰهُ اِنَّا جَعَلْنَا عَلٰی قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِیْٓ

اٰذَانِہِمْ وَقْرًا۔ اور کون ظالم اوس سے جسکو سمجہایا اوس کی رب کے کلام سی پہر مونہ
پہیرا اوسکی طرف اور بہول گیا جو اگی بہیج چکی ہیں اوسکی ہاتہہ ہمنی رکہی ہیں اونکی دلون پر اوٹ کہ اسکو
نہ سمجہین اور اونکی کانون مین بوجہ وَاِنْ تَدْعُہُمْ اِلَی الْہُدٰی فَلَنْ
یَّہْتَدُوْٓا اِذًا اَبَدًا۔ اور جو تو اونکو بلاوی راہ پر تو ہرگز نہ اوین راہ پر اوسوقت کبہی
وَرَبُّکَ الْغَفُوْرُ ذُو الرَّحْمَۃِ لَوْ یُؤَاخِذُہُمْ بِمَا کَسَبُوْا
لَعَجَّلَ لَہُمُ الْعَذَابَ بَلْ لَّہُمْ مَّوْعِدٌ لَّنْ یَّجِدُوْا مِنْ
دُوْنِہٖ مَوْئِلًا۔ اور تیرا رب بڑا بخشنی والا ہی مہر رکہتا اگر اونکو پکڑی اونکی کئی پر تو جلد
ڈالی اون پر عذاب پر اونکا ایک وعدہ ہے کہین نہ پاوین کی اوس سی ورے سرکنی کو جگہ وَتِلْکَ
الْقُرٰٓی اَہْلَکْنٰہُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا وَجَعَلْنَا لِمَہْلِکِہِمْ
مَّوْعِدًا۔ اور یہ سب بستیان ہین جنکو ہمنی کہپا دیا جب ظالم ہوگئی اور رکہا تہا اونکی کہپنی کا
ایک وعدہ ف اوپر ذکر ہوا تہا کہ کافر اپنی دنیا پر مغرور مفلس مسلمانون کو ذلیل سمجہکر حضرت
سی چاہتی تہی کہ انکو اپنی پاس نہ بیٹہاو تو ہم بیٹہین اوسی پر دو بہایون کی کہادت بیان کے
اور دنیا کی کہاوت بیان کی اور ابلیس کا خراب ہونا اپنی غرور سی اب قصہ فرمایا موسی اور خضر کا کہ
اللہ کی لوگ اگر بہتر بہی ہون تو آپ کو کسی سی بہتر نہین کہتی رسول نی فرمایا کہ موسی علیہ السلام
اپنی قوم مین نصیحت فرماتی تہی ایک شخص نی پوچہا کہ یا موسی تمسی زیادہ بہی کسی کو علم ہی کہا مجکو
معلوم نہین یہ بات تحقیق تہی پر اللہ کی خوشی تہی کہ یون کہتی مجہسی بندی اللہ کی بہت ہین سب کے
خبر اوسی کو ہی تب وحی آئی کہ ایک بندہ ہمارا ہے دو دریا کی ملاپ پاس اوسکو علم زیادہ ہے
تبہی موسی علیہ السلام نی دعا کی کہ مجکو اوسکی ملاقات میسر ہو حکم ہوا کہ ایک مچہلی تل کر ساتہہ
لو جہان مچہلی گم ہو وہان وہ ملے وَاِذْ قَالَ مُوْسٰی لِفَتٰىہُ لَآ اَبْرَحُ حَتّٰی

اَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ اَوْ اَمْضِيَ حُقُبًا۔ اور جب کہا موسی نے اپنی جوان کو مین نہ سرکونگا جب تک نہ پہنچون دو دریا کی ملاپ تک یا چلتا جاون قرنون ف یہ جوان فرمایا یوشع علیہ السلام کو حضرت موسی کے خادم خاص تہی پیچہی اونکی رو برو پیغمبر ہوی اور اونکی بعد خلیفہ ہوی فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا نَسِيَا حُوتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ سَرَبًا پہر جب پہنچی دونو دو دریا کے ملاپ تک بہول گئی اپنی مچہلی پہر اوسنی اپنی راہ کرلی دریا مین سرنگ بناکر ف وہان پہنچ کر حضرت حضرت موسی سورہی اور یوشع دریاسی وضو کرنی لگی وہ تلی مچہلی زندہ ہوکر دریا مین نکل پڑی اور پانی مین بیٹہہ گئی وہان طاق سا کہلا رہ گیا ان کو دیکہہ کر تعجب آیا چاہا کہ جب موسی جاگین تب اون سی کہون وہ جاگی تو دونو آگی چل کہڑی ہوی کہنا بہول گئی فَلَمَّا جَاوَزَا قَالَ لِفَتٰىهُ اٰتِنَا غَدَآءَنَا لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا۔ پہر جب آگی چلی کہا موسے نی اپنی جوان کو لا ہماری پاس ہمارا کہانا ہمنی پائی اپنی اس سفر مین تکلیف ف حضرت موسے بہلی نہین تہکی جب مطلب چہوٹ رہا اوس چلنی سی تہکی قَالَ اَرَاَيْتَ اِذْ اَوَيْنَا اِلَى الصَّخْرَةِ فَاِنِّيْ نَسِيْتُ الْحُوْتَ وَمَا اَنْسٰنِيْهُ اِلَّا الشَّيْطٰنُ اَنْ اَذْكُرَهٗ وَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ عَجَبًا۔ بولا وہ دیکہا جب تونی جگہ پکڑی اوس پتہر پاس سو مین بہول گیا مچہلی اور یہ مجکو بہولا یا شیطان نی ہی کہ اوسکا مذکور کردن اور وہ کر گئی اپنی راہ دریا مین عجب طرح قَالَ ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ فَارْتَدَّا عَلٰٓى اٰثَارِهِمَا قَصَصًا۔ کہا یہی ہی جو ہم چاہتی تہی پہر الٹی پہرے اپنی پیر پہچانتی فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَآ اٰتَيْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَعَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا۔ پہر پایا ایک بندہ ہماری بندون مین کا جسکو دی تہی ہمنی مہر اپنی پاس سی اور سکہایا تہا اپنی پاس سی ایک علم ف وہ بندہ خضر تہا

ل کر سبب پوچھا آنی کا موسی نی سبب بتایا خضر نی کہا تمکو اللہ نی تربیت فرمائی پر بات یون ھے

کہ اللہ کا ایک علم مجکو ہی تمکو نہین ایک تمکو ہی مجکو نہین ایک چڑیا دکہا دی دریا مین سی

پانی پیتی کہا سارا علم سب خلق کا اللہ کی علم مین سی اتنا ہی جتنا دریا مین سی چڑیا کی مونہ مین

قَالَ لَهُ مُوسٰى هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰٓى اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ

رُشْدًا • کہا اوسکو موسی نی کہی تو تیری ساتھہ رہون اس پر کہ مجکو سکہا دی کچھہ جو تجکو

سکہای ھے بہلی راہ قَالَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا • بولا تو نہ سکی گا

میری ساتھہ ٹہرنا وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلٰى مَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبْرًا •

اور کیون کر ٹہری دیکہہ کر ایک چیز جو تیری قابو مین نہین اوسکی سمجہ قَالَ سَتَجِدُنِيْٓ

اِنْ شَآءَ اللّٰهُ صَابِرًا وَّلَآ اَعْصِيْ لَكَ اَمْرًا • کہا تو پا دیگا اگر اللہ نی

چاہا مجکو ٹہرنی والا اور نہ ٹالون کا تیرا کوی حکم قَالَ فَاِنِ اتَّبَعْتَنِيْ فَلَا

تَسْئَلْنِيْ عَنْ شَيْءٍ حَتّٰٓى اُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ

ذِكْرًا • بولا پہر اگر میری ساتھہ رہتا ہی تو مت پوچھیو مجسی کوی چیز جب تک

مین شروع نہ کرون تیری اگی اوسکا مذکور فَانْطَلَقَا حَتّٰٓى اِذَا رَكِبَا

فِي السَّفِيْنَةِ خَرَقَهَا قَالَ اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا

لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا اِمْرًا • پہر دونو چلی یہان تک کہ جب چڑہی ناو مین اوسکو

پہاڑ ڈالا موسی بولا تونی اسکو پہاڑ ڈالا کہ ڈوبا وی اسکی لوکون کو تونی کی ایک چیز انوکہی

ف جب اوس ناو پر چڑہنی لگی ناو والون نی خضر کو پہچان کر مفت چڑہا لیا اوس احسان کے

بدلی یہ نقصان اور تعجب لگا لیکن کنارے کی قریب پہنچ کر تورٹی لوک نہ ڈوبی توڑی ہہ کہ ایک

تختہ نکال ڈالا قَالَ اَلَمْ اَقُلْ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا •

١٠ع

بولا مین نی نہ کہا تہا تو نہ سکی کا میری ساتہہ ٹہرنا قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِي بِمَا نَسِيتُ

وَلَا تُرْهِقْنِي مِنْ أَمْرِي عُسْرًا ۝ کہا مجکو نہ پکڑ میری بہول پر اور نہ ڈال مجہ پر

میرا کام مشکل ف یہہ پہلا پوچہنا حضرت موسٰی سی بہول کر ہوا اور دوسرا اقرار کرنی کو اوٹہرا تیسرا رخصت کو

فَانْطَلَقَا حَتَّىٰ إِذَا لَقِيَا غُلَامًا فَقَتَلَهُ قَالَ أَقَتَلْتَ

نَفْسًا زَكِيَّةً بِغَيْرِ نَفْسٍ لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا نُكْرًا ۝

پہر دو نو چلی یہان تک کہ ملی ایک لڑکی سی اوسکو مار ڈالا موسی بولا تو نی مار ڈالی ایک جان ستہری

بن بدلی کسی جان کی تو نی کی ایک چیز نا معقول ف ستہری یعنی بی گناہ جب تک لڑکا بالغ نہ ہو

اوس پر کچہہ گناہ نہین ایک گانو پاس لڑکی کہیلتی تہی ایک لڑکی کو مار ڈالا اور چل کہڑی ہوے

قَالَ أَلَمْ أَقُلْ لَكَ إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْرًا ۝

بولا مین نی تجکو نہ کہا تہا تو نہ سکی کا میری ساتہہ ٹہرنا قَالَ إِنْ سَأَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍ

بَعْدَهَا فَلَا تُصَاحِبْنِي قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَدُنِّي

عُذْرًا ۝ کہا اگر تجسی پوچہون کوئی چیز اسکی پیچہی پہر مجکو ساتہہ نہ رکہیو تو اتار چکا میری طرف سی الزام

فَانْطَلَقَا حَتَّىٰ إِذَا أَتَيَا أَهْلَ قَرْيَةٍ اسْتَطْعَمَا أَهْلَهَا

فَأَبَوْا أَنْ يُضَيِّفُوهُمَا فَوَجَدَا فِيهَا جِدَارًا يُرِيدُ أَنْ

يَنْقَضَّ فَأَقَامَهُ قَالَ لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ أَجْرًا ۝

پہر دو نو چلی یہان تک کہ پہنچی ایک گانو کی لوگون تک کہانا چاہا وہان کی لوگون سی وہ

نہ مانی کہ انکو مہمان رکہین پہر پائی اوسمین ایک دیوار گرا چاہتی اوسکو سیدہا کیا بولا موسے

اگر تو چاہتا لیتا اس پر مزدوری ف یعنی گانو کی لوگون نی مسافر کا حق نہ سمجہا کہ کہانا

کرین اونکی دیوار مفت بنانی کیا ضرور قَالَ هَٰذَا فِرَاقُ بَيْنِي وَبَيْنِكَ

سَأُنَبِّئُكَ بِتَأْوِيلِ مَا لَمْ تَسْتَطِعْ عَلَيْهِ صَبْرًا ۔ کہا اب جدائی ہے
میری تیری بیچ اب جتاتا ہون تجکو پہیر ان باتون کا جس پر تو نہ ٹہر سکا ف اب کی ہوئی
نی جان کر پوچہا حضرت ہونی کو سمجہ لیا کہ یہ علم میری ڈہب کا نہین حضرت موسی کا علم وہ تہا
جسمین پیروی کری خلق تو اونکا بہلا ہو حضرت خضر کا علم وہ کہ دوسری کو اوسکی پیروی
بن نہ آوی أَمَّا السَّفِينَةُ فَكَانَتْ لِمَسَاكِينَ يَعْمَلُونَ فِي
الْبَحْرِ فَأَرَدْتُ أَنْ أَعِيبَهَا وَكَانَ وَرَاءَهُمْ مَلِكٌ
يَأْخُذُ كُلَّ سَفِينَةٍ غَصْبًا ۔ وہ جو کشتی تہی سو تہی کتی محتاجون کے
محنت کرتی تہی دریا مین سو مین نی چاہا کہ اوسمین نقصان ڈالون اور انکی پری تہا ایک بادشاہ
لی لیتا ہر کشتی چہین کر وَأَمَّا الْغُلَامُ فَكَانَ أَبَوَاهُ مُؤْمِنَيْنِ
فَخَشِينَا أَنْ يُرْهِقَهُمَا طُغْيَانًا وَكُفْرًا ۔ اور وہ جو لڑکا تہا
سو اوسکی ماباپ تہی ایمان پر پہر ہم ڈری کہ اون کو عاجز کری زبردستی اور کفر کر ف یعنی اگر وہ
بڑا ہوتا تو موذی اور بدراہ ہوتا اوسکی ماباپ اوسکی ساتہہ خراب ہوتی بعضی آدمی کی بنیاد بری
پڑتی ہی اور بعضی کی بہلی جیسی ککڑی کہیرا کوئی بیچ مین میٹہا پڑا کوئی کڑوا اگرچہ اصل مین ککڑی
کہیرا میٹہا ہی آدمی کی بنیاد بہی اصل بہتر ہی بگڑ کر کوئی پہل کڑوا نکلتا ہی اسکا علم اللہ کو ہی پیغمبر نے فرمایا
ہر آدمی کی بنیاد مسلمانی پر ہی یہی معنی سمجہنی چاہیین فَأَرَدْنَا أَنْ يُبْدِلَهُمَا
رَبُّهُمَا خَيْرًا مِنْهُ زَكَاةً وَأَقْرَبَ رُحْمًا ۔ پہر ہمنی چاہا کہ بدلا دے
اونکو اونکا رب اوس سے بہتر ستہرائی مین اور لگاو رکہتا محبت مین ف اوس ماباپ کو نیچے
ایک بیٹی ہوئی ایک نبی سی بیاہی گئی اور ایک نبی جنا جس سے ایک امت چلی وَأَمَّا الْجِدَارُ
فَكَانَ لِغُلَامَيْنِ يَتِيمَيْنِ فِي الْمَدِينَةِ وَكَانَ تَحْتَهُ

كَنزَهُمَا وَكَانَ أَبُوهُمَا صَالِحًا • اور وہ جو دیوار تھی سو دو یتیم لڑکون

کی تھی رہتی اوس شہر مین اور اوسکی نیچی مال گڑا تھا اونکا اور اون کا باپ تھا نیک فَأَرَادَ

رَبُّكَ أَن يَبْلُغَا أَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا كَنزَهُمَا رَحْمَةً

مِّن رَّبِّكَ وَمَا فَعَلْتُهُ عَنْ أَمْرِي ذَٰلِكَ تَأْوِيلُ مَا لَمْ تَسْطِع

عَّلَيْهِ صَبْرًا • پھر چاہا تیری رب نے کہ وہ پہنچین اپنی زور کو اور نکالین اپنا مال گڑا مہربانی سے

تیری رب کی اور مین نے یہ نہین کیا اپنی حکم سے یہ پھیر ہے اون چیزون کا جن پر تو نہ ٹھہر سکا تھی

ف یعنی کام خدا کی حکم سے کرنا ضرور ہوا اوس پر فردوری نہین لینی ف اگی قصہ فرمایا ذو القرنین

بادشاہ کا یہ بی یہود کی سکھای سے مکی کی لوک پوچھتی تھی پیغمبر کی آزمائی کو جیسی اصحاب کہف کا احوال

وَيَسْأَلُونَكَ عَن ذِي الْقَرْنَيْنِ قُلْ سَأَتْلُو عَلَيْكُم

مِّنْهُ ذِكْرًا • اور تجسے پوچھتی ہین ذو القرنین کو کہ پڑھتا ہون تمہاری اگی اوسکا

کچھہ مذکور ف اوس بادشاہ کو ذو القرنین کہتی ہین اس واسطی کہ دنیا کی دو نی سری پر

پھر کیا تھا مشرق اور مغرب پر بعضی کہتی ہین یہ لقب ہے سکندر کا بعضی کہتی ہین کوی بادشاہ

پہلی گذرا ہے إِنَّا مَكَّنَّا لَهُ فِي الْأَرْضِ وَآتَيْنَاهُ مِن كُلِّ شَيْءٍ

سَبَبًا فَأَتْبَعَ سَبَبًا • ہمنی اوسکو جمایا تھا ملک مین اور دیا تھا ہر چیز کا اسباب

پھر پیچھی پڑا ایک اسباب کے ف یعنی سر انجام کرنی لگا ایک سفر کا حَتَّىٰ إِذَا بَلَغَ

مَغْرِبَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِي عَيْنٍ حَمِئَةٍ وَوَجَدَ

عِندَهَا قَوْمًا • یہان تک کہ جب پہنچا سورج ڈوبنی کی جگہ پایا کہ وہ ڈوبتا ہے

ایک دلدل کی ندی مین اور پای اوسکی پاس ایک لوک ف ذو القرنین کو شوق

ہوا کہ دیکھی دنیا کی بستی کہان تک بسی ہے سو مغرب کی طرف اوس جگہ پہنچا کہ دلدل تھے

نکذا آدمی کانہ کشتی کا اللہ کی ملک کے حد نہ پاسکا قُلْنَا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِمَّا
اَنْ تُعَذِّبَ وَاِمَّا اَنْ تَتَّخِذَ فِيْهِمْ حُسْنًا۔ ہمنی کہا ای ذوالقرنین
یا لوگون کو تکلیف دی اور یا رکہہ اونمین خوبی ف اوسکو یہ کہا یعنی دو نو بات کی قدرت دے
ہر بادشاہ کو ہر حاکم کو قدرت ملتی ہی چاہی خلق کو ستادی چاہی اپنی خوبی کا ذکر جاری رکہی قَالَ
اَمَّا مَنْ ظَلَمَ فَسَوْفَ نُعَذِّبُهٗ ثُمَّ يُرَدُّ اِلٰى رَبِّهٖ فَيُعَذِّبُهٗ
عَذَابًا نُّكْرًا۔ بولا جو کوی ہو کا بی انصاف سو ہم اوسکو ماردینگی پہر اولٹ جاویگا اپنی
رب کے پاس وہ ماردیگا اوسکو بری مار وَاَمَّا مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا
فَلَهٗ جَزَآءَ نِ الْحُسْنٰى وَسَنَقُوْلُ لَهٗ مِنْ اَمْرِنَا يُسْرًا۔
اور جو یقین لایا اور کیا بہلا کام سو اوسکو بدلی مین بہلائی ہی اور ہم کہینگی اوسکو اپنی کام مین
آسانی ف حاکم جو عادل ہو اوسکی یہی راہ برون کو سزا دی برای کی اور بہلون سی
نیکی کری اوسنی یہ بات کہی یعنی یہ حال اختیار کی ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا۔ پہر لگا ایک
اسباب کے پیچہی ف یعنی اور سفر کا سرانجام کیا حَتّٰى اِذَا بَلَغَ مَطْلِعَ الشَّمْسِ
وَجَدَهَا تَطْلُعُ عَلٰى قَوْمٍ لَّمْ نَجْعَلْ لَّهُمْ مِّنْ دُوْنِهَا
سِتْرًا۔ یہان تک کہ جب پہنچا سورج نکلنی جگہ پایا کہ وہ نکلتا ہی ایک لوگون پر
کہ نہین بنادی ہمنی اونکو اوس سے ورے کچہہ اوٹ ف شاید وہ لوگ جنگلی سی ہونگی کہ گہر
بنانا اور چہت ڈالنا اون مین دستور نہو کا كَذٰلِكَ وَقَدْ اَحَطْنَا بِمَا لَدَيْهِ
خُبْرًا۔ یونہی ہی اور ہمارے قابو مین آچکی ہی اوسکی پاس کی خبر ف تاریخ والی شاید
اس جگہ کچہہ اور کہتی ہونگی اور فی الحقیقہ اتنا ہی جو فرمادیا ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا۔ پہر لگا ایک
اسباب کے پیچہی حَتّٰى اِذَا بَلَغَ بَيْنَ السَّدَّيْنِ وَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمَا

قَوْمًا لَا يَكَادُونَ يَفْقَهُونَ قَوْلًا۔ یہان تک کہ جب پہنچا دو آڑون کی بیچ پایا

اون سی ورے ایک لوک لگتی نہین کہ سمجہین ایک بات ف یعنی کسی کی بولی اون سی نہ ملتی تہی

اور دو آڑ دو پہاڑ ہی اس ملک مین اور یاجوج ماجوج کی ملک مین وے الگا وہی اون پر چڑہائی نہ تہی مگر

بیچ مین کہلا تہا ایک گہاٹا اوس راہ سی یاجوج ماجوج آتی اور لوگون کو لوٹ مار کر چلی جاتی قَالُوا

يَا ذَا الْقَرْنَيْنِ إِنَّ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ مُفْسِدُونَ

فِي الْأَرْضِ فَهَلْ نَجْعَلُ لَكَ خَرْجًا عَلَىٰ أَنْ تَجْعَلَ بَيْنَنَا

وَبَيْنَهُمْ سَدًّا۔ بولی ای ذو القرنین یہ یاجوج وماجوج دہوم اوٹہاتی ہین ملک مین

سو کہی تو ہم ٹہرا دین تجکو کچہہ محصول اس پر کہ بنا دی تو ہم مین او ان مین ایک آڑ ف یعنی آپس مین

باچہہ ڈال کر کچہہ مال جمع کر دین اسکو دیکہا بادشاہ صاحب فوج واسباب صاحب حکم جانا کہ اس سے

یہ کام ہو سکی کا یاجوج ماجوج عرب کے زبان مین نام ہی ایک قوم کا ددادون کی اولاد مین ایک یاجوج

ایک ماجوج نہین معلوم کہ اوس ملک مین اونکا کیا نام تہا ترکون کی ملک سی لگتی تہی اور وہ

ترکون کے بہائی تہی قَالَ مَا مَكَّنِّي فِيهِ رَبِّي خَيْرٌ فَأَعِينُونِي

بِقُوَّةٍ أَجْعَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا۔ بولا جو مقدور دی مجکو میری رب نی

وہ بہتر ہی سو مدد کرو میری محنت مین بنا دون تمہاری اونکی بیچ ایک دہابا ف یعنی مال میری پاس

بہت ہی مگر ہاتہہ پانو سی ہماری ساتہہ تم بی محنت کرو آتُونِي زُبَرَ الْحَدِيدِ حَتَّىٰ

إِذَا سَاوَىٰ بَيْنَ الصَّدَفَيْنِ قَالَ انْفُخُوا حَتَّىٰ إِذَا جَعَلَهُ

نَارًا قَالَ آتُونِي أُفْرِغْ عَلَيْهِ قِطْرًا۔ لا دو مجکو تختی لوہی کی یہان تک

کہ جب برابر کر دیا دو پہانکون تک پہاڑ کی کہا دہونکو یہان تک کہ جب کر دیا اوسکو آگ کہا لاؤ میرے

پاس کہ ڈالون اس پر پگہلا تانبا ف اول لوہی کی بڑی بڑی تختی بنای ایک پر ایک پر دہرتا گیا

کہ دو پہاڑون کی برابر ملادیا پہر تانبا پگہلا اوسکی اوپر سی ڈالا وہ درزون مین بیٹہہ کر جم گیا
سب مل کر ایک پہاڑ ہوگیا ہماری پیغمبر پاس ایک شخص نی کہا مین سد تک گیا ہون اور اوسکو دیکہا ہے
فرمایا اوسکی طرح بیان کر اوسنی کہا جیسی چارخانہ لنگی فرمایا تو سچا ہی وہ لوہی کی تختی سیاہ
لگتی ہین اور درزون مین لکیر تانبی کی سرخ فَمَا اسْطَاعُوٓا اَنْ يَّظْهَرُوْهُ
وَمَا اسْتَطَاعُوْا لَهٗ نَقْبًا۔ پہر نہ سکی کہ اوس پر چڑہ اوین اور نہ سکی اوسمین
سوراخ کرنا ف اون مین ایسا بادشاہ صاحب عزم و صاحب حکم اس کام پر لگا نہین اور
تہوڑی لوگون سی ہو نہین سکتا قَالَ هٰذَا رَحْمَةٌ مِّنْ رَّبِّيْ فَاِذَا جَآءَ
وَعْدُ رَبِّيْ جَعَلَهٗ دَكَّآءَ وَكَانَ وَعْدُ رَبِّيْ حَقًّا۔
بولا یہ ایک مہر ہے میری رب کی پہر جب آوی وعدہ میری رب کا کراوی اسکو ڈہاہ کر اور ہی وعدہ
میری رب کا سچا ف حضرت کی وقت مین رُئی برابر سوراخ اوسمین پڑ گیا اور حضرت عیسی کی وقت
انکا نکلنا وعدہ ہے سب دنیا کو ڑاہی سی عاجز کرین گی آسمان پر تیر چلاوین گی وہ لوہو
بہری اوین آخر حضرت عیسی کی بد دعا سی یکبار ساری مر رہین گی ذوالقرنین ایسی محکم دیوار
بر بہی منتظر تہا کہ آخر یہ بہی فنا ہوگی نہ جیسی وہ باغ والا اپنی باغ پر مغرور وَتَرَكْنَا
بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَّمُوْجُ فِيْ بَعْضٍ وَّنُفِخَ فِي الصُّوْرِ
فَجَمَعْنٰهُمْ جَمْعًا۔ اور چہوڑ دین گی ہم خلق کو اوس دن ایک دوسری مین
دہستی اور پہونک ماری صور مین پہر جمع کر لاوین ہم اون کو ساری ف یہ قیامت کے
دن ہوگا جو رب کا وعدہ ہے وَعَرَضْنَا جَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ لِّلْكٰفِرِيْنَ
عَرْضًا۔ اور دکہاوین ہم دوزخ اوس دن کافرون کو سامہنی ع الَّذِيْنَ
كَانَتْ اَعْيُنُهُمْ فِيْ غِطَآءٍ عَنْ ذِكْرِيْ وَكَانُوْا

لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَمْعًا۔ جن کی انکھون پر پردہ پڑا تھا میری یاد سی اور نہ سکتی
تھی سنناف یعنی اپنی عقل کی انکھہ نہ تھی کہ قدرتین دیکھہ کر یقین لاوین اور کسی کی بات نہ سنتی
ھدسی کہ سمجھائی سمجھین اَفَحَسِبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ يَّتَّخِذُوْا
عِبَادِيْ مِنْ دُوْنِيْٓ اَوْلِيَاۗءَ اِنَّآ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ
لِلْكٰفِرِيْنَ نُزُلًا۔ اب کیا یہ سمجھی ہین منکر کہ ٹہراوین میری بندون کو میری سوا
حمایتی ہمنی رکھی ہی دوزخ منکرون کی مہمانی قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ
اَعْمَالًا۔ اَلَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ
يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا۔ تو کہہ ہم بتاوین تمکو کن کی
بہت اکارت گئی جنکی دوڑ بہٹک رہی دنیا کی زندگی مین اور وہ سمجھتی ہین کہ خوب بناتی ہین کام
ف یعنی جو دوڑ کی سو اسی دنیا کی اور آخرت ویران رکھی اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ
كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَلِقَاۗىِٕهٖ فَحَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ
فَلَا نُقِيْمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَزْنًا۔ وہی ہین جو منکر ہوی
اپنی رب کی نشانیون سی اور اوسکی ملنی سی سو مٹ گئی اونکی کئی پھر نہ کھڑا کرین
کی ہم اونکی واسطی تول ف وہ آخرت کو مانتی نہ تھی تو اوسکی واسطی کچھہ کام نہ کیا پھر
ایک بلا کیا تولی ذٰلِكَ جَزَاۗؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوْا
وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَرُسُلِيْ هُزُوًا۔ یہ بدلا ہی اونکا دوزخ اس پر
کہ منکر ہوی اور ٹہرائین میری باتین اور میری رسول ٹھٹھا اِنَّ الَّذِيْنَ
اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ
الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا۔ جو لوگ یقین لائی ہین اور کئی ہین بھلی کام اونکو

ٹھنڈہی چھانوکی باغ مہمانی خَالِدِينَ فِيهَا لَا يَبْغُونَ عَنْهَا حِوَلًا۔ رہاکرین اونمین نہ چاہین وہان سی جگہ بدلنی قُل لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمَاتِ رَبِّي لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ أَن تَنفَدَ كَلِمَاتُ رَبِّي وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهِ مَدَدًا۔ توکہ اگر دریا سیاہی ہو کہ لکھی میری رب کے باتین بیشک دریا نبڑ چکے ابہی نہ نبڑین میری رب کی باتین اور اگر دوسرا بہی لاوین ہم ویسا اوسکی مددکو قُلْ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوحَىٰ إِلَيَّ أَنَّمَا إِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ

فَمَن كَانَ يَرْجُو لِقَاءَ رَبِّهِ فَلْيَعْمَلْ

عَمَلًا صَالِحًا وَلَا يُشْرِكْ

بِعِبَادَةِ رَبِّهِ

أَحَدًا

ع

تک

مین بہی ایک آدمی ہون جیسی تم حکم آتا ہی مجکو کہ

تمہارا صاحب ایک صاحب ہی

پہر جسکو امید ہو ملنی کے

اپنی رب سی سو کری کچہہ

کام نیک اور ساجہا

نہ رکہی اپنی

کے کے

رب بند

گی میں

۱۲۴۰ سنہ ہجری

وارد

جلد اول ترجمہ جناب مولوی عبد القادر صاحب قدس السرہ العزیز کاتب این ترجمہ محمد قطب الدین امیدوار معفرت از خوانندگان